URDU NOVEL BANK

عشقِ جاناں

از قلم سُنیہا رؤف

مکمل ناول

ناول بینک ویب پر شائع ہونے والے تمام ناولز کے جملہ و حقوق مصنفین کے نام محفوظ ہے خلاف ورزی کی صورت میں قانونی کارروائی کی جا سکتی ہے۔ اگر آپ ناول بینک ویب پر اپنی تحریر پبلش کروانا چاہتے ہیں تو اردو میں ٹائپ کر کے ہمارے واٹس اپ یا ای میل پر سینڈ کردیں۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

E-mail : pdfnovelbank@gmail.com
WhatsApp : 92 306 1756508

ناول بینک انتظامیہ

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

دعا کے لیے ہاتھ اٹھاتے ہی تمہارا نام لبوں سے ادا ہو جائے

یہی ہے عشق، عشقِ جاناں!

کوئی نام تمہارے بعد میرے لبوں پر نہ ٹھہرے

یہی ہے عشق، عشقِ جاناں!

دل کی منجمند خاموشی پر صرف تمہارے نام کی دستک ہو

عشق یہی ہے عشقِ جاناں!

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

رقصِ محفل میں بھی دھیان بھٹک کر تمہاری سوچوں میں الجھ جائے

یہی ہے عشق، عشقِ جاناں!

دل پر لگائے ہزار پہرے تمہاری پکار پر ٹوٹ جائیں

عشق یہی ہے عشقِ جاناں!

تمہیں بھولنے کی میری ہر سعی عبث جائے

URDU NOVEL BANK

عشق یہی ہے عشقِ جاناں!

شعر و شاعری سے شغف نہ ہوتے بھی تم پر غزلیں لکھ دی جائیں

عشق یہی ہے، عشقِ جاناں!

سرہانے پر سر رکھتے انگنت خیالات میں تم ہو

عشق یہی ہے عشقِ جاناں!

رات کے آخری پہر لبوں پر رب کے سامنے بس تیرا نام ہو

عشق یہی ہے، عشقِ جاناں!

از قلم سُنیہا رؤف۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

قبول ہے!

قبول ہے!

قبول ہے!

"بربادی مبارک حائفہ سکندر!"

"بربادی مبارک اے دل!"

URDU NOVEL BANK

"وہ کسی اور کا ہوا ---"

"وہ دھوکے باز نکلا!" وہ دوسرا گلاس بھی پی گئ۔

اس نے مسکراتے خود سے کہتے نگاہیں سامنے کے منظر پر ٹکا دیں۔

دل نے کہا دیکھو یہ ہے وہ شخص جو تم سے محبت کا دعوے دار تھا دیکھو وہ کیسے آگے بڑھ گیا ہے جہاں بیٹھنے کے خواب تمہارے تھے وہاں وہ عام سی لڑکی بیٹھی تھی لیکن اب وہ عام کہاں رہی تھی۔

حائفہ سکندر تو اپنی نگاہیں سامنے موجود اس شخص سے نا ہٹا پائی۔

اسے اس پل اس سے زیادہ خود سے نفرت ہوئی-----

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"کیوں؟ کیوں کیا تم نے ایسا؟"

حائفہ سکندر تمہیں معاف نہیں کرے گی پھر وہ مسکرا دی کڑے ضبط کے ساتھ اور ساتھ موجود ٹرے سے تیسرا گلاس اٹھا کر پی لیا۔

ویٹر اسے بتانا چاہتا تھا کہ یہ اس کے لیے نہیں ہے یہ تو وہاں کی بگڑی عوام کے لیے تھا تھا ان کے لیے جن کے لیے بہزاد شاہ نے جال بچھایا تھا لیکن وہ کہاں اپنے ہوش و حواس میں تھی۔

اس نے پھولوں کا گلدستہ اٹھایا اور قدم قدم چلتی اس شخص کے قریب جانے لگی ایک آخری بار۔

بہزاد شاہ نے مٹھیاں بھینچی وہ اس وقت گلابی لہنگے میں موجود بالوں کو کرل کیے ہلکا میک اپ کیے سج سج کر مسکراتی اسی کی طرف چلتی آ رہی تھی۔

بنا حجاب کے! ہاں حجاب نہیں تھا آج پہلی بار حائفہ سکندر کے سر پر۔۔ یہی دیکھتے اس کی دماغ کی رگیں تنی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

بہزاد شاہ کے ساتھ اس وقت جو لڑکی موجود تھی وہ اس وقت کے مشہور سیاست دان کی اکلوتی بیٹی تھی تو اس نے اپنی برابری کی لڑکی ڈھونڈ لی تھی خود کے لیے۔

حائفہ سکندر تو عام تھی، بے حد عام ایک عام سکول کے استاد کی بیٹی۔

"حافی کو گاڑی میں پہنچاؤ!"

اس نے سفیر شاہ کو میسج کیا فوراً لیکن وہ اس کے قریب آگئی تھی۔

وہ اس کے پاس آئی آنکھوں میں سرخ ڈورے تھے اگر اس وقت کوئی حائفہ سکندر کو موقع دیتا تو وہ اتنا چیختی اور اتنے آنسو بہا دیتی کہ دنیا ترس کھاتی اس پر لیکن وہ بہادر بنی رہی ۔۔۔ محبت کے دعوے کرنے والا وہ شخص نکاح میں کسی اور کو لے چکا تھا، مستقبل میں شاید سب ٹھیک ہو جاتا لیکن حائفہ سکندر کے دل میں ہمیشہ کسک رہ جاتی کہ بہزاد شاہ نے اس سے پہلے کسی اور کو وہ درجہ دے دیا تھا جس کا عہد اس کے ساتھ کیا گیا تھا۔

جب مسیحا دھوکا دیتے ہیں تو گھاؤ دل پر لگتے ہیں ایسے زخم جو صرف اسی شخص کی مسیحائی مٹا سکتی ہے۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اس شخص نے جیسے توڑا تھا اسے وہ اس کا جواب اسے ویسے ہی توڑ کر دینا چاہتی تھی۔

"نکاح مبارک !"

URDU NOVEL BANK

اس نے پھول آگے کیے نگاہیں اس عام سی لڑکی پر تھی جس کی مسکراہٹ کم ہونے کا نام نہیں لے رہی تھی جس کی آنکھوں کی چمک چیخ چیخ کر بتا رہی تھی کہ اس نے اس سلطنت کے بادشاہ کو تسخیر کر لیا ہے۔

"یہ تمہاری دوست ہے بہزاد؟"

اس لڑکی نے ادا سے پوچھا جس نے سرخ لہنگا پہنا تھا جبکے پیٹ کی جگہ سے بلاؤذ کافی اونچا تھا شاید امیروں کے ہاں ایسے کرنا عزت کی بات سمجھا جاتا ہے۔

ساتھ کھڑے شخص کو دیکھ کر اسے یہ ہضم کرنا مشکل لگا لیکن اس نے نکاح کر کے اس دنیا کی ہر ناممکنات کو ممکن بنا دیا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

حائفہ کی نگاہیں اس شخص کی طرف اٹھی جو بھینچے ہونٹوں کے ساتھ اسے ہی دیکھ رہا تھا۔

جیسے ابھی تنہائی میسر آئے تو اس لڑکی کو سزا دے اس کے یہاں آنے کی۔

سفیر شاہ دور کھڑا اپنے بھائی کی بند مٹھیوں اور ماتھے پر انگنت بلوں کو دیکھتا اس لڑکی پر ترس کھا گیا۔

URDU NOVEL BANK

"دوست نہیں ہوں میں ان کی!"

" بلکہ میں ان کی کچھ نہیں لگتی ایک عام جرنلسٹ ہوں بس انہوں نے بلایا تو میں خود کو روک نہیں پائی آخر ہر چینل بہزاد شاہ کی شادی کی خبر کو سب سے پہلے لائیو اور چھاپنا چاہے گا!"

وہ ٹھنڈے لہجے میں مصنوئی چمک رکھتی بولی۔

"ویسے کافی اچھی لگ رہی ہو!"

"بہزاد شاہ کی چوائس کو ماننا پڑے گا اپنی ٹکر کے لوگ ڈھونڈتے ہیں یہ" وہ ایک اور وار اس پر کر گئی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

بہزاد شاہ کو وہ خود سے زیادہ جانتی تھی۔۔۔۔جانتی تھی کہ وہ اس وقت اسے آنکھوں سے اس منظر سے ہٹنے کا کہہ رہا ہے، اسے ڈرا رہا ہے وارن کر رہا ہے کہ حائفہ سکندر جاؤ!

لیکن اب اُسے کہاں فرق پڑتا تھا کہ بہزاد شاہ کیا چاہتا اور کیا کہتا ہے۔

"مجھے پتا ہے خیر تعریف کا شکریہ!"

URDU NOVEL BANK

وہ لڑکی بولی تو حائفہ نے تمسخر اڑاتی نگاہوں سے اسے دیکھا۔

"وِش یو آ ہیپی لائف آہیڈ!"

وہ بولی اور ہاتھ آگے کیا تو لڑکی نے تھام لیا وہ بہزاد کو دیکھنے لگی۔

"شاہ صاحب بُرا مت منائیے گا ہم مڈل کلاس لوگ غیر مردوں اور انجان لوگوں سے ہاتھ نہیں ملایا کرتے۔"

وہ کہتی اس کے دھواں دھواں ہوتے چہرے کو نظرانداز کرتی مڑی اور اسٹیج سے نیچے اتر گئی۔

حائفہ سکندر ٹوٹ گئی تھی، بکھر گئی تھی۔۔۔۔کاش سائنس مزید ترقی کرتی اور لوگوں کے دل میں اٹھتے درد کی پیمائش کر سکتی۔۔۔۔۔دل میں اٹھتے درد کو کوئی محسوس نہیں کر سکتا کوئی اس کی پیمائش نہیں کر سکتا۔

سچ میں وہ مڈل کلاس سے تعلق رکھنے والی عام لڑکی تھی!

ادا جعفری نے ہنکارا بھرا لیکن بہزاد شاہ نے سفیر شاہ کو سلگتی نگاہوں سے گھورا جو کندھے اچکا گیا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

وہ آگے بڑھتی ایک اور گلاس اٹھا گئی تو بہزاد خود پر سے پھرے ہٹائے اسٹیج سے نیچے اتر آیا!

"سفی یہ مجھے نظر نہ آئے یہاں اسے گھر پہنچاؤ! اور اسے تم چھوڑ کر آؤ گے گھر سمجھ آرہی ہے؟"

وہ سفیر شاہ کے پاس آتا بولا۔

"بھائی وہ میرے ساتھ نہیں آئے گی!"

سفیر نے اسے رومان کے پاس کھڑے ہوتا دیکھ پوچھا۔

اس احمق لڑکی کو بخار تھا اور وہ تین ڈرنکس پی چکی ہے۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"تو نہ کرتے نکاح!" سفیر شاہ جلے لہجے میں بولا۔

"سفیر شاہ اسوقت اگر نہیں چاہتے ہو کہ میں اس کے ساتھ تمہیں بھی جلا کر بھسم کر دوں تو وہ کرو جو میں کہہ رہا ہوں۔"

اس نے سامنے دیکھا جہاں رومان نے اس کے کندھے کو تھاما تھا اسے گرنے سے بچانے کے لیے۔

URDU NOVEL BANK

اور بہزاد شاہ کی برداشت بس یہیں تک تھی وہ آگے بڑھتا کہ سفیر شاہ نے اسے روکا۔

"میں دیکھتا ہوں آپ واپس جائیں اس وقت سارے کیمراز آپ پر ہیں۔_

"میں مجبور نہ ہوتا تو اس لڑکی کو اپنے ہاتھوں سے ختم کر دیتا!"

وہ بولا اور واپس اسٹیج پر چلا گیا لیکن نگاہیں اب بھی اسی پر اٹکی تھی۔

اس نے سائیڈ پر ہوتے سامنے موجود رومان غازی کا نمبر ملایا جس نے حیرت سے اسے مڑ کر دیکھا اور پھر کال اٹھائی۔

"اس کے کندھے سے بازو اٹھا لو رومان غازی۔۔۔۔اسے ہاتھ لگایا یا تمہاری

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

انگلیاں اس کے چہرے پر اس کے آنسو صاف کرنے کے لیے بڑھی تو جڑ سے اکھاڑ دوں گا بازو سالے!"

وہ اتنی وحشت سے دھاڑا کہ رومان نے فوراً اپنا بازو حائفہ سکندر سے دور کیا جیسے کرنٹ لگا ہو۔

بہزاد شاہ اس کی پشت کو دیکھتا رہا جب تک وہ چلی نہ گئی۔

URDU NOVEL BANK

"میں چھوڑ دوں گا اسے!" سفیر شاہ نے سنجیدگی سے رومان سے کہا۔

"میں اُسی طرف ------"

"نکلو فوراً!"

بہزاد شاہ سے منسلک چیزوں پر نظر رکھو گے تو مارے جاؤ گے! وہ سرد سے لہجے میں بولا تو رومان غازی پیچھے ہٹ گیا۔

سفیر شاہ نے بہزاد کی چادر حائفہ سکندر کے گرد اوڑھی اور اسے گاڑی میں بٹھاتے گھوم کر دوسری طرف آ کر بیٹھا۔

"آپ کی امانت میرے پاس ہے!" وہ میسج سینڈ کر کے پُرسکون ہو گیا۔

"امم! گھر ہی چھوڑو گے نا! تم دونوں بھائی دھوکے باز ہو! کسی کو تم پر بھروسہ نہیں کرنا چاہیے!"

وہ چکراتے سر کے ساتھ بولی۔

"خاموش رہیں!.."

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

"کیوں؟ کیوں خاموش رہوں میں! یہ رعب تم بھائی کہیں اور دِکھانا۔۔۔ویسے ایک بات بتاؤ؟"

سفیر شاہ نے اس لڑکی کو دیکھا کیا حال ہو گیا تھا اس لڑکی کا۔۔۔۔اس سے ثابت ہوتا تھا کہ بہزاد شاہ اس لڑکی کے لیے کیا معنی رکھتا ہے جو آج وہ سب برداشت نہ کر پائی تھی۔

سفیر شاہ نے دیکھا آج اس نے حجاب بھی نہیں کیا تھا اسے ترس آیا نجانے بھائی تمہارے ساتھ کیا کریں وہ سوچ کر رہ گیا۔

اپنے بھائی کے غصے اور خوف سے تو وہ خود خائف تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"کیا تم بھی کسی مڈل کلاس لڑکی سے محبت کا ڈھونگ کرتے شادی کسی امیر خاندان کی لڑکی سے کر لو گے؟"

وہ بولی تو سفیر شاہ کے زہن میں اس کا عکس گھوما وہ سر جھٹک گیا۔

"بھائی کیا میں اسے ہاتھ لگا سکتا ہوں؟"

URDU NOVEL BANK

اس نے کال کرتے اسپیکر پر ڈالا مخالف سمت کھانا کھل چکا تھا اس لیے بہزاد اسٹیج سے اتر گیا تھا۔

"کیا بکواس ہے؟ ہوش میں ہو؟"

"ممممم! تمہارا بھائی کبھی بھی خوش نہیں رہے گا اور اسے بتا دینا کہ حائفہ سکندر اس سے کتنی نفرت کرے گی اب سے اس سے اچھا تو رومان۔۔۔"

"اجازت ہے تمہیں شاہ!"

بہزاد نے کہتے کال کاٹ دی وہ ضبط کے کن مراحل پر تھا سفیر شاہ جان گیا نہیں تو سامنے موجود لڑکی کو ہاتھ لگانا تو دور کوئی دیکھ بھی نہیں سکتا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اس نے جھکتے اس لڑکی کی مخصوص رگ دبائی تو وہ بیہوش ہو گئی۔

اس نے گھر پہنچتے سکندر صاحب کو فون کیا تھا۔

جنہوں نے بنا کچھ کہے حائفہ کو تھام لیا تھا پھر اسے اندر لے گئے جبکہ سفیر واپس جا چکا تھا۔

URDU NOVEL BANK

سفیر واپس آگیا اور باقی کے معملات سنبھالے۔

بہزاد نے سب وقت سے پہلے بند کروایا تھا۔

"بہزاد کاش تم رخصتی بھی ساتھ ہی کروا لیتے!"

وہ فیروز جعفری اور اس کے مہمانوں کو الوداع کرنے آیا تھا جب ادا جعفری اس کے ساتھ چہکتی بے شرمی سے بولی تو سب ہنس دیے۔

"جلد اس کا بھی انتظام کروں گا!"

وہ سنجیدگی سے بولا اور سب کو روانہ کرتا سب سمیٹتا گھر کے لیے نکلا۔

رات کے تین بج گئے تھے۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"بھائی کیا آپ کو یقین ہے فیروز جعفری ہی وہ شخص ہے؟"

"بالکل!"

ٹھیک ہے!

"آگے کیا کرنا ہے اب؟"

"بتاؤں گا ابھی سو جاؤ جا کر!" وہ تیزی سے لیپ ٹاپ پر انگلیاں چلاتا بولا۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

"حافی بہت غصہ تھی۔"

"حائفہ۔۔۔۔حائفہ سنکدر نام ہے اس کا سفیر شاہ اور یہ میں آخری بار بتا رہا ہوں تمہیں۔"

"اوکے اوکے کول!"

سفیر شاہ نے ہاتھ ہوا میں اٹھائے اور تیزی سے اس کے بیڈ سے اترا۔

وہ دو بھائی تھے ان کا پیشہ کیا تھا لوگ نہیں جانتے تھے لوگوں کے سامنے وہ مشہور ڈیزائنرز تھے جو اس وقت سب سے زیادہ ڈیمانڈ میں تھے جس کی مخفی کہانی کیا تھی کوئی نہیں جانتا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اس کے بعد بہزاد شاہ نے اپنے آپ کو سیاست میں متعارف کروایا تھا اور پھر بس وہ دن رات ترقی کرتا چلا گیا تھا۔

وہ کس مقصد سے آیا تھا کیا چاہتا تھا کوئی کچھ نہیں جانتا تھا وہ کسی عہدے پر فائز نہیں تھا لیکن پھر بھی کافی شہرت رہی تھی اس کے اتنے اثرو رسوخ تھے کہ

URDU NOVEL BANK

سیاست کے ہر عہدے کے لوگوں کو جانتا تھا وہ اور سب سے ملتا تھا لیکن وہ خود کسی عہدے پر نہیں تھا۔

"اشعر فیض کی کوئی خبر؟" بہزاد نے سر اٹھائے بغیر پوچھا۔

"نہیں اس کو ابھی معلوم نہیں ہوا لیکن جلد ہو جائے گا۔"

"ٹھیک ہے سو جاؤ! تھک گئے ہو گے!"

بھائی؟

"بولو شاہ؟" بہزاد نے سر اٹھاتے محبت سے پوچھا۔

"حافی سے آپ محبتتتت........"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

حائفھھھھ!

بہزاد شاہ دھاڑا تو سفیر شاہ فوراً اس کا کمرہ چھوڑتا دروازہ بند کرتا تیزی سے اپنے کمرے میں چلا گیا۔

کیونکہ بہزاد شاہ اس وقت کتنا پریشان تھا اس سے بہتر کوئی نہیں جانتا تھا۔

جبکہ بہزاد شاہ پھر سے اپنے کام میں مصروف ہو گیا۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

"کیا خبر ہے؟"

"سر آپ کے نکاح کی تصاویر وائرل ہو گئی ہیں صبح آپ کے انٹرویو کے لیے جرنلسٹس آنا چاہتے ہیں۔"

"ٹھیک ہے کل دس بجے!" وہ کہتا کال کاٹ گیا اور کام میں مصروف ہو گیا۔

اگلی صبح وہ تھری پیس میں نک سک سا تیار کھڑا تھا گھڑی پہنتے خو پر پرفیوم چھڑکتے چشمہ لگایا اور باہر نکل گیا

چھ فٹ قد، کسرتی جسم، گندمی رنگت اور پرکشش نقوش وہ لوگوں کو مسمرائیز کر دینے والی شخصیت رکھتا تھا اور وہ اس بات سے بخوبی واقف تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ باہر نکلا اس کے گارڈن میں ہی صحافی ترتیب سے بیٹھے تھے وہ اپنی جگہ پر جا کر بیٹھا۔

"اسلام علیکم بہزاد شاہ ہئیر!"

وہ بولا تو تصویریں اترنے لگی اور صحافی اپنے سوالوں کے ساتھ تیار کھڑے ہونے لگے۔

URDU NOVEL BANK

سب اپنے سوال باری باری پوچھ رہے تھے۔

"آخری سوال!"

بہزاد کے سیکرٹری نے کہا اور وہ اس کا جواب دیتا اٹھنے لگا۔

"میرے سوالات ابھی رہتے ہیں ابھی مسٹر بہزاد شاہ!" اس آواز پر وہ آنکھیں بند کر کے کھولتا ضبط کرتا مڑا وہ ابھی آئی تھی شاید اسی لیے وہ اسے پہلے نہیں دیکھ پایا تھا۔

ابھی رات ہی تو اسے سمجھا کر آیا تھا۔

"آپ اندر آجائیں! شفیق صاحب (چینل کے مالک) نے فون کیا تھا مجھے۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

بہزاد نے کچھ سوچتے کہا تو حائفہ سکندر نے نفرت سے اسے دیکھا اور اندر بڑھ گئی جبکہ سب جرنلسٹ اب کھانا کھانے لگے تھے جس کا انتظام بہزاد شاہ کی طرف سے نکاح کی دعوت کے طور پر کیا گیا تھا۔

وہ اندر داخل ہوئی بہزاد کے سیکرٹری نے اسے ڈرائیونگ روم میں بٹھایا۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

"تم نے مجھے بتایا نہیں وہ آنے والی ہے؟ پیسہ کس چیز کا دیتا ہوں میں تم لوگوں کو؟"

وہ فون پر دھاڑا۔

"سر سوری! ہمیں اندازہ نہیں تھا وہ پہلے آفس ہی گئیں تھیں۔"

"تم سب سے تو بعد میں حساب لیتا ہوں میں!" بہزاد غرایا اور کال کاٹ دی۔

"تم باہر انتظار کرو فخر!" وہ اندر آتا بولا تو سیکرٹری باہر نکل گیا۔

بہزاد اس کو ایک نظر دیکھتا سامنے صوفے پر ٹِک گیا۔

"سب سے پہلے نکاح کی مبارک وصول کریں مسٹر بہزاد!"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ بولی تو بہزاد نے اس کی آنکھوں میں دیکھا جہاں کوئی بھی تاثر نہ تھا۔

اسے حیرانی ہوئی کیا وہ لڑکی جس کی بات وہ آنکھوں سے سمجھ لیتا تھا وہ ایک ہی رات میں اپنے تاثرات چھپانے میں ماہر ہو گئی تھی۔

"حافی کیا کر رہی ہو یہاں؟"

"حائقہ سکندر مسٹر بہزاد!" اس نے تصحیح کی۔

URDU NOVEL BANK

"خیر میرے کچھ سوالات ہے مجھے آج ہی یہ آرٹیکل پبلش کروانا ہے۔"

"پوچھو!"

"بہزاد نے اسے اجازت دی جیسے جاننا چاہتا ہو کہ وہ کیا چاہتی ہے۔"

"آپ اس بار سیٹ کے لیے امیدوار بنیں گے؟"

"معلوم نہیں!" وہ اس کی آنکھوں میں دیکھتا بولا۔

"عوام کے لیے کیا سوچتے ہیں آپ؟ ہماری معلومات کے مطابق آپ کوئی این جی او بنوا رہے ہیں۔"

"ایسا کچھ ہوا تو جلد منظرِ عام پر آجائے گا!" مختصر جواب۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"آپ سیاست میں ہوتے ہوئے ایک ڈیزائنگ کمپنی چلا رہے ہیں ایسا کیوں؟"

"میں اپنی نجی زندگی اشتہاروں میں چھاپنے کے لیے کسی سے شئیر نہیں کرتا۔"

"ٹھیک ہے! آخری سوال؟"

"جیسا کہ آپ جانتے ہیں آپ کے نکاح کی تصاویر نے سوشل میڈیا پر تہلکہ مچا دیا ہے تو آپ کے چاہنے والے جاننا چاہتے ہیں کہ آپ شادی کب کر رہے ہیں؟"

URDU NOVEL BANK

وہ بولی تو لہجہ ہلکا سا لڑکھڑایا لیکن نامحسوس انداز میں گہری سانس بھری۔

بہزاد شاہ اپنی جگہ سے اٹھا اور قدم اٹھاتا اس کے نزدیک آنے لگا۔

حائفہ کی دھڑکنیں بڑھی۔

وہ بالکل اس کے آگے موجود میز پر بیٹھ گیا تھا۔

"سچ میں اس سوال کا جواب چاہتی ہو؟"

"کیا آپ ہر جرنلسٹ کو ایسے ہی قریب آکر جواب دیتے ہیں؟" وہ فوراً کھڑی ہو گئی اپنی جگہ سے۔

"نہیں یہ مقام صرف حائفہ بہزاد شاہ کو حاصل ہے۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"میں چلتی ہوں اب! بات کر کے اچھا لگا خدا حافظ۔"

وہ آگے بڑھی لیکن بہزاد شاہ کا لمس اپنے بازو پر محسوس کرتے وہ جی جان سے کانپ گئی۔

"حجاب کہاں ہے آپ کا؟"

URDU NOVEL BANK

اس کا بس نہیں چل رہا تھا وہ اس لڑکی کے ساتھ کیا کرتا! کیا کل رات کی باتیں وہ بھول گئی تھی۔

وہ اس کی پونی ٹیل کو سرد نگاہوں سے گھورتا بولا۔

"ہاتھ چھوڑیں مسٹر بہزاد!"

"حائفہ میرا دماغ مت خراب کریں نہیں تو نتائج آپ کی چھوٹی سی جان سہہ نہیں پائے گی۔"

"ہاتھ چھوڑیں!" وہ اپنا بازو اس کی گرفت سے نکالتی ایک قدم دور ہوئی۔

"ایک عام جرنلسٹ ہوں میں اور مجھے یوں ہی ٹریٹ کریں ہم ایک دوسرے کے لیے انجان لوگ ہیں سمجھ رہے آپ۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"اگلی بار اپنی حدود کو کراس مت۔۔۔۔"

بہزاد نے اسے کھینچ کر دیوار کے ساتھ لگایا اور اس پر جھکا۔

"آپ کا حجاب اب مجھے اترا دِکھا تو جان سے مار دوں گا" وہ اس کے کان کے پاس جھکتا غرایا۔

"دور۔۔۔رہیں۔۔۔!"

حائفہ کی دھڑکن تیز ہوئی اس شخص کی قربت جان لیوا تھی۔

"کسی اور کے ساتھ نکاح میں ہوتے ایسی اوچھی اور گھٹیا حرکتیں آپ کو سوٹ نہیں کرتی مسٹر بہزاد!" وہ چیخ کر بولی تو سفیر شاہ اندر داخل ہوا۔

"آواز آہستہ رکھیں۔"

"بھائی؟ سب جا چکے ہیں۔۔۔ہمیں بھی نکلنا ہے۔"

"ٹھیک ہے! فاخرہ (ہاؤس ہیپلر) کو بھیجو" وہ بولا اور حائفہ سے دور ہوتا کھڑا ہوا۔

"فاخرہ اوپر میرے کمرے میں جاؤ میری الماری میں جہاں میرے کپڑے ہینگ ہیں وہاں سٹالرز ہوں گے دو سفید رنگ والا لے کر آؤ!"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اس نے کام والی کے آتے ہی کہا۔

حائفہ نے وہاں سے نکلنا چاہا۔

"حافییی!"

URDU NOVEL BANK

وہ دھاڑا! وہ جتنا چاہتا کہ اس لڑکی کو آرام سے ڈیل کرے وہ اتنا اسے غصہ چڑھا رہی تھی۔

فاخرہ نے اسے لا کر سٹالر دیا اور چلی گئی وہ حائفہ کے پاس آیا اور اسے وہ سٹالر سر پر دیا جو اس نے نجانے کب کے خرید کر رکھے تھے۔

بلکہ وہ تو ہر بار ہی جب اپنے لیے شاپنگ کرتا تھا اس کے لیے سٹالرز لازمی لیتا تھا۔

"عزتیں چھیننے والے یہ ڈھونگ نہیں رچایا کرتے شاہ صاحب!" وہ اس کی آنکھوں میں دیکھتی بولی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"اپنے چھوٹے سے دماغ پر اتنا زور مت ڈالیں! اور خبردار اب یہ اترا تو!" وہ اس کے سر پر اچھے سے گھما کر دیتا بولا۔

"ڈرائیور چھوڑ دے گا!"

URDU NOVEL BANK

"ضرورت نہیں ہے مجھے! کسی اور کے شوہر سے مجھے مدد لینے میں کوئی دلچسپی نہیں ہے!"

حائفہ نے بیگ اٹھا کر کندھے پر رکھتے کہا۔

"میرا ضبط مت آزمائیں حائفہ! میں کس کا شوہر ہوں یہ بات آپ سے بہتر کون جانتا ہے"

بہزاد نے اس کے بازو سے پکڑتے جھٹکے سے اس کا رُخ اپنی طرف کیا۔

"تو کیا نہیں ہیں آپ کسی اور کے بھی شوہر؟"

"میں سب۔۔۔۔۔"

"کبھی نہیں! میں مر کر بھی کوئی تفصیل یا سچائی نہیں سنوں گی یہ بات آج اور ابھی اپنے زہن میں بٹھا لیں کتنی بڑی مجبوری بھی رہی ہو مجھے کبھی مت بتائیے گا۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"حائفہ سکندر بس آپ جیسے امیروں کی اصلیت نہیں جان پائی پہلے، بھول گئی تھی کہ مڈل کلاس فیملی سے ہوں ایک عام چھوٹی جرنلسٹ جسے مشہور سیاست دان اور ڈیزائنر کمپنی کے مالک بہزاد شاہ نے محض استعمال۔۔۔"

"استعمال۔۔۔۔۔"

"اس لفظ کا مطلب سمجھ آتا ہے تمہیں حافی؟" وہ تڑپ گیا تھا اس لڑکی کے الفاظ پر۔

"آپ مر بھی جائیں نا بہزاد تو حافی آپ کی بے وفائی معاف نہیں کرے گی اور آئندہ کبھی مجھے ہاتھ لگانے کی غلطی مت کیجیے گا سمجھ لیں ہم کبھی ملے ہی نہیں تھے حافی مر گئی اب اگر مستقبل میں کبھی سامنا ہوا تو ایک عام جرنلسٹ حائفہ سکندر کا مسٹر بہزاد شاہ سے ہو گا بس!"

وہ کہتی اس کی آنکھوں میں دیکھتی اپنے آنسوؤں کو حلق میں اتارتی باہر نکل گئی۔

بہزاد شاہ نے کمرے میں موجود ہر چیز توڑ ڈالی۔

visit for more novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

وہ زندگی میں کبھی اس مقام پر بھی پہنچے گا اسے اندازہ نہیں تھا۔۔۔۔وہ تو بہزاد شاہ تھا کبھی نا غلط کرنے والا، کبھی نا ہارنے والا لیکن آج اسے ایسی مار ہوئی تھی کہ وہ سانس نہیں لے پا رہا تھا۔

"وہ جب تک گھر کے اندر نہ چلی جائے اس کے ساتھ سائے کی طرح رہو نہیں تو بہزاد شاہ تم سب کی کھال ادھیڑ کر رکھ دے گا۔"

وہ کال کرتا دھاڑا اور کپڑے بدلتا باہر نکل گیا۔

حال:

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ آج پھر اس کے سامنے تھا، ماہا کو اپنا دل رُکتا محسوس ہوا۔

وہ اپنی مہنگی گاڑی سے اترتا اس کی طرف ہی دیکھ رہا تھا، ان آنکھوں میں اتنا سردپن تھا کہ ماہا کو لگا وہ اتنی دوری پر بھی اسے جلا کر بھسم کر دے گا۔

پھر ماہا فیض کا فون بج اٹھا جو اس نے ہربڑاتے اٹھایا۔

"یہاں آؤ!" وہی مخصوص سرد آواز!

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

"نہ----نہیں!"

اس کا پورا جسم کانپ رہا تھا----اسے زندگی میں پہلی بار کسی سے خوف محسوس ہوا تھا اور وہ تھا وہ سامنے موجود شخص۔

"وائٹ روز تم خود چل کر آؤ گی یا میں وہاں پہنچوں؟"

"میں بابا------"

"تم پیار کی زبان سمجھنے والوں میں سے نہیں ہو ماہا فیض!"

وہ گاڑی میں واپس بیٹھا تو ڈرائیور نے گاڑی سٹارٹ کی۔

ماہا کا دل کیا وہ بھاگ جائے لیکن خوف کے مارے وہ ایک قدم اپنی جگہ سے ہل نہ پائی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اس کی سفید گاڑی اس کے آگے آ کھڑی ہوئی اس شخص سے منسلک ہر چیز سفید تھی وہ اسے بھی تو وائٹ روز کا خطاب دے گیا تھا۔

اور سفید رنگ تو نفرت کی علامت ہے یہ سوچتے ہی اس نے وہاں سے بھاگنا چاہا۔

لیکن وہ اس تک پہنچتا گاڑی روکتا دروازہ کھول گیا۔

URDU NOVEL BANK

"اندر بیٹھو!"

ٹھنڈے لہجے میں کہا گیا تو ماہا کو لگا وہ برف کی ہو گئی ہے۔

"سنائی دے رہا ہے تمہیں بیوقوف لڑکی اندر بیٹھو!" وہ اتنی اونچی دھاڑا کہ ماہا فیض ہل کر رہ گئی اور کانپتے اندر بیٹھی۔

ڈرائیور نے ایک انجان اور ویران جگہ پر جا کر گاڑی روکی اور خود نکل کر باہر کھڑا ہو گیا۔

وائٹ روز! وہ شخص اس کی طرف مڑا اور آنکھوں پر تب سے لگا مہنگا چشمہ ہٹایا۔

ماہا کا سانس سوکھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"کیا---چاہی---چاہیے-----؟"

"تم-----!!!"

وہ اس پر جھکا کہ وہ چیخ مارتی پیچھے ہوئی اس کا پورا جسم ہولے ہولے لرز رہا تھا۔

"واٹ ربششش!"

"چیخ کیوں رہی ہو اتنی جلدی نہیں ماروں گا تمہیں!'

URDU NOVEL BANK

"دو۔۔۔۔دوررر۔۔۔۔۔رہووو۔۔۔۔۔۔"

"دور ہی ہوں لڑکی۔۔۔۔۔سفیر شاہ تم جیسیوں کے قریب بھی آنا توہین سمجھتا ہے اپنی!"

اس کے لہجے میں نفرت ہی نفرت تھی۔

ماہا نے نم آنکھیں اٹھا کر اس قدر تذلیل پر اسے دیکھا جس کی نگاہیں ماہا پر ہی تھیں۔

کوئی اتنا خوبصورت ہوتے ہوئے بھی اتنا وحشت سے بھرپور اور اتنا ظالم کیسے ہو سکتا ہے۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"مجھے واپس چھوڑ۔۔۔دیں۔۔۔مجھ۔۔۔سے۔۔۔دو۔۔دوررر۔۔۔رہیں!"

"یہ سب میں ڈیسائیڈ کروں گا وائٹ روز کہ مجھے کیا کرنا ہے مجھے مت بتاؤ خیر تمہارے بھائی کے کمرے میں الماری کے سب سے نچلے دراز میں ایک لاکر ہے اس میں ایک فائل ہے سفید رنگ کی وہ چاہیے مجھے اور وہ تم لا کر دو گی مجھے۔"

"کیوں؟"

ماہا فیض اپنی عقل کے مطابق اپنی بڑی آنکھوں کو اٹھاتی حیرت سے بولی تھی۔

"جتنا کہا جائے اتنا کرو فضول کے سوال کر کے میرا دماغ مت خراب کرو!" وہ غرایا تو وہ چپ ہو گئی۔

"بھائی ماریں۔۔۔۔۔"

"نہیں مارے گا۔۔۔۔۔اور جب وہ گھر نہ ہو تب نکالنا کل رات تک مجھے چاہیے وہ فائل سمجھ رہی ہو؟'

ماہا نے سر جھکا لیا ایک طرف وہ شخص تھا تو دوسری طرف اس کا بھائی اس کے بھائی کو پتا چلتا تو وہ اسے جان سے مار دیتا اس کا سانس خشک ہونے لگا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ گہری سانسیں بھرنے لگی۔

"پا۔۔۔پانی۔۔۔!"

وہ بولی تو سفیر شاہ نے آنکھیں غصے سے بند کرتے اسے دیکھا پانی سامنے موجود تھا اس کے لیکن وہ اس لڑکی کو تڑپتا دیکھ رہا تھا۔

URDU NOVEL BANK

پھر کچھ لمحوں بعد اسے پانی پکڑایا اس نے پی لیا تو سفیر شاہ نے وہ بوتل گاڑی سے باہر پھینک دی۔

ماہا فیض اس کی خود کے لیے اتنی نفرت دیکھ کر حیران تھی کیا کوئی کسی سے اتنی نفرت بھی کر سکتا ہے جتنی اس شخص کی آنکھوں میں تھی اس کے لیے۔

اس نے ڈرائیور کو واپس بلایا اور اس کی یونیورسٹی کے باہر گاڑی روکی وہ اتر گئی تو وہ گاڑی بھگا لے گیا۔

ماہا کا ڈرائیور بھی دور سے آتا دکھائی دیا تو وہ فوراً بیٹھتی گھر کی طرف روانہ ہوئی۔

کیا ہوا تھا ابھی اس کے ساتھ۔

اتنا تو وہ جان گئی تھی کہ وہ شخص اس سے بے انتہا نفرت کرتا تھا لیکن وہ کیا چاہتا تھا اس کی زات سے۔

اسے مرد زات سے جو خوف تھا اس میں مزید اضافہ ہصا۔

کاش آپ نے اچھے مرد بھی بنائے ہوتے!

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

وہ گہری سانس بھرتی آسمان پر نگاہ ڈالتی اپنے ہاتھوں کی لڑکھڑاہٹ پر قابو پانے لگی۔

اس نے تو سفر تجھ سے رب تک کا میں پڑھا تھا کہ "رب العزت نے ایک شخص فقط تمہارے نام لکھا ہے"

تو اس کی قسمت کا مرد کہاں تھا؟

اس نے بچپن سے اب تک مرد کا وحشت سے بھرپور اور ظالمانہ روپ ہی تو دیکھا تھا۔

وہ کہانیوں میں دکھائے جانے والے کردار کہاں تھے؟ وہ رو دی پھوٹ پھوٹ کر اپنے کمرے میں پہنچتے ہی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"وہ مجھے مار دے گا------"

"مجھے---فائل---!"وہ ہچکی لیتے بولی۔

وہ اپنے بستر پر آڑھی ترچھی لیٹے ہی سسکیاں لیتے سو گئی وہاں کسی کو پرواہ نہیں تھی کہ اس نے کھانا کھایا تھا یا نہیں یا وہ کمرے میں بھی موجود تھی یا نہیں۔

URDU NOVEL BANK

"میرے لیے کیوں نہیں کسی کو بنایا؟"

وہ بس ایک ہی بات پر چیختی اور پھر خاموش ہو جاتی بالکل خاموش جیسے کوئی لفظ اب بولا تو ضائع ہو جائے گا۔

وہ رات کے پہر باہر نکلی جسم سارا کانپ رہا تھا۔

وہ اوپر سیڑھیاں چڑھتے اپنے بھائی کے کمرے کے قریب رُکی۔

دل مانو جیسے ابھی اچھل کر باہر آجاتا۔

خوف سے اس کا جسم سفید پڑنے لگا تھا اس نے دروازہ کھولنے کے لیے ہاتھ بڑھایا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"ماہا؟"

اور اس لگا اس کی موت سامنے کھڑی ہے اس کے بھائی کے روپ میں۔

"یہاں کیا کر رہی ہو؟"

"تمہاری ہمت کیسے ہوئی میرے کمرے تک آنے کی؟"

"بھائی-----"

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

"جلدی بولو! دس بار جملے میں ہکلایا مت کرو۔۔۔"

"میں آپ سے پیسے لینے ------"اسے سمجھ نہ آیا۔۔۔زبان جیسے اس کا ساتھ نہیں دے رہی تھا۔

"کتنے چاہیے؟"

وہ احسان کرنے والے انداز میں بولا وہ آگے سے کہہ نا پائی کہ جس محل میں اور جس کاروبار کا پیسہ کھاتے تم حیوان بن گئے ہو وہ اس کا ہی ہے۔

"دو ہزار!"

اس نے ہزار نکالتے اس کی ہتھیلی کر رکھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"شکل گم کرو! اور پیسے کم خرچ کرو تمہارے باپ کا مال نہیں ہے آئندہ یہاں دکھی تو زندگی دفن کر دوں گا" وہ بولتا کمرے میں چلا گیا۔

جبکہ وہ روتی اندھا دھند کمرے میں آ کر بند ہو گئی۔

یہ سب مجھے مار دیں گے-----مار دیں گے---میں مر جاؤں گی----ماما!!!!!!

اس نے چہرہ تکیے میں دیتے اپنی چیخوں کا گلہ گھونٹا۔

URDU NOVEL BANK

اس کا فون مسلسل بج رہا تھا۔

اس نے بنا دیکھے اٹھاتے کان کے ساتھ لگایا۔

"لے آئی ہو فائل؟" وہی سرد لہجہ۔

"نہیں۔۔۔۔پلیززز۔۔۔وہ مجھے مار دیں۔۔۔گے۔۔۔کسی۔۔اور سے۔۔۔۔"

"کسی اور سے نہیں تم کرو گی یہ کام۔۔۔۔کل تک نہ ہوا تو اس کا پتا نہیں لیکن میں تمہیں مار دوں گا پاگل لڑکی۔"

"آپ دیکھ رہے ہیں۔۔۔۔آپ دیکھ رہے ہیں میں درد میں ہوں۔۔۔ یہ لوگ۔۔۔تیرے بنائے لوگ مجھے ازیت دے رہے ہیں مجھے واپس بلا لیں میں خوف سے مر جاؤں گی ورنہ!"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ سسکیاں بھرتی نیند میں جاتے بولی تھی جو مخالف نے بخوبی سنا تھا۔

"ڈیممم!" وہ اپنے آگے سے میز کو دور دھکیلتا اٹھا کھڑا ہوا۔

اور تب کی چلی کال کاٹ دی۔

URDU NOVEL BANK

اردو ناول اور سٹوریز کی سب سے بڑی ویب سائٹ

www.urdunovelbank.com



Urdu Novel Bank website

جہاں ملے آپ کو نئے

اور اچھے معیاری ناول

تمام کیٹگری میں۔۔۔

گوگل پر ٹائپ کریں

Urdu Novel Bank

اور ویب سائٹ سے

ڈاؤنلوڈ کریں ہزاروں

مکمل ناول مفت میں

URDU NOVEL BANK

وہی مخصوص سفید لباس پہنا اور باہر نکل گیا۔

اب اس پتا تھا اسے کیا کرنا ہے۔

اپنے لیپ ٹاپ پر جھکے اس نے اس گھر کے کیمراز کو ہیک کیا اور باہر نکل گیا پیچھے کے دروازے سے اندر داخل ہوتے اس نے اپنے قدم اس کمرے کی طرف بڑھائے جیسے گھر کا سارا نقشہ حفظ ہو۔

وہاں پہنچتے ہی کان پر لگے بلو ٹوتھ کو اون کیا۔

"کہاں ہے وہ؟"

"راستے میں۔۔۔۔تمہارے پاس دس سے بارہ منٹ ہیں" اسے مطلع کیا گیا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اوکے!

وہ اندر داخل ہوا اور سیدھا اس الماری کے پاس گیا۔

نیچے بیٹھتے الماری کھولتے سامنے سے فضول کپڑے ہٹائے تو پیچھے وہ دیوار میں نصب لاکر نظر آیا۔

"اس پر پاسپورڈ ہے تم نے بتایا نہیں!"

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

وہ غصے سے پاگل ہونے کو تھا اگر وہ بیوقوف لڑکی آتی تو واقعی ماری جاتی۔

"ہیک کر لیا ہے پاسورڈ میں نے جلدی کھولو وہ راستے میں ہے۔"

بہزاد شاہ جو اپنے آدمی کے ساتھ ہی کھڑا تھا بولا۔

"آپ خوفزدہ ہیں؟"

"ہاں!"

دوسری طرف سے توقع کے برعکس جواب آیا وہ کہاں کبھی خوفزدہ ہوئے تھے۔

"اس بیغیرت آدمی سے؟"

"نہیں تمہاری وہاں موجودگی سے!"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"میں تو جیسے اپنی حفاظت نہیں کر سکتا!" وہ ہنکارا بھرتا بولا۔

"شاہ پانچ منٹ نکلو فوراً وہاں سے!"

مخالف دھاڑا تو وہ فائل نکالتا اس کی جگہ دوسری فائل رکھتا کپڑوں کو ویسے ہی ترتیب سے رکھتا اٹھنے لگا۔

URDU NOVEL BANK

وہ کالی چادر سرخ والے سے اوپر آئے گی اس کے کان میں لگے آلے سے آواز گونجی کیونکہ مخالف دور بیٹھا اس کی شرٹ میں لگے کیمرے کے زریعے سامنے کا منظر دیکھ سکتا تھا۔

سفیر شاہ اپنے بھائی کی باریک بینی سے متاثر ہوتا اٹھا اور کمرے سے نکل گیا۔

کیمرہ بند کیا اور پیچھے کی طرف قدم بڑھائے جہاں سے وہ آیا تھا۔

لیکن نیچے کمرے کی لائٹ چلے دیکھ وہ سیڑھیاں اترتا نیچے گیا اور دروازے کو دیکھا جو نیم وا تھا۔

اس نے اندر جھانکا یہ ان کے کام کے خلاف تھا لیکن تجسس کے مارے۔۔۔۔اور

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہاں وہ وجود بھی تو تھا۔

کوئی صنفِ نازک بستر پر بے ڈھنگے انداز میں پڑی تھی۔

وہ فوراً اندر داخل ہوا اور دروازہ لاک کیا اس گھر میں اس کے علاوہ کون تھا۔

اس کے پاس گیا جہاں وہ آڑھی ترچھی سکڑی سمٹی سی لیٹی تھی بنا کمفرٹر کے۔

اے سی فل اسپیڈ میں چل رہا تھا۔

URDU NOVEL BANK

"بیوقوف لڑکی!"

اے سی بند کرتے سفیر شاہ نے اسے دیکھا اور قدم کھڑکی کی طرف بڑھائے یہاں سے وہ مستقبل میں بھی آسانی سے آ جا سکتا تھا۔

وہ جانے ہوتے واپسی مڑا اور اس کا دوپٹہ نیچے سے اٹھا کر اس کے منہ پر پھینکا اس کے۔

مخالف کا اس طریقے سے دروازہ کھول کر اور بکھرے حلیے میں سونا اسے زہر لگا تھا۔

وہ گہری نیند میں تھی اس لیے اس کی آہٹ اور اپنے چہرے پر دوپٹہ محسوس نہ کر پائی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اگر اس نے نیند کی گولیاں نہ کھائی ہوتی تو اس شخص کی نفرت بھری نگاہیں اپنے وجود کے آر پار ہوتی محسوس کرتے وہ ڈر سے ہی مر جاتی شاید۔

اس کا فون بجا تو اس نے کان سے لگایا۔

"تمہیں سزا ملے گی دیر سے آنے کی اور اس سے دور رہو تمہارے حق میں یہی بہتر ہے!"

مخالف نے کہا تو وہ سرد تاثرات سے بنا اسے دیکھے وہاں سے نکل گیا۔

فائل؟ اس نے جا کر وہ فائل سامنے کی۔

"تم پندرہ منٹ لیٹ ہو شاہ!" مخالف نے سختی سے کہا۔

"اگلی بار کوشش کروں گا جلدی آنے کی!" سفیر شاہ نے بے فکری سے کہا۔

"تم ان سب میں اس لڑکی کو کیوں لا رہے ہو؟"

"کیوں لا رہا ہوں؟ یہ آپ پوچھ رہے ہیں۔۔۔۔۔مجھے نفرت ہے اس سے!"

"اور کس نے حق دیا تمہیں یہ نفرت کرنے کا؟ اس سے دور رہو۔۔۔۔۔ہمارے کام میں صنفِ نازک کی کوئی گنجائش نہیں نکلتی۔"

"میں سونے جا رہا ہوں بھائی!"

وہ کندھے اچکاتا باہر نکل گیا تو مخالف نے سخت نگاہوں سے اس کی پشت کو گھورا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

بہزاد شاہ جانتا تھا ماہا فیض اسے کیوں پسند نہیں تھی لیکن ان سب میں اس لڑکی کا کوئی قصور نہیں نکلتا تھا تو کیوں وہ سزا کی مستحق ٹھہرتی لیکن یہ بات سفیر شاہ کو سمجھانا مشکل تھا۔

سفیر شاہ جا کر سو گیا اور پھر کئی دن اپنے کاموں میں مصروف رہا۔

"فون اٹھاؤ میرا یو فول!"

اس نے ماہا کو کتنی کالز کی تھی آج بارہ دونوں بعد لیکن اس نے ایک کال نہ سنی تھی اس کی اس لیے اب میسج کرتے ڈرایا تھا۔

اور اس کی توقع کے عین مطابق اس ڈرپوک لڑکی نے اگلی بیل پر اس کی کال اٹھا لی تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"فون کیوں نہیں اٹھا رہی تھی بیوقوف لڑکی؟"

"بھائی۔۔۔۔"

"نام مت لو اس آدمی کا۔"

"مجھے ملنا ہے تم سے۔۔۔۔!"

URDU NOVEL BANK

سفیر شاہ آغاز میں غصے میں اور پھر کچھ سوچتا مسکراتا بولا پراسرار مسکراہٹ۔

"کی---کیوں؟"

"مل کر بتاؤں گا کیوں؟ آج کالج سے واپسی پر ڈرائیور کو وقت لیٹ کا بتانا۔"

"میں ایسا نہیں کروں گی!" وہ چیخی اور پھر دھڑکتے دل کے ساتھ فون کاٹ دیا۔

"ماہا فیض بہت بُرا کیا تم نے خود کے ساتھ!" وہ کہتا اٹھ کھڑا ہوا اور باہر نکل گیا۔

اس لڑکی کو بتائے مطوبہ وقت پر وہ اس کے کالج کے باہر موجود تھا پھر شان و شوکت سے اترتا کالج میں داخل ہوا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اور سفیر شاہ کو کون نہیں جانتا تھا فوراً اسے آفس میں بھیجا گیا۔

"ہمارے لیے خوشی کا باعث ہے آپ کا آنا سفیر شاہ" پرنسپل تو پھولے نہیں سما رہی تھی۔

" پارٹ ٹو! آرٹس رول نمبر آٹھ سو دو ماہا فیض کو بلائیں!!!"

"لیکن------آپ کیسے جانتے ہیں اسے اور----"

URDU NOVEL BANK

"مجھے سوالات کے جواب دینا پسند نہیں ہے جلدی بلائیں اسے مجھے دیر ہو رہی ہے۔"

"ہم ایسے کسی کو نہیں بلا سکتے سر بات سمجھیں اور اس کے بھائی۔۔۔۔۔"

"تو آپ چاہتی ہیں مس ہُما کے آپ کے بچے کو سکول واپسی پر لاتے آپ کے ڈرائیور کو کچھ لوگ روک لیں اور آپ کے بچے کو۔۔۔۔۔"

"میں بلاتی ہوں۔۔۔۔"

وہ فوراً سے فون کان کے ساتھ لگاتی ماہا فیض کو بلانے کا کہنے لگی۔

"آگے بھی ایسے ہی کرنا ہے آپ نے اور مجھے امید ہے یہ بات ہم دونوں کے بیچ رہے گی!" اس نے جیب سے ایک پیکٹ نکالتے ان کی میز پر رکھا اور باہر نکل گیا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ جانتا تھا کس انسان کو کیسے ڈیل کرنا ہے۔

ماہا کو نہیں بتایا گیا تھا اسی لیے وہ اپنے ڈرائیور کا سوچتی باہر نکل گئی۔

لیکن سامنے ہی اس کی سفید گاڑی کو دیکھتے اس کا وجود خوف سے کانپا۔

اس نے واپسی کے لیے قدم بڑھائے لیکن سفیر شاہ کے گارڈ نے ایسا ہونے نہ دیا۔

"سر انتظار کر رہے ہیں!"

اس نے جھک کر آہستہ سے کہا اور پھر سیدھا کھڑا ہوا تو ماہا نے خوف سے کانپتے وجود پر قابو پاتے قدم اس کی طرف بڑھائے۔

وہ شخص اسے ہر بار پہلے سے زیادہ خوفزدہ کر دیتا تھا وہ کیا چاہتا تھا اس سے وہ نہیں جانتی تھی جو اسے یوں ہی سرِ راہ ملا تھا اور اب--------

"دس منٹ دیر کر دی تم نے ماہا فیض------!"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اسے باہر ہی کھڑے دیکھ سفیر شاہ نے گاڑی کا شیشہ نیچے کرتے کہا تو وہ ڈر کر اچھلی۔

"میں----"

"اندر بیٹھو!"

پلیز----

URDU NOVEL BANK

"اندر بیٹھو نہیں تو تمہیں ہاتھ لگا کر بٹھانے میں مجھے کوئی دِقت نہیں ہو گی لیکن یقیناً تمہاری روح پرواز کر جائے گی ماہا فیض!"

وہ غرایا تو وہ فوراً سے بیٹھ گئی۔

لیکن وہ بالکل دروازے کے ساتھ چپک کر سِمٹ کر بیٹھی تھی۔

اس کی یہ احتیاط سفیر شاہ نے نفرت سے دیکھی تھی۔

"فائل لینے میں تم ناکام رہی ہو اس کی سزا تو بنتی ہے نا اب!" وہ زہر خند لہجے میں بولا تو ماہا نے سر اٹھاتے اسے دیکھا۔

آنکھیں نمکین پانی سے بھرنے لگی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"ماہا فیض رونا نہیں کہ تمہارے آنسو مجھے مزید غصہ دلائیں گے" وہ بولا تو ماہا نے تیزی سے آنکھیں رگڑ ڈالی۔

"گڈ! سیکھ جاؤ گی!"

سفیر شاہ نے کہتے سگریٹ سلگایا اور اسے فرصت سے دیکھا کیونکہ جو وہ اب کہنے والا تھا اسے جان کر یقیناً سامنے والے کی روح پرواز کر جاتی۔

URDU NOVEL BANK

"ماما میں جا رہی ہوں!" وہ سیڑھیاں اترتی اونچی آواز میں لگی۔

"عقل کب آئے گی تمہیں حائقہ؟ نہ میں پوچھتی ہوں تمہارے باپ نے تمہیں اتنی ڈھیل ہی کیوں دی ہے کہیں سے نہیں لگتا تم بائیس سالوں کی ہو۔"

"ماما باقی واپسی کے لیے بچا کر رکھیں ابھی مجھے نکلنا ہے" وہ کہتی ان کے گال کو چومتی بھاگ گئی۔

"اوئے ببلو کے بچے؟"

"آپا میری باری چل رہی ہے میں ایک بھی گیند آپ کو کھیلنے نہیں دوں گا۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"تمہاری ہے اتنی ہمت جلدی کرو بلا پکڑاؤ مجھے میں پہلے ہی لیٹ ہو رہی ہوں" ابھی ہی تو اس کی ڈگری مکمل ہوئی تھی اور سکندر صاحب نے اسے دوست کی مدد سے جاب دلوائی تھی۔

آپااااا۔۔۔۔۔وہ بچہ دہائی دینے لگا۔

"کیا آپا ہاں!"

"جب میں واپسی پر کپ کیک لاؤں گی تو مجھے ندیدوں کی طرح دیکھا تو دیدے نکال دوں گی تمہارے۔"

"اچھا لے لو باری!" ببلو نے کپ کیک کے لالچ پر فوراً سے بلا اس کے آگے کیا۔

چل فضلو کروا بال! فضل نے بال کروائی تو اس نے بلا گھما کر گیند پر مارا تو گیند ہوا میں اڑتی سامنے والوں کی کھڑکی میں جا ٹکرائی۔

وہ بلا وہیں پھینکتی بھاگ کر گلی سے فوراً نکل گئی جبکہ بچے اس کا منہ دیکھتے رہ گئے۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اور پھر گلزار آنٹی جو کہ بھاری بھر کم عورت تھی اسے صفائیاں دینے لگے کہ کھڑکی کا شیشہ انہوں نے نہیں توڑا۔

"حائفہ آپا کو کبھی باری نہیں دیں گے اب!" ببلو نے منہ بسورتے کہا اور گھر چلا گیا۔

URDU NOVEL BANK

افففف گلزار آنٹی نے تو بچوں کا بُرا حال کر دیا ہو گا چلو کوئی بات نہیں واپسی پر ایک ایک بسکٹ دوں گی مان جائیں گے وہ اپنی لالچ پر ہنسی اور آگے بڑھ گئی۔

"بھائی مال روڈ جانا ہے!" رکشے والے کو روکتے پوچھا کیونکہ اس کی بس چھوٹ گئی تھی۔

"بیٹھ جائیں!"

"بیٹھ کیوں جائیں! پہلے پیسے تو بتائیں مناسب لگے تو بیٹھو گی کہ ایسے ہی بیٹھ جاؤں" وہ کڑے تیوروں سے بولی۔

"پانچ سو!"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

رکشے والے نے اس چھٹانک بھر کی لڑکی کو دیکھا جس نے شارٹ فراک کے ساتھ پجامہ اور اوپر حجاب کیا تھا گوری دمکتی صاف رنگت پر پھولے گلابی گال، ڈارک براؤں آنکھیں، پرکشش نقوش اور تیکھا ناک وہ خوبصورت ہونے کے ساتھ ساتھ معصوم بھی دِکھتی تھی۔

لیکن معصوم صرف دکھتی تھی نہیں تو سامنے والے جو ناکوں چنے چبوا دیتی تھی۔

URDU NOVEL BANK

"پانچ سو میں میں کوئٹہ ہو آؤں کرنے والی باتیں کیا کریں آپ لوگ!" اسے تو صبح ہی صبح تپ چڑھ گئی۔

"روز ڈھائی سو دے کر جاتی ہوں بتائیں لیں گے تو۔"

"باجی تین سو!" رکشہ والا شریف ہی تھا اسلیے فوراً پیسے کم کر گیا۔

"ڈھائی سو سے تو دس روپے بھی زیادہ نہیں بولیں؟"

"اچھا بیٹھ جاؤ باجی!"

رکشہ والا پہلی سواری کھونا نہیں چاہتا تھا اس لیے اس لڑکی کو بٹھا لیا جو بس دیکھنے میں ہی معصوم لگ رہی تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

آفس پہنچتے ہی اس نے سب کو باری باری سلام کیا تھا وہ جلد ان سب میں گھل مل گئی تھی۔

کیسے ہیں شفیق انکل؟ اس نے چینل کے ڈائریکٹر سے یوں دوستانہ انداز میں پوچھا۔

"سر بولا کرو مجھے حائفہ!" وہ مصنوئی غصے سے بولے۔

URDU NOVEL BANK

"ابھی مجھے عادت نہیں ہوئی نا!" وہ سر نفی میں ہلاتے رہ گئے۔

"آج کا کیا کام ہے میرا انکل؟" وہ ان کے آفس میں جاتی بولی۔

"آپ نے آرٹیکل لکھنا ہے!"

کس پر؟

"بہزاد شاہ پر-----"

"اووو! وہ جو ڈیزائنر ہیں؟ اور جو سیاست میں جانے کا ارادہ رکھتے ہیں۔"

بالکل!

"پر سر وہ تو بڑے کوئی کھڑوس ٹائپ ہیں پچھلی بار صدف گئیں تھی وہ تو کتنی سئینیر ہیں مجھ سے بہزاد شاہ نے تو انہیں بھی انٹرویو نہیں دیا تھا۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"میری بات ہو گئی ہے حائفہ! آپ سوال تیار کریں لیکن کوئی بھی اس کی نجی زندگی کے بارے میں نہ ہو" وہ اسے آخر میں تنبیہ کرتے بولے۔

اوکے!

URDU NOVEL BANK

وہ سوال تیار کرنے لگی اور جلد ہی آفس میں یہ بات پھیل گئی کہ حائفہ سکندر بہزاد شاہ کا انٹرویو لینے جا رہی ہے۔

"اففففف سر نے مجھے کیوں نہیں چُنا؟"

"ہائے تمہیں چانس ملے گا بہزاد شاہ کو دیکھنے کا۔"

"کیا ڈیشنگ بندہ ہے وہ لیکن بہت اکڑو ہے!"

ایسی کئی باتیں صبح سے سنتے وہ تنگ آگئی تھی۔

"آخر ایسی بھی کیا بلا ہے یہ بہزاد شاہ!"

وہ بڑبڑائی اور پھر آفس کی گاڑی میں اس کی کمپنی کے لیے نکل گئی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ کمپنی جہاں ان کے ڈیزائین بنتے تھے وہ اندر داخل ہوئی تو اسے لگا وہ وہاں گُم جائے گا۔

اتنی بڑی اور خوبصورت عمارت اس کا آفس بھی بہت بڑا اور شاندار تھا کیونکہ وہ بہت بڑا اور مشہور چینل تھا لیکن اس جگہ کی بات ہی اور تھی۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

سب لڑکیاں ہیل کی ٹِک ٹِک سے شور مچاتی یہاں سے وہاں گھوم رہی تھیں وہ سب کی سب مشرقی لباس میں تھیں اسے لگا شاید وہ وہاں اکیلی ہے جو حجاب میں اور مغربی لباس میں موجود ہے۔

"جی کس سے ملنا ہے آپ کو؟"

ریسپیشن پر موجود اس لڑکی نے حائفہ کو اوپر سے لے کر نیچے تک عجیب نگاہوں سے دیکھتے استسفار کیا۔

"وی نیوز کی طرف سے ہوں سر شفیق نے بھیجا ہے بہزاد شاہ کے انٹرویو کے لیے۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"اوکے میں چیک کرتی ہوں۔"

"ٹھیک ہے سب سے اوپر والے فلور پر چلی جاؤ!"

وہ کچھ چیک کرتی بولی تو حائفہ لفٹ کی جانب چل پڑی۔

پھر چوتھے فلور جو سب سے اوپر والا تھا وہاں نکلی نیچے کے فلور پر جتنا شور تھا یہاں اتنی خاموشی تھی ایسا لگتا تھا جیسے یہاں کوئی کام کرتا ہی نہ ہو۔

URDU NOVEL BANK

"بہزاد شاہ کا انٹرویو!"

اس سے پہلے کہ وہ واحد لڑکی جو وہاں موجود تھی اس سے وہی سوال پوچھتی وہ خود ہی بتانے لگی اس لڑکی نے بھی اپنی ڈائری میں چیک کیا تو حائفہ نگاہیں گھما کر رہ گئی۔

"کمپنی کا مالک نا ہو گیا ملک کا وزیرا عظم ہو گیا بھئی!" وہ کڑھ گئی۔

"جلدی دیکھیں پلیز میں تھک گئی ہوں!"

حائفہ نے حجاب سیٹ کرتے کہا تو لڑکی نے حیرت سے اس کے نخرے دیکھے۔

"اندر چلی جائیں! لیکن جب تک وہ خود کم اِن نا کہیں اندر والے کمرے میں جانے کی ضرورت نہیں ہے!" وہ بولی تو حائفہ منہ بناتے چلی گئی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

جہاں وہ داخل ہوئی وہ ایک چھوٹا کمرہ تھا جس کے ساتھ ایک کمرے کا دروازہ منسلک تھا جو اس وقت بند تھا یقیناً وہی پر تھا وہ شہنشاہ۔

"اُفف پتا نہیں کتنا انتظار کرنا ہو گا۔۔۔"

URDU NOVEL BANK

"آیوین انکل نے مجھے بھیج دیا۔۔۔۔اس سے اچھا تو وزیرا عظم سے مل لیتی اس میں بھی اتنا ٹائم نہ لگتا۔"

"تو تم فائل نہیں لے پائی۔۔۔۔!"

"میں نے کوشش۔۔۔۔۔۔!"

"کوشش ہی تو نہیں کرتے ماہا فیض کر کے دِکھاتے ہیں! تو اب جو کہ تم نہیں کر پائی تو سفیر شاہ یوں ہی غلطیوں کو نظرانداز نہیں کیا کرتا۔"

وہ اپنا ہاتھ بڑھاتا اس کے آگے سے بوتل پکڑنے لگا کہ وہ کچھ سمجھتی تیزی اور سے دروازے سے چپک گئی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"بیوقوف لڑکی!_

"کیا مصیبت ہے؟"

"اور تم نے سفیر شاہ کو کیا سمجھ رکھا ہے تم جیسیوں کو ہاتھ لگانے میں سفیر شاہ کو رتی برابر بھی دلچسپی نہیں ہے!"

URDU NOVEL BANK

اور یہ دوسری بار تھا کہ وہ اس کی یوں تذلیل کر گیا تھا۔

اور اب کی بار ماہا فیض برداشت نہیں کر پائی تھی اپنی روح، اپنی عزتِ نفس پر لگا یہ تیر۔

"مجھ جیسی سے کیا مراد ہے آپ کا؟"

" کیسی لڑکی ہوں میں؟ آپ خود کو کیا سمجھتے ہیں بہت پاکیزہ اور نیک یہ غلط فہمی ہے آپ کی آپ ایک شیطان صفت انسان ہیں اور-----"

سفیر شاہ نے اس کے ہاتھ پر ہلکا سا سگریٹ رکھا اور پھر ہٹا دیا بالکل ہلکا سا۔

کیونکہ اگر یہ حرکت بہزاد شاہ کو پتا چلتی تو نجانے وہ سفیر شاہ کو کیا سزا دیتا۔

ماہا کے منہ سے سسکی برآمد ہوئی اس نے سفیر شاہ کو بے یقینی سے دیکھا۔

اگر یہ اسے ڈرانے کے لیے کیا گیا تھا تو مخالف جیت گیا تھا کہ وہ ماہا فیض کو خوفزدہ کرنے میں سو فیصد کامیاب رہا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

"ابھی صرف ہلکا سا ہے یہ اگر میری بات نہ مانی تو تمہارے ساتھ میں کیا کر سکتا ہوں تم جانتی نہیں ہو اور گلی بار اس طرح زبان مت چلانا میرے آگے" وہ دھاڑا تو ماہا سہم گئی۔

"آج شام اپنی دوست کے گھر جانے کا کہہ کر تم آؤ گی آگے سے میں تمہیں پِک کروں گا۔"

"کیوں؟"

"ویسے تو میں جواب دینے کا متحمل نہیں ہوں لیکن یہ بات تمہارے لیے جاننا ضروری ہے کہ ہم آج نکاح کر رہے ہیں۔"

وہ اتنے آرام سے بولا کہ ماہا کو لگا وہ کوئی عام کر رہا ہو اسے لگا کسی نے کھولتا ہوا پانی اس پر گرایا ہو اس کے رونگٹے کھڑے ہوئے۔

"یہ کیا بکواس۔۔۔۔۔؟" وہ چیخنا چاہتی تھی۔

"آواز آہستہ رکھو!" سفیر شاہ نے اس کے احتجاج کو وہی روک دیا۔

"اب جا سکتی ہو!"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

"یہ کبھی ممکن نہیں ہو پائے گا!" وہ رونے لگی تھی بے بسی سے۔

"کیوں کسی اور سے محبت ہے جو اتنا چیخ رہی ہو؟"

"میں بھائی کو بتا۔۔۔۔۔"

"موسٹ ویلکم وائف ٹو بی۔۔۔۔!"

"ایسا کرتے تم میرا کام اور بھی آسان کر دو گی کیونکہ تمہارا بھائی تمہیں خود ہی مار دے گا اور اگر تم ایسا نہیں کرتی تو بھی کیونکہ میں اپنے ساتھ تمہاری تصاویر تمہارے بھائی کو بھیج دوں گا!"

اس نے کہتے گاڑی میں اپنے سامنے لگے چھوٹے سے بالکل نانظر آنے والے کیمرے کی طرف اشارہ کیا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ماہا کا وجود سکتے کی ضد میں تھا۔

کیا کوئی یوں بھی کر سکتا ہے؟

کیا کوئی اتنا بھی گر سکتا ہے؟

کیا کوئی اتنا بھی ظالم ہو سکتا ہے جتنا سامنے موجود شخص تھا؟

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

کیا کوئی کسی سے اتنی نفرت بھی کر سکتا ہے؟

وہ کیا چاہتا تھا۔

اسے نفرت ہوئی۔۔۔اتنی نفرت کہ اسے لگا وہ اس جذبے کو صرف سامنے موجود شخص پر ہی وقف کر دے گی بے بسی کی انتہا پر پہنچ کر اس کے آنسو چھلک پڑے۔

"تم ایسا نہیں۔۔۔۔"

"میں ایسا ہی کروں گا۔۔۔۔"

"تمہارا ڈرائیور دس منٹ کی دوری پر ہے یہ منہ دھو اور جاؤ!" اس نے پانی کی بوتل جو پہلے اٹھائی تھی وہ اسے تھمائی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"آئی ہیٹ یو!"

"آئی ہیٹ یو مور دین یو وائف ٹو بی ڈونٹ وری۔"

(مجھے تم سے زیادہ نفرت ہے ہونے والی بیوی فکر نہ کرو)

وہ بنا اس کی بوتل تھامے دوپٹے سے چہرہ صاف کرتی باہر نکلنے لگی۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

"اور اگلی بار یہ دوپٹہ پٹی کی صورت مجھے گلے میں نہیں سر پر نظر آنا چاہیے!"

وہ کہتا سگریٹ سلگاتا آنکھوں پر چشمہ لگا گیا۔

ماہا فیض نے دروازہ زور سے بند کیا جو زور اس شخص پر نہیں چلا تھا وہ اس نے دروازے پر نکال دیا تھا پھر اپنے ڈرائیور کا انتظار کیا جو تین منٹ بعد آگیا تھا وہ غائب دماغی سے بیٹھ گئی۔

تو سفیر شاہ نے بھی ڈرائیور کو چلنے کا کہا۔

ماہا نے سارا دن یہی سوچتے گزار دیا تھا کہ اب اسے بخار ہو گیا تھا۔

"کاش ماما آپ میرے پاس ہوتی!"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اس نے سسکی بھرتے سوچا۔۔۔۔اس کے پاس بس اسکا باپ اور بھائی تھے وہ بھی شاید نام کے جنہوں نے اسے دنیا بھر کی سہولیات میسر کیں تھی اور کچھ نہیں۔

وہ کس اذیت میں زندگی گزارتی آئی تھی اس سے بہتر اس کا رب جانتا تھا۔

URDU NOVEL BANK

اسے لگا پیسہ سب نہیں ہے لیکن رشتے سب کچھ ہیں جو اس کے پاس بالکل نہیں تھے باپ ملک سے باہر تھا نجانے کتنے مہینوں سے اور بھائی گھر میں رہتے سانس سکھائے رکھتا تھا۔

اس نوکروں کی فوج کے ساتھ وہ کیا ہی کر لیتی آخر میں جائماز کو اپنی جائے پناہ سمجھتے وہ پہروں روتی رہتی کہ وہ تنگ آگئی تھی اکیلے پن سے۔

لیکن پچھلے کچھ دنوں سے اس کے ساتھ جو ہو رہا تھا وہ ناقابلِ فراموش تھا۔

وہ کون تھا؟ کیا چاہتا تھا وہ نہیں جانتی تھی لیکن نکاح کا سنتے وہ خوفزدہ تھی بہت۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کس کو بتاتی جا کر! اس نے تکیے میں منہ دیتے سسکیوں کا گلہ گھوٹنا چاہا۔

"سفی مجھے سختی پر مجبور نہ کرو!"

بہزاد شاہ اس وقت طیش کے عالم میں اپنے کمرے میں چکر لگا رہا تھا جب سے اسے سفیر شاہ کی حرکت کا پتا لگا تھا۔

"بھائی میں آپ کو بتائے بغیر یہ نہیں کرنا چاہتا تھا۔"

URDU NOVEL BANK

"بتائے بغیر یا اجازت لیے بغیر؟"

بہزاد شاہ نے آئیبرو اچکاتے اس سے پوچھا کیونکہ سفیر شاہ ہر کام کی اجازت اس سے لیتا تھا۔

"بھائی یہ میں کسی صورت بھی کروں گا۔"

"تو ٹھیک ہے بتانے کیوں آئے ہو وہ بھی نکاح کر کے بتا دیتے!" بہزاد شاہ خاموشی سے اپنی جگہ پر بیٹھ گیا تو سفیر شاہ تڑپ اٹھا۔

وہ دنیا سے لڑ سکتا تھا لیکن بہزاد شاہ کو ناراض نہیں کر سکتا تھا اس لیے اس کے پاس اس کے سامنے گھٹنوں کے بل اس کے ہاتھ تھامتا بیٹھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"اس شخص تک ہمیں وہی پہنچا سکتی ہے۔"

"تو اس کے لیے تم نکاح کرو گے "اُس" سے؟"

بہزاد شاہ کو اب تک ہضم نہیں ہو رہی تھی اس کی بات۔

"کسی نا کسی سے تو شادی کرتے ہی ہیں تو میں اُس سے کر لیتا ہوں کیا فرق پڑتا ہے؟" وہ نگاہیں چراتا بولا وہ خود بھی جانتا تھا کتنی بیکار بات کر رہا تھا۔

URDU NOVEL BANK

"جہاں تک مجھے یاد ہے شاہ شادی جیسی خرافات میں تم نہیں پڑھنا چاہتے تھے تو پھر اچانک کیوں اور ماہا فیض ہی کیوں؟"

"میں آپ کو وجہ بتا چکا ہوں۔"

"اور میں بھی بتا چکا ہوں کہ صنفِ نازک کی کوئی جگہ نہیں بنتی ہمارے کام میں اور نہ ہم اسے استعمال کر سکتے ہیں۔"

"اگر آپ چاہتے ہیں کہ بنا نکاح کیے اسے اپنے مقصد کے لیے استعمال کروں تو مجھے اعتراض نہیں ہے لیکن اس کی اجازت آپ کبھی نہ دیتے اس لیے سوچا ہے میں نے یہ۔"

"تم نبھا سکتے ہو "اُس" سے؟"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"بھائی میں انفارم کر دوں گا آپ کو!"

اسے آواز آئی اور ساتھ ہی دروازہ کھلا تو وہ جو کہنی میز پر ٹکائے اس پر چہرہ رکھے ایک ایک چیز کو غور سے دیکھ رہی تھی سیدھی ہوئی۔

URDU NOVEL BANK

دروازہ پورا نہیں کھلا تھا نا شاید وہ بولنے والا جانتا تھا اس کی وہاں موجودگی کو۔

"ادا جعفری کا کیا کرنا ہے؟" اسنے جو الزام لگایا ہے اس پر آپ نے کیا سوچا ہے۔

نجانے آگے سے کیا کہا گیا وہ اندر موجود شخص کی آواز نہیں سن پا رہی تھی۔

"بھائی وہ نجانے کس کے گناہ کو آپ کا بچہ کہہ رہی ہے مجھے اجازت دیں میں راتوں رات اس کو غائیب۔۔۔۔"

حائفہ کا منہ کھل گیا۔

"امیروں کی حقیقت؟"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اس نے سر جھٹکا لیکن دماغ لے کہا حائفہ جلدی لکھو لوگوں کو ان جیسے لوگوں کی حیثیت سے واقف ہونا چاہیے۔

"آپ اسے چھوڑ دیں! بیشک آپ دنیا کے سامنے اسے ڈیٹ کر رہے ہیں ہمارا مقصد اسکے باپ تک پہنچنا ہے۔"

حائفہ نے جلدی سے نوٹ کیا۔

URDU NOVEL BANK

اسے ڈر بھی لگا ان لوگوں سے اور کراہیت بھی آئی۔

ٹھیک ہے میں کچھ نہیں بول رہا لیکن اگر مجھے لگا کہ پانی سر سے اوپر جا رہا ہے تو میں آپ کی بھی نہیں سنوں گا۔

وہ جو بھی تھا دروازہ کھولتا باہر نکلا لیکن اس لڑکی کو دیکھتا ٹھٹک کر رُکا جو تیزی سے کچھ نوٹ بک پر نوٹ کر رہی تھی۔

"کون ہو؟" سفیر شاہ نے سرد سے لہجے میں پوچھا۔

"اممم ! بہزاد شاہ سے ملنا ہے!" وہ بھی سنجیدہ سی جواب دینے لگی۔

"لکھ کیا رہی ہو؟" سفیر شاہ نے اس کی ڈائری کو دیکھتے کہا۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"ااممم بہت اچھا ایڈیٹر ہے یہاں کا بس اسی سے مرعوب ہوتی تصویر میں اتار رہی تھی یہاں کی خوبصورتی کو۔"

وہ جلدی سے اپنا سکیچ آگے کرتی بولی جو اس نے ان کی باتوں سے پہلے بنانا شروع کیا تھا۔

URDU NOVEL BANK

"ایک بات جان لو کچھ الٹا سیدھا بولا تو جان سے جاؤ گی" وہ اسے ٹھنڈے لہجے میں دھمکاتا نکل گیا۔

"جان سے جاؤ گی بڑے خدا بنے پھرتے ہیں منہ تو دیکھیں اپنا چھچھوندر!"

حائفہ نے منہ ٹیڑھا کرتے اس کی نقل اتاری اتنے میں دروازہ کھلا اور وہی لڑکی تیزی سے اندر آئی تب تک وہ شخص جو بہزاد شاہ ہی تھا یقیناً وہ بھی تیزی سے باہر آیا۔

"سر جعفری صاحب آئے ہیں۔"

"بٹھاؤ انہیں میں آتا ہوں!" وہ بولا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"سر آپ کا انٹرویو؟"بہزاد نے اب تک اس لڑکی کو نہیں دیکھا تھا جو وہیں موجود تھی۔

"جو بھی ہے واپس بھیج دو کل دیکھیں گے!"

وہ بولتا باہر نکل گیا جب کہ حائفہ تو منہ کھولے اسے دیکھتی رہ گئی۔

"سن لیا؟ اب کل آئیے گا!"

وہ لڑکی کہتی باہر نکل گئی تو حائفہ کا غصے سے بُرا حال ہوا۔

اس نے بہزاد شاہ کی شکل نہیں دیکھی تھی اب تک کیونکہ وہ تیزی نکل گیا تھا۔

صرف سوٹ بوٹ میں چھپاتے اس شخص کی پشت ہی دیکھ پائی تھی وہ۔

"اففففف!"

امیروں کے چونچلے۔۔۔۔زرا ان کو جو شرم آلئے کہ ہم گاڑی کا پٹرول اور وقت نکال کر آئیں ہیں ان سے! اے سی میں بیٹھے صاحب زادوں کا انٹرویو لینے۔

وہ جلتی کڑھتی نیچے جانے کے لیے لفٹ مین بنا دیکھے کہ کوئی اور بھی ہے داخل ہوئی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

تب ہی اس کا فون بجا۔

صدف کا فون تھا اسنے فوراً اٹھایا۔

وہ شخص جو اس لڑکی کے اندر آنے پر غصے سے اس کی پشت گھور رہا تھا اسے بات کرتے سُن مٹھیاں بھینچ گیا۔

"کیا بتاؤ صدف آپی---کہاں لارڈ صاحب کا انٹرویو ہوا پوچھیں مت-----ان لوگوں کو شرم ہی نہیں ہے دو گھنٹے انتظار کیا ہے میں نے اور اینڈ پر صاحب بادشاہ اور شنشہا کہتے نکل گئے کہ کل بلا لینا۔"

"پٹرول جیسے کل ان کا باپ ڈلوا کر دے گا گاڑی میں!" کہنے کو یہ ڈگریاں باہر سے لائیں ہیں اور مینرز جو زرا برابر ہوں ان میں!

وہ جلتی کڑھتی بولتی چلی جا رہی تھی۔

وہ شخص اپنے بارے میں اس کی گل افشانیاں سنتے ضبط سے لب بھینچ گیا۔

ماتھے پر سلوٹوں کا اضافہ ہوا تھا اس کا یہ بدتمیز اور اپنے لیے گستاخ لہجہ سن کر وہ کہاں کسی کی باتیں سنا کرتا تھا کبھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ باہر نکل گئی تو وہ تیزی سے باہر نکلا۔

"یہ کون ہے؟" اس نے ریسپشن پر اس کی طرف اشارہ کرتے پوچھا۔

"سر شفیق نے بھیجا تھا انٹرویو کے لیے!"

اس نے بتایا تو بہزاد لب بھینچتے باہر گیا جہاں گاڑی اس کا انتظار کر رہی تھی۔

URDU NOVEL BANK

اس نے گاڑی میں بیٹھتے اس لڑکی کو دیکھا جو دھوپ سے بچنے کے لیے گالوں پر ہاتھ رکھتی غصے سے کسی کی تلاش میں تھی۔

اور پھر چینل کی گاڑی کو دیکھتے وہ بیٹھتی چلی گئی تو وہ سر جھٹک گیا۔

سزا تو بہرحال اس لڑکی کو ملنی ہی تھی کبھی نا کبھی آخر بہزاد شاہ کے بارے میں بکواس کر کے گئی تھی وہ اور وہ بھی اس کے منہ پر۔

وہ کام کرتا گھر چلا گیا-----یہ کمپنی تو بس سہارا تھی مقصد تو اسکا کچھ اور تھا۔

آج کل وہ سیاست کے لوگوں میں اٹھنے بیٹھنے لگا تھا تو کام اور بڑھ گیا تھا اس کا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اگلی صبح کا اخبار تو سب نے پڑھ لیا تھا شاید جو نہیں بھی پڑھتے تھے انہوں نے بھی پڑھا تھا۔

آخر پہلے ہی صفحے پر بڑے بڑے حروف میں بہزاد شاہ کا اصل روپ لکھا تھا۔

بہزاد شاہ کی اصلیت کہ وہ کیسا شخص ہے۔

" لوگوں کو استعمال کر کے چھوڑ کر اپنا نام تک نہ دینے والا بہزاد شاہ۔"

"گھمنڈ اتنا کہ کسی سے بات کرنا پسند نہیں کرتا۔"

"لوگوں کو انتظار کرواتا ہے اور انٹرویو تک دینا پسند نہیں کرتا۔"

"اِل مینرڈ بہزاد شاہ اور ایسے کئی الفاظ اس کی شان میں لکھے گئے تھے۔"

آرٹیکل کے اختتام پر حائفہ سکندر، وی نیوز یہ نام پڑھتے اس نے اخبار پھاڑ دیا اور فون کان سے لگایا۔

"کیوں چھاپا آپ نے یہ آرٹیکل؟"

"اس کی بھاری قیمت اٹھانی پڑے گی آپ کی سو کالڈ جرنلسٹ کو۔"

"یہ سراسر بکواس ہے کسی قسم کا کوئی انٹرویو دیا ہی نہیں میں نے تو کیسے آپ کا ادارہ ایسی بکواس اور واحیات باتیں چھاپ سکتا ہے؟"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"آپ جانتے ہیں میں اگر کاروائی کروں تو وہ جرنسلٹ اور آپ کا چینل ایسے ختم ہو گا کہ لوگوں کو معلوم بھی نہیں پڑے گا کہ اس قسم کا کوئی ارادہ تھا بھی کبھی۔"

"اور آپ جانتے ہیں بہزاد شاہ کہتا نہیں کر جاتا ہے بنا انجام کی پرواہ کیے۔"

URDU NOVEL BANK

وہ آگے سے شاید معافی مانگ رہے تھے۔

آخر سب کو اپنے کاروبار پیارے تھے۔

"اس لڑکی کو بولے میرے آفس آئے اور مجھ سے معافی مانگے آپ کے ادارے کی طرف سے اور کل صبح کی خبروں میں یہ بات چھپ جانی چاہیے کہ یہ ساری باتیں بے بنیاد اور جھوٹی تھی چوبیس گھنٹے ہیں آپ کے پاس۔"

"اس کے بعد کسی اچھے کی امید بہزاد شاہ سے مت رکھیے گا" وہ کہتا کال کاٹ گیا۔

اس کا بس نہیں چل رہا تھا کہ اس چھٹانک بھر کی بیوقوف لڑکی کے ساتھ کیا کر ڈالتا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"تم ماری جاؤ گی میرے ہاتھوں کم عقل لڑکی!"

وہ دھاڑا اور اٹھتا کام پر نکل گیا۔

"سر جعفری صاحب اور بھی ہیں لوگوں کی کالز۔۔۔۔۔"

URDU NOVEL BANK

"فون بند کر دو کسی کو کوئی صفائی دینے کا موڈ نہیں ہے میرا۔۔" وہ کہتا اپنے کمرے میں بند ہو گیا۔

سر آفس۔۔۔۔۔

"اب دوبارہ کسی نے دروازہ کھٹکھٹایا تو اس کا آخری دن ہو گا یہاں۔"

وہ دھاڑتا سب کے منہ پر دروازہ بند کر گیا تو وہ سب لرز کر رہ گئے۔

پھر کچھ ہی دیر میں تیار ہوتا آفس کے لیے نکل گیا۔

سب نے اس لڑکی پر اِنا للہ پڑھ لی تھی کہ اسے اب بہزاد شاہ کے ہاتھوں کوئی نہیں بچا سکتا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

دوسری طرف سارے آفس والوں کے کان شفیق الرحمن کے دروازے پر لگے تھے جہاں سے غصے سے بولنے کی آوازیں آرہی تھی اور اندر حائفہ تھی۔

"آپ نے کہا تھا آپ نے انٹرویو لیا ہیں اس کا؟"

میں نے ۔۔۔

"لیا تھا یا نہیں؟ وہ دھاڑے۔"

"شفیق انکل میری بات----"

"حائفہ کل آپ نے بہزاد شاہ کا انٹرویو لیا تھا کل یا نہیں؟؟؟"

"نہیں پر------"

"تو کس بنا پر وہ سب لکھا تم نے؟ تم جانتی ہو اس کا انجام کیا ہو گا؟"

"یہ سچ ہے میں نے بیشک ان کا انٹرویو نہ لیا ہو لیکن سب کچھ سچ تھا وہ کسی سے اس بارے میں بات کر رہے تھے وہ بھائی تھا شاید ان کا اور----"

بسسس---!

" میں سکندر کی وجہ سے سب برداشت کر گیا ہوں حائفہ اگر نہیں چاہتی ہو کہ میں اسے بتاؤں یا تمہیں اس نوکری سے نکال دوں جاؤ اور معافی مانگو اس سے۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"ہرگز نہیں!"

"جھوٹ لکھا ہوتا تو ضرور مانگتی سب سچ تھا آپ مجھ پر یقین کریں۔"

"تم پر یقین کر بھی لوں میں تو اسنے دھمکی دی ہے کہ وہ یہ کمپنی بند کروا دے گا ہزاروں لوگوں کا روزگار جڑا ہے یہاں سے سب بے روزگار ہو جائیں گے!"

URDU NOVEL BANK

وہ چِلائے تو وہ چہرہ جھکا گئی آنکھوں سے آنسو گرنے لگے۔

وہ صحیح کہہ رہے تھے۔

اور اس نے جان لیا کہ طاقت میں خود سے بڑے لوگ جھوٹے بھی ہوں تو دنیا

ان کی عزت کرتی ہے۔

"میں چلی جاؤں گی۔"

"میں آج کے بعد کوئی ایسی حرکت نہیں کروں گی بابا کو مت بتائیے گا۔۔"

"وہ تمہارا کرئیر تباہ کر سکتا ہے حائفہ!" اب کہ وہ نرمی سے بولے۔

میں سمجھ گئی۔۔۔۔سچ کی یہاں کوئی گنجائش نہیں ہے اس نے آنکھیں رگڑتے

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

آنسو صاف کیے۔

"اس سچ کا کیا کروں گی بیٹا جس سے آپ کے ساتھ ساتھ ہزاروں لوگوں کی جان

خطرے میں ڈل جائے؟"

میں سمجھ گئی میں جاتی ہوں وہ باہر نکل گئی۔

اور پھر وہ اسی جگہ کھڑی تھی جہاں سے وہ کل نکلی تھی۔

URDU NOVEL BANK

اس نے آنکھیں میچی جو پہلے ہی ہلکی سی سوج گئی تھی سارے راستے رونے کی وجہ سے اور گال گلابی ہو گئے تھے۔

اس نے ہونٹ کاٹے اور سیدھا لفت مین داخل ہوئی اور مطلوبہ جگہ پر پہنچ گئی۔

"حائفہ سکندر؟ وی نیوز؟" اسی کل والی لڑکی نے پوچھا۔

جی؟

"سر آپ کا ہی انتظار کر رہے ہیں!"

وہ بولی تو حائفہ اندر کی طرف قدم بڑھا گئی دل کو مضبوط کیے۔

---

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"یہ مقصد پورا ہونے تک ہے!" وہ بہزاد شاہ سے نگاہیں ملاتا اپنے مقصد سے آگاہ کرنے لگا۔

"ہرگز نہیں! اگر تم سوچتے ہو کہ ہمارا مقصد پورا ہو جانے کے بعد اسے چھوڑ دو گے تو بھول جاؤ!"

"نکاح مزاق نہیں ہے!

URDU NOVEL BANK

اگر کر لیا تو قیامت تک نبھانا پڑتا گا!"

بہزاد شاہ حتمی انداز میں بولا کہ کسی کی زندگی خاص طور پر کسی عورت کی زندگی سے کھیلنے کے حق میں وہ بالکل نہ تھا۔

"مجھے منظور ہے!" سفیر شاہ نے دل میں کچھ سوچتے کہا۔

آخر میں وہ بہزاد شاہ کو منا ہی لیتا کہ اس لڑکی کے ساتھ وہ کہاں رہنا چاہتا تھا۔

نکاح تو محض اسے ازیت دینے کے لیے کر رہا تھا لیکن وہ نہیں جانتا تھا ایسا کرتے وہ گناہ کا مترادف ٹھہرتا تھا۔

"یہ تمہارا آخری فیصلہ ہے شاہ؟'

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

سفیر شاہ نے تیزی سے سر ہلایا تو بہزاد شاہ نے اس کے کندھے پر ہاتھ رکھتے اسے گلے لگایا تو سفیر شاہ اس سے لگتا اپنے بھائی کی محبت خود میں اتارنے لگا۔

ان دونوں بھائیوں کی جان بستی تھی ایک دوسرے میں۔

"کیا وہ راضی ہے؟" بہزاد شاہ نے اچانک پوچھا تو وہ گڑبڑا گیا۔

"اس کا جواب آپ جانتے ہیں!"

URDU NOVEL BANK

سفیر شاہ بولا تو بہزاد شاہ کے چہرے پر سنجیدگی چھا گئی۔

"آخر میں اگر اس نے مجھ سے مدد مانگ لی تو تم جانتے ہو سفی کہ بہزاد شاہ تم پر اسے فوقیت دے گا!" بہزاد شاہ نے اسے حقیقت بتائی لیکن اس وقت وہ کچھ سُننا نہیں چاہتا تھا

وہ صرف اس وجود کو نقصان پہنچانا چاہتا تھا جس سے نفرت تھی اسے۔

وہ اسے تکلیف دینا چاہتا تھا کہ نفرت کا علاج اسے اس سے بہتر کچھ نا لگا تھا۔

شام کے وقت وہ تیار تھا اس نے فیض مینشن کے تمام کیمراز کو ہیک کر لیا تھا اور ماہا فیض کو کال کرنے لگا جو وہ اٹھا نہیں رہی تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ڈیمم!

اسے طیش آیا اس لڑکی پر اسے جلد یہاں سے نکلنا تھا کیونکہ اشعر فیض کبھی بھی آسکتا تھا وہ ڈرتا نہیں تھا لیکن ایسے میں ماہا فیض کو وہاں سے نکالنا مشکل ہو جاتا۔

URDU NOVEL BANK

اس نے کام والی سے رابطہ کیا جس نے ماہا کا بخار میں ہونے کا بتایا تھا لیکن سفیر شاہ پر اثر نہیں پڑا تھا۔

"میں انتظار کر رہا ہوں لگلے دس منٹ میں وہ پچھلی سڑک پر مجھے ملنی چاہیے!"

وہ کہتا کال کاٹ گیا اور یہاں سے وہاں چکر کاٹتے اپنی سفید گاڑی کو ٹھوکر رسید کرنے لگا۔

اگر وہ نا آئی؟ اس کے ماتھے پر جال بچھنے لگا کیونکہ گھڑی نو کا ہندسہ اب عبور کر گئی تھی۔

جب وہ سامنے سے آتی دکھائی دی اسے زبردستی لایا گیا تھا وہاں۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"میں نہیں جاؤں گی کہیں!"

وہ سفیر شاہ کو دیکھتے ہی چٹک پڑی اور پوری قوت سے چلائی تو سفیر شاہ نے ناگواری سے اسے تکا اور پھر کام والی کو اس کے پیسے دیتے روانہ کیا۔

"بیٹھو!"

"ہرگز نہیں!" وہ ہلکا ہلکا کانپ رہی تھی۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

سفیر شاہ نے اس کے بازو کو سخت گرفت میں لیتے اسے گاڑی میں دھکا دینے والے انداز میں بٹھایا اور اندر بیٹھتے ہی ڈرائیور کو حکم دیا گاڑی تیزی سے سڑک پر دوڑی تھی۔

"اتارو مجھے-----"

"آواز اب حلق سے نہ نکلے وائٹ روز نہیں تو زبان گدی سے نکالنا خوب جانتا ہوں میں۔"

اسکے لہجے کی سفاکیت اور سرد نگاہوں کو دیکھتے وہ ڈر کر دروازے کے ساتھ چپکی تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

سارے راستے رب العزت کے نام کا ورد کرتی آئی تھی کہ شاید کوئی معجزہ ہو جائے اور وہ وہاں سے غائب ہو جائے۔

وہ کوئی فلیٹ تھا جہاں وہ آئے تھے اس کی آنکھوں سے آنسو گرنے لگے کہ مولوی سامنے بیٹھا اب کلمات ادا کر رہا تھا۔

URDU NOVEL BANK

"بچی کی رضامندی کے بغیر یہ ممکن نہیں ہے شاہ صاحب!" وہ بولے تو ویڈیو کال میں نظر آتے شخص کے چہرے پر خرکت تاثرات چھائے۔

شاہ!

بہزاد شاہ نے اسے پکارا تو وہ لب بھینچتے گہری سانس بھر گیا پھر ماہا فیض کو بازو سے تھامتے اندر کمرے میں لایا۔

"کیا چاہتی ہو؟"

"واپس جانا چاہتی ہوں ----"

"یہ زبردستی نکاح نہیں کرنا مجھے!"

" کسی انجان شخص سے جسے میں جانتی بھی نہیں جو کچھ ہی دن پہلے میری زندگی میں آیا ہے اور اب مجھے مارنا چاہتا ہے۔"

"مارنا تو واقعی مقصد ہے میرا تمہیں اور میں کون ہوں یہ تمہیں میرے قریب آنے پر ہی پتا چلے گا اس لیے اب کوئی ڈرامہ مت کرنا۔"

"مجھے کسی صورت منظور-----"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

سفیر شاہ آگے بڑھا اور اس پر جھکا۔۔۔۔۔

"کسی غیر محرم سے یوں ملنا قبول ہے تو مجھے منظور ہے یہ سب ابھی رکوا دیتا ہوں میں کیونکہ آنے والے کچھ مہنیوں میں تمہیں صرف سفیر شاہ کو جھیلنا ہے اپنی نازک جان پر!"

وہ اس قدر سرد لہجے میں بولا کہ ماہا فیض کا چہرہ تپ اٹھا اور جسم اس کے سرد پن سے کانپتا جامد سا ہو گیا۔

اتنی سفاکیت!

پھر اس نے چہرہ جھکایا اور گہرے سانس بھرنے لگی کہ ہوا میں آکسیجن کی کمی ہوئی تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

سفیر شاہ نے اس کے ہاتھ کو تھاما اور باہر لے جانا چاہا۔

یہ جان لیں کہ ماہا فیض آپ کو معاف نہیں کرے گی! وہ نم لہجے میں بے بسی سے بولی۔

URDU NOVEL BANK

ماہ فیض سے معافی مانگی بھی نہیں جا رہی وہ کہتا باہر نکل گیا بنا پیچھے دیکھے شاید وہ جانتا تھا کہ اب کی بار وہ انکار نہیں کرے گی۔

پھر بہزاد شاہ اور کئی گارڈ کی زیرِ نگرانی میں نکاح شروع کیا گیا۔

ماہا کے ہاتھ کانپ رہے تھے۔۔۔۔اس کا پورا وجود تپ رہا تھا۔

نجانے اس نے کیسے وہ دو لفظ ادا کیے تھے کیونکہ اب ایجاد و قبول کی باری سفیر شاہ کی تھی اور اس کے بعد مولوی صاحب نے شاید انہیں رشتہ ازواج میں بندھ جانے پر مبارکباد دی تھی۔

کیا کسی کو کسی کی تباہی پر بھی مبارکباد دی جاتی ہے؟ وہ بس یہی سوچے گئی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہاتھ گود میں بے حس و حرکت پڑے تھے اور آنکھیں اب خشک تھیں وہ کسی شخص سے بندھ گئی تھی اس دنیا کے سب سے مظبوط رشتے کے حیثیت سے۔

جس نے یہ سب کیوں کیا تھا اس کے علاؤہ کوئی نہیں جانتا تھا۔

اس نے نگاہیں اٹھا کر سفیر شاہ کو دیکھا جو سب کو رخصت کرتا اسی کی طرف آرہا تھا اور ماہا فیض حوش و حواس سے بیگانہ ہوتی ایک طرف کو گری تھی۔

URDU NOVEL BANK

سکرین کے دوسرے پار بہزاد شاہ نے ہونٹ بھینچے سخت نگاہوں سے سفیر شاہ کو دیکھتے کال ڈسکنیٹک کی تو سفیر شاہ نے نفرت سے سامنے وجود کو دیکھا۔

"کم اِن!"

دروازہ کھٹکھٹانے پر وہ اندر داخل ہوئی تو بہزاد شاہ نے اسے دیکھا۔

کالی شلوار قمیض پر سرخ رنگ کا حجاب کیے سوجی آنکھوں اور گلابی ہوتے ناک اور گالوں سے وہ چھوٹی سے لڑکی اندر داخل ہوئی۔

"بیٹھو!"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ بیٹھ گئی لیکن نگاہیں اٹھا کر اوپر نہیں دیکھا۔

"میں کل کے لیے معافی چاہتی ہوں آپ سے مسٹر بہزاد!" وہ بس بولی تو اتنا اور اٹھنا چاہا۔

"مس حائفہ سکندر ابھی میں نے جانے کو نہیں کہا"

URDU NOVEL BANK

وہ ٹھنڈے لہجے میں بولا کہ اس کی ریڑھ کی ہڈی میں سنسناہٹ سی پیدا ہوئی اور وہ نگاہیں اٹھا گئی اور سامنے ہی اس کی نگاہوں سے زبردست تصادم پر نظروں کا زاویہ موڑ گئی۔

جو اس وقت بھی تھری پیس سوٹ میں بالوں کو سیٹ کیے ماتھے پر سلوٹوں کا جال لیے ہوئے تھا۔

اس کے آفس کی لڑکیاں صحیح کہتی تھی وہ پُرکشش تھا بے حد اتنا کہ سامنے موجود کسی بھی لڑکی کو ٹھٹکنے پر مجبور کر دے وہ فوراً نگاہیں ہٹا گئی۔

"شکل سے حسین اور دل سے منافق!"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"کیا وضاحت دیں گی اپنے جھوٹ کے بارے میں؟" وہ بولا۔

"کچھ بھی نہیں!"

"میں نے جو کچھ لکھا آپ بھی جانتے ہیں اس میں کچھ بھی جھوٹ نہیں تھا۔۔۔۔ کل جب آپ اپنے بھائی سے زیر بحث تھے کسی ادا نامی لڑکی کے بارے میں تو میں وہیں موجود تھی اور سب سن رہی تھی میں نے وہی سب لکھا جو سنا اور

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

باقی کی باتیں بھی آپ جانتے ہیں کتنی درست ہیں خیر یہاں میں صرف ان لوگوں کے لیے آئی ہوں جن کی روزی چھیننے کی آپ نے دھمکی دی تھی۔"

"میں ایک بار پھر معزرت خواہ ہوں۔"

"اور۔۔۔۔"

وہ جو تب سے نگاہیں جھکائے سب بول رہی تھی اپنے جوتوں سے کچھ ہی فاصلے پر مردانی شوز دیکھتے تھمی۔

وہ اٹھ کر اس کے نزدیک آگیا تھا پر کب۔۔۔اسے کیسے پتا نہ چلا؟

اس نے نگاہیں اٹھائی اور اپنی جگہ سے کھڑی ہو گئی کہ سر اس کے سینے سے ٹکراتے ہوئے بچا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"تو آپ لوگوں کی نجی باتیں بھی سُنتی ہیں اور پھر اسے چھاپتی بھی ہیں کمال زبردست!" وہ سرد سے لہجے میں بولا۔

"میں معافی مانگ چکی ہوں میں چلتی ہوں۔"

"رُکو!"

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

" اپنے سوالات پوچھو اور انٹرویو مکمل کرو جو کل چھاپا جائے گا اور اس کے اختتام پر تم لکھوں گی کہ غلطی تمہاری تھی تم نے کسی غلط فہمی کی بنا پر وہ سب چھاپا تھا۔"

"مجھے منظور ہے!"

"لیکن کیا آپ جانتے ہیں سارا ایلیٹ کلاس میری بات پر آنکھیں بند کر یقین کر کے گا لیکن مڈل اور لوئیر کلاس کے لوگ جان جائیں گے کہ یہ معافی کس طرح لی گئی ہے---"

وہ بولی تو بہزاد شاہ کو لگا وہ چھوٹی سی لڑکی اس کے منہ پر تماچہ مار گئی ہے۔

"حائقہ سکندر! تم جانتی ہو میں تمہارے ساتھ کیا کر سکتا ہوں؟"

"کیا کر سکتے ہیں بتائیں میں سُن رہی ہوں؟ کیونکہ آپ خدا نہیں ہیں اس لیے مجھے ڈرائیں نہیں" وہ اسکی بھرتے بولی۔

"سچ میں؟" وہ اس کے دور ہونے کو اس کا ڈرنا سمجھتا اس پر لطیف سی چوٹ کر گیا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

"یہ فاصلہ میں ہر انجان اور غیر مرد سے رکھتی ہوں آپ قریب آئے تو مجھے اٹھنا پڑا۔"

اور بہزاد شاہ کا لگا وہ خود پر ضبط نہیں کر پائے گا۔

"شٹ اپ۔۔۔۔۔شٹ دا ہیل اپپپپ!"

"انٹرویو پورا کرو اور نکلو فوراً۔"

وہ بولا تو سامنے موجود لڑکی پل میں ہل کر رہ گئی اس کی دھاڑ پر پھر خود کو نارمل ظاہر کرتے سوالات کرنا شروع کیے اور انہیں ڈائیری پر اتارنے لگی۔

"شادی کب کریں گے آپ؟" ایک آخری سوال پوچھتے اس نے سر اٹھتے بہزاد کو دیکھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"آپ کیوں اتنی دلچسپی رکھتی ہیں میری شادی میں مس حائفہ؟"

وہ بولا تو حائفہ نے لعنت بھیجی صدف کے اس سوال کے ایڈ کروانے پر۔

"ٹھیک ہے بہت شکریہ آپ کا وقت دینے کا میں چلتی ہوں۔"

"شفیق صاحب کو بولیے گا اگلی بار تمہارے علاوہ کسی اور کو بھیجیں کیونکہ کل کے بنے جرنلسٹس کے لیے وقت نہیں ہے!" بہزاد شاہ کے پاس وہ کہتے نکل گیا۔

حائفہ کا دل کیا اس شخص کو مار دے۔

"کوئی اتنا بُرا کیسے ہو سکتا ہے؟"

وہ سوچتی باہر نکل گئی وہ دونوں لفٹ کے پاس کھڑے ہوئے۔

"میرے بعد آئیے گا آپ!" وہ پل میں اس کی اوقات کا تعین کر گیا۔

"مجھے شوق نہیں آپ کی کمپنی کا مسٹر بہزاد سیڑھیاں ہم جیسے لوگوں کو لیے بنی ہیں میں وہ استعمال کرلیتی ہوں" وہ کہتی چلی گئی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

بہزاد شاہ کو خود کے ضبط پر حیرت ہوئی یہ اس کی انتیس سالہ زندگی کی پہلی لڑکی تھی جو اس کے ساتھ یہ لہجہ اپناتی اب تک بچی ہوئی تھی۔

وہ باہر نکل گئی تو وہ اندر موجود کمرے میں جاتا سارے ڈیزائن دیکھنے لگا۔

URDU NOVEL BANK

نگاہیں لاشعوری طور پر کھڑکی سے باہر پڑیں جہاں ہوا سے اس کی قمیض اور حجاب دونوں اڑ رہے تھے اور وہ فائل اور بیگ کے ساتھ بمشکل انہیں سنبھال رہی تھی۔

اسے نجانے کیوں وہ منظر ناگوار گزرا۔

"اس لڑکی سے بولا اندر آ کر انتظار کرے!"

وہ جانتا تھا وہ اپنی گاڑی کا انتظار کر رہی ہے اس نے اپنے سیکرٹری کو کہا جس نے منہ کھولے پہلے بیزار کو دیکھا پھر دوڑتا باہر گیا۔

میم پلیز اندر انتظار کر لیں۔

"کیوں؟"

وہ تیکھے لہجے میں بولی تو سیکرٹری گھبرا گیا اور مڑ کر کھڑکی سے دیکھتے بہزاد کو دیکھا اور پھر اندر آگیا مایوس ہوتے کیونکہ وہ لڑکی وہیں کھڑی تھی۔

"بیوقوف عورت!"

بہزاد نے سختی سے لب آپس میں پیوست کیے اور اسے گاڑی میں بیٹھتے دیکھ کام پر لگ گیا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

معافی نامے کے ساتھ آرٹیکل کے پبلش ہوتے ہی خاموشی چھا گئی تھی۔

لیکن حائفہ سکندر کو بہزاد شاہ ایک آنکھ نہیں بھایا تھا اور مخالف سمت بھی کچھ ایسا ہی معاملہ تھا۔

بہزاد شاہ نے ایک دعوت منعقد کی تھی تمام سیاسی جماعتوں کے لیڈروں کے لیے کیونکہ سیاست میں آہستہ آہستہ اپنے قدم جما رہا تھا۔

جہاں اس کی اتنی ترقی لوگوں کو حیران کیے ہوئے تھی تو کہیں لوگ اس سے نفرت اور جلن کا شکار بھی تھے۔

میڈیا کو بھی بلایا گیا تھا کیونکہ اس کی سالگرہ بھی تھی جو وہ مناتا نہیں تھا لیکن کسی خاص مقصد کے لیے یہ سب کیا گیا تھا جو کوئی نہیں جاتا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

بہزاد شاہ کی دعوت کا دعوت نامہ ہماری کمپنی کو بھی موصول ہوا ہے صدف نے اسے بتایا سب لڑکیوں کے کان کھڑے ہوئے لیکن حائفہ نے ان سنی کر دی۔

"سچ میں؟"

URDU NOVEL BANK

"اووو! سر شفیق نجانے کس خوش قسمت کو ساتھ لے کر جائیں گے؟" لڑکیوں نے سوچا۔

"کسی کو بھی نہیں سوائے حائقہ کے" صدف نے سب کے سر پر بم پھوڑا تھا۔

وہ جو تب سے عدم دلچسپی سے بیٹھی تھی جھٹکے سے سر اٹھایا۔

"کیا مطلب؟"

"مطلب یہ کہ تم، میں اور غازی جارہے ہیں سر کے ساتھ۔"

"مجھے نہیں جانا میں جا کر کیا کروں گی اور مجھے دلچسپی نہیں ہے ان چوروں کی دعوتوں میں جانے کی۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"

"میں اپنی جگہ کسی کو بھی۔۔۔۔"

"بالکل نہیں۔۔۔۔سر شفیق تم پر پہلے ہی غصہ ہیں۔۔۔۔انہوں نے ہم تینوں کا نام لیا ہے اور اس میں کافی مدد ملے گی تمہیں وہاں تم نئے لوگوں سے ملو گی بات چیت کرو گی جو تمہیں مستقبل میں فائدہ پہنچائے گی۔"

URDU NOVEL BANK

"لیکن ۔۔۔۔۔"اس نے کچھ کہنا چاہا۔

اب بھی اعتراض ہے تو سر سے بات کر لو! صدف نے کندھے اچکائے تو منہ بسورتے بیٹھی رہی۔

"کب جانا ہے؟"

"آج رات!"

"اففففف!"

وہ گھر چلی گئی تھی۔

"بیٹا آج آپ نے جانا ہے کسی دعوت پر مجھے شفیق نے بتا دیا ہے؟" اس کے بابا نے پوچھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

یہ سکندر صاحب کا چھوٹا سا مڈل کلاس گھرانہ تھا جہاں وہ کسی سرکاری سکول کے استاد تھے ان کی اہلیہ سائمہ سکندر گھریلو عورت تھی ان کی دو ہی اولادیں تھیں حائفہ اور اس سے چھوٹا حسن جو ابھی گیارویں جماعت میں تھا۔

سکندر صاحب کی ایک ہی بہن تھی جن کی بھی دو ہی اولادیں تھیں۔

URDU NOVEL BANK

حائفہ میں سکندر صاحب کی جان بستی تھی کیونکہ وہ ان کی اکلوتی بیٹی اور پہلی اولاد تھی۔

وہ اسے اس شعبے میں نہیں بھیجنا چاہتے تھے لیکن اس کی ضد پر انہوں نے گھٹنے ٹیک دیے تھے اور دوسری وجہ یہ بھی تھی کہ شفیق ان کے کافی اچھے دوست تھے جو خود ایک چینل کے مالک تھے۔

"جی بابا!"

"اوکے تیار ہو جاؤ میں چھوڑ دوں گا!"

اوکے!

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ماہا نے دکھتے سر کو دباتے آنکھیں کھولنی چاہی جو کھلنے سے انکاری تھیں۔
آنکھیں کھولتے ہی اسے کچھ وقت لگا تھا اور پھر کل کے مناظر اس کے ذہن پر چھن سے برسے تو اس کا سانس رُک گیا۔

URDU NOVEL BANK

"نکاح!"

ہاں کل ہی تو نکاح کیا تھا اس نے ایک انجان شخص کے ساتھ۔

اس نے اپنے سر کو تھام لیا جو اب بُرے طریقے سے درد کررہا تھا کہ اس کی آنکھیں فوراً نم ہو گئیں۔

اس کے باپ اور بھائی کو پتا چل جاتا تو؟

اس کا سانس خشک ہوا۔

شاید وہ انہیں کا دشمن تھا لیکن درمیان میں عورت کیوں آتی ہے مردوں کی لڑائی میں اس کے زہن میں یہ سوال سب سے پہلے ابھرا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اگر کسی مرد نے دوسرے مرد کو برا کہنا ہے تو وہ اس سے منسلک عورت کو گالی دے گا اور بدلہ لینا ہے تو بھی عورت زات کا استعمال کیا جائے گا کیوں؟

کیا عورتیں اتنی بے وقعت ہوتی ہیں؟

URDU NOVEL BANK

مردوں سے وہ خوفزدہ ہونے کے ساتھ ساتھ متفکر بھی تھی اسے مرد پسند ہی نہیں تھے یا شاید اسے مردوں کو پسند کرنے کی کوئی وجہ بچپن سے اب تک دِکھی ہی نہیں تھی۔

جہاں اس کی ساتھی لڑکیوں نے دولت اور نجانے کس کس سہولت کی خواہش کی تھی اس نے توجہ اور محبت کی کی تھی جو اسے اب تک نصیب نہیں ہوا تھا اور نا شاید مرتے دم تک ہونا تھا۔

اس نے یہ بات مان لی تھی جیسے کہ ماہا فیض کی زندگی میں رشتے نہیں لکھے گئے۔

وہ اٹھنے لگیں لیکن چکراتے سر نے اجازت نہ دی تو وہ وہیں لیٹی رہی اور حوش و حواس سں پھر سے بیگانہ ہو گئی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اور اسے کوئی پوچھنے تک نہ آیا اور ایسا پہلی بار نہیں ہوا تھا۔

آخری آنسو اپنی اس بے قدری پر نکل کر اسکے تکیے میں جذب ہو گیا۔

سفیر شاہ نے اسے اس کے بے ہوش ہوتے ہی نفرت سے دیکھا اور اس کے کمرے تک پہنچا دیا تھا۔

URDU NOVEL BANK

بہزاد شاہ سے پڑنے والی متوقع ڈانٹ پر وہ خود کو تیار کر چکا تھا۔

"سفیر شاہ اگر ان سب میں اس لڑکی کو نقصان پہنچا تو تم بہتر جانتے ہو کہ میں کیا کر سکتا ہوں تمہارے ساتھ؟" بہزاد شاہ نے سگریٹ سلگاتے اسے کہا۔

"بھائی!

آپ دنیا میں میرے ہر دشمن کی طرف داری کریں میں برداشت کر لوں گا لیکن اس کی نہیں۔"

"اُس کی کیوں نہیں؟"

" اپنی اس بے ساختہ نفرت سے نکل آؤ سفی اس سے پہلے کہ کسی ناقابلِ تلافی نقصان کے زمرے میں قید ہو جانا پڑے اور بدلے میں تم خالی ہاتھ ٹھہرا دیے جاؤ۔"

"ایسا کچھ نہیں ہو گا!

اور وہ لڑکی کبھی اتنی اہمیت نہیں رکھ سکتی۔"

"میں نے سالوں اس سے نفرت کی ہے۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

"ان سب میں اس کا کوئی قصور میری نظر میں نہیں نکلتا تو دشمنی کی بھینٹ اسے چڑھانا عبث جائے گا تمہارا۔"

"اس کا قصور نہیں ہے۔۔۔۔سچ میں؟"

"اس کی وجہ سے اس شخص نے۔۔۔۔۔۔اس کے حلق میں کچھ پھنسا کہ وہ بات بھی مکمل نہ کر پایا۔

مناہل شاہ کی موت پر اس شخص نے ماہا فیض کے موسمی بخار کو فوقیت دی تھی میں سب بھول بھی جاؤں نا تو وہ قیامت خیز منظر نہیں بھول پاؤں گا" کہتا باہر نکل گیا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

تو بہزاد شاہ نے خود پر ضبط کے کڑے بٹھاتے گہری سانس بھری اور فون کان سے لگایا۔

"کتنے دن مزید وہ شخص رہے گا وہاں؟"

"سر اس کا کام تو ہو گیا ہے لیکن مزید وہ کچھ دن یہاں رکنے کا ارادہ رکھتا ہے اور آپ جانتے ہیں اس کی سرگرمیاں کس قسم کی ہیں۔"

URDU NOVEL BANK

"تو بس پھر اس کی اسی سرگرمیوں کی خبر رکھو اتنے قریب سے کہ اس کو خبر تک نہ ہو اس کو وہاں ماریں گے جہاں اسے پانی کی بوند تک نصیب نہیں ہو گی۔"

اوکے سر!

سفیر شاہ نے تیزی سے کام نپٹائے تھے ان سب میں وہ ایک زات کو فراموش کر گیا تھا اور وہ زات تھی ماہا فیض کی یا اب ماہا سفیر شاہ کی۔

آج ایک ہفتہ گزر گیا تھا ان کے نکاح کو اور وہ دوبارہ اس کے سامنے نہیں گیا تھا بلکہ وہ یاد ہی کہاں آئی تھی اسے۔

یاد تو صرف وہ آتے ہیں جن سے دلی وابستگیاں ہوا کرتی ہیں۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"کیا مسئلہ ہے؟"

"سر وہ-------"

ماہا کی ملازمہ نے اس کا دماغ صبح ہی صبح گھمایا تھا اور اس پورے ہفتے میں وہ وقتاً فوقتاً اسے کال کرتی رہی تھی جو اس نے نہیں اٹھائی تھی۔

"بولو؟"

URDU NOVEL BANK

اب کہ وہ تحمل سے بولا کہ ماہا فیض کے علاؤہ وہ عورتوں سے تحمل مزاجی ہی برتا کرتا تھا لیکن ماہا فیض سے تعلق نفرت کا تھا۔

"آپ کو میڈم کے بارے میں بتانا تھا----"

"کیوں اس کا بھائی مر گیا ہے جو مجھے اس کے بارے میں بتانا ہے----؟" وہ فریش ہو کر نکلا ہی تھا ابھی خود پر پرفیوم کا بے دریغ استعمال کرتا بولا۔

"نہیں وہ گھر پر نہیں ہیں۔"

"سر وہ میڈم آپ کی بیوی----"

"جلدی بولو میرا وقت برباد نہ کرو----"اسے لقب بیوی اور وہ بھی ماہا فیض کے لیے یہ لفظ پسند نہ آیا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"وہ پچھلے ایک ہفتے سے بیمار ہیں بخار ہے کافی تیز۔"

"بخار سے کوئی مرا نہیں کرتا----!!!"

وہ اتنی سفاکیت سے بولا کہ اس ملازمہ کو بھی اس کے لہجے کی نفرت بھری آنچ محسوس ہو گئی۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

"ایسے وہ مر جائیں گی سر----!" وہ ہمدردی میں بولی۔

"ٹھیک ہے میں دیکھ لیتا ہوں!"

"اس کا بھائی کہاں ہے اور باپ----ویسے تو اس کا باپ بہت جان دیتا ہے اپنی بیٹی پر" وہ کریدتا بولا۔

"وہ دونوں گھر نہیں ہیں کافی دنوں سے!" وہ بس اتنا بولی تو وہ کال کاٹتا باہر نکل گئی۔

اپنی سفید گاڑی کو خود ڈرائیو کرتا وہ وہاں پہنچا تھا اور بڑے دھڑلے سے اس کے کمرے تک پہنچا تھا جبکہ ملازمہ تو غش کھاتے کھاتے بچی تھی۔

صد شکر کہ ابھی اتنی صبح باقی ملازم نہیں آئے تھے۔

وہ اندر داخل ہوا تو کمفرٹر میں موجود سامنے موجود وجود کو دیکھتے اس نے بیزاری سے پیچھے موجود ملازمہ کو دیکھا۔

"دوا نہیں دی اسے؟"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

"دی ہے لیکن کھانا پینا ان کا پہلے ہی کم ہے تو دوا نے زیادہ اثر نہیں کیا اور۔۔۔۔"

"جائیں میں دیکھ لیتا ہوں" وہ بولا تو وہ نکل گئی۔

سفیر شاہ کو بہزاد شاہ کی وارننگ یاد آرہی تھی جس نے ماہا فیض کے ساتھ اس کے رشتے کو بارہا یاد کروایا تھا اسے اور تنبیہہ کی تھی کہ وہ کچھ سخت نہ کرے۔ وہ آگے بڑھا اور کمفرٹر اس کے چہرے سے ہٹایا لیکن اس کے وجود میں کوئی جنبش نہ ہوئی۔

"کیا مصیبت ہے؟"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ بیزاریت سے بولا اور پھر کندھے سے پکڑتے اسے سیدھا کیا جو اندھے منہ پڑی تھی۔

اس کے بال پسینے سے بھیگے تھے شاید اور چہرہ پیلا پڑا تھا نائٹ ڈریس میں وجود تھی وہ جس کے اوپری بٹن کُھلے تھے اور دعوت نظارہ بنے تھے کہ اس کی سلک کی شرٹ بائیں کندھے سے ڈھلکی تھی۔

URDU NOVEL BANK

پہلی بار کسی عورت کے اتنا نزدیک تھا وہ وہ بھی محرم رشتے میں بندھے ہوئے۔

اس نے ماہا کے چہرے کو دیکھا جو معصومیت جھلکاتا اس وقت اپنی حالت کا چیخ چیخ کر اعلان کر رہا تھا۔

ماہا! اس نے تیزی سے اس کا چہرہ تھپتھپایا اور شرٹ کو دوبارہ کندھے پر جمایا۔

یہ پہلی بار تھا کہ ماہا فیض کو سفیر شاہ نے ہاتھ لگایا تھا ایسا کرتے اس کے احساسات عجیب سے ہوئے تھے لیکن اپنے جذبات پر بند باندھنا اُسے اچھے سے آتا تھا۔

ماہا نے مندی مندی آنکھیں کھولتے اسے دیکھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"اٹھو!"

سفیر شاہ نے اسے تیزی سے سیدھا کر کے بٹھانا چاہا تو وہ کمزوری کے باعث اٹھتی اس کے سینے سے جا لگی تو سفیر شاہ نے ہونٹ بھینچے۔

اس کے ریشمی بال سفیر شاہ کے سینے پر بکھرے تھے۔

"مجھ ----مجھے---مار---مارنے----آئے----ہو---نا؟"

URDU NOVEL BANK

وہ ٹوٹی بکھری سی اس کے رحم و کرم پر اسی کی سفاکیت کی کہانی اسے سنا رہی تھی جیسے وہ اس کے غم کو کم کرنے میں معاون ثابت ہو گا۔

"اٹھو! فریش ہو!"

سفیر شاہ نے اسے خود سے دور کرنا چاہا لیکن وہ اپنا سارا وزن اس پر چھوڑ گئی تو سفیر شاہ پل کے لیے ٹھر گیا۔

پھر تیزی سے اٹھتے اسے کھینچ کر کھڑا کرنا چاہا لیکن یہ بھی عبث گیا کیونکہ وہ کمزوری کے باعث کھڑے ہونے کی حالت میں بھی نا تھی۔

لیکن سفیر شاہ نے بھینچے ہونٹوں کے ساتھ اس کو وقفے سے اس کے وزن پر کھڑا کیا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ویسے اپیا تیار کیا ہی ہونا ہے تم نے تیار ہو کر بھی ایسی ہی لگتی ہو انس کی زبان میں کھجلی ہوئی تھی۔

ہاں خود تو جیسے تم بڑے کوئی پرنس ہو چھوارے کہیں کے!

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

وہ اپنی جون میں آتی بولی تو اس کا لب و لہجہ سنتے جہاں سکندر صاحب مسکرائے وہیں سائمہ بیگم نے ماتھا پیٹا۔

یہ چھوارا کیا ہوتا ہے؟ انس سب بھول کر پوچھنے لگا۔

جو شادی میں بِد ملتی ہے اس میں سوکھی ہوئی کھجور ہوتی ہے نا وہ بالکل ویسے دِکھتے ہو تم وہ کندھے اچکاتی لاپرواہی سے بولی۔

اپیا تمیز سے زرا! انس تو اچھل ہی پڑا تھا اپنی اتنی بے عزتی پر۔

شروع کس نے کیا تھا؟ اور ویسے بھی میں تم سے زیادہ حسین ہوں ہے نا بابا؟

سکندر صاحب نے مسکراتے سر ہاں میں ہلایا وہ ہمیشہ اپنی بیٹی کی سائیڈ ہی لیتے تھے۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ماما۔۔۔؟ انس نے فوراً ماں کو گھسیٹا تھا۔

اچھا اچھا چھوڑ تُو اس کو کھانا کھا۔۔۔۔نبیلہ بیگم نے حائفہ کو گھورا جسے رتی برابر فرق نہ پڑا تھا۔

پھر وہ تیار ہونے چلی گئی۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

افففف میرے پاس ایک کپڑا نہیں ہے!

وہ پوری الماری کے کپڑوں کو انڈیلے بیٹھی تھی کپڑے آدھے اس کے اوپر اور آدھے اردگرد بکھرے تھے۔

یہ کیا حال کیا ہے ہوا ہے حائقہ بچی ہو تم؟ نبیلہ بیگم نے غصے سے استفسار کیا۔

اماں کوئی کپڑے نہیں ہیں کیا پہنوں؟

یہ کیا آگے پڑا ہے؟ انھوں نے کڑے تیوروں سے اسے دیکھا۔

یہ تو سب پہن لیے ہیں نا! وہ معصومیت سے بولی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اچھا چل جا میری الماری میں سب سے اوپر والے خانے میں کالا فراکپڑا ہے تیرے لیے عائشہ (درزن) سے بنوایا تھا۔

سچ میں کب؟

چاہیے یا نہیں تجھے؟

چاہیے چاہیے---وہ کہتی بھاگ گئی اور فوری طور پر وہ نکال کر لائی۔

URDU NOVEL BANK

افففففف اماں یہ کتنا خوبصورت ہے! آپ نے پہلے کیوں نہیں دیا مجھے؟

ہاں تاکہ تُو تب ہی پہن لیتی!

چل جلدی تیار ہو جا اب! وہ کہتیں وہیں بیٹھ کر تسبیح پڑھتی اس تیار ہوتا دیکھتے لگی۔

جس نے پہلے ہی شاور لے لیا تھا بال سوکھ گئے تھے جنہیں جُوڑے میں قید کر لیا گیا تھا۔

کپڑے پہنتے اس نے خود کو آئینے میں دیکھا وہ کالے رنگ کا پاؤں کا چھوتا سادہ سا شفون کا فراک تھا جس کے گلے پر سیدھ میں بٹن لگے تھے چیونٹ والے ریشمی بازو تھے جس پر اس نے چوڑیاں پہنی اور نیچے کھسا پہنتے ہلکا سا میک کیا اور کالا ہی حجاب سیٹ کرتے دوپٹہ پیچھے کمر سے لاتے بازوؤں میں ڈالا۔

اماں کیسی لگ رہی ہوں؟

نبیلہ بیگم سے ایک ایک چیز اس نے پوچھیں تھی۔۔وہ ان کی رائے کے خلاف ایک بھی چیز نہیں کرتی تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

پیاری لگ رہی ہے چل جا لیٹ نا ہو جائیں۔

اچھا ہیلز پہنوں یا کھسہ؟

پہن کر دِکھا زرا دونوں؟ پھر اس نے دونوں پہن کر دکھائیں تو نبیلہ بیگم نے اسے کھسے پہننے کو کہا۔

اس کی سفید رنگت اس کالے لباس میں اور بھی دمک رہی تھی۔

وہ اس پر پڑھ کر پھونکتی اس کے ساتھ ہی باہر نکلی جہاں وہ اپنے باپ کے پاس کھڑی ان سے تعریفیں کرواتی ان کے گال کھینچ رہی تھی۔

چلیں جائیں بھی اب!

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اور سن حائقہ خبردار اگر تو نے وہاں کوئی شرارت کی تو اور وقت پر گھر آجائیں۔

اماں وہاں کیا ہی شرارت کروں گی میں اور شفیق انکل واپسی پر چھوڑ دیں گے۔

اچھا چل جا اب!

وہ انہیں خدا حافظ کرتی چلی گئی۔۔۔حائقہ کو سکندر صاحب نے کمپنی چھوڑ دیا تھا جہاں سے انہوں نے شفیق کے ساتھ جانا تھا۔

وہ روانہ ہو گئیں تھی اور پھر کچھ ہی دیر میں وہ

دعوت کی جگہ پر پہنچ گئے تھے۔

وہاں نکلتے حائفہ نے منہ کھولے اس جگہ کو دیکھا۔

اتنا تو اس کا پورا محلہ تھا جتنا دور دور تک اس دعوت کی سجاوٹ دِکھ رہی تھی۔

منہ بند کرو حائفہ صدف نے ٹوکا تو وہ شرمندہ ہوئی اور پھر سب کے ساتھ اندر

داخل ہوئی جہاں رنگ و بو کا سیلاب امڈ آیا تھا۔

سوٹ بوٹ میں موجود مرد اور خوبصورت ماڈرن لڑکیاں اور سجاوٹ کا تو کوئی موازنہ

ہی نہ تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اففف کتنا پیسہ ہے ان لوگوں کے پاس ----- وہ بس یہی سوچ پائی۔

سر شفیق تو لوگوں سے ملنے لگے تھے---- غاشی بھی چلا گیا اب وہ اور صدف بچے

تھے۔

کتنا بورنگ ہے!

اس نے یہاں وہاں دیکھتے کہا جہاں سب ایک دوسرے سے باتوں میں مصروف تھے۔

کہاں بورنگ ہے آفس کی تمام لڑکیاں یہاں آنے کو مر رہی تھیں اور تم ہو کہ۔۔۔۔لوگوں سے ملو!

وہ دیکھو مجھے تو میری دوست مل گئی صدف نے سامنے ایک لڑکی کو دیکھتے کہا۔

چاہو تو آ سکتی ہو۔

نہیں آپ جائیں! وہ کہتی وہیں سائیڈ پر کھڑی ہو گئی۔

اس نے وہاں موجود لڑکیوں میں ایک مشترکہ چیز دیکھی تھی اور وہ تھے ان کے رنگ برنگے چھوٹے سے بال۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اماں تو مجھے جان سے مار دیں اتنے بالوں میں اس کے اپنے بال کافی اچھے اور لمبے تھے۔

آہ! نجانے لوگ کیوں ہی اس طرح کی دعوتوں میں آنا چاہتے ہیں مجھے تو بکواس لگ رہا ہے سب۔

URDU NOVEL BANK

ہائے بیوٹفل! اکیلی ہو؟ سامنے موجود لڑکی نما لڑکے نے اسے اکیلے کھڑے دیکھ پوچھا۔

نہیں بھائی فرشتے ہیں دو ساتھ میرے دیکھو نظر نہیں آرہے؟ وہ سخت نظروں سے اسے گھورتی بولی تو سفیر شاہ جو پاس سے گزر رہا تھا رُک کر اس لڑکی کو دیکھنے لگا۔

جس نے بوبی سے یوں بات کی تھی۔

تم جانتی ہو اس وقت کس سے بات کر رہی ہو؟ بوبی نے ایک ادا سے کہا۔

اگر تم شاہ رخ خان ہوتے تو مجھے پتا چل جاتا لیکن افسوس تم وہ نہیں ہو!

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

حائقہ نے تڑخ کر جواب دیا تو سفیر شاہ نے اس چھٹانک بھر کی لڑکی کو دیکھا پھر آگے بڑھ گیا۔

گرل تمہیں پتا نہیں ہے۔۔۔۔آہ کیسے پتا ہو گا ڈیزائیز کپڑے نہیں پہنتی ہو لگتا نہیں تو بوبی کو کون نہیں جانتا۔

URDU NOVEL BANK

بھئی ہماری عائشہ ہی اچھی ہے دیکھو پورے کپڑے تو سی کر دیتی ہیں وہ اب کی بار اس کے آدھ کھلے اور بے ڈھنگے پھٹے کپڑوں کو نشانہ بنا گئی تھی۔

ہاؤ روڈ بدتمیز لڑکی!

بوبی نے جیسے بُرا منا لیا تھا۔

ویسے تم اس کے ساتھ حجاب نہ کرتی تو شاید سب تمہیں ہی دیکھتے------وہ حسین تھی بوبی نے مانتے کہا۔

اور یہی میں نہیں چاہتی تھی وہ بولی اب اسے سامنے موجود شخص ناگوار گزر رہا تھا۔

مجھے بوبی کہتے ہیں!

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اور مجھے ببلی!

وہ کہتے اپنا پرس اٹھاتی وہاں سے نکل گئی تو بوبی نے ہاتھ سے اسے دفع کیا اور اگلی لڑکی کی طرح بڑھ گیا۔

افف کتنی عجیب دنیا ہے!

URDU NOVEL BANK

وہ باہر نکلی جہاں پول تھا لوگ یہاں نا ہونے کے برابر ہی تھے اچھا ہی تھا وہ ان عجیب لوگوں سے ملنا بھی نہیں چاہتی تھی۔

شفیق انکل نے اسے کچھ لوگوں سے ملوانا تھا لیکن ابھی وہ مصروف تھے اسی لیے وہ یہاں الگ تھلگ جگہ پر آگئی۔

کیا وہ آگیا ہے دعوت میں؟

بہزاد شاہ نے کان میں لگے ائیر پیس پر ہاتھ رکھے پوچھا۔

نہیں ابھی وہ ہوٹل میں موجود ہیں سر!

ٹھیک ہے! تم جانتے ہو اس کے وہاں سے نکلنے پر کیا کرنا ہے!

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

جی سر!

اسے بالکل خبر نہیں ہونی چاہیے اور کیمرے کی سیٹنگ ایسے ہو کہ وہ اسے تو کیا کسی کو نظر نہ آپائے!

ابھی وہ اسے سمجھا رہا تھا کہ اس نے سامنے دیکھا جہاں وہی لڑکی کھڑی اسے ہی آنکھیں چھوٹی کرتے دیکھ رہی تھی یقینی طور پر وہ سب سُن چکی تھی۔

URDU NOVEL BANK

ٹھیک ہے کام ہو جائے تو مجھے انفارم کرنا۔ وہ کہتا کال کاٹ گیا۔

یہاں کیا کر رہی ہو؟ بہزاد نے قدم اس کی طرف بڑھاتے سرد سے لہجے میں پوچھا۔

لوگوں کو مدعو کر کے ان سے آنے کی وجہ دریافت کرتے ہیں آپ؟ حائفہ کو تو وہ پہلی ہی ملاقات میں مشکوک سا لگا تھا۔

تمہاری زبان ضرورت سے زیادہ چلتی ہے۔

اور آپ کا دماغ! وہ بڑبڑائی۔

اندر جاؤ!

کیوں؟

کیوں کا کیا مطلب! سارے مہمان اندر ہیں اسے وہ لڑکی تاؤ چھڑھاتی تھی۔

نہیں اندر سب ہیں!

تو؟

افففففف! حائفہ پیر پٹکتی اس سے دور چلی گئی۔۔۔۔۔ عجیب سرد سا انسان تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

وہ بھی اپنے کمرے میں چلا گیا تھا۔۔۔ کیونکہ یہ اس کا اپنا فارم ہاؤس تھا اس کے کمرے کا دروازہ پول والی جگہ پر ہی کُھلتا تھا شاید بیک ڈور۔

امیروں کے بھی مزے ہیں! وہ اس کی شان و شوکت دیکھ کر سوچتی رہ گئی۔

بہزاد شاہ تیار ہو کر باہر نکلا وہ تب بھی باہر ہی موجود تھی آسمان کو دیکھتی وہ شاید خود سے ہی باتیں کر رہی تھی کیونکہ اس کے لب ہل رہے تھے۔

"اٹھو! فریش ہو!"

سفیر شاہ نے اسے خود سے دور کرنا چاہا لیکن وہ اپنا سارا وزن اس پر چھوڑ گئی تو سفیر شاہ پل کے لیے ٹھہر گیا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

پھر تیزی سے اٹھتے اسے کھینچ کر کھڑا کرنا چاہا لیکن یہ بھی عبث گیا کیونکہ وہ کمزوری کے باعث کھڑے ہونے کی حالت میں بھی نا تھی۔

لیکن سفیر شاہ نے بھینچے ہونٹوں کے ساتھ اس کو وقفے سے اس کے وزن پر کھڑا کیا۔

URDU NOVEL BANK

پھر نگاہیں بھٹک کر اس کے کندھے پر پڑی جہاں سے شرٹ ڈھلکی تھی اور وہاں موجود وہ سیاہ تل اس کی توجہ اپنی جانب مبذول کروانے میں کامیاب ہوا تھا۔

اس نے تیزی سے اس کی ڈھلکی شرٹ کو سیدھا کیا اور اسے واش روم کے باہر چھوڑا۔

مرنے والے۔۔۔۔ک۔۔کی۔۔۔خدمت۔۔۔نہیں۔۔۔کی۔۔۔جاتی۔۔۔۔!

وہ کہتی اندر چلی گئی لیکن سفیر شاہ وہیں تھم گیا۔

تو کیا وہ واقعی موت کی جانب گامزن تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کیا اتنا آسان تھا مرنا؟

ہاں شاید وہ سب مار رہے تھے اس اکیلی جان کو! لیکن کیا فرق پڑتا تھا اسے اتنی جلدی اسے اس حالت میں نہیں دیکھنا تھا کہ ابھی تو سفر شروع ہوا تھا اور وہ اس کا مہرہ تھی اور بہزاد شاہ کی تربیت بھی ایسی نہ تھی کہ وہ کسی ذی نفس کو موت کے منہ میں ڈال دیتا خاص وہ بھی جسے اس نے ضد سے نکاح میں لیا تھا۔

URDU NOVEL BANK

جس کے بارے میں کئی ہدایات بہزاد شاہ اسے روز دیتا تھا۔

سفیر شاہ نے اس کی الماری کھولی جہاں نت نئے جوڑے موجود تھے اسنے سفید لباس نکالا اور اس کا انتظار کرنے لگا۔

لیکن اندر سے آواز نہ آنے پر اس نے تیزی سے آگے بڑھتے دروازہ کھٹکھٹایا۔

ماہا۔۔۔۔

ماہا شاہ!

اگر نہیں چاہتی ہو کہ میری وہاں تک رسائی ہو جہاں تک مجھے برداشت کرنے کی سکت نہیں رکھتی ہو تو فوراً باہر نکلو!

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اور تیر نشانے پر لگا تھا وہ باہر نکلی تھی اب کچھ حواس اس کے بحال ہوئے تھے اور سامنے سفیر شاہ کو دیکھتے اس نے اپنے دوپٹے سے بے نیاز وجود کو دیکھا تو زمین میں گڑھتی چلی گئی۔

ان خوش فہمیوں میں کبھی مت رہنا کہ سفیر شاہ تمہارے وجود کی رعنائیوں میں کھو سکتا ہے!

URDU NOVEL BANK

وہ اس کے جزبز ہونے پر طنز کرتا کپڑے اسے تھما گیا۔

میری ایسی خواہش کبھی نہیں رہے گی!

وہ تمسخر اڑاتی نگاہوں سے اسے دیکھتی بولی تو سفیر شاہ نے آگے بڑھتے اسے واش روم کے دروازے کے ساتھ لگایا۔

واقعی؟

اور اگر تمہیں مجھ سے محبت ہو گئی تو؟

ممکن ہی نہیں! وہ نجانے کیوں کمزور سے لہجے میں کہتی نگاہیں جھکا گئی۔

مجھے چیلنج کر رہی ہو؟ سفیر شاہ نے اس کا چہرہ اونچا کرتے سرد سے لہجے میں پوچھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ پھر بھی کچھ نہ بولی تو سفیر شاہ نے اس کے بالوں کی سامنے کی لٹ کو کھینچ ڈالا۔

ماہا نے سانس روکا تھا لیکن اس کا سہارا نہ لیا تو وہ پیچھے ہوتا کمرے میں چلا گیا۔

کہاں ہو؟ بہزاد شاہ کو خبر مل گئی تھی۔

URDU NOVEL BANK

بھائی آپ جانتے ہیں میں کہاں ہوں؟

سفی مجھے سختی پر مجبور نہ کرو! کیوں گئے ہو وہاں تم جانتے ہو وہاں جانا خطرے سے خالی نہیں ہے وہ شخص ہمارے ہی منظرِ عام پر آنے کے انتظار میں ہے۔

آپ شاید بھول رہے ہیں میری ایک عدد بیوی بھی یہی موجود ہے! وہ کُڑھ کے بولا

تو بہزاد شاہ نے خاموشی سادھ لی

وہ اس حالت میں تمہاری وجہ سے ہے!

سفیر شاہ کا دل کیا زمین پھٹے اور اس میں سما جائے بہزاد شاہ اس کی ہر حرکت اور اس سے منسلک ہر وجود سے واقف تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

بھائی پلیز!

اسے تکلیف مت پہنچاؤ سفی اور تم جانتے ہو بہزاد شاہ سفیر شاہ کو مر کر بھی غلط مشورہ کبھی نہیں دے گا وہ بولتا کال کاٹ گیا۔

تو سفیر شاہ خاموش ہو گیا اور تب ہی وہ دروازہ کھولتی باہر نکلی۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

سفید سوٹ میں بھیگے بالوں کے ساتھ دوپٹہ اچھے سے کندھوں پر پھیلائے وہ باہر نکلی تھی۔

نگاہیں جھکی ہوئیں تھی لیکن وجود کی کپکپاہٹ وہ دوری پر بھی محسوس کر سکتا تھا۔

وہ قدم قدم چلتا اس کی طرف گیا تو ماہا کا دل کیا وہاں سے بھاگ جائے کہیں دور۔

تمہارا بھائی کہاں ہے؟

ماہانہ نے جھٹکے سے سر اٹھایا اسے لگا تھا شاید وہ شخص دو لفظ مسیحائی کے بولے کہ ان کے درمیان اب رشتے کا تقاضہ یہی تھا لیکن وہ کیوں بھول گئی تھی کہ مخالف اس سے نفرت کا دعوے دار تھا۔

میں نہیں جانتی!

تو جانو! اسے فون کرو اورپتا کرو! وہ اس کا فون اسے تھماتا بولا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

بھائی مجھے نہیں بتاتے۔۔۔۔۔لیکن سفیر شاہ کا اپنے اتنے نزدیک کھڑا ہونا اور سنجیدگی سے اسے دیکھنا اسے سہمنے پر مجبور کر گیا اس نے نمبر ملاتے فون کان سے لگایا اور نا محسوس انداز میں پیچھے کو ہوئی۔

جبکہ سفیر شاہ نے اس کی کلائی پر گرفت مضبوط کرتے اسے جھٹکے سے واپس اسی جگہ پر کھڑا کیا۔

بھائی۔۔۔؟

ہمم بولو! اس کا بھائی شاید نشے میں تھا کیونکہ تب ہی وہ ماہا فیض سے تحمل سے بات کرتا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کہاں ہیں؟ وہ ڈرتی استفسار کرنے لگی۔

شہر سے باہر! کچھ چاہیے تمہیں؟

ماہا کا فون اسپیکر پر تھا اس نے سر اٹھاتے سفیر کو دیکھا جیسے پوچھنا چاہا ہو اب کیا کہوں؟

URDU NOVEL BANK

سفیر شاہ اس کی جانب جھکا تو وہ جھٹکے سے پیچھے ہوئی تو وہ کھا جانے والی نگاہوں سے اسے گھورتا اس پر پھر سے جھکا۔

واپسی کا پوچھو؟

اپنے کان کے نزدیک اس کی گرم سانسوں کو محسوس کرتے وہ جی جان سے کانپی۔

واپس ک۔۔۔کب۔۔۔آئیں۔۔۔۔گے؟

معلوم نہیں! ابھی کام ہے یہاں تمہیں کچھ چاہیے تو بتاؤ؟

نہیں بس یہی پوچھنا تھا وہ کہتی جلدی سے کال کاٹ گئی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

تم نے جھوٹ بولا تھا کہ وہ تمہیں مار دے گا جبکہ اس کے لہجے سے کہیں سے ایسا محسوس نہیں ہوا تم نے جھوٹ بولا مجھ سے؟ سفیر شاہ نے اس کی کلائی پر گرفت سخت تر کر دی۔

تو ماہ کو لگا اس کی ہڈی چٹکنے کی آواز کبھی بھی آ سکتی ہے۔

وہ نشے میں ہوں گے!

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

وہ نظریں جھکائے آنسو پینے کی خاطر بولی جبکہ جسم کی کپکپاہٹ اب بڑھنے لگی تھی۔

سفیر شاہ اس کی پلکوں پر اٹکا وہ آنسو دیکھنے لگا پھر مزید کچھ کہتا کہ وہ ڈر کے مارے اچھل کر پیچھے ہوئی۔

اس کا یوں خوفزدہ ہو کر پیچھے ہٹنا اسے زہر لگا تھا۔

جان سے نہیں مارنے لگا تمہیں جو یوں ری ایکٹ کر رہی ہو۔

میں نے۔۔۔بھائی۔۔۔۔سے پوچھ دیا۔۔۔۔اب دور۔۔۔۔

یہ دور رہنے کا کیوں کہتی ہو مجھے شاید بھول گئی ہو کہ ابھی ہفتہ پہلے ہی میں نے نکاح میں لیا ہے تمہیں اور بیوی کے کچھ فرض ہوتے ہیں جن سے مجھے لگتا ہے تم بخوبی واقف ہو!

سفیر شاہ نے سنجیدگی سے سرد سے لہجے میں کہا۔

ماہا اس کے ٹھنڈے لہجے سے سرد پڑنے لگی۔

تمہارا بھائی جانتی ہو کیا کرتا ہے؟

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

نہیں! مجھے کبھی نہیں بتایا۔

اور تمہارا باپ؟

بابا بزنس----

ہاں لڑکیوں کو سمگل کرنے کا ابزنس کرتا ہے تمہارا باپ-----وہ نفرت سے بولا

تو ماہا نے جھٹکے سے سر اٹھایا اور بے یقینی سے اسے دیکھا۔

بھائی شاید ایسے ہوں لیکن بابا ایسے ہرگز نہیں ہیں وہ تیز آواز میں بولی تو سفیر شاہ نے اس کے لبوں پر مٹھی رکھ کر اس کی آواز کا گلہ گھونٹا۔

میرے سامنے آج کے بعد ان دونوں کی طرف داری مت کرنا نہیں تو میں سارے عہد توڑتے تمہیں جان سے مار دوں گا وہ دھاڑا تو ماہا رونے لگی۔

وہ کیوں آیا تھا؟ اسے خوفزدہ کرنے؟ دھمکانے؟

ماہا اس سے تیزی سے دور ہوئی اور یہی بات سفیر شاہ کو مزید طیش دلا گئی اسی لیے اسے ڈریسنگ روم کی الماری کے ساتھ لگاتا اس پر جھکا تو ماہا نے آنکھیں میچ لیں۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

وہ اس کی گردن پر جھکا اپنی وحشت اس پر انڈیلنے لگا۔

خود پر کسی مرد کا پہلا لمس۔۔۔اور وہ بھی اتنا وحشت سے بھرپور محسوس کرتے ماہا کو اپنی ٹانگوں سے جان نکلتی محسوس ہوئی۔

ماہا نے گرفت اس کی شرٹ پر مضبوط کی اور اسے دھکا دینا چاہا لیکن وہ شخص اپنی نفرت کی پہلی داستان رقم کرنے میں مگن تھا۔

پھر وہ جھٹکے سے پیچھے ہٹا تو ماہا کا وجود سسکیاں بھرنے لگا۔

کس بات کا رونا آرہا ہے؟ سفیر شاہ کو اس کا یوں رونا ناگوار گزار تھا۔

تم ۔۔۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

تمیز سے۔۔۔۔یہ تم کر کے بات مجھ سے دوبارہ مت کرنا سمجھ رہی ہو؟

ناشتہ کرو اور دوا لو فوراً!

وہ نجانے کیوں لیکن بول گیا تو ماہا فیض اس کے بدلتے روپ پر پریشان ہوئی۔

سفیر شاہ نے ایک نگاہ اس کی نم آنکھوں پر ڈالی۔

فون دو اپنا مجھے۔

کیوں؟ ماہا نے معصومیت سے پوچھا۔

سفیر شاہ نے اس کا فون لینا چاہا تو وہ ہاتھ پیچھے کر گئی۔

یہ میرا پرسنل-----

پرسنل تمہاری زندگی میں اب میرے سامنے تو کچھ بھی نہیں بچتا ماہا سفیر شاہ! اس کی ایک مثال میں تمہیں دے چکا ہوں۔

وہ اسے باور کروا گیا کہ اس کا سر نیم بدلنے کے ساتھ اس کی حیثیت بھی بدل گئی ہے۔

اس نے ماہا کا فون لیتے اس پر چِپ لگاتے اپنے فون سے اٹیچ کیا وہ اشعر فیض کی لوکیشن جلد سے جلد ٹریس کرنا چاہتے تھے--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ یہاں آیا بھی اسی مقصد سے تھا۔

کیونکہ وہ جانتا تھا وہ شخص اپنی بہن کا فون اٹھائے گا----وہ دو دن سے ناکام ہوئے تھے اس کی لوکیشن جاننے میں۔

اس نے ساری ڈیٹیلز بھیج کر لوکیشن نکالنے کا کہا اور پھر کھڑا ہوتا اسے اس کا فون اسے واپس تھماتا باہر نکلنے لگا۔

"یا رب العالمین پلیز اس بار سن لیں آپ تو میرے اچھے دوست ہیں نا۔۔۔۔کوئی وسیلہ بنا دیں کہ بابا گاڑی لے سکیں آپ جانتے ہیں نا وہ کب سے لینا چاہتے ہیں ہمارے لیے اور پلیز اماں کو انس سے زیادہ مجھ سے محبت ہو جائے اور۔۔۔۔۔"

وہ نجانے اور کیا کیا مانگ رہی تھی لیکن بہزاد شاہ اتنا سنتا ہی اس پاگل لڑکی کو نظرانداز کرتا اندر کی اور بڑھ گیا۔

وہ سچ میں پاگل ہی تھی کوئی۔

"بیوقوف لڑکی!"

"چھپاککککک!"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

وہ آگے بڑھتا کہ پیچھے سے ابھرتی آواز آنے پر جھٹکے سے پیچھے مڑا جہاں وہ آسمان پر نگاہیں ٹکائے ہوئی تھی کچھ دیر پہلے اور اب پول میں گری تھی۔

اور اب شاید اس بیوقوف لڑکی کو تیرنا نہیں آتا تھا اس لیے ہاتھ پاؤں مار رہی تھی۔

ایک ورکر تیزی سے آگے بڑھا تھا۔

"یہ گلاس ڈور بند کرو!"

بہزاد شاہ نے کہا جہاں سے اندر کا منظر واضح تھا۔۔۔وہ کوئی سکینڈل نہیں چاہتا تھا پھر پانی میں چھلانگ لگاتے اس لڑکی تک پہنچا۔

اور اسے یک دم قمر سے تھامتے پانی سے اونچا کیا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

آہھھھ! حائفہ نے گہری سانس بھری۔

"ہاتھ۔۔۔۔ہاتھ۔۔۔۔"

"کیا مسئلہ ہے پاگل لڑکی خاموش رہو!" وہ اسے ہاتھ پاؤں مارتا دیکھ طیش میں آیا۔

وہ یہ کام کسی ورکر کو بھی کہہ سکتا تھا لیکن نجانے کیوں اس نے خود چھلانگ لگائی تھی پانی میں۔

URDU NOVEL BANK

"ہاتھ نہیں لگاؤ!"

حائفہ نے ہانپتے اس کا ہاتھ اپنی قمر پر محسوس کرتے کہا تو بہزاد شاہ کا دل کیا اس لڑکی کو وہیں ڈوبا کر مار دے۔

اور اس نے ایسا ہی کیا اپنے ہاتھ یک دم اس کی قمر سے ہٹائے تو وہ واپس پانی میں گرتی ہاتھ پاؤں مارنے لگی۔

"بیوقوف لڑکی!"

اسے پھر سے تھامتا وہ تیزی سے باہر بٹھاتا خود بھی باہر نکلا۔

"اففففف میں تو مرنے والی تھی!"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ اب بھی خود سے بولتی اپنا بگڑا تنفس بحال کرنے میں لگی تھی۔

"تمہیں کہا تھا نا یہاں سے جاؤ! تم میں عقل ہے یا نہیں؟" وہ جو اپنے محسن کو فراموش کر گئی تھی سر اٹھا کر اسے دیکھا جو بالکل تیار تھا کچھ لمحے پہلے اور اب بھیگا اسے سرخ نگاہوں سے گھور رہا تھا۔

URDU NOVEL BANK

"میری غلطی نہیں ہے آپ لوگوں نے پول ہی غلط جگہ بنوایا ہے" وہ اپنی غلطی کو بھی اس پر ڈال گئی۔

"شٹ اپپپ؟" بہزاد شاہ دھاڑا تو وہ خاموش ہو گئی۔

بہزاد واپس اپنے کمرے میں جانے کے لیے پلٹا۔

مسٹر بہزاد شاہ! پیچھے سے اس کی آواز سنتے وہ لب بھینچ گیا۔

"کیا مسئلہ ہے؟"

"اب میں کیا کروں؟" وہ معصومیت لیے بولی تو وہ رُک گیا۔

"ناچو!"

وہ تنک کر بولا اور اندر بڑھ گیا اب وہاں کوئی ورکر بھی نہیں تھا کیونکہ سب اندر اپنی ڈیوٹی پر تھے۔

بہزاد شاہ تیار ہوتا نکل گیا وہ اس لڑکی کو بھول گیا تھا جو بھیگے کپڑوں میں وہاں بیٹھی تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

لوگوں سے ملتے وہ کیمراز لگ جانے کی خبر پر مطمئن ہوتا سفیر شاہ کو آنکھوں سے سگنل دے چکا تھا اب اسے جلد سے جلد اس دعوت کا اختتام کرنا تھا کہ کام ہو گیا تھا اس کا۔

اسی لیے کھانا لگوا دیا گیا۔

اس نے انٹرویؤ دیے اور لوگوں سے ملتے تصاویر بنوائیں۔

"ہائے ہیڈسم!" ادا جعفری اس تک آتی اس کے بازؤں کے گرد بازو باندھتی ادا سے بولی۔

بہزاد نے جھٹکے سے اپنا بازو چھڑوایا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"جعفری صاحب مجھے لگتا ہے کچھ خاص سکھایا نہیں آپ نے اپنی بیٹی کو یا وہ مجھ سے واقف نہیں ہے اچھے طریقے سے!"

وہ بولا تو جعفری اور ادا کا چہرہ تذلیل کے احساس سے سُرخ پڑا۔

بھری محفل میں یہ حرکت ان کی عزت خراب کرنے کے کافی تھی۔

اور پھر بہزاد شاہ نے راستہ بدل لیا اور لوگوں کو الوداع کرنے لگا۔

URDU NOVEL BANK

"بھائی وہ بھی آیا ہے!" سفیر شاہ غصے سے پاگل ہونے کو تھا۔

"ہوش میں رہو سفیر!" بہزاد نے سفیر شاہ کو غصے سے پاگل ہوتے دیکھتے کہا۔

"میں اسے جان سے مار دوں گا بھائی--------وہ قاتل ہے-----وہ جب بھی سامنے آتا ہے میں اپنے غصے پر قابو نہیں کر پاتا!"

سفیر شاہ نے غصے سے سرخ ہوتی نگاہوں سے سامنے موجود شخص کو دیکھا جو سب سے مل رہا تھا۔

یقیناً وہ بہزاد شاہ اور سفیر شاہ سے انجان تھا نہیں تو اس دعوت میں کبھی نہ آتا لیکن وہ جانتا نہیں تھا وہ وہاں خود نہیں آیا تھا بلکہ بلایا گیا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"ہوش میں رہو اور اپنے کمرے میں جاؤ!"

"بھائی!"

"شاہ جاؤ یہ میرا حکم ہے!"

بہزاد نے کہا تو سفیر شاہ شعلہ بار نگاہوں سے سامنے موجود شخص کو دیکھتا چلا گیا۔

لیکن باہر پول کے پاس کسی لڑکی کو دیکھتے اس نے فوراً بہزاد کو فون کیا۔

"بھائی یہ پول کے پاس کوئی لڑکی موجود ہے؟ ہو سکتا ہے وہ آپ کے کمرے میں جانے کی کوشش کرے کیا میں اسے پکڑ-----"

بہزاد شاہ کے دماغ پر اس لڑکی اور کچھ لمحے پہلے کا منظر گھوما۔

"ڈیم اٹ!"

"نہیں تم جاؤ! میں دیکھ لیتا ہوں۔"

بہزاد نے کہتے کال کاٹی اور سب کو الوداع کرنے لگا۔

"کیسے ہیں مسٹر بہزاد؟" اس سے پہلے کہ وہ جاتا وہ شخص اس کے پاس آیا۔

بہزاد شاہ کی ترقی دیکھتے تو اس کے دشمن بھی اس سے ہاتھ ملانے کے خواہاں تھے وہ تو پھر دولت کا نشہ کرنے والا شخص تھا کیسے نا آتا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"آئم فائن!" بہزاد شاہ نے قاتلانہ مسکراہٹ کے ساتھ کہا۔

کچھ بات ہو سکتی ہے؟

"نہیں ابھی میں کچھ مصروف ہوں!" بہزاد شاہ نے کہا اور اپنے کمرے کی طرف بڑھ گیا۔

"صدف حائفہ کہاں ہے؟"

"پتا نہیں سر؟ مجھے وہ پوری دعوت میں نہیں نظر نہیں آئی۔"

میں نے بھی نہیں دیکھا اسے غازی نے کہا۔

"سر ہو سکتا ہے وہ چلی گئی ہو----اسے یہ دعوت پسند نہیں آئی تھی"صدف نے کہا تو غازی نے اس کی حامی بھری وہ پھر بھی انتظار کرتے رہے لیکن جب وہ جگہ خالی ہونے لگی تو ان کو یقین ہو گیا کہ وہ جا چکی ہے اسی لیے خود بھی وہاں سے نکل گئے۔

وہ کانپتی وہیں بیٹھی تھی جا بھی نہیں سکتی تھی اس حلیے میں باہر۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اس کا فراک چپک چکا تھا اس کے جسم پر۔

اس نے وہ شفون کا دوپٹہ ہی اپنے گرد اوڑھا تھا ہونٹ نیلے پر چکے تھے۔

بہزاد شاہ اپنے کمرے سے ہی باہر آیا اور اس لڑکی کو دیکھا جو وہیں بیٹھی کانپ رہی تھی۔

اسے یقین ہو گیا کہ دنیا میں سامنے موجود لڑکی سے زیادہ کوئی بیوقوف نہیں ہو گا۔

URDU NOVEL BANK

"تمہارا دماغ خراب ہے مس حائفہ؟" وہ نام تو اس کا جان ہی گیا تھا اب تک۔

وہ جھٹکے سے اٹھ کھڑی ہوئی۔

"کیا سب جا چکے ہیں؟"

بالکل!

بہزاد شاہ نے اسے دیکھا اور پھر نگاہوں کا مرکز بدل لیا کیونکہ چاند کی روشنی اس لڑکی پر پر رہی تھی جو اسے حسین تو پتا نہیں لیکن پُرکشش ضرور بنا رہی رھی۔

اسے اس لڑکی پر طیش آیا یہاں اگر کوئی ورکر ہوتا اور اس کو یوں دیکھتا اس نے سخت نگاہوں سے واپس اس لڑکی کو دیکھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"شاہ؟"

وہ مڑا تھا واپس اندر کسی کو بلانے کے لیے جب اس آواز نے اس کے قدم جکڑ لیے وہ جھٹکے سے پیچھے مڑا۔

"مسٹر شاہ کیا آپ مجھے فیور دے سکتے ہیں؟"

URDU NOVEL BANK

" مانا میں نے آپ پر آرٹیکل لکھا تھا، لیکن آپ جانتے ہیں اس میں کچھ غلط نہیں تھا خیر ایسی چھوٹی چھوٹی باتیں تو ہو ہی جاتی ہیں -----آپ مجھے اپنا دشمن سمجھتے ہیں اور میں بھی لیکن مشکل میں تو ساتھ دینا ہی چاہیے اور ویسے بھی آپ لوگوں کے گھر کا نقشہ مجھے کچھ خاص پسند بھی نہیں آیا پول غلط جگہ پر ہے تو میری اس میں کوئی خاص غلطی بھی نہیں تھی تو آپ ------"

شٹ اپ!

وہ اس لڑکی سے سنجیدگی کی امید رکھتا تھا کم از کم ان لمحوں میں تو لیکن وہ----

اندر سے ٹاول لاتے اسے دیا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"اب تمہاری زبان چلی تو مجھ سے بُرا کوئی نہیں ہو گا آؤ میرے ساتھ۔"

"کیوں آپ کے ساتھ کیوں؟" وہ ڈر پر اچھلی تھی۔

بہزاد شاہ کو لگا وہ اپنا ضبط کھو دے گا اور اس لڑکی کو واپس اس پول میں گرا کر مار دے گا اس لیے آگے بڑھا تو وہ بھی اس کے پیچھے ہوئی کہ اس کے علاؤہ کوئی چوائس نہیں تھی اس کے پاس۔

URDU NOVEL BANK

"میں ورکر کو بھیجتا ہوں کپڑے سکھا دے گی تمہارے۔"

"اور تب تک میں کیا پہنوں گی؟" وہ بولتی لب دانتوں تلے دبا گئی۔

افففف! اس سے زیادہ شرمندگی اور سبکی اسے پہلے کبھی محسوس نہیں ہوئی تھی۔

"شاہ۔۔۔۔!"

اور سفیر شاہ کے تیزی سے بڑھتے قدم پل میں تھمے تھے وہ چہرے پر غیض و غضب لیے جھٹکے سے مڑا۔

"آئیندہ مجھے اس نام سے مت بلانا ماہا فیض اتنی حیثیت نہیں ہوئی ابھی تمہاری!"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ پل میں اسے زلیل و رسوا کر گیا۔

اور یہ وار ماہا فیض کے دل پر لگا تھا۔

سفیر شاہ کا پہلا وار۔۔۔۔اور نجانے ابھی کتنے باقی تھے۔

وہ اس کی بات سنے بغیر لمبے ڈگ بھرتا باہر نکل گیا وہ جو اسے کہنے لگی تھی کہ ایسے باہر نکلنا محفوظ نہیں سسکی بھرتی رہ گئی۔

URDU NOVEL BANK

آنسو رگڑ کر صاف کیے اور آئینے کے سامنے کھڑی ہوئی کہ نقاہت کا احساس منہ زور ہوا تھا اس کے سامنے تو وہ سب فراموش کیے ہوئے صرف خوف جیسے احساس کے زیر اثر تھی۔

دوپٹہ جیسے ہی اتار کر برش تھاما اس کی نگاہیں آئینے میں پڑی اور اپنی گردن کو دیکھتے اس کا چہرہ پھر سے بھیگنے لگا۔

جہاں اس کی وحشت کے نشان واضح تھے۔

اس کے شوہر کا پہلا لمس! اس کا دل دھڑک کر پاگل ہونے کی حد پر آگیا تو وہ بھاگتی باہر نکل گئی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"دوا دیں اسے!"

"اور دوبارہ طبیعت خرابی پر مجھے مت بتائیے گا" وہ سرد سے لہجے میں کہتا باہر نکل گیا۔

کچھ دیر میں ماہا کو آتے دیکھ ملازمہ نے اسے دیکھا جس نے سفید جوڑے پر ڈھیلا سا حجاب کر رکھا تھا۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

"آپا کسی کو آپ نے دیکھا۔۔۔۔؟"

جی! وہ دوا کا کہہ کر گئے ہیں۔

آپا چونکے ان کی سالوں کی ملازمہ رہی تھی اسی لیے اسے بتاتی بولی تو وہ سر ہلا گئی۔

وہ واقعی کافی اثرو رسوخ رکھتا تھا کہ ان کی سالوں سے موجود ملازمہ اور گارڈ کو بھی بہلا پھسلا کر یا شاید خوفزدہ کر کے اپنی طرف کر گیا تھا۔

ہاں لوگوں کو خوفزدہ کرنے کے علاؤہ اسے آتا ہی کیا ہے!

وہ ناشتہ کرنے لگی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ماہی آپا نے اس کے سامنے بیٹھتے اسے مخاطب کیا لیکن وہ سر نہ اٹھا پائی۔

"کیا یہ نکاح پسند کا ہے؟" وہ بولی تو ماہا نے جھٹ سے سر اٹھایا۔

"کیا اس۔۔۔۔انھوں نے ایسا بولا ہے؟'

نہیں!

URDU NOVEL BANK

وہ نظریں چراتے بولیں کیا بتاتی کہ وہ کتنے برے طریقے سے پیش آیا تھا اور ہتھے سے ہی اکھڑ گیا تھا اس کی طبیعت کا سن کر۔

ماہا نے بنا جواب دیے خاموشی سے ناشتہ کیا اور دوا لی اسے کالج جانا تھا کہ ہفتے سے وہ گھر پڑی تھی۔

کالج جاتے اس نے اپنی واحد دوست کو ڈھونڈا تھا جو کلاس میں ہی بیٹھی نظر آئی۔

"عشاء؟"

عشاء نے ہاتھ ہلا کر اسے بلایا اور دونوں ساتھ بیٹھ گئی۔

"تم نے کب سے حجاب کرنا شروع کیا ماہا؟" عشاء نے حیرت سے پوچھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

بس آج دل کیا تو! وہ آسودگی سے مسکراتی بولی تو عشاء نے کندھے اچکا دیے۔

لیکچر کے دوران وہ سفیر شاہ کو بالکل بھول گئی تھی۔۔۔۔پڑھنا اس کا پیشن تھا لیکن جب وہ پریشان ہوتی تھی سب پیچھے رہ جاتا تھا بہت پیچھے۔

تمہارے بابا کب آرہے ہیں؟ عشاء نے پوچھا۔

میں بھی یہی پوچھنا چاہ رہی ہوں ان سے!

URDU NOVEL BANK

وہ تیزی سے بیگ سے فون نکالتے اپنے باپ کا نمبر ملانے لگی جو دسویں بیل پر بھی نہیں اٹھایا گیا تھا اور ایسا پہلی بار ہوا تھا۔

"بابا کال ہی نہیں اٹھا رہے؟"

"تو بھائی کو کر لو!"

نہیں! ماہا نے تیزی سے سر نفی میں ہلایا۔

"تم اس سے ڈرتی کیوں ہو اتنا؟"

"پتا نہیں وہ مجھے پسند نہیں کرتے!"

"وہ سامنے آتے ہیں تو میری سانسیں اکھڑنے لگتی ہیں وہ مجھے بے حد خوفزدہ کر دیتے ہیں---بابا کی غیر موجودگی میں مجھے لگتا ہے وہ مجھے چھوٹی غلطی پر بھی مارنے سے گریز نہیں کریں گے لیکن ملازموں کی وجہ سے شاید رُک جاتے ہیں!"

وہ سر جھکائے درد سے بولی۔

"ایسا کیوں کرتے ہیں وہ"؟ عشاء دلچسپی لیتی بولی۔

"وہ میرے سوتیلے بھائی ہیں نا---"وہ بے دھیانی میں بول گئی۔

visit for more novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

کیاااااا؟ عشاء کو آج پہلی بار پتا چلا تھا۔

"میں چلتی ہوں عشاء ڈرائیور آگیا ہے!"

وہ ڈرائیور کی کال سنتی اٹھ گئی تو عشاء نے بھی کندھے اچکائے۔

"ندیم چچا آپ کی ڈیڈ سے بات ہوئی؟"

نہیں بیٹا!

وہ خاموش ہو گئی اس کا دل عجیب سے احساس کے تحت دھڑک رہا تھا جیسے کچھ غلط اس کے ساتھ ہو گیا ہو۔

وہ دھڑکتے دل کے ساتھ دروازے کے پاس رُکی اور اندر داخل ہوئی لیکن گھر میں ملازموں کا جمِ غفیر بندھا تھا وہ تیزی سے آگے بڑھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

بھائی؟

اشعر فیص نے مُڑ کر اسے دیکھا۔

"کیا ہوا سب اکٹھے کیوں ہیں؟"

وہ خاموش رہا اور اسے سخت نگاہوں سے گھورتا رہا۔

URDU NOVEL BANK

"ڈیڈ اب ہمارے درمیان نہیں رہے! جاؤ جا کر کپڑے بدل لو لوگ آجائیں گے تو موقع نہیں ملے گا۔"

"کیا بکواس ہے؟"

"آپ کو پتا ہے آپ کیا کہہ رہے ہیں؟" وہ پہلے تو کتنے ہی لمحے سُن کھڑی رہی لیکن اشعر کے اس تحمل انداز پر اس بات کو مذاق سمجھتے چیخی۔

"آواز آہستہ اور دفع ہو سامنے سے جو کہا ہے وہ کرو!" اشعر فیض کروفر سے کہتا باہر نکل گیا۔

جبکہ وہ ملازموں کی شکل دیکھنے لگی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"آپ سب کیوں کھڑے ہیں؟"

"وہ تو یونہی مزاق کر کے گئے ہیں!" ملازموں نے ہمدردی سے اسے دیکھا بھلا اشعر فیض جو ان کو جوتے کے برابر رکھتا تھا کہاں ان کے ساتھ کوئی مزاق کر سکتا تھا۔

"وہ صحیح کہہ رہے ہیں!"

URDU NOVEL BANK

ملازمہ نے کہا تو وہ آگے بڑھی۔

پھر ایمبولینس کی آواز آنا بند ہو گئی اور لوگوں کا مجمع بڑھنے لگا وہ وہیں سیڑھیوں کے پاس کھڑی رہی اور دیکھتی رہی۔

کسی ڈیڈ باڈی کو لا کر رکھا گیا تھا!

"کون ہیں یہ؟" وہ لڑکھڑاتی آگے بڑھتی بولی۔

"آپ کے ڈیڈ ہیں ماہا بی بی جی!"

ملازمہ بولی اور سب ملازموں نے اس کی تصدیق کی تو وہ انہیں دیکھتی رہی اور پھر ہوش و حواس سے بیگانہ ہوتی وہیں گر پڑی کہ سیڑھیوں پر لگی ریلنگ ماتھے سے ٹکرائی اور خون زمین پر بہنے لگا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"کیا مصیبت ہے یہ عذاب ہے یہ عورت!"

اشعر فیض کو پتا لگا تو وہ آگ بگولہ ہوتا اسے دیکھتا دبا دبا سا چلایا۔

"کمرے میں پہنچاؤ اسے! بس مرنے نہ دینا!"

وہ کہتا پھر لوگوں سے ہمدردیاں بٹورنے لگا جو اس کے باپ کے مرنے پر اسے دے رہے تھے۔

"اچھا تھا مر گیا! ویسے بھی آدھا پیسہ تو جوے میں لگا کر ضائع کر رہا تھا!" وہ فون کو کان سے لگاتا بولا۔

سفیر شاہ اور بہزاد شاہ بس بیٹھے تماشا دیکھ رہے تھے۔

"بھائی ہمیں آگے کیا کرنا ہے؟"

"آگے ہمیں اور بھی محتاط ہونا پڑے گا کیونکہ اس شخص کے تعلقات مافیا سے ہیں!" بہزاد شاہ سگریٹ پھونکتا بولا۔

"تو ہم نہیں ڈرتے بھائی!"

"آرام سے شاہ! ہم سب سوچ سمجھ کر کریں گے ہماری ایک غلطی ہمارے لیے کسی بڑے نقصان کا پیش خیمہ ہو سکتی ہے۔"

وہ فیض شاہ کے مرتے وقت بولے جانے والے لمحات کو ذہن میں لاتے بولا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کیا ان کی بہن واقع۔۔۔۔اس کے آگے وہ سوچ ہی نہیں پاتا تھا کیونکہ وہ تو اپنی بہن کی موت کا سوگ ہر روز ہی مناتے تھے۔

"ہمیں وہاں سے ماہا کو نکلوانا ہے!"

وہ جانے لگا جب بہزاد شاہ کی آواز سنتے چونکا اور پھر تیزی سے پیچھے مڑا۔

"کیوں؟"

"کیوں کا کیا مطلب ہے سفیر شاہ! وہ بیوی ہے تمہاری اور تم جانتے ہو وہ شخص کسی کا نہیں۔"

"نہ ہو اس کا بھائی ہے سوتیلا ہی سہی۔۔۔۔ہم اس سلسلے میں کیا کر سکتے ہیں۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"کیا کر سکتے ہیں؟ تم وہاں سے اپنی بیوی کو نکلواؤ گے۔۔۔۔بیوی اور نکاح کا مطلب سمجھ آتا ہے تمہیں۔۔۔اور بھولو مت یہ تمہارا فیصلہ تھا۔"

"بھائی۔۔!"

"میں یہ بات کبھی بھی تسلیم نہیں کروں گا کہ وہ میری بیوی ہے اور۔۔۔۔"

URDU NOVEL BANK

"خاموش رہو!"

"تم جانتے ہو اب وہ وہاں محفوظ نہیں رہی۔۔۔۔اشعر فیض اسے پسند نہیں کرتا لیکن فیض شاہ کی وجہ سے اسے اب تک ماہا فیض نام کا کانٹا اپنی زندگی میں رکھنا پڑا ہے لیکن اب وہ آزاد ہے۔"

"بہتر یہی ہے کہ جیسے اسے نام دیا ہے ویسے اسے بحفاظت نکالو بھی وہاں سے!"

بہزاد شاہ کہتا اٹھ گیا تو سفیر شاہ نے ہونٹ بھینچے۔

بہزاد شاہ نے اپنی الماری کھولی اور اپنی نئی ٹی شرٹ اس لڑکی کو دی اور ایسا اس کی انتیس سالہ زندگی میں پہلی بار ہوا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کہ بہزاد شاہ نے اپنی کوئی چیز کسی کو دی تھی۔

وہ فوراً واش روم میں چلی گئی اسے گھر جانا تھا اب کہ اس کا دل تیزی سے دھڑک رہا تھا۔

URDU NOVEL BANK

بہزاد باہر نکل گیا اور پھر فوراً ہی ایک لڑکی اندر آئی تھی جس نے بنا کچھ پوچھے اس کے کپڑے اچھا خاصے سکھا کر اسے دیے تو وہ فوراً پہنتی باہر نکلی اور اپنا حجاب اتار کر اسے دیا۔

حائفہ اپنے بال سکھانے لگی جب دروازہ کھولتے بہزاد شاہ اندر داخل ہوا دونوں کے ہاتھ تھمے تھے۔

حائفہ سنکدر کے اپنے بالوں میں اور بہزاد شاہ کے دروازے پر۔۔۔وہ بھول گیا تھا کہ اس وقت اس کے کمرے میں کوئی صنفِ نازک موجود ہے۔

اس کے بالوں پر ایک ہی نگاہ ڈالی تھی بہزاد نے جو کمر سے نیچے تک تھے اور خوبصورت تھے بلاشبہ۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

لیکن پھر فوراً دروازہ بند کرتا باہر نکل گیا کہ اس نے اس لڑکی کو اب تک بے حجاب نہیں دیکھا تھا۔

حائفہ کا چہرہ سرخ پڑا اس نے لڑکی سے اپنا حجاب پکڑا جو تقریبا سوکھ گیا تھا اور تیزی سے اس کی شرٹ وہیں رکھتی باہر نکل گئی۔

وہ جلد سے جلد یہاں سے جانا چاہتی تھی لیکن باہر خاموشی دیکھتے اس کی آنکھوں میں موتی چمکنے لگے۔

صدف اور شفیق انکل اسے چھوڑ گئے تھے اب وہ کیسے جائے گی اماں کو کیا جواب دے گی وہ ڈر گئی تھی۔

اس کا دل کیا دھاڑے مار کر روئے اور وہ ایسی ہی تو تھی چھوٹی چھوٹی باتوں پر رو دینے والی۔

اور آنکھوں سے آنسو گرنے لگے اور وہ باہر نکل گئی۔

وہ گیٹ پر کھڑی اب زار و قطار رو رہی تھی رات کے گیارہ بج رہے تھے اس وقت تو وہ باہر کبھی نہیں نکلی تھی اور نا اسے نکلنے دیا تھا سکندر صاحب نے۔

وہ کیا بتائے گی انہیں؟ اس کا دل دھڑکا۔

بہزاد نے اسے روتے باہر نکلتے دیکھ لیا تھا اس لیے اس کے پیچھے جا کر اپنے قدم روکے۔

"ڈرائیور کو بتا دو وہ چھوڑ دے گا تمہیں گھر!"

visit for more novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

اب کہ اس کے لہجے میں نرمی تھی کچھ لیکن سرد مہری اب بھی برقرار تھی۔

"نہیں----میں---چلی---جاؤں گی----!"

وہ سوں سوں کرتی اپنے دوپٹے سے ناک صاف کرتی بولی۔

"مس حائفہ---وقت کافی ہو گیا ہے" وہ ناچاہتے ہوئے بھی بول پڑا---

شاید اس کی جگہ کوئی اس کی کلاس کی لڑکی ہوتی تو وہ مڑ کر دیکھتا بھی نہیں لیکن سامنے موجود لڑکی رو رہی تھی اور بہزاد شاہ کہا لڑکیوں کو روتے دیکھا تھا۔

"جاؤ بلال چھوڑ کر آؤ!"

اس نے ڈرائیور کو کہا تو حائفہ نے ہلکی سوجی سرخ نگاہیں اٹھا کر اسے دیکھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"میں کسی پر کیسے بھروسہ----"

بہزاد شاہ نے اس چھوٹی سے لڑکی کو دیکھا پھر ہاتھ آگے کیا تو بلال نے گاڑی کی چابی اسے دی اور حیران سا واپس پلٹ گیا۔

"مجھ پر بھی بھروسہ نہیں کرتی تو گھر فون کر لو!"

وہ گاڑی میں بیٹھتا بولا لیکن چند ثانیے سوچنے کے بعد حائفہ بیٹھ گئی۔

URDU NOVEL BANK

اب تک اس کی مدد کے سہارے تھی اس لیے اب بھی بیٹھ گئی اور دوپٹے سے دوبارہ ناک صاف کیا۔

بہزاد شاہ کے ماتھے پر بل پڑے۔

"گھر میں کون کون ہے تمہارے؟"

"جی؟" حائفہ نے اسے مڑتے دیکھا۔

"بھائی ہے تو اسے بولو تمہیں باہر آ کر لے کر جائے! گھر کے آگے نہیں اتاروں گا میں۔"

وہ بولا تو حائفہ نے سر ہلایا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اس کی اتنی اختیاط پر حائفہ کی آنکھوں میں تشکر کے رنگ دِکھے اور پھر بیگ سے فون نکالتے انس کا نمبر ملایا۔

"جی اپیا!"

"انس تم باہر آجاؤ گلی تک۔"

URDU NOVEL BANK

"کیوں کیا کچھ ہوا ہے آپ روئی ہو؟ کیا ہوا مجھے بتاؤ!" انس جو دیر رات تک پڑھتا کہ امتحانات سر پر تھے فوراً اپنی جگہ سے کھڑا ہوا۔

اپنی بہن سے جتنی لڑائی اور ناراضگی سہی لیکن وہ دونوں ایک دوسرے پر جان چھڑکتے تھے۔

"کچھ نہیں ہوا پلیز جلدی آؤ!" وہ بولی۔

دوسری طرف کی آواز بھی بہزاد شاہ کو بخوبی سنائی دی تھی۔

"یہاں سے رائٹ!" وہ بتانے لگی۔

"بہزاد! آئم سوری اور تھینک یو!" وہ کہتی گاڑی سے اتر گئی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

بہزاد شاہ نے سامنے کھڑے اس کمزور سے لڑکے کو دیکھا جو اپنی بہن کو دیکھتا فوراً اس کی طرف بڑھا تھا اور پھر اس پر سے کندھا گزارتے اسے حصار میں لیتا جھک کر تشویش میں نجانے کیا پوچھ رہا تھا وہ مطمئن ہوتا اگاڑی ریورس کرنے لگا۔

آج بہزاد شاہ نے پہلی بار کسی صنفِ نازک کو لفٹ دی تھی اس کی گاڑی کی فرنٹ سیٹ پر پہلی بار کوئی لڑکی بیٹھی تھی۔

URDU NOVEL BANK

یہ مرتبہ حائفہ سکندر حاصل کر چکی تھی۔

اس کی سیٹ پر نگاہ دوڑائی تو اس کا بیگ وہیں پر موجود تھا جو اس کے فون نکالتے وقت اپنے ساتھ سیٹ پر ہی رکھا تھا۔

بیوقوف لڑکی! اس نے آج تک اتنی لاپوراہ لڑکی نہیں دیکھی تھی۔

لیکن وہ کیوں اسے گھر تک چھوڑنے آیا تھا وہ نہیں جانتا تھا، بالکل نہیں جانتا تھا۔

دن یوں ہی تیزی سے گزر رہے تھے ان سب میں بہزاد کی ملاقات اس لڑکی سے نہیں ہوئی تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اس کا بیگ بہزاد شاہ کی گاڑی کی پچھلی سیٹ پر پڑا رہ گیا تھا جسے حائفہ نے پاگلوں کی طرح ڈھونڈا تھا لیکن اس کا غم ختم نہیں ہو رہا تھا کیونکہ اس میں اس کے فیورٹ گلوس اور ایک اکلوتا مہنگا پرفیوم تھا۔

"کیا خبر ہے شاہ؟" اس نے ائیرپیس پر انگلی رکھتے استفسار کیا۔

"وہ نکل چکا ہے!" سٹریٹ ایف فلیٹ نمبر تین۔

URDU NOVEL BANK

"بلڈنگ کے کیمراز ہیک کرو فوراً!"

اس نے تیزی سے حکم دیا تو سفیر کے ساتھ وہاں موجود ٹیم اپنا کام تیزی سے کرنے لگی۔

ڈن! سفیر شاہ کی آواز گونجتے ہی اس نے سفید ہڈ کو سر پر پہنا اور بنا ماسک لگائے اندر داخل ہوا۔

اب وقت آگیا ہے فیض شاہ کے تم سے روبرو ملا جائے کہ سالوں تمہیں ڈھونڈنے میں لگائے ہیں۔

وہ فلیٹ کے باہر کھڑا ہوا اور جیب میں لگا کیمرا اوف کر دیا اور ایسا پہلی بار ہوا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"بھائی----"

"بھائی آپ ایسا نہیں کر سکتے؟" سفیر شاہ چِلایا تھا کیونکہ رابطہ منقطع ہو گیا تھا۔

بہزاد شاہ نے بیل بجائی اور انتظار کرنے لگا۔

دروازہ کھولنے والا پل میں ٹھٹکا تھا۔

URDU NOVEL BANK

"کون؟"

بہزاد شاہ کے چہرے پر استہزایہ مسکراہٹ پھیل گئی۔

"خون کی کشش لگتا ہے ختم ہو گئی ہے چچا جان! نہیں تو بہزاد شاہ کو تو دنیا جانتی ہے!"

وہ کہتا اندر داخل ہوا لیکن سامنے موجود نیم برہنہ عورت کو بیٹھے حرام مشروب پیتے دیکھ بہزاد شاہ کی آنکھوں میں نفرت اس شخص کے لیے اور بڑھ گئی۔

"باہر نکلو!"

فیض شاہ چِلایا تھا۔۔۔۔اتنے سالوں بعد اپنے بھائی کے بیٹے کو دیکھتے وہ بھونچکا ہی تو رہ گیا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"اتنی جلدی کیا ہے؟"

بہزاد نے ٹانگ پر ٹانگ رکھتے تیزاب کی بوتل کو بیگ سے نکالا تو وہ عورت اسی حلیے میں باہر نکل گئی۔

فیض شاہ کے قدم بھی باہر کی طرف بڑھے تھے۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

اس سے پہلے کہ وہ بھاگتا بہزاد نے دروازہ لوک کرتے اسے گھسیٹتے اس کے کمرے میں لے جاتے دھکا دیا۔

فیض شاہ اس عمر میں اس کی مضبوط جسامت کا مقابلہ نا کر پایا تھا۔

"تو آپ کو لگا تھا کہ ہارون شاہ کا خون کبھی آپ کے روبرو نہیں ہو گا؟ ایسا کیسے سوچ لیا آپ نے اتنے گناہوں کے بعد معزز چچا صاحب۔"

"کیا بکواس کر رہے ہو اشعر۔۔۔"

"اپنے بیٹے کے نام کی گیدڑ بھکیاں مجھے مت دینا۔۔۔۔۔بہزاد شاہ ہوں میں اس کو بھی تب کا مار دیتا لیکن قسمت ابھی اس کا ساتھ دے رہی ہے۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"تو بتائیں! کیا کر لیا اتنی دولت کا؟"

"کیونکہ اگلے چند لمحوں میں آپ کی دولت، آپ کا اللیگل دھندا، آپ کے مافیا سے تعلقات، آپ کے نقشِ قدم پر چلتا آپ کا بیٹا اور آپ کے سورسز کسی کام نہیں آئیں گے" بہزاد شاہ نے قدم آگے بڑھائے اور بالکل اس کے سامنے جا ٹھہرا۔

فیض شاہ آپے سے باہر ہوتا کھڑا ہوا تھا لیکن بہزاد شاہ نے ٹانگ میں فائیر کرتے اسے کھڑے ہونے سے قاصر کر دیا۔

"تم ایسا نہیں کر سکتے!"

"اچھا کیوں؟"

بہزاد شاہ نے اس کے پاس بیٹھتے کہا تو تب سے چہرے پر موجود ٹھنڈے تاثرات پل میں بدلے۔

چہرہ خطرناک حد تک سرخ پر گیا اور دماغ کی نسیں ابھرنے لگیں کہ اس وقت وہ اپنے باپ کے قاتل کے سامنے موجود تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"تمہارے باپ کو میں نے مارا تھا!! لیکن------"

ماہا نجانے کتنے دن بستر پر لگی رہی تھی۔

آنسو تو نکلے ہی نہیں تھے اس کی زندگی کا وہ واحد شخص بھی چھینا جا چکا تھا۔

اس کو بتایا گیا تھا کہ اس کے باپ کا قتل ہوا ہے اسے جلا کر مارا گیا ہے۔

URDU NOVEL BANK

کسی کی کیا دشمنی تھی اس کے باپ سے----اور کیا لوگ اتنے ظالم ہیں کہ کسی کو یوں سرِراہ قتل کر دیں! وہ بس ہوش میں آتے یہی سوچے گئی تھی۔

زندگی پہلے بھی آسان نہیں تھی لیکن وہ جانتی تھی اس کا باپ اس سے محبت کرتا ہے یہی وجہ تھی کہ اشعر فیض ناپسندیگی کے باوجود بھی کبھی فیض شاہ کے سامنے اس کو ہراساں نہیں کرو پایا تھا۔

لیکن اب------

اس کی آنکھیں جلنے لگی۔

اب نیچے سے آوازیں آنے لگیں تھیں۔

"کون آیا ہے؟" وہ چکراتے سر سے بولی۔

"پتا نہیں بی بی جی میں دیکھتی ہوں!"

ملازمہ بولتی باہر نکل گئی لیکن آوازیں بڑھتی چلی گئی تو وہ اپنی جگہ سے بمشکل اٹھی اور چکراتے سر کو تھامتے دروازے سے نکل کر ریلنگ تک آئی۔

لیکن سامنے کا منظر دیکھ کر بے یقین سی لڑکھڑا گئی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

"تمہاری بہن اب بیوی ہے میری!" یہ وہی شخص تھا۔

اشعر فیض نے آگے بڑھ کر اس کا گریبان تھاما۔

"ڈونٹ یو ڈئیر اشعر فیض شاہ! میں گریبان تک نہیں سیدھا گردن تک پہنچتا ہوں!"

سفیر شاہ نے اس کے ہاتھ گریبان سے ہٹاتے اسے پیچھے کو دھکا دیا۔

"تو اشعر شاہ کے گارڈز نے بندوقیں اس پر تانی!"

"ہاہاہا! مرد بنو مرد اشعر فیض شاہ! ان سب سے میں نہیں ڈرتا۔"

تو سالے ****نکل! اشعر شاہ نے زیرِ لب اسے گالی دی تھی کہ وہ آپے سے باہر ہوا تھا اس شخص کا مطالبہ سن کر۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

سفیر شاہ نے آگے بڑھتے اسے مکہ رسید کیا کہ اس کے ہونٹ کا کنارہ پھٹ گیا۔

"چچ چچ چچ! افسوس!"

"ویسے تو مں بہت مہذب انسان ہوں لیکن کیا ہے نا ماں بہن کی گالیاں میں نہ دیتا ہوں نا سننے کی سکت خود میں پاتا ہوں۔"

URDU NOVEL BANK

"آئندہ اختیاط کرنا! مرد ہو اپنی لڑائی آپ لڑو۔۔۔ماں بہنوں کو مت لاؤ!"

تم نکلو یہاں سے! اشعر شاہ نے اپنے گارڈ کو آگے بڑھتے دیکھ روکا اور اسے نکلنے کو کہا۔

کیونکہ وہ ماہا فیض کو جانے نہیں دے سکتا تھا لیکن سامنے شخص نکاح نامہ دکھائے اس کی آنکھوں میں آنکھیں ڈالے کھڑا تھا۔

"ڈئیر کزن!"

"آپ تو سوتیلے ہیں شاید اس لیے نہیں جانتے آپ کی سوتیلی بہن بچپن سے میرے نام سے منسوب ہے اور یہ نکاح آپ کے باپ نے ہی کروایا ہے۔"

"میری بیوی کو بلاو!" وہ شروع میں استہزایہ انداز اور پھر آخر میں سخت لہجے میں بولا۔

تو اشعر شاہ کی نگاہ ریلنگ کے پاس موجود پھٹی نگاہوں سے نیچے ان کی طرف دیکھتی ماہا کی طرف گئی۔

"ماہا فیض نیچے آؤ!"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

وہ دھاڑا کہ وہ کانپ گئی جبکہ سفیر شاہ نے مڑ کر یا نظر اٹھا کر اس کو دیکھنے کی کوشش نہ کی۔

ماہا اپنی جگہ جمی رہی۔

اس کا دماغ سائیں سائیں کر رہا تھا۔

کیا وہ اس کا کزن تھا؟ لیکن کیسے؟ وہ تو اپنے کسی رشتے دار کو نہیں جانتی تھی۔

"کیا بکواس کر رہا ہے یہ؟ کہاں منہ کالا کرتی۔۔۔۔"

"الفاظ کے چناؤ میں احتیاط برتیں سالے صاحب!"

سفیر شاہ کروفر سے صوفے پر بیٹھتا اپنا بازو پشت پر رکھتا "اُس" لڑکی کو دیکھتا بولا۔

ماہا کا وجود کانپ رہا تھا اسے لگا کسی بھی لمحے اس کی سانسیں اس کا ساتھ چھوڑ دیں گی۔

"بتاؤ! کیا یہ سچ کہہ رہا ہے؟"

"بھائی وہ۔۔۔۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

ماہا فیض کو لگا زندگی کی تمام آزمائشوں پر جیسے اس کا نام لکھ دیا گیا ہو وہ دونوں شخصیات جو اس پر لڑ رہیں تھی۔

دونوں اس سے نفرت کی دعوے دار تھیں لیکن اشعر فیص تو بھائی تھا اس کا سوتیلا ہی سہی لیکن وہ سامنے موجود اس شخص کو تو کبھی جانتی ہی نہیں تھی۔

"سامان سمیٹو اپنا ہم نکل رہے ہیں!" سفیر شاہ اپنی مہنگی گھڑی پر وقت دیکھتا فوراً کھڑا ہوا۔

بھائی! ماہا نے اشعر شاہ کے قریب ہونا چاہا۔

"چٹاخخخخ!"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

چہرے پر پڑنے والے تھپڑ پر وہاں موجود ملازم بھی ساکت رہ گئے تھے۔

ماہا فیض کو تو روئی تک نہ چھوئی تھی کبھی اور وہ شخص باپ کے مرنے پر ہی اپنا آپ دِکھا گیا تھا۔

ساری عزت مٹی میں ملا-----

ماہا زمین پر پڑی سسکی تھی چہرہ جل اٹھا تھا۔

URDU NOVEL BANK

سفیر شاہ آگے بڑھا اور اس پر حملہ کرتا دیوانہ وار سا اس کے چہرے پر مکے رسید کرنے لگا۔

"تیری ہمت کیسے ہوئی کسی عورت پر ہاتھ اٹھانے کی!

سفیر شاہ کے نام سے منسوب ہے وہ۔۔۔۔ میری بیوی ہے وہ۔۔۔۔میں جان سے مار دوں گا تجھے!"

سفیر شاہ نے کتنی ہی بار اس کے چہرے کو نشانہ بنایا تھا کہ اس کے سامنے اس کی بیوی، اس کی منکوحہ پر ہاتھ اٹھایا گیا تھا۔

گارڈز نے بمشکل اسے اشعر شاہ سے علیحدہ کیا جس کا نقشہ بگڑ گیا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

سفیر شاہ نے آگے بڑھتے ماہا کی کلائی تھامی اور اسے جھٹکے سے کھڑا کرتے اپنے ساتھ گھسیٹتا لے گیا۔

وہ مڑ کر اس گھر کو دیکھتی رہی جہاں اس نے اپنا بچپن گزارا تھا اپنے باپ کے ساتھ۔

اسے لگا زندگی اب مزید مشکل ہونے والی ہے۔

URDU NOVEL BANK

سفیر شاہ نے گاڑی میں بٹھاتے اسے گاڑی مین روڈ پر ڈالی اور فون کان سے لگایا۔

بھائی میں آ کر بات کرتا ہوں! وہ کہتا کال کاٹ گیا۔۔۔گاری ہوا سے باتیں کر رہی تھی۔

ماہا اس سے زیادہ خوفزدہ کبھی نہ ہوئی تھی۔

اشعر فیض شاہ بل کھاتا رہ گیا۔

وہ سنہری چڑیا اس کے ہاتھ سے نکل گئی تھی جس کے نام اس کے باپ کی ساری جائیداد تھی اور جہانگیر اعوان پاشا تو اسے چھوڑتا ہی نا جس کی نظر اس کی بہن پر نجانے کب سے تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

سفیر شاہ اپنے فلیٹ میں اسے لایا تھا اور اسے چھوڑتے وہ واپس باہر نکل گیا کہ اس نے اپنے حصے کا کام کر لیا تھا وہ بھی صرف اسی لیے کہ بہزاد شاہ نے کہا تھا۔

URDU NOVEL BANK

اس کے بعد وہ اس وجود سے لاتعلق ہو گیا تھا جیسے جانتا نہ ہو اسے یا جان بوجھ کر لاعلم اور فراموش کر گیا ہو۔

اسے اس فلیٹ سے آج اپنی ایک فائل چاہیے تھی دو دن ہو گئے تھے اس بات کو۔

وہ اندر داخل ہوا تو کھڑکی سے پھوٹتی روشنی کے علاوہ کوئی لائٹ موجود نہ تھی۔

اس نے اندر داخل ہوتے دروازہ لاک کیا اور آگے بڑھا۔

ماہا فیض کا وجود چھن سے یادوں کے پردے میں لہرایا تھا۔

وہ تیزی سے آگے بڑھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ دوبئی چلا گیا تھا اس دن واپسی پر اور کل رات ہی واپس لوٹا تھا۔

ماہا فیض کو کیسے بھول سکتا تھا وہی تو یہاں لایا تھا اسے۔

وہ تیزی سے اندر کمرے میں گیا اور پھر ایک کے بعد اور اس فلیٹ کے تینوں کمروں اور بالکونی کو دیکھ لیا تھا۔

URDU NOVEL BANK

اشعر فیض شاہ کا خیال آتے ہی اس کا دل کانپا لیکن نہیں یہاں کوئی آ ہی نہیں سکتا تھا یہ ممکن نہیں تھا نہیں تو اس کا سسٹم اسے اطلاح ضرور دیتا۔

وہ اس چھوٹے سے ٹیرس سے باہر نکلا کہ نظریں بھٹک کر بیڈ کے پاس نیچے اوندھے پڑے وجود پر پڑی۔

وہ ساکت رہ گیا۔

کیا یہ تربیت تھی اس کے بھائی کی؟

کیا وہ سچ میں ایسا تھا؟

بہزاد شاہ اسے جان سے مار دیتا! بھائی کا چہرہ یاد آتے ہی وہ تیزی سے جھکا اور ماہا کو سیدھا کیا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

دوپٹے سے ندارد وجود بکھرے بال اور پسینے سے بھرا چہرہ اور وجود وہ اس وقت بُری حالات میں تھی اسی دن کے پہنے شکن آلود لباس میں۔

اففف! سفیر شاہ تم کیسے بھول سکتے ہو؟ اس نے خود پر لعنت بھیجی۔

اس نے نبض چیک کی جو چل رہی تھی۔

URDU NOVEL BANK

کچن میں جو تھوڑا کھانے کا سامان تھا وہ استعمال ہوا تھا۔

اس نے ماہا کو اٹھا کر بستر پر ڈالا۔

ماہا؟

ماہا فیض؟

ماہا شاہ؟

""""ماہی!!""""

اس کا چہرہ تھپتھپاتے اسے مختلف ناموں سے بلانے لگا۔

ڈاکٹر کو وہ یہاں ہرگز نہیں بلا سکتا تھا کہ یہ فلیٹ اس نے محض اپنے لیے، اپنے کام کے لیے مختص کر رکھا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"ماہا؟"

اس کے چہرے سے ٹشو سے پسینہ صاف کرتے اس کی قمر سہلائی تو احساسات عجیب سے ہوئے۔

ماہا نے آنکھیں بمشکل کھولتے اسے دیکھا۔

URDU NOVEL BANK

دیکھو میری طرف؟

سفیر شاہ کی آواز کانوں میں گونج رہی تھی۔

"بابا---؟"

سفیر شاہ نے ہونٹ بھینچ لیے کہ اس شخص کا نام وہ کبھی نہیں سننا چاہتا تھا۔

م"یرے باپ کے قتل کا بدلہ تو بہت بعد میں آتا ہے فیض شاہ میری ماں کی

عزت پر ہاتھ ڈالا تُو نے-------!"

وہ رُک گیا کہ زبان انکاری ہوئی مزید کچھ کہنے سے

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

پرانے زخم پھر سے رسنے لگے تھے پل میں۔

نہیں------!

فیض شاہ کی آنکھیں خون کی وافر مقدار ضائع ہونے سے بند ہونے لگی تھیں۔

بہزاد نے وہیں موجود شراب کی بوتل اس پر پھینکی۔

URDU NOVEL BANK

آنکھیں بند نہ ہوں---آنکھیں بند نہ ہوں کہ تم دیکھ سکو قیامت بیتنا کسے کہتے ہیں تم دیکھ سکو کہ ازیت کی آخری حد کیا ہے؟

دیکھ سکو کے موت کو سامنے دیکھ کیسا لگتا ہے!

"حرام زندگی گزارتے موت بھی حرام ہی ملے گی تمہیں۔"

"تمہاری بیٹی جانتے ہو کہاں ہے----؟"

"میری بیٹی کو ہاتھ مت لگانا-----!"

فیض شاہ ایک ہی انسان سے تو اس دنیا میں پیار کرتا تھا اور وہ تھی اس کی بیٹی-----

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"یہی میری ماں نے کہا تھا تم سے-----جب تم نے-----"

وہ پھر رُک گیا----آسان کہاں تھا سالوں پہلی ملی ازیت کو پھر سے دہرانا۔

"میری بہن، ہماری فری کو مار دیا تم نے-----ہاتھ کیسے لگایا تم نے میری ماں بہن کو-----"وہ اس کے ہاتھوں پر بوٹ کا دباؤ بڑھا گیا تو فیض شاہ کی چیخیں کمرے میں گونجنے لگی۔

URDU NOVEL BANK

"تمہاری بیٹی میرے بھائی کے نکاح میں ہے جانتے ہو اس کا مطلب؟"

وہ سفاکیت سے بولا تو فیض شاہ کی آنکھوں میں اس نے پہلے بار خوف دیکھا۔

"اور تم جانتے ہو سفیر شاہ اس دنیا میں سب سے زیادہ نفرت تمہاری بیٹی سے کرتا ہے!"

وہ ایک آخری وار کر گیا تھا۔

"میری بیٹی۔۔۔۔۔"فیض شاہ کا آنسو گرا۔

"حیوانوں کی آنکھوں سے آنسو نہیں نکلا کرتے فیض شاہ۔۔۔۔۔قاتلوں کو درد نہیں محسوس ہونا چاہیے کبھی، تمہارا بیٹا تو مافیا کے بڑے لوگوں میں بیٹھتا ہے، تمہارے پاس اندھا دھن دولت ہے، زرائع چلاؤ اپنے اور اپنی موت سے بچ جاؤ!"

بہزاد شاہ کی جیب میں اس کا فون مسلسل بج رہا تھا وہ جانتا تھا فون کرنے والا سفیر شاہ تھا اور کسی کی اتنی ہمت نہیں ہو سکتی تھی۔

"خدا حافظ!"

بہزاد شاہ نے کہتے پڑول اس پر چھڑکا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

فیض شاہ کا پورا جسم خون سے تر تھا اب، سانسیں پھولیں تھیں لیکن بہزاد شاہ نے اسے بیہوش نہیں ہونے دیا تھا۔

"تمہاری بہن زندہ----!"

بہزاد شاہ کے آگ لگاتے ہی آگ بھڑک اٹھی تھی لیکن اس شخص کے آخری الفاظ اسے منجمد کر گئے تھے۔

کیا اس نے ٹھیک سنا تھا؟

یہ کیسے ممکن تھا----

نہیں وہ اپنی جان بچانے کے لیے جھوٹ------

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اس کا فون اب بنا رُکے بج رہا تھا----اس نے آتے جاتے حواسوں سے فون کان سے لگایا۔

وہاں سے نکلیں بھائی ابھی اور اسی وقت! سفیر شاہ چیخ رہا تھا۔

باہر دروازے پر شور ہونے لگا تھا----پولیس کے سائرن کی آوزیں یک دم سے ماحول کی خاموشی کو چیرنے لگی تھی۔

URDU NOVEL BANK

اس نے اس شخص کو دیکھا جو ابتر حالت میں کب سے اس دنیا سے ابدی زندگی کا سفر کر چکا تھا۔

اس نے ہوش میں آتے ہی کھڑکی سے چھلانگ لگائی تھی کہ داخلی دروازہ ٹوٹ چکا تھا۔

اس کی فلائٹ لینڈ ہو چکی تھی وہ اپنے آپ کو قابو میں کر چکا تھا۔

سفیر شاہ مطمئن تھا کہ وہ اس ملک سے نکل آیا ہے۔۔۔۔اس نے اپنے وہاں اُس ملک میں ہونے کے تمام نشانات مٹا دیے تھے۔

وہ جانتا تھا جلد یہ خبر آگ کی طرح پھیل جائے گی اور سب سے پہلے اشعر فیض شاہ کسی لاوے کی طرح پھٹے گا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

بھائی۔۔۔۔۔

"میں ٹھیک ہوں سفی! آرام کرنا چاہوں گا!"

وہ کہتا اپنے کمرے میں بند ہو گیا تو سفیر شاہ باہر نکل گیا۔

"آپی وہ کون تھا جو آپ کو اس دن چھوڑنے آیا تھا؟" انس نے استفسار کیا۔

URDU NOVEL BANK

"آفس کی گاڑی تھی!" حائفہ نے تیزی سے جواب دیا۔

"آپ کے آفس والے کب سے اتنی بڑی گاڑیاں رکھنے لگے اور آپ نے کیوں مجھے روتے فون کیا تھا؟"

دیر ہو گئی تھی میں ڈر گئی تھی حسن آج ہی اپنا امتحان دیتے ہاسٹل سے واپس آیا تھا اس لیے اس سے باز پرس کرنے لگا تھا۔

"اب باپ نہیں بنو اٹھو نکلو!" حائفہ نے کہا تو حسن نے اسے تکیہ دے مارا۔

اپیا! تم ہو ہی نہیں کسی کے پیار کے قابل!

وہ چیخا تو حائفہ نے اس پر حملہ کرتے اس کے منہ پر ناخنوں سے وار کیا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اور گھر میں حسن کی چیخ گونجی تھی اور سائمہ بیگم بھاگتی آئی تھی اور اب ان کے پاؤں کا جوتا تھا اور حائفہ سکندر کی قمر۔

"بابا کو بتاؤں گی میں!" وہ روتے چِلائی تھی پھر کمرے سے باہر نہ نکلی تھی۔

باپ کے آتے ہی وہ فوراً ان کے پاس گئی تھے جو کھانے کی میز پر بیٹھے تھے۔

"کیا کہا ہے میری بیٹی کو تم ماں بیٹے نے؟"

سکندر صاحب نے فوراً سے اسکی سوجی آنکھیں دیکھتے پوچھا تھا۔

"اپنی بیٹی کے کارنامے بھی بیٹے کے منہ پر دیکھ لیں!" سائمہ بیگم نے ان کو روٹی دیتے حائقہ کو گھورتے کہا تھا۔

"تو اس نے بھی تو مجھے مارا تھا اور باب ماما نے میری قمر پر دو بار جوتا مارا ہے!" وہ پھر سے آواز نم کر گئی تھی اور اس کی توقع کے عین مطابق اب سائمہ بیگم کو ڈانٹ پڑی تھی اس کو جوتا مارنے پر۔

کہ حائقہ سکندر پر ہاتھ اٹھانے کی اجازت ہرگز کسی کو نہ دی تھی سکندر صاحب نے۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"لیکن بیٹا آپ غلطی پر ہیں!"

انہوں نے حسن کے ماتھے پر دو جگہ اس کے ناخن کا نشان دیکھتے کہا۔

"ہاں میں مانتی ہوں!"

وہ پرسکون سے ہوتی اب باؤل سے سالن نکالنے لگی تو سب نے حیرت سے اسے دیکھا۔

URDU NOVEL BANK

ناخن کاٹو اپنے کھانا کھا کر سائمہ بیگم بولی تو وہ سر ہلا گئی۔

اگلی صبح اس نے پھر سے اپنے پرس کو پورے آفس میں ڈھونڈا تھا۔

"حائفہ پاگل ہو گئی ہو گمنے والی چیز تھی گم گئی تمہارے کون سے زیور تھے اس میں!"آفس کی لڑکی نے تپ کر کہا۔

"زیور۔۔۔۔میرا پورا بارہ سو روپیہ تھا ساتھ میرے تین گلوس تھے جو میں نے ابھی خریدیں تھے اور میرا مہنگا پرفیوم۔۔۔ہائے۔۔۔۔!"

وہ غم میں وہیں بیٹھ گئی تو سب نے اس کی اداکاری پر آنکھیں گھمائیں۔

"اب سب بھی کرو!" اب کہ صدف بولی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"کوئی بھی میرا دکھ نہیں سمجھتا۔۔!" وہ کہتی چھٹی ہوتے بنا کسی سے بات کیے باہر نکل گئی۔

وہ سڑک پر چلتے چلتے رُک گئی تو دو تین لوگوں نے مڑ کر اس پاگل لڑکی کو دیکھا۔

"ہاں! یاد آگیا۔۔۔۔یاد آگیا۔۔۔۔!"

URDU NOVEL BANK

وہ چیخی کے لوگ رُک گئے۔۔۔وہ خجل سے ہوتی تیزی سے رکشے میں بیٹھی اسے مطلوبہ جگہ کا اڈریس بتانے لگی۔

کہ آج آفس کی وین چلنے میں ابھی کچھ وقت تھا۔

وہ اس سڑو کے پاس رہ گیا تھا میرا بیگ۔۔۔۔ہاں اس کی گاڑی میں واپسی ہر۔۔۔لیکن دیکھو کتنا چور آدمی ہے بتایا بھی نہیں مجھے۔۔۔۔ضرور میری مہنگی پرفیوم پر دل آیا ہو گا اس کا۔۔۔۔۔!

وہ بڑبڑاتی گئی تھی سارہ راستہ لیکن خوش تھی کہ بلآخر اسے اتنے دونوں بعد یاد آگیا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ اس کی کمپنی کے باہر رکی تھی اور پھر بنا کسی سے پوچھے تیزی سے اوپر جانے لگی۔

مِس؟ ریسیپشن پر موجود لڑکی نے اسے آواز دی تو وہ پیر پٹکتی مڑی۔

"جی کس سے ملنا ہے؟"

"بہزاد شاہ سے!"

URDU NOVEL BANK

"کیا آپ کا کوئی آپاؤنٹمنٹ ہے؟"

"میں اِن کی دوست ہوں!"

وہ تیزی سے بولی تھی کیونکہ بنا آپاؤنٹمنٹ کے تو وہ اپنے وزیرِاعظم یعنی بوس تک اسے جانے نہ دیتی۔

اس کے دوست کہنے پر لڑکی نے اسے گھورا جیسے یقین نہ آیا ہو۔

"میں دوسرے شہر سے آئی ہوں ان کو سرپرائز دینے!" کیونکہ یہ وہ لڑکی نہیں تھی جو ریسیپشن پر پچھلی بار تھی جب وہ انٹرویو لینے آئی تھی اسی لیے من گھڑت کہانی اسے سنانے لگی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

پھر بھی میں پوچھ----

"ارےےےےے میں نے سرپرائز دینا ہے انہیں!"

وہ کہتی تیزی سے لڑکی کے ارے ارے کرتے لفٹ میں داخل ہو گئی۔

حائفہ چلی گئی تو وہ لڑکی فون بجنے پر پھر سے کام میں مصروف ہو گئی۔

حائفہ لفٹ سے نکلی تو آج وہ سٹائلش سی لڑکی بھی وہاں نہیں تھی۔

URDU NOVEL BANK

واہ! قسمت بھی ساتھ دے رہی ہے نہیں تو اس سڑو، اکڑو بادشاہ سے تو ایسے نہیں ملنے دیتے جیسے کسی ریاست کا بادشاہ ہو وہ!

وہ بڑبڑاتی اس کے کمرے کے دروازے کا نوب گھماتی اندر داخل ہوئی۔

اندر بیٹھے سفیر شاہ نے سر اٹھایا تھا۔

"بولو؟"

اففففف اب یہ بھی یہیں ہے سارے جہاں کی سردمہری ان دونوں بھائیوں کے لہجے میں آ بسی ہے لگتا لیکن سب ہی امیر لوگ اپنے آپ کو توپ چیز سمجھتے ہیں۔

مجھے بہزاد شاہ سے ملنا ہے!

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"اٹھو!"

اسے اٹھا کر بٹھایا تو وہ ہوش میں آئی اور سفیر کو دیکھ کر خوفزدہ ہوئی۔

"مجھے واپس-----"

URDU NOVEL BANK

"اب سے یہی تمہارا گھر ہے! شوہر کا گھر ہی بیوی کا گھر ہوتا ہے تم اس گھر سے کبھی نہیں جا سکتی اب اور یہ بات میں دوبارہ نہیں دہراؤں گا۔"

ماہا نے نم آنکھوں سے اسے دیکھا۔

کون سا شوہر اور کیسا شوہر! وہ خود کو رونے سے بعض رکھے ہوئے تھی۔

وہ شوہر جو زبردستی زندگی میں گُھسا تھا کسی آسیب کی طرح اور اب اسے یہاں لا کر اسے فراموش کر گیا تھا۔

اس نے ان دو دِنوں میں رونے کے علاؤہ کیا ہی کیا تھا۔۔۔خوف تھا کہ ہڈیوں میں جا بسا تھا اکیلے رہتے۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

تم یہاں سے نہیں جانا اب!

وہ آگے بڑھتی سفیر شاہ کا کالر تھامتی خوفزدہ ہوتی بولی تھی۔

"مجھے ڈر۔۔۔۔۔"وہ اب بھی ہلکے ہلکے کانپ رہی تھی۔

"اٹھو! نہا لو!"

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

سفیر شاہ نے اسے دور کرتے سنجیدگی سے کہا پہلی ملاقاتوں والی سختی مقصود نہ تھی۔

ماہا نے سر اٹھاتے اس شخص کی آنکھوں میں دیکھا۔

وہ آنکھیں حسین تھی بے حد حسین گہری ساہ آنکھیں ہاں گہری سیاہ آنکھیں کہاں کسی کی ہوتی ہیں۔

ماہا اسے دیکھتی رہی پھر بے اختیاری میں اس آنکھوں کو چھونے کے لیے ہاتھ بڑھایا کہ وہ اٹھ کھڑا ہوا۔

ماہا فیض ہوش میں آئی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

سفیر شاہ اس سے اتنی نفرت کرتا تھا کہ اس کا لمس بھی خود کی زات پر نہیں چاہتا تھا اس میں سناٹے اتر گیۓ۔

وہ شوہر جو اپنی بیوی کا لمس نہیں چاہتا تھا خود پر۔

اس کا مستقبل کیا تھا۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

کسی شہزادے کے خواب کیا یوں ہی ختم ہو جانے تھے سامنے والی کی نفرت برداشت کرتے کرتے۔

کیا اسے ایک بہترین شخص سے نوازہ نہیں گیا تھا۔

وہ بی ایس سی کی طالبہ تھی، اس نے نہایت سادہ زندگی گزاری تھی جس میں صرف وہ اور اس کا باپ تھا۔

باپ نے ہر آسائش اور محبت دی تھی لیکن زیادہ وقت نہیں دے پائے تھے جس کا اس نے گِلہ بارہا کیا تھا

سوتیلا بھائی جو باپ کے سامنے تو اسے برداشت کر لیتا تھا لیکن ان کی غیر موجودگی میں اس کا سانس سکھائے رکھتا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اسے یاد تھا ایک روز جب وہ لائٹ جانے پر ڈرتی کمرے سے نکلی تھی کہ ملازم سارے جا چکے تھے۔

وہ اشعر کے کمرے کی طرف بڑھی تھی کہ اس سے لائٹ کا پوچھ سکے۔

URDU NOVEL BANK

اس نے دروازے کا نوب ڈرتے گھمایا تھا لیکن سامنے کا منظر دیکھتے اس کی چیخ نکلتے نکلتے رہ گئی تھی۔

اس کا بھائی کسی لڑکی پر جھکا اپنی وحشت مٹا رہا تھا۔

لڑکی کی حالت صاف دیکھی جا سکتی تھی جس کے منہ پر سکارف باندھا گیا تھا اور وہ ہاتھ پاؤں مارتی رو رہی تھی دیوانہ وار۔

"بھائی؟"

وہ بے یقینی سے وہیں کھڑی تھی۔۔۔۔سانسوں کی رفتار سست پڑی تھی۔

اس کا بھائی اتنا گھٹیا تھا۔۔۔۔وہ جانتی تھی کہ وہ اسلحہ وغیرہ اور منشیات وغیرہ کا کام کرتا تھا لیکن کسی عورت کے ساتھ۔۔۔۔یہ احساس ہی سوہانِ روح تھا کہ اس کے سامنے اس کا بھائی کسی معصوم کی عزت کو تار تار کر رہا تھا۔

اگر کل کو اس کے بھائی کا کیا اس کے سامنے آجاتا اور کوئی یونہی اسے بھی پامال۔۔۔۔اس سے زیادہ وہ سوچ نہ سکی۔

"دفع ہو جاؤ اپنے کمرے میں!"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

اشعر فیض چلا رہا تھا لیکن وہ تو بس اس لڑکی تک پہنچنا چاہتی تھی۔

"چھوڑ دیں اس کو نہیں تو بابا کو بتا دوں گی!"

وہ دھمکی آمیز لہجے میں بولی جس کا اشعر فیض پر کوئی فرق نہیں پڑا تھا آخر اس کا باپ بھی تو یہی سب کرتا رہا تھا۔

نکلو فوراً! اشعر نے کہا اسے لڑکی تک پہنچنے سے پہلے ہی دھکا دیا تھا کہ وہ لڑکھڑائی تھی۔

"اسے واپس بھیجیں نہیں تو پولیس کو بلاؤ گی!"

وہ دیوانہ وار چلانے لگی اور جو ہاتھ میں آیا اسے اشعر فیض پر پھینکنے لگی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اور ملازموں کو چیخ کر بلانے لگی۔

اشعر فیض نے اس تک پہنچتے اس کے چہرے کا حال بگاڑ دیا تھا تھپڑوں سے لیکن اسے تو صرف سامنے موجود وجود نظر آرہا تھا جس کی آمید بھری نگاہیں ماہا فیض پر تھیں۔

وہ کیسے کسی لڑکی کے ساتھ اپنی آنکھوں کے سامنے یہ سب ہوتے دیکھتی۔

URDU NOVEL BANK

اس نے اپنا آپ چھڑوایا اور باہر بھاگ گئی۔

لڑکی نے آنکھیں موند لیں جیسے آخری امید بھی ماہا فیض کے جانے پر ختم ہو گئی ہو۔

وہ تیزی سے کریڈل اٹھاتی فون کال سے لگا گئی تھی۔

"مجھے مدد کی ضرورت ہے! آہ!" وہ کچھ مزید بولتی کہ اشعر فون کھینچ چکا تھا۔

لیکن وہ جانتا تھا پولیس کبھی بھی پہنچ جاتی اور اگر ایسا ہوتا تو فیض شاہ اس کو نہ چھوڑتا۔۔

بغیرت عورت تیرا تو میں وہ حال کروں گا کہ ساری زندگی یاد رکھے گی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"چھوڑ کر آؤ سالی کو!"

اس نے ڈرائیور کو دیکھتے اندر موجود لڑکی کو یہاں سے لے جانے کا کہا کہ اب رسک نہیں لے سکتا تھا۔

ماہا نے آسمان کی طرف نگاہ کی۔

اب رب العالمین اس کی حفاظت بھی کریں گے اس کا دل مطمئن ہوا اس نے ڈرائیور بابا کو دیکھتے آنکھیں موند لیں کہ وہ بزرگ تھے اور اچھے انسان تھے۔

اشعر فیض نے اسے ٹھوکر ماری اور گھر سے نکل گیا لیکن وہ پرسکون ہو گئی تھی جیسے۔

رب العالمین تمہیں اس کا صلّہ دے گا وہ لڑکی باہر نکلتے ماہا کو دیکھتی بولی تو ماہا نے مسکراہٹ دِکھائی تو وہ نکل گئی۔

اپنے بھائی سے ڈرتے اس کی زندگی گزر رہی تھی جب ایک روز وہ شخص اس کے کالج کی واپسی پر اس سے ملا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"وائٹ روز!"

یہی پہلا لفظ تو اس نے اپنے لیے سنا تھا اس وجیہ شخص سے جِسے ایک بار کوئی دیکھ لے تو مُڑ کر دیکھے بغیر نہ رہ سکے۔

شاید وہ بھی اس کی وجاہت کی قائل ہوتی لیکن اس کی خود کے لیے نفرت دیکھتے وہ اس سے بھی خوفزدہ ہوئی تھی۔

URDU NOVEL BANK

کیا دنیا میں تمام مرد عورتوں کو یوں ہی خوفزدہ کرتے ہیں؟ یہ سوال اس کے ذہن میں چپک کر رہ گیا۔

کچھ ہی دن پہلے آئے شخص نے نجانے کیوں لیکن بہت کچھ کر ڈالا تھا یہاں تک کے اس سے نکاح تک کر لیا تھا لیکن کیوں؟ ان۔سب سوالات کے جواب اس کے پاس نہیں تھے۔

لیکن اتنا وہ سمجھ گئی تھی کہ وہ شخص اس کے خاندان کو پسند نہیں کرتا تھا۔

لیکن خاندان سے زیادہ اس نے سفیر شاہ کی نگاہوں میں خود کے لیے نفرت دیکھی تھی شاید فیض شاہ اور اشعر فیض سے اس کی کسی قسم کی دشمنی ہوتی لیکن

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ----

وہ تو پہلی بار ہی ملی تھی اس شخص سے----پھر وہ کیسے اس سے اتنی نفرت کر سکتا تھا۔

کیا اس نے کچھ بگاڑا تھا؟ نہیں! ہر بار یہی جواب ملتا تھا اسے۔

اس کے یہاں لانے پر وہ خاموش ہو گئی تھی۔

URDU NOVEL BANK

روئی تھی بہت لیکن کس کے لیے۔۔۔واحد سہارا باپ تو مر گیا تھا بھائی ویس ہی اسے مار دیتا تو زندگی کا کوئی مقصد تو ویسے بھی نہیں بچا تھا اسی لیے اس نے خود کو وقت کے دہاڑے پر چھوڑنے کا فیصلہ کیا تھا۔

دو دن بمشکل وہاں موجود بریڈ جیم پر گزارے تھے کہ صرف وہی موجود تھا وہاں وہ کھانے کے بغیر رہ سکتی تھی لیکن اس خوف کا کیا کرتی جو شام کے اندھیرے کے ساتھ اس کے وجود پر حاوی ہو جاتا تھا۔

لیکن اب اس شخص کو سامنے دیکھتے اسے سب بھول گیا تھا۔

وہ اٹھی تو اسے چلنے میں دشواری ہوئی کہ نقاہت بہت تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

سفیر شاہ بھی آ گیا تھا وہاں موجود الماری سے کچھ ڈھونڈنے لگا وہ فلیٹ بالکل صاف تھا اور ہر چیز موجود تھی سوائے کھانے کے۔

سفیر شاہ نے ایک ٹی شرٹ اور ٹراوزر اس کو تھمایا اور باہر نکلنے لگا۔

"کیا تم جا رہے ہو۔۔۔۔۔؟"

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

لیکن سفیر شاہ کی سرد نگاہوں کو دیکھتی وہ خاموشی سے واش روم میں بند ہو گئی اور فریش ہوتے اسی کے دیے کپڑے پہنے اور باہر آتے اپنا آپ آئینے میں دیکھا۔

اس کی سفید ٹی شرٹ ماہا فیض کے گھٹنوں تک آ رہی تھی اور ٹراوزر تو اس نے نجانے کتنا ہی فولڈ کر لیا تھا وہ بالوں کو بنا سکھائے ہی باہر نکل گئی۔

جہاں وہ صوفے پر بیٹھا اپنی فائلز کو دیکھ رہا تھا جس کے لیے آیا تھا۔

اس کے وجود کو محسوس کرتے بھی سفیر شاہ نے نگاہیں نہ اٹھائیں تھیں کچھ دیر پہلے والی نرمی بھی نجانے کہاں چلی گئی تھیں۔

---

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"مِس آپ غالباً نیو ٹی وی کی جرنلسٹ ہیں!" اس کی یاداشت کی حائفہ سکندر قائل ہوئی۔

جی! اب میرا وقت نہ ضائع کریں پلیز وہ کہتی تیزی سے دروازہ کھولتی اندر داخل ہوئی۔

"ہیلو مسٹر بہزاد شاہ۔۔۔۔"

URDU NOVEL BANK

"زیادہ وقت آپ کا ضائع نہیں کروں گی نہیں تو کسی بھی وقت آپ کی وہ نک چڑھی ریسپشنلسٹ اور وہ جلاد سا بھائی اندر آجائیں گے۔"

"اس دن آپ کے گھر سے واپسی پر آپ جب مجھے چھوڑنے گئے تھے میرا بیگ آپ ہی کی گاڑی میں رہ گیا تھا لیکن آپ کتنے سیانے ہیں اتنے دن ہو گئے ہیں آپ نے مجھے بھجوایا بھی نہیں واپس۔۔۔"

وہ اتنی مگن تھی کہ اندر ایک سائیڈ پر بیٹھے لوگوں کو نہ دیکھ سکے جو دروازے کی پیچھے والی دیوار کے ساتھ موجود صوفوں پر براجمان تھے۔

"باہر جائیں!"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

بہزاد شاہ ضبط سے بس اتنا ہی بول پایا۔

"باہر نہیں گھر جاؤں گی میرا بیگ دیں۔۔۔میرا بارہ سو روپیہ تھا اندر اور میری پرفیوم۔۔۔۔کہیں کچھ کم نہیں ہونا چاہیے۔"

وہ پھر سے بولی تو بہزاد شاہ نے سفیر شاہ کو دیکھا جو ہونکوں کی طرح پیچھا کھڑا اس پاگل لڑکی کو سُن رہا تھا۔

URDU NOVEL BANK

"شٹ اپپپ! اینڈ گیٹ لوسٹ!"

وہ اتنی تیز دھاڑا کہ حائفہ سکندر سہم گئی۔

اس کا وجود پل میں کپکپانے لگا۔۔۔وہ اس دھاڑ پر اپنی جگہ منجمد ہو گئی اور لوگوں پر نظر پڑتے ہی سبکی کے احساس سے اس کی آنکھیں نم ہوئیں۔

اسے وہاں پر ہی کھڑے دیکھ کر اس سے پہلے کہ سفیر شاہ اسے کچھ کہتا بہزاد لمبے لمبے ڈگ بھرتا اس تک آیا ور اس کی بازو کو گرفت میں لیا۔

"سفیر شاہ ہینڈل دیم!" وہ کہتا باہر نکل گیا تو سفیر کو اس لڑکی پر ترس آیا۔ پہلی بار اسے کوئی لڑکی بری نہیں لگی تھی لیکن وہ کتنی شدید غلطی کر چکی تھی اس کے فرشتوں کو بھی شاید علم نہیں تھا۔

"یہ یہاں کیا کر رہی ہے؟"

اس نے باہر نکلتے دھاڑتے کہا تو اس فلور پر کام کرتے وہ گنے چنے پانچ چھ لوگ جمع ہونے لگے جس میں اس کی سیکرٹری بھی تھی۔

"سر۔۔۔؟"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

"اور تم۔۔۔! اس نے حائفہ کے بازو کو جھٹکے سے چھوڑا۔

کیا مینرز نہیں سکھائے تمہیں کہ کسی کے کمرے میں کیسے داخل ہوتے ہیں؟"

اس کے جھٹکا دینے پر حائفہ کے حجاب پر لگی واحد پِن گر گئی تھی جس سے اس کا حجاب ڈھیلا ہوا۔۔۔۔ یہ سب پل میں ہوا تھا۔

حائفہ نے آنکھوں سے ٹپ ٹپ گرتے آنسوؤں کو روکنا چاہا۔

"یہ اوپر کیسے آئی؟ کس چیز کے پیسے دیتا ہوں میں تم لوگوں کو کہ "کوئی بھی" میرے کمرے تک پہنچ جائے اور تم لوگوں کو خبر نہ ہو۔"

اس کے کوئی بھی کا مطلب سمجھتے حائفہ کا دل کیا کہ وہ پلٹ کر اس کے چہرے پر تھپڑ دے مارے لیکن اس وقت اس کا چہرہ پورا بھیگ گیا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"چلو!"

اس سیکرٹری نے آگے بڑھتے اس کے بازو کو تھامنا چاہا کہ حائفہ ایک قدم پیچھے کو ہوئی اور سر پر موجود حجاب آدھا ڈھلک گیا جس سے اس کے سر کے سامنے کے کچھ بال دِکھنے لگے۔

URDU NOVEL BANK

اس نے جھک کر اپنی پِن اٹھائی اور اپنے ڈھلکے ہوئے حجاب کو برابر کیا اور ایک آخری نظر بہزاد شاہ پر ڈالتے وہاں سے بھاگتے ہوئے نکل گئی۔

بہزاد شاہ اس کے پن اٹھانے پر تھم گیا تھا اور پھر اس کے حجاب کو کُھلا دیکھ ہوش میں آیا۔

"جائیں اپنا کام کریں!" سب چلے گئے لیکن وہ کئی لمحے وہیں کھڑا رہا۔-------

اس کی وجہ سے اس کا حجاب کُھل گیا تھا۔---وہ اپنے حواسوں میں لوٹتے صرف اتنا محسوس کر پایا تھا۔

وہ تیزی سے گلاس والز کے پاس آیا جہاں سے نیچے سڑک کا منظر واضح تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ باہر نکلی تھی تیزی سے اور اب سڑک کے کنارے کھڑی تھی۔

حجاب اچھے سے سر پر جما تھا اب لیکن اس کے وجود کا کانپنا وہ اتنی دور سے بھی محسوس کر سکتا تھا۔

"ڈیمممم!"

اس نے گلاس والز پر ہاتھ مارا تھا۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

وہ واپس مڑتا کہ رومان کو دیکھتا تھما جو اب اس کے پاس کھڑا اسے کچھ کہہ رہا تھا

پھر کیب روکتے اسے اس میں بٹھاتے پیسے ادا کیے تھے اس نے اور اس کے

جانے پر واپس اندر کی طرف آیا تھا۔

بہزاد شاہ لفٹ میں داخل ہوتا تیزی سے باہر نکل گیا۔

جبکہ آدھے لوگوں نے پہلے اس لڑکی کو روتے اور پھر بہزاد شاہ کو یوں تیزی سے

باہر نکلتے دیکھا تھا۔

نکلو!

اس نے ڈرائیور کو کہا اور خود ڈرائیونگ سیٹ پر بیٹھا اور ریش ڈرائیونگ کرتا پارکنگ

سے گاڑی نکال کر لے گیا وہ کہاں جا رہا تھا نہیں جانتا تھا اور وہ یوں وہاں سے

اپنی میٹنگ چھوڑتا کیوں نکلا تھا یہ بھی نہیں جانتا تھا۔

"بھائی؟" سفیر شاہ کی کال تھی

"سفی میں گھر جا رہا ہوں-----"بہزاد شاہ نے کہتے کال کاٹ دی اور گھر کے

راستے پر گاڑی ڈالی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اور پھر نجانے کیوں وہ بیچین ہی رہا تھا۔۔۔اس عام سی لڑکی سے اُسے اتنا فرق کیوں پڑ رہا تھا جبکہ غلطی بھی اس بیوقوف لڑکی کی تھی اس کے نزدیک۔

لیکن اس نے ہاتھ کیوں لگایا تھا اسے؟

وہ ایسا کوئی حق نہیں رکھتا تھا اور ایسا اس نے پہلے کبھی نہیں کیا تھا۔

اس کی آنکھوں میں اب بھی وہ منظر لہرا رہا تھا جب وہ اپنے حجاب کی پِن اٹھا رہی تھی۔

اس نے اسے بے حجاب کیا تھا۔۔زیادہ نہیں لیکن وہاں موجود چھ لوگوں کی نظر تو اس کے بالوں پر پڑی تھی جو اس نے ڈھانپے ہوئے تھے۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اس نے سگریٹ سلگایا تھا ساری رات۔

دوسری طرف حائفہ نے خود کو پُرسکون کیا۔۔۔۔۔اسے گھر جانا تھا اب۔

اور اس حالت میں وہ کیسے گھر جا سکتی تھی۔

URDU NOVEL BANK

وہ واپس آفس گئی اور وہاں آور ٹائم کام کیا اور واش روم میں جاتے چہرے کو انگنت بار دھویا کہ کہیں اس کے گھر والے اس کی آنکھوں سے جان نا جائیں کہ کسی نے اس کو بُرے طریقے سے ہرٹ کرتے رُلایا ہے۔

لیکن بہزاد شاہ نے اسے کافی ہرٹ کیا تھا۔

اس کی آنکھیں جب بھی وہ منظر یاد کرتی تھی بھیگ جاتی تھی جب ان سب کے سامنے اس کا حجاب کُھل گیا تھا اور کتنی سبکی کا سامنہ کرنا پڑا تھا اسے۔

تذلیل کی تھی اس شخص نے اس کی سب کے سامنے۔۔۔۔۔صرف اس لیے کہ وہ بنا اجازت اس کے کمرے میں چلی گئی تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"کیا یہ اتنی بڑی بات تھی؟"

اب وہ کبھی اس شخص سے سامنہ نہیں چاہتی تھی۔۔۔اس کے دل میں بہزاد شاہ کے لیے ناپسندیدگی کا عنصر نمایاں ہوتا چلا گیا تھا۔

اگلی صبح وہ تیار ہوتا باہر نکلا۔

"بھائی؟" سفیر شاہ نے اسے ناشتے کی میز پر بُلایا۔

"ابھی موڈ نہیں ہے سفی۔۔۔"

"بھائی پلیز آجائیں!"

وہ سفیر شاہ کے اصرار پر جا کر بیٹھ گیا اور کافی منگوائی۔

"بھائی! آپ نے کل اس لڑکی۔۔۔۔"

"شاہ۔۔۔۔۔!!"

"آپ نے غلط کیا بھائی۔۔۔وہ معصوم تھی ایسے تو نہیں ٹریٹ کرنا چاہیے تھا اسے! مجھے بتایا عائشہ (سیکرٹری) نے کہ اس کا سکارف بھی کُھل گیا تھا۔"

سفییییی!

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

بہزاد شاہ بولا تو سفیر شاہ خاموش ہو گیا۔

اس نے سنجیدگی سے بہزار شاہ کو دیکھا۔۔۔۔وہ کیسے نا اس کی بےچینی محسوس کرتا اور ایسا اُن کی زندگی میں پہلی بار ہوا تھا کہ بہزاد شاہ کو کسی لڑکی نے بےچین کیا تھا۔

وہ خاموش ہو گیا۔

URDU NOVEL BANK

بہزاد شاہ کافی پیتا اس کے بالوں میں ہاتھ پھیرتا باہر نکل گیا کہ سفید شاہ کے علاؤہ وہ کسی سے محبت نہ کرتا تھا۔

سارا دن کام کرتے بھی اسے کل کا منظر نہیں بھولا تھا۔

گہرا سانس بھرتے وہ اٹھ گیا۔

جب بیچینی حد سے سوا ہو جائے تو علاج ڈھونڈنا پڑتا ہے اور وہ بھی علاج ہی ڈھونڈنے جا رہا تھا اپنی بے چینی کا۔

وہ سیدھا نیو ٹی وی کے آفس آیا تھا۔

اس کے آتے ہی بھگ در سی مچ گئی تھی کہ بہزاد شاہ خود وہاں تشریف لایا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

جو لوگ جانے بھی لگے تھے وہ بھی رُک گئے تھے۔

"چلیں صدف آپی"! حائفہ نے بیزاری سے کہا۔

"دیکھ تو لینے دو کہ مسٹر شاہ آج کیوں آئیں ہیں ایسا تو پہلے کبھی نہیں ہوا۔"

"ہمیں کیا لگے وہ کیوں آئے ہیں!" حائفہ ناپسندیدگی سے بولی تھی۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

"سامان کچھ دیر میں لا دیتا ہوں!"

وہ سر اٹھائے بغیر بولا تو ماہا وہیں بیٹھ گئی اس کے بالوں سے پانی کے قطرے اب گر رہے تھے وہ بُرے طریقے سے اپنے ہاتھ کی انگلیوں کو مڑوڑ رہی تھی۔

"اب آگے کیا ہونا تھا؟"

کیا وہ پھر سے اسے چھوڑ جائے گا؟ کیا یہاں قیدی بنی ہی وہ مر جائے گی؟

وہ اٹھی اور چھوٹے چھوٹے قدم اٹھاتی اس شخص تک پہنچی وہ اس سے منت کرنے والی تھی کہ وہ یہاں سے نا جائے نہیں تو وہ خوف سے مر جائے گی۔

وہ انگلیاں مڑوڑتی اس کے پاس جا کھڑی ہوئی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

سفیر شاہ جو تیزی سے کسی فائل کے ورق الٹتا نشان لگا رہا تھا فائیل پر پانی کے قطرے گرتے دیکھ سر اٹھایا۔

وہ اس کے پاس ہی کھڑی ہونے کاٹتی انگلیاں مڑوڑتی کھڑی تھی۔

"بولو؟" وہ صوفے پر پیچھے ہو کر بیٹھتا اس پر گہری نگاہ ڈالتا بولا۔

URDU NOVEL BANK

اس کے ڈھیلے کپڑوں میں نم گھنگرالے بال جو لاپرواہی سے بکھرے تھے اس کے شانوں پر وہ چھوٹے قد کی خوبصورت لڑکی تھی جس کی آنکھیں ہلکے بھورے رنگ کی تھی، صاف رنگت اور ہلکے گلابی گال اور ہونٹ، نازک سراپہ وہ بلاشبہ کسی کی بھی خواہش بن سکتی تھی۔

خود پر سفید شاہ کی نگاہیں محسوس کرتے اسے پہلی بار زندگی میں دوپٹے کی کمی محسوس ہوئی تھی۔

"تمہیں لگتا ہے تمہارا یہ وجود میری توجہ تمہاری جانب مبذول کر سکتا ہے تو غلطی پر ہو میں نے بہت حسن دیکھا ہے دنیا میں تو یہ کوشش تمہاری عبث جائے گی۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ سرد سے لہجے میں بولتا اس پر سے نگاہیں ہٹا گیا۔

ماہا کو لگا کسی نے اسے تھپڑ دے مارا ہو کیا وہ اتنی عرضا تھیں کہ اس شخص کی توجہ حاصل کرنے کی ایسی کوششیں کرتیں۔

"مجھے ایسی خواہشات لاحق نہیں ہیں" وہ ممنائی۔چہرہ خفت کے مارے سرخ پڑا اور وہ پیچھے پلٹتی اسی کمرے میں واپس چلی گئی جہاں سے آئی تھی۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

سفیر شاہ کے لب استہزایہ مسکراہٹ میں ڈھلکے پھر کام ختم کرتا گاڑی کی چابیاں اٹھاتا باہر نکل گیا۔

ماہا فیض نے دروازہ بند ہونے پر آنسوؤں کو اپنے اندر اتارا۔

وہ اس چار دیواری میں پھر سے اکیلی قیدی رہ گئی تھی بیڈ پر اوندھے پڑتے اس کی سسکیاں تکیے میں معدوم پڑنے لگیں۔

وہ سامان خرید کر واپس آیا اور کچن میں رکھا اور واپس کمرے میں گیا جہاں وہ بیڈ پر پڑی تھی۔

سامان لے آیا ہوں دیکھ لو پورا ہے!

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ شانِ بے نیازی سے کہتا اس کے روتے چہرے کو دیکھے دروازہ بند کرتا باہر نکل گیا۔

وہ منہ دھو کر باہر آئی تو واپس سے صوفے پر بیٹھا اپنا کام کر رہا تھا۔

"جی بھائی؟"

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

اب وہ فون پر مصروف تھا لیکن اس کی آواز ماہا فیض کے کانوں تک آسانی سے پہنچ رہی تھی۔

"میں آجاتا ہوں بھائی!" اس کی آواز میں موجود عزت اور محبت صاف جھلک رہی تھی۔

"میں نے فائیل بنا لی ہے میں پہنچتا ہوں! اوکے!"

وہ کہتا تیزی سے چیزیں سمیٹنے لگا اور پھر بنا کچھ کہے باہر نکلنے لگا۔

"باہر سے ہی لاک کر کے جا رہا ہوں!" وہ سنجیدگی سے بتاتا اس کی سنے بغیر نکل گیا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ماہا کو لگ رہا تھا وہ وہاں کی قیدی ہے۔۔۔۔کیا یہی اسکی زندگی تھی اس کا دل کیا اونچی آواز میں روئے کہ دنیا کا ہر فرد اس کی ازیت کی داستان سُن سکے۔

نہیں! اُسے کچھ کرنا تھا! وہ شخص اس کا نہیں تھا نا اس کے لیے بنایا گیا تھا وہ تو کسی مقصد، کسی نفرت کے سبب یہاں تھی۔

وہ ساری زندگی کس کی نفرت بن کر نہیں جینا چاہتی تھی۔

URDU NOVEL BANK

وہ سب مردوں سے دور جانا چاہتی تھی جنہوں نے اسے تکلیف کے علاوہ کچھ نہیں دیا تھا۔

وہ سامان لگاتی اپنے لیے بریڈ انڈا بنانے لگی۔

اسے سفیر شاہ کے بھائی تک رسائی حاصل کرنی تھی۔۔۔۔سفیر شاہ شاید صرف اسی سے ڈرتا تھا۔۔۔شاید وہ شخص اسے یہاں سے نکلوا لیتا نہیں اور شاید اس بے نام اور زبردستی کے رشتے سے بھی۔

اسے سفیر شاہ کا فون چاہیے تھا بس اب کسی بھی طرح سے۔

سرویئر ہاؤس میں آگ لگی ہے! یہ خبر سفیر شاہ اور بہزاد شاہ پر بجلی بن کر گری تھی۔

"یہ کیسے ممکن تھا؟"

وہ دونوں پاگلوں کی طرح دوڑے گئے تھے وہ جگہ ان کے لیے کیا معنی رکھتی تھی کوئی نہیں سمجھ سکتا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

یہ ان کی ماں اور بہن کا مشترکہ خواب تھا۔۔۔۔۔یہی وجہ تھی کہ وہ اور کسی چیز کا بزنس کیے بغیر ڈیزائنیر ہاؤس کھولے بیٹھے تھے لیکن ان کا اصل کام کیا تھا کوئی نہیں جانتا تھا۔

"یہ کیسے ممکن ہے سفی!" سفیر شاہ نے سالوں بعد بہزاد شاہ کی آواز کو یوں ٹوٹے ہوئے دیکھا تھا۔

وہ دونوں وہاں فوراً پہنچے تھے لیکن کسی بڑے نقصان سے بچ گئے تھے کیونکہ آگ پورے طریقے سے نہیں پھیلی تھی ان کا نچلے پورشن کا پچھلا حصہ جلا تھا جن میں ان کے نئے ڈیزائنز پر کام ہو رہا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

نقصان کافی بڑا تھا لیکن اس جگہ کو محفوظ دیکھ کر وہ کچھ مطمئن ہوئے تھے۔ بہزاد شاہ کی غصے سے پھولتی رگیں اسے بیچین کر رہی تھیں اس نے کب اسے یوں بے بس پایا تھا۔

"بھائی ریلیکس کچھ نہیں ہوا ہم اس نقصان کی بھرپائی کر لیں گے۔"

URDU NOVEL BANK

"کر لیں گے لیکن جس نے یہ کیا ہے اس کا ناقابلِ برداشت نقصان ہونا قرار پاتا ہے اب۔"

وہ فوراً اٹھتا کیمراز کی ریکارڈنگ چیک کرنے گیا تھا۔

جہاں اسے خاص کچھ نہیں ملا تھا سوائے اس ایک شخص کے جو کچھ مشکوک لگا تھا انہیں۔

ان دونوں کی نگاہیں ان انگنت سکرینز پر چپکی تھی جب اس شخص نے یہاں وہاں دیکھتے بجلی کی تاروں سے چھیڑ چھاڑ کی تھی تاکہ وہ حادثہ لگے شارٹ سرکٹ کا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

بہزاد شاہ نے مٹھی بھینچتے غیض و غضب بھری نگاہوں سے اس شخص کے چہرے کو حفظ کیا۔

"یہ کل صبح تک مجھے باہر کُھلی ہوا میں سانس لیتا نا دِکھے" اس نے مخصوص لوگوں کو کہا اور اٹھ کھڑا ہوا۔

URDU NOVEL BANK

اُسے جلد سے جلد اس جگہ کو ٹھیک کروانا تھا کہ ان کی نئ کولیکشن کی لانچ کے ساتھ انہوں نے این جی او کی بنیاد بھی رکھنی تھی جو بزرگوں کے لیے تھی۔

ان سب میں وہ دونوں کافی تھک گئے تھے۔

"کہاں آ رہے ہو؟" بہزاد شاہ نے اسے اپنے ساتھ آتے سنجیدگی سے استفسار کیا۔

"آپ کے ساتھ گھر۔۔۔کافی تھک گیا ہوں اور کہاں جاؤں گا" وہ تعجب سے بولا۔

"وہیں جاؤ جہاں اپنی بیوی کو رکھا ہوا ہے یا اسے بھی گھر لاؤ!"

بھائی! سفیر شاہ نے حیرت سے کنگ اسے دیکھا آیا وہ ابھی اپنی بات کو رد کر دے گا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"سفی جاؤ! وہ اکیلی ہو گی!"

بہزاد شاہ اب کے نرمی سے بولا تو وہ دوسری گاڑی کی جانب بڑھ گیا کہ اس کی کوئی بات نہیں ٹالتا تھا۔

لیکن اس وقت ماہا فیض کی شکل نہیں دیکھنا چاہتا تھا وہ کم از کم۔

URDU NOVEL BANK

وہ صبح کے پانچ بجے گھر میں داخل ہوا جہاں خاموشی تھی وہ سوئی تھی اپنے کمرے میں جہاں اس دن سے ٹھہری تھی۔

وہ تھکے اعصابوں کے ساتھ ساتھ والے کمرے میں بند ہو گیا فریش ہوتے ہی بیڈ پر گرا کہ آنکھیں نیند اور تھکاوٹ سے بے حال تھیں۔

ماہا نے اٹھتے بے دلی سے فریش ہوتے کمرے کی حالت کو بہتر کیا اور باہر آئی جہاں سفیر شاہ کی چیزیں بکھری دیکھ اسے اندازہ ہوا کہ وہ گھر پر ہی موجود ہے۔

اس وقت گھڑی نو بجا رہی تھی۔

اس کا دل دھڑکا اسے جو بھی کرنا تھا آج ہی کرنا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ ساتھ والے کمرے میں بنا آواز پیدا کیے دھڑکتے دل کے ساتھ داخل ہوئی۔

وہ اوندھا پڑا بے فکری کی نیند سو رہا تھا۔

وہ بنا چاپ کیے اس تک آئی اور یہاں وہاں دیکھا سائیڈ دراز پر اس کا فون اور گاڑی کی چابیاں پڑی تھیں۔

اس کا دل مانو کانوں میں دھڑک رہا تھا، خوف سے ٹانگیں کانپ رہی تھی لیکن اس قید سے رہائی کے لیے اسے خود ہی کچھ کرنا تھا۔

سر شفیق حائفہ کو بلا رہے ہیں! ملازم نے آ کر کہا تو سب کی گردنیں حائفہ کی جانب مڑی۔

وہ سب کو نظرانداز کرتی اٹھ کھڑی ہوئی پھر اندر داخل ہوئی اور سلام کیے بنا اس شخص کو نظرانداز کیے شفیق سر کو دیکھا۔

سر آپ نے بلایا؟

جی حائفہ بیٹا اس دن پارٹی میں آپ کا بیگ رہ گیا تھا مسٹر بہزاد مجھ سے ملنا چاہتے تھے تو یہ بھی ساتھ لے آئے۔

تھینک یو سر!

اس نے بیگ تھاما اور باہر نکل گئی اب کی بار بھی اُس کو نہیں دیکھا تھا۔

اور یہی چیز بہزاد شاہ کو ہضم نہیں ہوئی تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

پھر ملاقات ہو گی! وہ شفیق سے کہتا باہر نکل گیا جبکہ اب بھی سب کی نگاہیں اُسی پر تھیں۔

وہ اس سے بات کیے بغیر نہیں جانا چاہتا تھا لیکن سب کو ایک ہی آفس وین میں بیٹھتے دیکھ وہ سٹرینگ ویل پر ہاتھ مار کر رہ گیا۔

مل گیا بیگ؟ سائمہ بیگم نے اس کے ہاتھوں میں اس کا بیگ دیکھتے استسفار کیا کیونکہ اس نے کافی واویلا مچا رکھا تھا اس بیگ کے لیے۔

جی!

کہاں سے؟

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

آفس میں سے ہی! وہ بولتی کھانا کھانے لگی۔

حائفہ بیٹا طبیعت ٹھیک ہے؟ اسے کل سے خاموش دیکھ کر سکندر صاحب نے استسفار کیا۔

جی بابا۔۔۔۔بس سر میں درد ہے!

اچھا چلو دوا لو اور آرام کرو! وہ بولے تو وہ کھانا کھا کر دوا لیتی کمرے میں چلی گئی۔

URDU NOVEL BANK

اسے بہزاد شاہ سے کوئی لینا دینا نہیں تھا۔۔۔اس نے سوچ لیا تھا وہ کوئی انٹرویو اس شخص کا نہیں لے گی مستقبل میں بھی کبھی۔۔۔۔وہ بھول جائے گی کہ اس نام کے کسی شخص کو وہ جانتی بھی تھی۔

لیکن اگلی صبح اپنے سامنے بہزاد شاہ کو دیکھتے وہ ٹھٹکی تھی۔

آج وہ لیٹ ہو گئی تھی اس لیے اسے سکندر صاحب نے چھوڑا تھا۔

بہزاد شاہ کی گاڑی وہیں آفس سے کچھ دور دیکھتے وہ ٹھٹکی ضرور تھی لیکن پھر نظرانداز کر دیا۔

مس حائفہ!

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

حافظہ نے اپنے نام کی پکار سن کر بھی نظرانداز کیا۔

حائفہ! کیا آپ چاہتی ہیں کہ پوری سڑک پر موجود لوگ رُک کر ہماری بات سنیں؟

وہ سنجیدگی سے بولا تو حافظہ کے قدم تھمے۔

واپس اس تک تیزی سے آئی۔

URDU NOVEL BANK

مسٹر بہزاد مجھے نہیں لگتا ہم ایک دوسرے کو جانتے ہیں اور جو آپ اس دن کر چکے ہیں اس کے بعد میں اپنی یاداشت کے صفحوں سے آپ کو مٹا چکی ہوں اور یوں سڑک پر کھڑے ہو کر مجھے مخاطب کرنے پر میں بھی آپ کو ویسے ہی زلیل کر سکتی ہوں جیسے آپ نے مجھے آپ کے آفس میں کیا تھا۔

وہ اس کی آنکھوں میں آنکھیں ڈالتی بولی۔

وہ کتنی بھی لاپرواہ کیوں نہ سہی لیکن عزتِ نفس سے بڑھ کر کچھ نہیں تھا۔

میری بات سنیں! بہزاد شاہ نے سنجیدگی سے کہا۔

ابھی میں نے-----

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اگر نہیں چاہتی کہ کوئی ہمیں دیکھے تو مہربانی کریں راستہ چھوڑیں اور میرے ساتھ آئیں۔

ہرگز نہیں!

وہ سامنے میری گاڑی کھڑی ہے حائفہ! وہ مِس ہٹا چکا تھا لیکن حائفہ نے غور نہیں کیا۔

URDU NOVEL BANK

آپ کو سمجھ نہیں آرہی ----؟

بہزاد شاہ مڑا اور اس کے نزدیک آتا کہ وہ تیز تیز قدموں سے اس سے پہلے ہی اس کی گاڑی تک پہنچ گئی کہ کہیں پھر وہ اس کی بازو کو گرفت میں نہ لے لے۔

جلدی بولیں!

آپ نے اپنے بیگ میں چیزیں چیک کر لیں تھیں؟

کیا آپ نے مجھے یہ پوچھنے کے لیے روکا ہے؟ دوبدو جواب آیا۔

دیکھیں حائفہ آپ کا اس دن حجاب کُھل گیا تھا جس کی وجہ سے میں یہاں موجود ہوں-----وہ سب اچانک ہوا تھا میرا ہرگز ہرگز ایسا کرنے کا ارادہ نہ تھا کہ----

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

آپ کا شکریہ! آپ نے اتنی عزت بخشی تھی مجھے----حائفہ کی آنکھیں پھر سے نم ہوئیں۔

میں آپ کو کبھی معاف نہیں کروں گی! وہ بیگ سے ٹشو ڈھونڈنے لگی کہ بہزاد شاہ نے اپنی گاڑی میں سے نکال کر اس کے آگے کیے۔

میرا مقصد آپ کو رُلانا نہیں ہے---بہزاد شاہ بےچین ہوا۔

URDU NOVEL BANK

رُلا آپ اس دن چکے ہیں اور جتنی سبکی میں نے اس دن محسوس کی ہے کبھی کسی نے مجھے اتنا رسوا نہیں کیا وہ اب باقاعدہ رونے لگی تھی۔

بہزاد شاہ نے اس کے آگے کھڑے ہوتے اسے بالکل چھپا دیا تھا کہ کسی کی نظر اس پر نہ پڑے۔

آئیم سوری! اور وہ بول گیا تھا۔

بہزاد شاہ اپنی زندگی میں پہلی بار کسی صنفِ نازک کے لیے صبح صبح وہاں موجود تھا اپنے سارے کام ملتوی کیے اور اب پہلی بار کسی لڑکی سے معافی مانگ رہا تھا۔

حائفہ سکندر خاص تھی اس بات کا ادراک تو ہو گیا تھا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

معافی مانگنے سے کیا ہو گا۔۔۔۔۔؟ وہ سسکی بھرتے بولی تھی۔

رونا بند کریں! اس کی سرخ ہوتی ناک کو دیکھتا وہ بولا۔

یہ آپ کا آفس نہیں ہے مجھ پر حکم نہیں چلائیں اور پیچھے ہٹیں! وہ بولی لیکن بہزاد شاہ پیچھے نہیں ہوا اور ٹشو پھر سے اس کے آگے کیے۔

چہرہ صاف کریں!

اب کہ وہ سنجیدگی سے بولا تھا اس لڑکی کے آنسو اسے بالکل پسند نہیں آئے تھے۔

آپ ہر لڑکی کی بے عزتی کرنے کے بعد اس سے یوں ہی معافی مانگتے ہیں؟

آپ پہلی اور آخری لڑکی ہیں! نہایت سادہ الفاظ-----

ویسے آپ کے پیسے پورے تھے؟ وہ نجانے کیوں لیکن آنکھوں میں چمک لیے بولا تو حائفہ نے آنکھیں چھوٹی کیے اسے دیکھا۔

آپ نے میرا بیگ کھولا تھا؟ وہ آنکھیں چھوٹی کیے اسے دیکھتے بولی۔

بہزاد نے کندھے اچکائے---اس لڑکی سے زیادہ اس کی آنکھیں بولتی تھی۔

تو میں سمجھوں آپ نے مجھے معاف کیا؟ شاید وہ پہلی بار کسی کے سامنے یوں موجود تھا معافی کا طلبگار بنے۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اپنے سب کام چھوڑے---اپنی میٹنگز کو چھوڑے وہ یوں سڑک پر کھڑا ایک عام سی لاپرواہ لڑکی کے سامنے ٹشو کا ڈبہ تھامے اس کی معافی کے لیے کھڑا تھا۔

اِس بہزاد شاہ کو تو وہ خود نہیں جانتا تھا۔

بالکل نہیں!

URDU NOVEL BANK

اب ہم کبھی نہیں ملیں گے! میں آپ کو اپنی زندگی میں دوبارہ کبھی نہیں دیکھنا چاہتی خدا حافظ!

وہ کہتی آگے بڑھ گئی لیکن وہ وہی کھڑا رہا۔

اس کی پشت کو دیکھتے اس کے کہے آخری الفاظ کے حصار میں۔

کیا اس نے اِس حد تک ہرٹ کیا تھا اُسے کہ وہ اسے دیکھنا نہیں چاہتی تھی مستقبل میں؟

اس بات نے اس کی اندر کی بے چینی کو مزید بڑھایا تھا وہ گاڑی آفس کی طرف موڑ گیا تھا اور پھر سارا دن مصروف رہا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اپنے آپ کو کیا سمجھتا ہے؟

کیا آئیم سوری سے سوری ہو جاتی ہے۔۔۔۔ام ہمممم!

تمہیں بھی اسے کوئی سخت سزا دینی چاہیے تھی حائفہ! وہ خود سے باتیں کر رہی تھی۔

URDU NOVEL BANK

ان سب میں وہ یہ فراموش کر گئی تھی کہ بہزاد شاہ خود چل کر دو بار صرف اس کے لیے وہاں آیا تھا۔

بھائی مجھے کچھ پتا لگا ہے آپ کے بارے میں!

وہ دونوں اس وقت کام کرنے کے بعد کافی پی رہے تھے۔

کیا؟

کہ آپ اس لڑکی سے ملنے گئے تھے۔

کس سے؟ بہزاد شاہ جھٹکے سے مڑا تھا۔

کتنی لڑکیوں کو ملتے ہیں آپ؟

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

سفی تمہیں کیسے پتا ہے؟

بس میں نے نظر رکھی ہوئی ہے آپ پر---اچھا بتائیں پھر کیا کہا اس نے؟

میں نے بیگ واپس کرنا تھا اس کا کر دیا۔

ہاں یہ تو پہلے دن کی بات ہے لیکن دوسرے دن سڑک کنارے کیا بات ہوئی؟

وہ بولا تو بہزاد نے اسے گھورا۔

URDU NOVEL BANK

کس نے بتایا ہے تمہیں؟

رومان نے دیکھا تھا آپ کو! سفیر نے بتایا تو بہزاد شاہ نے ہونٹ بھینچے۔

وہ کیا لینے گیا تھا وہاں؟

پتا نہیں! سفیر شاہ نے کندھے اچکائے۔

اب بتائیں تو کیا بات ہوئی؟

کچھ نہیں سوری بولا میں نے لیکن وہ مجھ سے مستقبل میں کبھی ملنا نہیں چاہتی

بہزاد شاہ نے اس کی طرف پشت کرتے کہا۔

اور پہلا جھٹکا لگا تھا سفیر شاہ کو کہ بہزاد نے کسی سے معافی مانگی تھی وہ بھی

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کسی لڑکی سے وہ سنجیدگی سے اپنے بھائی کی پشت کو دیکھنے لگا۔

چلیں کوئی بات نہیں کیا فرق پڑتا ہے؟

وہ بولا تاکہ بہزاد شاہ کا ردّعمل دیکھ سکے لیکن وہ کچھ نہ بولا۔

عام سی تو تھی وہ اور مجھے کچھ خاص پسند-----

سفیر شاہ اپنے کمرے میں جاؤ اور آرام کرو---

URDU NOVEL BANK

سفیر شاہ مسکرایا۔۔۔۔یعنی بات آگے بڑھ گئی تھی وہ کچھ سوچتا اٹھا اور اسے گڈ نائٹ کہتا اپنے کمرے کی طرف چلا گیا۔

تو مِس حائفہ صبح ملاقات ہوتی ہے آپ سے۔۔۔ وہ بولتا آنکھیں موند گیا۔

وہ جھکی لیکن سفیر شاہ جس کا رخ اسی طرف تھا اس کو دیکھتے تھم گئی۔

دل جیسے پرسکون ہوا تھا۔

اس کے چہرے پر ٹھہرا سکون ماہا فیض کو بے کُل کر گیا۔

کیا کوئی مرد اتنا خوبصورت بھی ہو سکتا ہے؟

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

سفیر شاہ اسکی زندگی کا پہلا مرد تھا جس سے اس نے بات کی تھی یا جو اس کے قریب تھا۔

ان کے درمیان موجود رشتہ فراموش تو ہرگز نہیں کیا جا سکتا تھا۔

ماہا کے دل کی دھڑکنیں تیز ہوئیں تو وہ فوراً فون اٹھاتی اُسی آہستگی سے باہر نکل گئی۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

اپنے کمرے میں آتے اس نے تیزی سے دروازہ بند کیا اور ہونٹ کاٹتے فون کو دیکھا جس پر خوش قسمتی سے لاک نہیں لگا تھا۔

افففففف! اسے لگا قسمت بھی اس کا ساتھ دے رہی تھی نہیں تو آج کے دور میں کون فون پر پاسورڈ یا فیس لاک نہیں لگاتا تھا۔

شاید سفیر شاہ کے پاس کوئی اور فون بھی ہو پرسنل! یہ سب باتیں بعد پر چھوڑتے اس نے فون کو کھنگالا۔

جہاں ریسنٹ کالز میں ہی اسے بھائی کا نام جگمگاتا دِکھا۔

اس نے آنکھیں بند کی اور انگلی اس نام پر رکھ دی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اور پھر انتظار کرنے لگی ایک کال،تین اور پھر چھٹی کال پر بھی کال موصول نہ کی گئی تو اسے رونا آنے لگا۔

اِسکے بعد شاید اسے موقع نہ ملتا!

یا رب العالمین پلیز مدد فرمائے! وہ بولی کہ کال اٹھا لی گئی۔

سب خیریت ہے سفی؟ سوئے نہیں! بھاری گھمبیر آواز پر ماہا کا دل تھما۔

URDU NOVEL BANK

اگر وہ بھی اپنے بھائی کی اصلیت جانتا ہوا اور اس کے ساتھ ہوا تو۔

ہیلو! وہ سوکھے لبوں کو زبان سے تر کرتی بمشکل بولی۔

جی؟ بہزاد شاہ کا جواب ٹھہرا ہوا آیا تھا۔

کیا آپ سفیر شاہ کے بھائی ہیں؟ وہ دروازے کو دیکھتی آہستہ آواز میں بولی تھی۔

جیا بیٹا بولیں! وہ شخص اسے جانتا تھا اسی لیے اتنا پرسکون تھا شاید۔

اس کا دل کیا دھارے مار کر روئے۔۔۔ایک واحد اور آخری امید بھی ٹوٹ گئی تھی اس کے منہ سے سسکی نکلی۔

"انسپکٹر شہریار سے بات ہو گئی ہے میری! باقی کیا کرنا ہے سمجھا دوں گا ڈرائیور سے بولو گاڑی نکالے۔"

اوکے سر!

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اور پھر وہ اس معمولی آفس کے سامنے تھا۔

ایک گھنٹہ، ڈیڑھ گھنٹہ اور ڈھائی گھنٹے وہ وہیں بیک سیٹ پر بیٹھا تھا اور ڈرائیور اُس آنے والی ہستی کے انتظار میں تھا جس کے لیے زندگی میں پہلی بار بہزاد شاہ نے انتظار کیا تو ھا۔

URDU NOVEL BANK

اور پھر وہ گاڑی سے نکل آیا تو ڈرائیور نے نگاہیں سامنے آفس کے خارجی داخلہ پر ٹِکا دیں۔

بہزاد شاہ نے اس کے ساتھ کسی لڑکے کو نکلتے دیکھا تھا۔۔۔وہ جانتا تھا حائفہ سکندر اپنی حدود میں رہنی والی لڑکی ہے لیکن پھر بھی خون میں ابال پیدا ہوا تھا جسے وہ لب بھینچ کر دبا گیا۔

طارق؟ اس نے ڈرائیور کو متوجہ کیا۔

جی سر؟

"حائفہ کو بلا کر لائیں!"

"کون سی لڑکی صاب وہ لمبے والوں والی؟"

"حجاب والی!" انہیں بولو سڑک کے اس پار کوئی انتظار کر رہا ہے اس کا۔

اور ڈرائیور نے ایسے ہی کیا وہ دور سے سمجھ گیا تھا کہ حائفہ نے اس سے پوری تفتیش کی ہے اس کی قمر پر رکھے ہاتھ اور پھولا ناک۔

اس کے عنابی لبوں پر مسکراہٹ چھا گئی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

اور پھر وہ وہاں آگئی تھی اور گاڑی کے دوسری طرف بہزاد کو کھڑا دیکھ کر اسکا منہ کُھل گیا۔

"آپ --؟"

"جی میں!"

"آپ آفس کیوں نہیں آئے شفیق انکل اندر موجود ہیں۔"

"کیونکہ میں شفیق سے ملنے نہیں آیا۔"

"تو؟"

"تو یہ کہ آپ سے ملنے آیا ہوں۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"اممم آپ مجھ سے اپنے گھر کے بارے میں پوچھنے آئیں ہوں گے!" وہ پرجوش ہوتی بولی تو وہ دلچسپی سے اسے دیکھنے لگا۔

"نہیں اس سے بھی دلچسپ چیز کے لیے!"

"اچھا اور وہ کیا؟"

"گاڑی میں بیٹھو!"

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

"یہیں بتا دیں!"

"گرمی ہے کافی حائفہ!"

"یہ گرمیاں آپ لوگوں کے لیے ہیں ہمارے لیے یہ عام موسم ہے خیر جلدی بتائیں وین چلی جائے گی۔'

"اپنے گھر کا ایڈریس دیں!'

"کیوں؟"

"بہت سوال نہیں کرتی ہو تم؟"

"مجھے چلنا چاہیے!" حائفہ پہلے تو اسے دیکھ کر حیران تھی اور پھر اس کی یہ باتیں سن کر وہ گھر جانے کے پر تولنے لگی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"نکاح کرنا ہے مجھے!" صاف خالص لہجہ۔

"ہاں تو کریں نا! اگر مجھے دعوت نامہ دینا چاہ رہے ہیں تو اچھی بات ہے میں ضرور آؤں گی!"

URDU NOVEL BANK

"حائفہ سکندر بہزاد شاہ کی منکوحہ آپ بنیں گی!" عام سا انداز اور گہری بولتی نگاہیں۔

حائفہ سکندر کو لگا ماحول ساکت ہوا ہو۔۔۔۔۔سب چیزیں تھم گئیں ہوں جیسے اگر یہ مزاق تھا تو انتہائی گھٹیا تھا۔

"آپ مجھے کیسی لڑکی سمجھ رہے ہیں؟"

"ایسی جس سے نکاح کیا جائے!" جواب اتنے ہی پرسکون انداز میں آیا تھا۔

"گھر کا ایڈریس لینا کوئی مشکل بات نہیں آپ جانتی ہیں لیکن یہ بات آپ کو پہلے پتا ہو یہ ضروری ہے۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"میری بات سنیں بہزاد شاہ! یہ کوئی افسانہ نہیں اصل زندگی ہے ہمارا اور آپ کو کوئی جوڑ نہیں اور ایسے بے ڈھنگے رشتوں پر ہم یقین نہیں رکھتے اور اگر آپ سمجھ رہیں ہیں کہ میں ایسی لڑکی ہوں جسے نکاح کے نام پر ہی حاصل۔۔۔۔۔"

"شٹ دا ہیل اپپپپپ!" وہ دھاڑا تھا۔

"اس سے آگے کی بکواس نہ سنوں میں!"

URDU NOVEL BANK

"یہ حاصل کیا ہوتا ہے تمہیں اس کی سمجھ بھی نہیں ہے اور تمہیں میں کیسی لڑکی سمجھتا ہوں وہ وقت آنے پر بتاؤں گا ملاقات اب آپ کے گھر ہو گی!" وہ کہہ کر مڑنے لگا۔

جب حائفہ تیزی سے اس تک آئی اور اس کا کالر تھاما بہزاد نے ایک نظر اسے دیکھا جس نے ایڑھیاں اٹھا کر یہ حرکت جرأت سے کی تھی۔

"ہاتھ نیچے کریں حائفہ!"

"ہمارے گھر آنے کی ضرورت نہیں ہے!" وہ چلائی۔

"ہاتھ نیچے کریں اور جائیں وین چلی جائے گی اور آئندہ اس طریقے سے بات مت کیجیے گا۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"کیوں؟"

"کیوں نا کروں آپ لوفروں کی طرح سڑک کنارے کھڑے ہو کر مجھے پرپوز کر رہے ہیں اور میں۔۔۔میں آپ کے گریبان تک بھی نہ پہنچوں۔"

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

"مسئلہ میرے پرپوز کرنے پر ہے یا یوں سڑک پر کھڑے ہو کر منکوحہ بنانے کی اجازت لینے پر؟" وہ آئیبرو اچکاتا دلچسپی سے استفسار کرنے لگا۔

"آپ ایک گھٹیا شخص ہے۔"

'الفاظ کا استعمال دھیان سے کریں حافی۔"

"حائفہ ہے میرا نام!"

"میرے لیے آج سے آپ حافی ہیں!"

افففففف! وہ تیزی سے مڑتی بنا اسے دیکھے وین کی طرف چلی گئی۔

جبکہ وہ وہیں کھڑا رہا نجانے کتنی دیر کتنے منٹ۔۔۔۔۔ اسے خیال نہ رہا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کیا وہ یہاں صرف اسے دیکھنے نہیں آیا تھا؟

محض دل کی تسکین کے لیے!

لیکن نکاح کا فیصلہ؟

ہاں اس نے ٹھیک فیصلہ لیا تھا جب کوئی دل کی سرحدوں کو چھو جائے تو اسے فوراً خود پر حلال کر دینا چاہیے نہیں تو گناہ کے چانس بڑھ جاتے ہیں۔

URDU NOVEL BANK

اس نے گاڑی میں بیٹھتے ہی سفیر کو فون کیا۔

"سفی کہاں ہو؟"

"بھائی ابھی گھر پہنچا ہوں!"

ٹھیک ہے میں آرہا ہوں!

"بھائی سچ میں؟"

اس لڑاکا لڑکی سے؟ سفیر شاہ تو سنتے ہے اچھل پڑا تھا۔

سفی؟ اس نے تنبیہہ کی!

"اوکے اوکے! مجھے تو یقین ہی نہیں ہو رہا بھائی کہ آپ شادی کر رہے ہیں۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"شادی نہیں نکاح! اور ابھی میں یہ بات منظرِ عام پر نہیں لانا چاہتا اس سے پہلے مجھے اشعر فیض کو اس کے انجام تک پہنچانا ہے۔"

"اور فارس پاشا کا کیا؟"

اس تک ہم اشعر فیض کے زریعے ہی پہنچ سکتے ہیں۔

چلو؟

URDU NOVEL BANK

کہاں؟

"حافی کے گھر؟"

کون حافی؟ سفیر نے اچھنبے سے کہا لیکن پھر یاد آتے مسکرا دیا۔

اس نے اپنے بھائی کو کبھی کسی لڑکی میں دلچسپی نہیں لیتے دیکھا تھا بلکہ ان دونوں نے کبھی کسی لڑکی کو مڑ کر نہیں دیکھا تھا۔

جن کے گھر کی عزتوں کو لوٹا گیا ہو وہ دوسروں کی عزتوں کو آنکھ اٹھا کر نہیں دیکھا کرتے بہزاد شاہ نے اسے یہی سکھایا تھا۔

وہ دونوں گاڑی میں بیٹھ کر اب رواں دواں تھے اپنے سفر پر۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

جہاں بہزاد شاہ پُرسکون تو وہیں سفیر شاہ پُرجوش تھا۔۔۔۔اس کا بھائی نکاح کر رہا تھا اور وہ بھی حائفہ سے۔۔۔اس سے اچھی لڑکی شاید نہیں ہو سکتی تھی کوئی۔

یہ فیصلہ جلد بازی کا نہیں تھا وہ جانتا تھا کہ حائفہ سکندر ان کی گھر کی اور اس باغ کی دہلیز عبور کرنے والی پہلی لڑکی ہے۔

حائفہ نے سارا راستہ اپنے ہاتھوں کی انگلیاں مروڑی اور آنسوؤں کو قابو میں کیا۔

URDU NOVEL BANK

وہ کیسے کر سکتے تھے اس کے ساتھ ایسا؟

وہ تو ایسا نہیں تھا؟

وہ اسے کیسی لڑکی سمجھ رہا تھا؟

کیا وہ باقیوں کی طرح تھی جو اس کے بلانے پر گھر تک چلی گئی تھی، اس کا تحفہ قبول کر چکی تھی۔

وہ شخص اسے پرپوز کر چکا تھا کھڑے کھڑے۔۔۔۔نکاح کی آفر؟

کیا اس شخص کی نیت میں کھوٹ تھا؟

نہیں! اس کے دل سے آواز آئی اور پھر خاموشی چھا گئی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ گھر جا کر سو گئی تھی۔

بنا کچھ کھائے اور کوئی بات کیے۔

شام کے سات بجے آنکھ باہر سے آتی آوازوں سے کُھلی تھے۔

وہ فریش ہوتی باہر آئی دوپٹہ سر پر ٹکا تھا۔

"امی کون آیا ہے؟"

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

"بریانی بنائی ہے کیا؟"

"اففففف مجھے بھوک لگی ہے؟"

"میرا ہیڈ بینڈ کہاں ہے میرے بال چہرے پر آ رہے ہیں؟" اور ایسی کئی آوازیں سنتے بہزاد شاہ کے لبوں پر مسکراہٹ دوڑ گئی جو سامنے موجود سکندر صاحب نے خوب دیکھی تھی۔

اگر ہمارے والدین ہوتے تو وہ خود آتے! بہزاد شاہ نے آتے ہی ان کے سامنے اپنا موقف رکھا تھا۔

میں سمجھ گیا ہوں آپ کی بات مسٹر بہزاد اور آپ کو لوگ یقیناً ناں نہیں کرتے ہوں گے لیکن میں ہاں بالکل نہیں کہوں گا میری اکلوتی اولاد ہے حائفہ میری جان، میں اپنے جیسے عام لوگوں میں پرسکون طریقے سے جب وہ راضی ہو تب اس کی شادی کرنا چاہوں گا۔

انکل پلیز ایسا نہیں کہیں ہم بھی عام لوگ ہیں۔

پہلی بار ان دونوں بھائیوں کو اپنی سالوں سے بنائی شہرت پر افسوس ہوا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

بہزاد شاہ کھڑا ہوا اور ان کے ساتھ والے صوفے پر جا کر بیٹھ گیا۔

"کیا خدا کی قسم کھائی جا سکتی ہے؟"

وہ بولا تو سنکدر صاحب نے حیرت سے کنگ اسے دیکھا۔

سائمہ بیگم تو اس شخص کو اپنے گھر دیکھ کر ہی حیران تھیں۔

"کیا قسمتیں یوں بھی مہربان ہوا کرتی ہیں؟"

"مجھے اس پاک ذات کی قسم ہے مجھے آپ کی بیٹی کو نکاح میں لینا ہے اور یقین کریں بہزاد شاہ آپ کی بیٹی پر ایک آنچ نہیں آنے دے گا۔"

"رب کے نام سے بڑا کچھ نہیں ہوتا انکل!" وہ ان کے ہاتھ تھامتا بولا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

سفیر شاہ اپنے بھائی کو سنجیدگی سے دیکھتا رہا۔

وہ شخص چاہے جانے کے قابل تھا۔

سکندر صاحب خاموش ہو گئے کیا اس سے آگے کوئی بات رہ جاتی تھی۔

"حائفہ جانتی ہے؟ اور آپ اسے کیسے جانتے ھیں؟" سکندر صاحب استسفار کرنے لگے تو وہ سب انہیں بتاتا چلا گیا۔

URDU NOVEL BANK

"ہم جانچ پڑتال کرنا چاہیں گے ! لیکن ان سب میں سب سے زیادہ ضروری حائفہ کی رضا مندی ہے۔'

"مجھے منظور ہے لیکن آپ کی تسلی کے فوراً بعد مجھے نکاح کرنا ہے رخصتی جب آپ چاہیں۔"

"ٹھیک ہے برخودار!"

وہ اس شخص کو دیکھتے ہی سمجھ گئے تھے کہ تربیت اچھے گھرانے کی ہے لیکن بیٹی کا معاملہ تھا اور حائفہ کے لیے تو وہ ویسے ہی حد سے زیادہ حساس تھے۔

"بابا جان کتنی گرمی ہے ! چلیں گول گپے کھانے چلتے ہیں!" وہ وہیں سے چِلا رہی تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"کوئی مجھے جواب کیوں نہیں دے رہا میں باہر نکل جاؤں گی اگر مجھے لے کر نہ گئے تو!"

"ببلو کے ساتھ آج میچ چلے گا! سن رہے ہیں بابا جان؟"

URDU NOVEL BANK

بہزاد شاہ مسلسل مسکرا رہا تھا۔۔۔۔اس کی آنکھوں کی چمک صاف دیکھی جا سکتی تھی۔

"چائے لاتی ہوں!" سائمہ بیگم کھڑی ہوئیں تھی جب حائفہ کی آواز پھر سے گونجنے لگی۔

"نہیں آنٹی بہت شکریہ! جب کوئی حق رکھتا ہوا تب ہی پیوں گا۔"

وہ اٹھا کھڑا ہوا اور سلام کرتا باہر نکل گیا۔

اس کی یہ عادت بھی دونوں میاں بیوی کو پسند آئی تھی۔

"کیا بدتمیزی ہے حائفہ؟"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

" مہمان آئے ہیں اور تم چلا رہی ہو اونچی اونچی!" سائمہ بیگم نے باہر نکلتے ہی اسے لتاڑا۔

"کون آیا تھا؟"

"تمہارے بابا کے مہمان تھے!"

"او اچھا! بریانی بنائی ہے؟"

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

"ہاں جی چلو برتن رکھو کھانا کھائیں!"

وہ کھانا کھاتے بھی اپنی ساری روداد انہیں سنا رہی تھی کچھ گھنٹوں پہلے جو ہوا تھا وہ وہ بھول گئی تھی یا یاد نہیں کرنا چاہتی تھی۔

"کیا آپ بہزاد شاہ کو جانتی ہیں حائفہ؟" سکندر صاحب نے سنجیدگی سے پوچھا۔

اور حائفہ کا ہاتھ رُک گیا تھا۔

"میڈیم کھانا کھالیں جا کر!" ملازمہ نے کہا۔

"نہیں مجھے بھوک نہیں ہے! میں بعد میں کھا لوں گی!" وہ بولی تو ملازمہ سر ہلاتی چلی گئی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

تو وہ چاند کو دیکھنے لگی۔

وہ اتنی بے وقعت کیوں تھی؟ کاش یہ سب نہ ہوا ہوتا!

کاش اس کی زندگی بھی عام لڑکیوں کی طرح ہوتی۔

"کھانا لگ گیا ہے آ کیوں نہیں رہی؟" اب ہی بار یہ آواز سفیر شاہ کی تھی۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

"مجھے نہیں کھانا میں بتا چکی ہوں!" وہ بھی سنجیدگی سے بولی تھی اس کی طرف پشت تھی ماہا کی۔

"بھائی انتظار کر رہے ہیں! یہ نخرے کسی اور کو دکھانا" وہ پاس آتا اس کی کلائی تھامتا بولا۔

"بس کریں! بس کریں سفیر شاہ! کیا چاہتے ہیں مجھ سے؟ بتائیں! ابھی کچھ دیر پہلے آپ نے مجھے بتایا ہے کہ میری حیثیت کیا ہے تو اب مجھے اپنے ساتھ میز پر بیٹھنے کی دعوت کیوں دے رہے ہیں؟ اپنے بھائی کے سامنے کسی بھی قسم کا ناٹک کرنے سے گریز کریں۔۔۔۔ کیونکہ ان سب میں میری زات کو ہرٹ کیا جا رہا ہے۔۔۔۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"کیا بکواس کر رہی ہو؟ آہستہ بولو!" وہ دھاڑا۔

سفیر! بہزاد کے ساتھ چند ایک ملازم بھی وہاں آئے تھے کہ ماہا کی آواز کافی تیز تھی۔

"کیا ہوا ہے ماہا؟" بہزاد نے نرمی سے پوچھا۔

URDU NOVEL BANK

"کیا ہوا ہے؟ آپ ایسے پوچھ رہے ہیں جیسے جانتے نہ ہوں---آپ کے بھائی نے میری زندگی برباد کر دی---- مجھ سے زبردستی شادی کی اور اب جب سے ساتھ ہے مجھے ہر پل یہ احساس دلا رہا ہے کہ میں نفرت کیے جانے کے ہی قابل ہوں، میرے وجود کو بنایا ہی اسی لیے گیا ہے--"

"اس سے پوچھیں یہ کیا چاہتے ہیں مجھ سے؟ بہت ہو گیا ہے! یہ اپنی نفرت میں میرے وجود کی دھجیاں اڑا رہے ہیں!"

وہ روتے چیخ رہی تھی اور سب خاموش تماشائی تھے۔

بہزاد نے آنکھیں بند کر کے کھولیں جبکہ سفیر شاہ کی آنکھیں سرخ ہوئیں تھیں۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"مجھے جانے دیں بھائی!" وہ بہزاد کے پاس آتی اس کے ہاتھ تھام گئی۔

"مجھے آزاد کر دیں! مجھے قیدی نہ بنائیں! میں اس شخص کی نفرت کے ساتھ زندہ نہیں رہنا چاہتی-----"وہ روتی بولی تو بہزاد شاہ نے سلگتی نگاہ سفیر شاہ پر ڈالی۔

چلو! سفیر شاہ نے اس کا آگے بڑھ کر ہاتھ تھامنا چاہا تو وہ بہزاد کے ساتھ ہوئی۔

بہزاد نے ہاتھ سے ہی سفیر کو رُکنے کا کہا تھا۔

URDU NOVEL BANK

"اب فیصلہ میں کروں گا سفیر! میں نے سمجھایا تھا تمہیں کہ اگر مجھ سے مدد مانگی گئی تو میں تم پر ماہا فیض کو فوقیت دوں گا۔"

"یہ جانتے ہوئے بھی کہ یہ ہماری اکلوتی بہن کی قاتل ہے؟" سفیر شاہ بھی آپے سے باہر ہوا تھا۔

ماہا کا وجود سرد پڑا۔

کیا اس نے کسی کو قتل کیا تھا؟ کب؟ یہ ناممکن تھا!

"اس کی وجہ سے آج وہ ہمارے ساتھ نہیں ہے صرف اس کی وجہ سے----"

"سنا تم نے تم قاتل ہو میری بہن کی!" سفیر شاہ دھاڑا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

جائیں سب! بہزاد نے چند ایک ملازموں کو دیکھتے کہا تو وہ سب چلے گئے۔

"یہ ناممکن ہے! یہ جھوٹ ہے! الزام ہے! مج---مجھے----اس----سے---مجھے اس سے طلاق چاہیے!" ماہا نے بہزاد کو دیکھتے کہا۔

"مر کر بھی نہیں! یہ میرے نام سے کبھی علیحدہ نہیں ہو گی بھائی۔"

"سفیر آزاد کردو ماہا کو! اس رشتے کی کوئی اہمیت نہیں ہے۔"

URDU NOVEL BANK

"آپ جان مانگ لیں لیکن یہ نہیں! یہ تا عمر میری بیوی رہے گی! ماہا سفیر شاہ!

یہ نام صرف میرے مرنے پر اس کے آگے سے ہٹے گا" وہ کہتا اندر چلا گیا۔

فیروزہ؟ بہزاد نے آواز دی تو وہ بھاگتی ائی۔

جی سر؟

"ماہا اب سے پچھلے لان والے پورشن میں رہے گی!'

جی سر بہتر!

بہزاد شاہ وہیں رکھی کرسی پر بیٹھ گیا تو وہ بھی بیٹھ گئی۔

"کیا میں نے سچ میں قتل کیا ہے آپ کی بہن کا؟"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

بہزاد خاموش رہا۔

"پلیز بھائی! بتائیں۔"

"نہیں! شاہ جذباتی ہے اس بارے میں مت سوچو!"

"کیا ہم ایک دوسرے کو پہلے سے جانتے ہیں؟'

"ابھی آپ آرام کریں ماہا بیٹا پھر کبھی بات ہو گی اس موضوع پر۔"

URDU NOVEL BANK

"اب آپ الگ رہیں گی۔۔۔۔جس چیز کی ضرورت ہو مجھے بتائیں۔۔۔"

اوکے! وہ کہتی اٹھ کھڑی ہوئی۔۔۔۔یہی بہت تھا اس کے لیے کہ وہ سفیر شاہ سے دور تھی۔

بہزاد شاہ نے سفیر کے کمرے کا دروازہ کھولا تو سگریٹ کے دھوئیں سے کمرہ بھرا تھا۔

"سفی؟"

"نہیں ہوں میں آپ کا سفی!" وہ وہیں سے بولا تھا۔

بہزاد شاہ کا دل تڑپا!

"آپ نے مجھ پر اسے ترجیح دی؟"

"کیونکہ وہ بے گناہ ہے!"

"بے گناہ نہیں ہے! وہ قاتل ہے!"

"وہ بیوی ہے تمہاری اس کے علاؤہ کچھ نہیں۔۔۔۔!'

"اگر نبھا سکتے ہو تو بہتر نہیں تو علیحدہ کرو! رومان ہے۔۔۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

"بس کریں بھائی! میرے نام سے وہ کبھی علیحدہ نہیں ہو گی۔۔ نجانے اسے علیحدگی کی بات اتنی کیوں چپ رہی تھی۔۔۔لیکن یہ تو طے تھا کہ ماہا فیض سفیر شاہ سے کبھی علیحدہ نہیں ہونے والی تھی۔"

"جو تم سوچ رہے ہو وہ ممکن نہیں ہے کیونکہ میں ایسا ہونے نہیں دوں گا! وہ بچی تھی تب سفی۔۔۔ہوش میں آؤ! وہ اب بھی بچی ہے معصوم!"

سفیر شاہ نے آگے بڑھتے بہزاد کو گلے لگایا۔۔۔آنکھیں نم ہوئیں تھی اس منظر کو یاد کرتے۔

"وہ مجھے یاد دِلاتی ہے سب!" وہ تڑپ رہا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"تو اس میں اس کا کیا قصور ہوا؟ یہی کہ وہ اس خاندان سے ہے؟ بھولو مت تم بھی اسی خاندان سے ہو! کل تم دبئی جا رہے ہو سفی!"

وہ سر ہلا گیا۔۔۔شاید اس کا جانا ہی یہاں سے بہتر تھا۔ بہزاد کتنی ہی دیر بچوں کی طرح اس کے بالوں میں انگلیاں پھیرتا رہا تھا۔۔۔۔یہ سفیر شاہ کو پُرسکون کرنے کا ایک طریقہ تھا جو اس نے بچپن سے اپنایا تھا۔

URDU NOVEL BANK

"کیا آپ بہزاد شاہ کو جانتی ہیں حائفہ؟" سکندر صاحب نے سنجیدگی سے پوچھا۔

اور حائفہ کا ہاتھ رُک گیا تھا۔

"جی بابا!" وہ گہرا سانس بھرتی بولی۔

"ٹھیک ہے!" اس کے بعد کوئی بات نہیں ہوئی تھی۔

لیکن حائفہ کا سانس بند ہو رہا تھا۔

کیا اس کے بابا کو پتا چل گیا تھا؟ لیکن اس نے تو کچھ بھی بُرا نہیں کیا تھا، کوئی اخلاق سے گری حرکت نہیں کی تھی کہ ان کی عزت خراب ہوتی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"کیا وہ اس سے ناراض تھے؟"

یہ سوچتے ہی اس نے رات بمشکل گزاری تھی لیکن صبح اپنے باپ کو مسکراتے دیکھ وہ مطمئن ہوئی تھی۔

پھر سکندر صاحب نے اپنی طرف سے جانچ پڑتال کی تھی انہیں کچھ بھی بُرا نہیں لگا تھا کچھ بھی جس کی بِنا پر بہزاد شاہ کو رَد کیا جا سکتا۔

URDU NOVEL BANK

اور کیا کوئی خدا کے نام پر جھوٹ بول سکتا ہے۔

نہیں ہرگز نہیں! وہ شفیق سے بھی مثبت جواب سُن کر مطمئن ہو گئے۔

"بھائی ان کا فون کیوں نہیں آیا؟"

"کیا میں کروں؟ چار دن ہو گئے ہیں؟" سفیر شاہ تیزی سے اس کے کمرے میں آتا بولا تھا۔

"سفی یہ ان کا فیصلہ ہے؟ انہیں وقت دو اور اگر جواب ناں میں ہوتا ہے تو ہم کبھی حائفہ سکندر کو زیرِ بحث نہیں لائیں گے۔"

"یہ کیسے ممکن ہے؟ میں فون۔۔۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"سفی انتظار کرو!" وہ مطمئن تھا جیسے ربّ العالمین سے حائفہ سکندر کو اپنے نام لکھوا چکا ہو۔

"سفی فلائیٹ کب کی ہے؟"

"صبح کی!"

"تمہیں جانا چاہیے آرام کرو!"

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

"ٹھیک ہے! خدا حافظ!" وہ کہتا بہزاد کے ہاتھ چومتا نکل گیا تو بہزاد شاہ مسکرا دیا۔

شفیق کا نمبر دیکھتے وہ مسکرایا پھر کال اٹینڈ کرتے فون کال سے لگایا۔

"جی شفیق صاحب کیسے یاد کیا؟"

"اچھی نیت سے ہی کیا ہے؟"

"آپ نے حائفہ کا ہاتھ مانگا ہے؟ سکندر نے بتایا مجھے!"

"جی ایسا ہی ہے!"

"میں اپنی طرف سے جاننا چاہتا ہوں ایسا کیوں ہے؟" "حائفہ ابھی چھوٹی ہے اور آپ کے اپنے سرکل کی لڑکیاں کیوں نہیں؟"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"کیا محبت کرتے وقت ہم اپنے دل کو بتاتے ہیں حسب نسب، ذات، رنگ، نسل، عمر؟" وہ صاف گو تھا۔

نہیں! وہ مطمئن ہوئے۔

"تو بس میرا معاملہ بھی یونہی ہے!"

"لیکن اتنی جلدی محبت----؟"

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

"محبت وقت، پتا، تاریخ کہاں دیکھتی ہے شفیق صاحب ! بس اپنا مریض بنا لیتی ہے ! حائفہ سکندر میرے دل کو چاہیے تھی بس پھر میرے دل نے اسے خود پر حلال کرنے کا سوچا اور میں نے دیری نہیں کی۔"

"بہت خوب!" وہ متاثر ہوئے۔

"وہ بہت معصوم ہے ! بہت جھلی سی بھی! کبھی کبھی فضول بھی بولتی ہے لیکن ہے بہت معصوم۔۔۔اس کے باپ نے اسے سر آنکھوں پر بٹھایا ہے۔۔۔سکندر بہت حساس ہے اس کے معاملے میں۔"

"وہ مجھے خود سے زیادہ حساس پائیں گے حائفہ کے معاملے میں!" وہ پرسکون تھا بے حد۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

جبکہ دوسری طرف سکندر صاحب کا دل مزید مطمئن ہو گیا۔۔۔۔وہ شفیق صاحب کے پاس ہی آئے تھے بات کرنے جنھوں نے بہزاد کو کال ملا دی تھی۔

"ٹھیک ہے ! جلد ملاقات ہو گی اب تو!" شفیق صاحب بولے تو وہ مسکرایا۔

"مجھے انتظار رہے گا!"

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

"مطمئن ہو اب؟" شفیق صاحب نے سکندر صاحب سے پوچھا۔

"بہت! بس حائفہ خوش رہے میری یہی دعا ہے!"

وہ نم لہجے میں بولے تو شفیق صاحب نے مسکراتے انہیں تسلی دی۔

"میں سالوں سے جانتا ہوں بہزاد کو! کسی قسم کا کوئی سکینڈل نہیں رہا ان بھائیوں کا اتنے سالوں میں! یا یہ کہنا بہتر ہو گا کہ انہیں کبھی صنفِ نازک کے ساتھ پایا ہی نہیں گیا۔"

"ٹھیک ہے! تو گھر جا کر بات کر لیتا ہوں میں!"

سکندر صاحب مسکراتے اٹھے کہ دل اب پرسکون تھا تمام بوجھ سرک گیا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"بالکل! حائفہ سے بھی پوچھ لو!"

"ٹھیک ہے!"

وہ گھر چلے گئے جہاں سائمہ بیگم انہیں کے انتظار میں تھیں انہوں نے ساری بات کہہ سنائی تو وہ بھی خوش ہوئیں۔

"حائفہ کو بلا دیں سائمہ!"

URDU NOVEL BANK

ٹھیک ہے! وہ کہتی باہر نکل گئی۔

"انس حائفہ کہاں ہے؟"

"وہ تو باہر ببلو کی باری چھین کر کرکٹ کھیل رہی ہیں!" وہ فون میں گھسا بولا۔

"افففف خدایا! میں اس لڑکی کا کیا کروں؟" وہ باہر نکل گئی اور پھر اس کے کان پکڑتے واپس لائیں۔

"امرپیپی! چھوڑیں میرا کان!"

"تمہیں شرم آتی ہے حائفہ؟ یہ تمہاری عمر ہے باہر گلیوں محلوں میں کرکٹ کھیلنے کی؟"

"کرکٹ کھیلنے کی بھی بھلا کوئی عمر ہوتی ہے؟" وہ آنکھ دباتی بولی تو سائمہ بیگم نے اسے ایک ہاتھ جڑا۔

"بابا بلا رہے ہیں تمہارے جاؤ؟"

اوکے! وہ کہتی تیزی سے اندر چلی گئی تو وہ سر نفی میں ہلاتی برتن میز پر لگانے لگیں۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

"جی سکندر صاحب آپ نے بلایا!" وہ شرارت سے بولی

"جی شہزادی! آپ کو بلایا ہے خادم نے!" وہ بھی مسکراتے اس کی شرارت کا حصہ بن گئے۔

ہاہاہا! افففف بابا جان!

وہ ان کے گال کھینچتی ان کے ساتھ بیٹھ گئی تو وہ اسے حصار میں لے گئے۔

"کیا بات کرنی ہے؟"

"آپ جانتی ہیں حائقہ میں نے آپ سے زیادہ پیار کسی کو نہیں کیا۔۔۔آپ میری شہزادی، میرا سکون ہیں! آپ کے لیے میں کسی پر بھروسہ نہیں کر سکتا تھا لیکن اب کر سکتا ہوں! میں نے آپ کے لیے ایک فیصلہ لیا ہے اور مجھے امید ہے آپ کو وہ منظور ہو گا!"

"کیا فیصلہ بابا جان؟"

"بہزاد شاہ آیا تھا!"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

اور پھر وہ اس کو سب بتاتے گئے کہ کیسے اس نے نکاح کی اجازت چاہی! ان کی جانچ پڑتال، شفیق صاحب کی رضامندی! وہ تو سن کر حیران تھی۔

یعنی بہزاد شاہ نے جو کہا تھا وہ سچ تھا۔

اس کے دل میں پل میں ہی اس شخص کی عزت بڑھ گئی۔

اس نے پہلا قدم ہی نکاح کا اٹھایا تھا شاید وہ حائفہ کو جاننے لگا تھا۔۔۔وہ جانتا تھا کہ حائفہ سکندر کسی قسم کا فضول تعلق اس سے نہیں چاہے گی۔

وہ مطمئن ہوئی۔

"آپ کا کیا فیصلہ ہے؟"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"بابا جان میں آپ سے دور نہیں جاؤں گی! وہ ہمارے گھر آسکتے ہیں تو ٹھیک ہے!"

"ہاہاہا! گھر داماد بنانا چاہ رہی ہیں؟"

"میں آپ کو چھوڑ کر نہیں جاؤں گی!" وہ روتی ان کے سینے سے لگ گئی۔

URDU NOVEL BANK

"آپ کی رخصتی ابھی نہیں ہے حائفہ! ابھی صرف نکاح ہو گا!" وہ بولے تو وہ کچھ مطمئن ہوئی۔

"آپ جیسا چاہیں بابا!" وہ رضا مندی دے گئی تو وہ اس کا ماتھا چوم گئے۔

اور پھر جب سے انس کو پتا چلا تھا اس نے بہزاد شاہ سے ملنے کی رٹ لگا دی تھی۔

بہزاد شاہ کو فون پر حامی بھر دی گئی تھی۔۔۔اس نے اگلے ہفتے نکاح کا کہا تھا کیونکہ سفیر شاہ ابھی موجود نہیں تھا۔

"بابا جان چلیں گول گپے کھانے!" وہ سب بھولتی واپس اپنی جون پر لوٹ آئی تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اچھا چلیں! وہ سب کو لیے گول گپے کھلا لائے تھے حائفہ دیوانی تھی گول گپوں کی!

سب سونے کے لیے چلے گئے۔۔۔وہ بھی کمرے میں آتی فریش ہوتی اپنے بستر میں لیٹ گئی۔

URDU NOVEL BANK

جب فون بجنے لگا!

اننوں نمبر تھا اس نے کال کاٹ دی-----

"بہزاد شاہ ہئیر! حافی!"

چار لفظی وہ میسج اس نے بارہا پڑھا تھا جب پھر سے فون بجنے لگا۔

وہ نہیں اٹھانا چاہتی تھی اور وہ کیوں اسے فون کر رہا تھا؟ وہ بھول گئی تھی کہ آج ہی ان کے نکاح کی تاریخ فکس ہوئی تھی۔

"پِک آپ مائی کال حافی!" اگلا میسج اور فون پھر زوروں سے تھرتھراتے لگا۔

"کیا مسئلہ ہے آپ کے ساتھ؟" حائفہ نے کال اٹھاتے ہی کہا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"یہ جو آپ کی اتنی زبان چلتی ہے نا میرے آگے اسے میں ایک بار ہی بند کرواؤں گا!" وہ سنجیدگی سے بولا۔

"کیا چاہیے؟" اب کہ وہ آہستگی سے بولی۔

"جو چاہیے تھا وہ لے لیا!" وہ دلفریبی سے بولا۔

URDU NOVEL BANK

"آپ نے مجھے یہ بتانے کے لیے اتنی رات کو کال کی ہے؟ اور میرا نمبر کہاں سے ملا آپ کو؟" وہ اٹھ کر بیٹھ گئی۔

"یہ قمر سے ہاتھ زرا نیچے کریں!"

وہ بولا تو حائفہ نے فوراً ہاتھ نیچے کیا جو اس نے واقع کمر پر رکھا تھا۔

افففففف! وہ دل میں بولی۔

اففف بھی نہ کریں! وہ پھر سے بولا تو حائفہ نے فون کو گھورا۔

"میں سامنے نہیں ہوں فون کو مت گھوریں!" وہ ایک بار پھر سے بولا تو حائفہ کے گال گلابی پڑے۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ کتنے کم عرصے میں اس کو جاننے لگا تھا جبکہ وہ اس کے بارے میں کچھ نہیں جانتی تھی۔

"میرے بارے میں آپ میرے قریب آ کر جانیں گی تو میں بہتر طریقے سے اپنا آپ آپ کو سمجھا پاؤں گا!"

"میرا نمبر کہاں سے ملا؟"

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

وہ سب باتوں کو نظرانداز کرتی بولی لیکن دل میں اس کی حاضر جوابی کی قائل ہوئی۔

"اپنی ہونے والی منکوحہ کا نمبر ڈھونڈنا کون سا مشکل کام ہے؟"

"آپ نکاح پر جو جوڑا پہنیں گی وہ کل پہنچ جائے گا آپ کی طرف!"

"میں خود لوں گی!" وہ تیزی سے بولی تو وہ مسکرایا۔

"میری پسند کے بغیر تو آپ کچھ نہیں پہن سکتی حانی!" وہ بولا تو حائفہ خاموش ہو گئی۔

"میرا نام حائفہ ہے!"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"میرے لیے آپ حانی ہیں!" وہ بولا تو حائفہ کے گال پھر سے گلابی ہوئے اور کال کاٹ دی۔

جبکہ دوسری طرف وہ مسکرا دیا۔۔۔۔یہ اس کی زندگی کے بہترین لمحات تھے۔

"وہ مجھے یاد دِلاتی ہے سب!" وہ تڑپ رہا تھا۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

"تو اس میں اس کا کیا قصور ہوا؟ یہی کہ وہ اس خاندان سے ہے؟ بھولو مت تم بھی اسی خاندان سے ہو! کل تم دبئی جا رہے ہو سفی!"

وہ سر ہلا گیا۔۔۔شاید اس کا جانا ہی یہاں سے بہتر تھا۔بہزاد کتنی ہی دیر بچوں کی طرح اس کے بالوں میں انگلیاں پھیرتا رہا تھا۔۔۔۔یہ سفیر شاہ کو پُرسکون کرنے کا ایک طریقہ تھا جو اس نے بچپن سے اپنایا تھا۔

بہزاد شاہ کے جانے کے بعد وہ پیکنگ کرنے لگا۔۔۔۔نیند آنکھوں سے کوسوں دور تھی۔

اسے سب بھول گیا تھا یاد تھا تو بس اتنا کہ ماہا نے اس سے طلاق کا مطالبہ کیا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

یہ بات اسے بے حد ناگوار گزری تھی کیوں؟ یہ وہ نہیں جانتا تھا۔۔۔لیکن یہ طے تھا کہ ماہا کو وہ چھوڑنے والا ہرگز نہیں تھا۔

وہ یوں ہی سگریٹ سلگاتے باہر نکل آیا گھڑی رات کے تین بجا رہی تھی وہ لان میں کھڑا رہا پھر پچھلے لان میں نکل گیا۔

URDU NOVEL BANK

آتے ہوئے چابی وہ ساتھ لایا تھا۔

دروازہ کھولتے اندر داخل ہوا تو ساری لائٹس اون تھی۔۔۔۔وہ جانتا تھا وہ کتنی ڈرپوک ہے۔

سفیر نے آہستگی سے ساری لائسٹ اوف کیں اور اس کے کمرے میں داخل ہوا۔

وہ اپنے بستر میں سو رہی تھی۔

میری نیندیں اڑا کر تم اتنی پرسکون تو ہرگز نہیں رہ سکتی! وہ قدم قدم چلتا اس کے نزدیک آیا۔

ماہا کی آنکھ عجیب سے احساس سے کُھلی تھی۔۔۔یا شاید خود پر نظروں کا ارتکاز وہ نیند میں بھی محسوس کر گئی تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

سامنے سفیر شاہ کو دیکھتے اس کا سانس سوکھا وہ فوراً اٹھ کر بیٹھی۔

سفیر شاہ سامنے موجود کرسی پر بیٹھا تھا۔

"شاہ!" اس کے لب پھرپھرائے۔

"یہاں آؤ!"

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

وہ سرد سے لہجے میں بولا لیکن ماہا کی ہمت نہ ہوئی کہ وہ اپنی جگہ سے اٹھتی اس کے حکم کو مانتی۔

"ماہا سفیر شاہ! آ رہی ہو یا میں آؤں؟"

وہ پھر سے بولا تو ماہا بیڈ سے اتارتی چھوٹے چھوٹے قدم اٹھاتی اس کی طرف آئی۔

سفیر شاہ نے اسے کھینچ کر گود میں بٹھایا تو وہ کانپ گئی۔

"خوفزدہ ہو؟" وہ استفسار کرنے لگا تو ماہا نے آہستگی سے سر اثبات میں ہلایا۔

سفیر شاہ لاجواب ہوا۔

"میں چلا جاؤں گا یہاں سے کچھ گھنٹوں بعد تم یہی چاہتی تھی نا؟" وہ ماہا کی آنکھوں میں آنکھیں گاڑھتا سوال کر رہا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"آپ--یہاں---کیوں--؟"

"تم جاننا چاہتی ہو نا کہ میری تم سے نفرت کی وجہ کیا ہے؟" وہ آہستگی سے بولا تو ماہا نے جھٹکے سے سر اٹھاتے اسے دیکھا۔

URDU NOVEL BANK

"تم قاتل ہو میری بہن کی لیکن بھائی کو لگتا ہے یہ تم پر الزام ہے-----وہ اسے کھڑا کرتا اٹھ گیا تو وہ بھی اٹھ گئی۔"

"تمہارے باپ نے ہمارا سب کچھ چھین لیا۔۔۔سب!"

وہ بولا تو ماہا نے حیرت سے اسے دیکھا جو بیڈ کے ساتھ نیچے قالین پر بیٹھ گیا تھا۔

"بھائی کہتے ہیں ہم یہ سب کسی کو نہیں بتائیں گے! لیکن کیوں؟ کیوں نہ بتاؤں میں تمہیں۔۔۔کہ تمہارے باپ نے ہمارے نام نہاد تایا نے ہمارے ساتھ کیا کیا!"

یعنی ماہا اور وہ کزن تھے! وہ تھم گئی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"تمہاری ماں تمہیں چھوڑ کر چلی گئی تھی کیونکہ فیض شاہ کی طبیعت سے وہ اچھے سے واقف ہو گئی تھی۔۔۔اپنی بیوی ہونے کے باوجود تمہارا باپ دوسری عورتوں کے ساتھ وقت گزارا کرتا تھا تمہاری ماں تمہارے پیدا ہوتے ہی چلی گئی تھی۔"

"تمہارے باپ کو تم سے محبت تھی۔۔۔۔لیکن کسی اور عورت سے نہیں۔۔۔۔میرے بابا سے ان کو کوئی مسئلہ نہیں تھا لیکن ان کی گندی نگاہیں

میری ماں کی طرف تھیں۔۔۔۔۔وقفہ۔۔۔۔۔۔۔وہ امی کو تنگ کیا کرتے تھے جو انہوں نے برداشت کیا لیکن جب تمہارا باپ حد سے تجاوز کرنے لگا تو انہوں نے بابا کو بتا دیا۔۔۔۔

بابا کے بات کرنے پر وہ آپے سے باہر ہو گیا اور گن نکال لی۔۔۔۔میں اور بھائی تب چھوٹے تھے لیکن اتنے چھوٹے نہیں کہ سامنے کا منظر سمجھ نہ پاتے۔

امی کی چیخیں بلند تھیں۔۔۔۔ہماری بہن اندر بستر پر پڑی رو رہی تھی اور ہم بے بس تھے۔

ماما نے فیض شاہ کو روکنے کی کوشش کی لیکن وہ شاید تب ہوش میں نہیں تھا اور گن لوڈ کرتے بابا پر فائر کیا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

خون میں لتھڑا میرے باپ کا وجود، میری ماں کی چیخیں اور میری بہن کا رونا مجھے اب بھی یاد ہے!" سفیر شاہ کا لہجہ نم تھا۔

ماہا اس کے ساتھ آ کر بیٹھ گئی اور ڈرتے اس کے بازو کو سہلایا۔

URDU NOVEL BANK

"ہم نے کمپلینٹ کی لیکن تمہارے باپ کے زرائع نجانے کن لوگوں سے تھے کہ وہ بچ گیا۔۔۔۔اور پاکستان کا انصاف تو ہر کوئی جانتا ہے۔۔۔۔اس رات میں نے اور بھائی نے عزم کیا کہ اگر اس شخص کو جہنم واصل نہ کر دیا تو ہم پر جینا بھی حرام ہے۔

تمہارے باپ کی وحشت بس وہیں تک نہیں تھی۔۔۔اس کے بعد بھی وہ باز نہ آیا تو امی نے۔۔۔۔۔۔"

وہ رُک گیا۔۔۔۔۔

ماہا کے دل کی دھڑکنیں تھمی۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"امی نے خود کشی کی کوشش کی لیکن وہ بچ گئیں۔۔۔شاید اسی ڈر سے کہ ان کے تین بچے ہیں اور تم بھی ہو وہ بچ گئیں تھیں۔

لیکن وہ زیادہ دیر زندہ نہ رہ پائیں۔۔۔۔انھوں نے مجھے اور بھائی کو اچھی تعلیم دلوائی۔۔۔اور ہم سے وعدہ لیا کہ ہم اپنے باپ کا بدلہ ضرور لیں گے۔۔۔۔وقت تیزی سے گزر رہا تھا۔۔۔تمہارا باپ کبھی گھر آجاتا کبھی نہیں۔۔۔۔امی نے تمہیں

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

بھی سنبھالا تھا۔۔۔۔۔ہم نے تمہیں محبت دی۔۔۔ہمیں لگ رہا تھا کہ سب صحیح ہو گیا ہے لیکن نہیں امی ہارٹ اٹیک ہوتے ہی ہمیں چھوڑ گئیں تھیں۔

اسی دن تمہارا باپ جشن مناتے دوسری عورت کو گھر لے آیا۔۔۔اشعر تمہارے باپ کی ناجائز اولاد ہے۔۔۔۔"

ماہا کے آنسو گرنے لگے۔

وہ خاموش ہو گیا تھا۔۔۔آنکھوں میں آنسو جمع تھے اس نے ماہا کے کندھے پر سر رکھ دیا۔

آسان کہاں تھا پرانے زخموں کو ادھیڑنا!

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"مجھ سے کیوں نفرت کی شاہ؟"

وہ کئی لمحوں کے بیت جانے کے بعد دھڑکتے دل کے ساتھ بولی۔

"فری۔۔۔میری جان! ہماری گڑیا۔۔۔۔اس کے منہ سے اچانک سے خون بہنے لگا تھا۔۔۔اور تمہیں بھی اس روز بخار تھا۔۔۔۔تمہار باپ گھر واپس آیا تو اسے صورتحال بتائی۔۔۔بھائی نے بھیک مانگی کہ فری کو ہسپتال پہنچایا جائے لیکن تمہارا باپ

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

ان سنی کرتے تمہارے بخار کو میری بہن کی خون کی الٹیوں پر ترجیح دیتا تمہیں ہسپتال لے گیا۔"

"ہم نے فری کو لوگوں سے لفٹ لیتے، روتے سسکتے ہسپتال پہنچایا۔

لیکن تب تک وہ۔۔۔۔۔۔"

تمہارے باپ کو یہ بھی منظور نہ تھا اس نے ہمیں اپنی بہن کو آخری بار دیکھنے بھی نہ دیا"

خاموشی کا دورانیہ پھر سے بڑھا۔

سفیر شاہ نے اپنا چہرہ گھٹنوں میں چھپا لیا۔۔۔ جیسے ایک چھوٹا لڑکا وہ سب اپنے سامنے دیکھ رہا ہو۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

تمہاری وجہ سے میری بہن مر گئی۔۔۔۔ شاید اس روز تمہیں بخار نہ ہوتا تو وہ میری بہن پر ترس کھا ہی لیتا۔۔۔۔۔ وہ سر اٹھا کر ماہا کو دیکھتا بولا۔

ماہا تھوڑا پیچھے سرکی اس کی سرخ انگارہ ہوتی آنکھوں کو دیکھتے۔

سفیر شاہ نے اسے کھینچ کر واپس اپنے قریب کیا۔

URDU NOVEL BANK

"لیکن بھائی کہتے ہیں تم بے گناہ ہو! تم چھوٹی تھی!"

"بابا کو آپ نے مارا؟" وہ ہمت کرتی بولی!

ہاں! وہ بولا تو ماہا کی ہچکیاں بندھ گئی۔

"تم اس آدمی کے لیے رو رہی ہو؟" سفیر شاہ نے چہرہ اٹھاتے عجیب سے انداز میں پوچھا۔

"نہیں! ان کو ان کی سزا مل گئی شاہ! لیکن میں خود کو معاف نہیں کر پاؤں گی" وہ کہتے چہرہ ہاتھ میں چھپائے رونے لگی۔

اسے سفیر شاہ کی نفرت اب سمجھ میں آرہی تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"میں سچ میں نف۔۔۔۔۔نفرت۔۔۔کیے جانے کے۔۔۔۔۔قاب۔۔۔قابل ہوں!"

وہ ہچکیوں سے بولی تو سفیر شاہ اس کے گلے لگ گیا۔

ماہا کو اپنا کندھا بھیگتا محسوس ہوا تو اس کی سسکیاں تھمی۔

کیا وہ رو رہا تھا؟ کیا مرد سچ میں روتے ہیں؟ ہاں شاید جن سے ان کا سب چھین لیا جائے وہ رو پڑتے ہیں۔۔۔۔اس نے سفیر شاہ کی قمر سہلائی۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

کہنے کو کچھ نہیں تھا۔۔۔۔۔

ماہا کی قمر اکڑ گئی تھی لیکن وہ لفظ بھی نہ بولی کہ شاید اس طرح کندھا دیے وہ اس شخص کے درد میں کچھ کمی کر پائے۔

وہ سفیر شاہ کے بالوں میں انگلیاں چلا رہی تھی۔۔۔۔سفہر کا چہرہ اس کے بالوں میں چھپا تھا۔۔

"ہزار نفرت سہی! لیکن تمہیں میں کبھی نہیں چھوڑوں گا!"

اس کی آواز ماہا کے کانوں تک پہنچی تو وہ گہرا سانس بھر گئی۔

آنسو حلق میں اتارے۔

اس کی زندگی یہی تھی اب شاید!

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

حائفہ مطمئن تھی کیونکہ وہ جانتی تھی اس کا باپ اس کے لیے کچھ بُرا سوچ ہی نہیں سکتا تھا۔

URDU NOVEL BANK

"کہاں جا رہی ہو حائفہ؟" سائمہ بیگم نے اسے آواز لگائی تھی جو آج جلدی آگئی تھی آفس سے!

باہر!

"باہر کیوں؟"

"کھیلنے! آج جلدی آ گئی ہوں نا۔۔۔آج کرکٹ کھیلوں گی۔"

"تمہارا دماغ خراب ہے؟ شادی ہونے والی ہے تمہاری کہیں سے لگتا ہے! خبردار باہر گئی تو ٹانگیں توڑ دوں گی۔"

"ارے میری پیاری امی! شادی نہیں صرف نکاح!"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"جو بھی ہے تم باہر نہیں جاؤ گی نہ آج اور نہ اب سے کبھی بعد میں۔"

"لیکن کیوں؟"

"کیوں۔۔۔شادی کے بعد کیا کرو گی؟ گھر بار کا کچھ نہیں آتا تمہیں! چلو آج میرے ساتھ کچن میں۔۔۔"

"امی نہیں پلیززززز!" وہ روہانسی ہوئی۔

URDU NOVEL BANK

لیکن سائمہ بیگم نے اس کی ایک نہ مانی تھی۔

بلکہ پاس کھڑے اس سے پلاؤ بنوایا تھا۔۔۔آدھا کام انہوں نے خود کیا تھا لیکن پھر بھی حائفہ سکندر کی دہائیاں عروج پر تھیں کیونکہ اس نے کبھی کوئی کام نہیں کیا تھا۔

"جاؤ اب! نہا لو! بابا تمہارے آنے والے ہوں گے! آ کر رائتہ بنانا!" وہ بولی تو وہ پیر پٹختی اندر چلی گئی

نہانے کے بعد اس نے فون اٹھایا اور رات والے نمبر پر انگلی رکھ دی اور پھر انتظار کرنے لگی۔

"اسلام علیکم!" بھاری گھمبیر آواز۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"وعلیکم السلام! میری بات سنیں بہزاد شاہ مجھے آپ سے کوئی شادی یا نکاح نہیں کرنا!" وہ اس کی آواز سنتے ہی شروع ہو گئی تھی۔

مخالف جو اچھے موڈ میں تھا فوراً سنجیدہ ہوا۔

"کیا ہوا ہے حافی؟"

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

"بس نہیں کرنی مجھے آپ سے شادی! میں یہیں خوش ہوں!" وہ کہتی کال کاٹ گئی۔

بہزاد شاہ فوراً کھڑا ہوا تھا کرسی سے۔

اس کی ضروری میٹنگ تھی کچھ دیر میں لیکن وہ فوراً سے باہر نکل گیا۔

سر---؟

"میں کچھ دیر میں آتا ہوں---ہینڈل کر لینا سب" وہ کہتا تیزی سے باہر نکل گیا۔

وہ سیدھا اس کے گھر گیا تھا اور فون نکالتے حائفہ کا نمبر ملانے لگا جو مسلسل بیلز کے بعد بھی اٹھایا نہیں جا رہا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

چھٹی بیل پر اس کی پکڑ فون پر مضبوط ہوئی تھی-----تب ہی دوسری طرف سے اٹھا لیا گیا تھا۔

"باہر آئیں؟"

"جی؟"

URDU NOVEL BANK

"سنائی دے رہا ہے حائفہ سکندر! باہر آئیں میں روڈ پر کھڑا ہوں!"

"آپ کا دماغ خراب ہے؟ آپ کیوں کھڑے ہیں؟ میں نہیں آؤں گی!" حائفہ کا تو دماغ ہی گھوم گیا تھا اس کی بات سن کر۔

"آپ آ رہی ہیں یا میں اندر آؤں؟"

"آپ کیوں آئیں گے؟"

"تو آپ دو منٹ میں پہنچیں نہیں تو میں پہنچ جاؤں گا!" وہ کہتا کال کاٹ گیا تو حائفہ نے یہاں وہاں چکر کاٹے۔

"افففف! اب کیا کروں!"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"حسن ماما کہاں ہیں؟"

نماز پڑھ رہی ہیں! اس نے حیرت سے حائفہ کے سر پر جمے حجاب کو دیکھتے کہا۔

"اچھا میں دس منٹ میں واپس آرہی ہوں امی کو پتا نہ چلے۔"

"کہاں جا رہی ہیں اپیا؟"

"بس آتی ہوں!" وہ کہتی تیزی سے باہر نکل گئی۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

گلی سے باہر نکلتے ہی سامنے ہی اس کی بڑی گاڑی کو دیکھتے حائفہ نے اسے گھورا۔

جی بولیں؟ کیوں آئے ہیں؟

بیٹھیں!

"بالکل نہیں!"

"حائفہ یہ آپ کا محلہ ہے! ایسے مناسب نہیں لگتا جلدی "بیٹھیں!"

وہ بولا تو حائفہ تیزی سے بیٹھ گئی یہ تو اس نے سوچا ہی نہیں تھا۔

حائفہ تیزی سے بیٹھ گئی تو بہزاد نے گاڑی ریورس میں کی اور وہاں سے نکالتے دور جا کر کھڑی کی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"اب بولیں کیوں بلایا ہے؟" حائفہ نے غصے سے پوچھا۔

ماہا نے آگے ہو کر دیکھا کہ شاید وہ سو گیا ہے۔

سفیر شاہ کی نگاہیں ملیں تو ماہا نے دھڑکتے دل کے ساتھ چہرہ جھکا لیا۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

سفیر شاہ نے اس کا چہرہ واپس اپنی طرف موڑا۔

تمہیں میں مجھ سے نگاہیں ہٹانے کی بھی اجازت نہیں دیتا! وہ بولا تو ماہا کا دل دھڑکا تو وہ اٹھ کھڑی ہوئی۔

"کہاں جا رہی ہو؟"

"اوپر بیٹھیں ایسے تھک جائیں گے!"

ماہا نے اسے بیڈ پر بیٹھنے کا کہا تو وہ لیٹ گیا اور سر پر ہاتھ رکھ لیا۔

ماہا کو لگا تھا اب وہ چلا جائے گا۔

"کیا مسئلہ ہے ماہا؟" آواز میں سختی ہرگز نہیں تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"آپ نے جانا نہیں ہے؟"

"کہاں؟"

"آپ کی فلائیٹ ہے نا!"

"صبح کی ہے! ابھی کافی وقت ہے!" وہ کہتا آنکھیں موند گیا۔

URDU NOVEL BANK

ماہا کی کمر اکڑ گئی تھی وہ جلد از جلد لیٹنا چاہتی تھی لیکن اسے اندازہ نہیں تھا وہ اسی کے بستر پر لیٹ جائے گا۔

ماہا وہاں کھڑی انگلیاں مروڑنے لگی۔

"آجاؤ! اُس صبح بھی میرے ساتھ سوئی تھی تو اب کیا مسئلہ ہے؟" وہ سنجیدگی سے بولا تو ماہا نے تھوک نگلا۔

"میں نہیں سوئی تھی آپ نے زبردست------"

"فوراً آؤ یہاں!"

ماہا دھڑکتے دل کے ساتھ بیڈ کے پاس پہنچی تو سفیر اپنی جگہ سے ہٹتا پیچھے ہوا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ماہا نے تھوک نگلتے اس تھوڑی سی جگہ کو دیکھا پھر بالکل بیڈ کے کنارے پر لیٹ گئی۔

وہ چت لیٹی تھی۔

سفیر نے اسے یک دم کھینچا تو اس کے منہ سے چیخ برآمد ہوئی۔

"کیا مسئلہ ہے تمہارے ساتھ! گر جاتی ابھی!"

URDU NOVEL BANK

سفیر نے کہتے اسی کی طرف رخ کیے تکیے پر سر رکھا اور آنکھیں موند لیں۔

ماہا کو نیند کیا ہی آنی تھی وہ اس شخص کو دیکھتی رہی۔

خوبصورت چہرہ اور پُرکشش نقوش۔۔۔۔اس نے کبھی کوئی مرد اتنا خوبصورت نہیں دیکھا تھا یا شاید اس نے کسی مرد کو اتنے قریب سے دیکھا ہی اب تھا۔

اس کی نگاہیں اس کی پلکوں پر اٹکی تھی جو لمبی اور گھنی تھی۔

اففف کیا اس نے لیش ایکسٹینشن کروائی ہے؟ وہ سوچتی خود کو ہی کوسنے لگی۔

اس کا دل کیا وہ انہیں چھوئے۔۔۔۔۔

نجانے کتنی دیر ہو گئی تھی لیکن وہ تو اس کے نقش حفظ کر رہی تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ماہا نے انگلی بڑھاتے اس کی پلکوں کو چھونا چاہا۔۔۔۔ایسا کرتے وہ تھوڑا اس کے قریب ہوئی تھی۔

اس سے پہلے کہ وہ ہاتھ لگاتی سفیر شاہ نے نیند سے بھری آنکھیں کھولتے اسے دیکھا۔

"کیا کر رہی تھی؟"

URDU NOVEL BANK

"کچ۔۔۔کچھ۔۔۔نہیں۔۔۔۔۔"

"تم مجھے کِس کرنے والی تھی؟" وہ سنجیدگی سے بولا۔

"افففففف ہرگز نہیں!" ماہا کے گالوں سے حرارت نکلی تو اس نے فوراً اپنے گال تھامے۔

"تم اتنی سرخ کیوں ہو رہی ہو! بیوی ہو میری کر سکتی ہو!"

سفیر شاہ بیشک اس سے نفرت کا دعوے دار تھا لیکن نجانے کیوں وہ عورت اسے پرسکون کر گئی تھی۔

یہ ہنر پہلے صرف بہزاد شاہ کے پاس تھا لیکن کل رات کو جس طرح اسنے اپنا کندھا سفیر کو دیا تھا وہ اسے پُرسکون کر گیا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اور مرد کہاں ہر عورت کے سامنے روتا ہے!

"میں کیوں کروں گی آپ کو کِس؟"

"کیوں نہیں کر سکتی؟" سفیر نے اس کے ہاتھ تھامے سختی سے جو وہ مسلسل مڑوڑ رہی تھی۔

URDU NOVEL BANK

نہیں!

کیوں؟

"کیونکہ ہم بس نام کے میاں بیوی------"

سفیر شاہ نے سرد نگاہوں سے اسے گھورا۔

"تمہاری طرف سے یہ رشتہ نبھایا جانا چاہیے ماہا سفیر شاہ یہ جان لو، تمہیں مجھ سے ہی محبت کرنی ہے!

اور آپ کو---؟"

جواب ندارد!

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"کیا کرنا چاہ رہی تھی؟"

سفیر نے یک دم اس پر جھکتے پھر سے استفسار کیا تو ماہا کا سانس سینے میں اٹکا۔

"میں آپ کی پلکیں دیکھنا چاہ رہی تھی کہ اصلی ہیں یا نہیں!" وہ آنکھیں بند کیے ایک ہی سانس میں بول گئی۔

سفیر شاہ کے عنابی لبوں پر مسکراہٹ آئی جسے وہ چھپا گیا۔

دیکھو!

جی؟

"چیک کرو اصلی ہے یا نہیں؟"

سفیر شاہ نے آنکھیں بند کیں تو ماہا نے ڈرتے ہاتھ لگایا اور تیزی سے ہٹا لیا۔

"اب بتاؤ!"

"اصلی ہی لگ رہی ہیں!" ماہا کو اس کا یہ روپ اتنا اچھا لگ رہا تھا کہ وہ پل کے لیے سب بھول گئی تھی یا بھلانا چاہتی تھی۔

وہ ہمیشہ توجہ کی بھوکی رہی تھی جو اسے مل رہی تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

سفیر شاہ اسے دیکھا رہا پھر اس کی گردن سے بال ہٹائے اور جھکا تو ماہا نے آنکھیں میچ لیں۔

اپنی گردن پر اس کے لب محسوس کرتے ماہا کا دل تیزی سے دھڑک رہا تھا۔

سفیر شاہ سب بھول گیا اسے یاد تھا تو سب اتنا کہ وہ عورت اس پر حلال تھی، اور اس وقت اسے پرسکون کرنے کا ہنر رکھتی تھی۔

وہ پیچھے ہوا تو ماہا کو اپنی گردن کے ساتھ اپنا آپ دھڑکتا محسوس ہوا۔

"جا رہا ہوں میں!" سفیر شاہ کہتا اٹھ گیا لیکن ماہا نے چہرہ تکیے میں چھپا لیا۔

سفیر شاہ نے دروازہ کھولا اور باہر نکلنے لگا جبکہ وہ ابھی تک ویسے ہی لیٹی تھی۔

"ماہا سفیر شاہ! آ کر میری پیکنگ کرو!"

"جی؟؟؟؟؟"

"اٹھو فوراً! چلو!" وہ کہتا باہر نکل گیا جبکہ وہ سن سی وہیں بیٹھی رہی کہ جائے یا نہ جائے۔

سفیر شاہ کمرے میں جا کر فریش ہوا باہر نکلتے بھی وہ اسے کمرے میں نہیں ملی تھی۔

وہ باہر نکلا۔

شاہ؟

جی بھائی؟

"کہاں جا رہے ہو؟"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

وہ بس۔۔۔۔۔وہ سر پر ہاتھ پھیرنے لگا۔

"مت بھولو وہ وہاں تمہاری وجہ سے وہاں ہے۔"

"تو اسے بلا لیں! میں تو جا رہا ہوں!"

وہ کہتا باہر نکل گیا تو بہزاد اس کی پشت کو دیکھ کر رہ گیا۔

وہ کمرے میں داخل ہوا تو وہ سو گئی تھی تکیہ خود میں بھینچے۔

سفیر شاہ اس کے سر پر کھڑا اسے دیکھتا رہا۔۔۔۔۔۔وہ جانتا تھا وہ تھکی ہے لیکن وہ نجانے کیوں اس وقت اسے سامنے چاہتا تھا۔

ماہا؟

ماہ؟

ماہی؟؟؟

وہ اس کے سر پر کھڑے اسے نئے نام دے گیا لیکن وہ گہری نیند میں اتر گئی تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

سفیر شاہ نے جھکتے اسے باہوں میں اٹھایا تھا اور اپنے کمرے کی طرف لے جانے لگا۔۔۔۔بہزاد شاہ نے اسے گھورا تھا لیکن اسے کہاں فرق پڑتا تھا۔

اپنے کمرے میں لاتے اسے لِٹایا۔۔۔اور اپنی چیزیں سمیٹتے دروازہ بند کرتے باہر نکل گیا۔

"یہ کیا حرکت تھی شاہ؟"

"میری بیوی ہے وہ! اسے جہاں ہونا چاہیے وہاں میں نے اسے پہنچا دیا ہے۔"

"تو تم نے قبول کر لیا ہے کہ وہ تمہاری بیوی ہے؟"

"یہ تو میں اول روز سے قبول کرتا ہوں!" وہ ناشتہ کرنے بیٹھ گیا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

بہزاد شاہ نے گہرا سانس بھرا۔۔۔۔وہ ابھی جانتا تھا اچھے سے کہ سفیر کبھی ماہا کو نہیں چھوڑے گا۔

چلتا ہوں بھائی!

"مجھے امید ہے کام ہو جائے گا! اپنا خیال رکھنا!"

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

سفیر شاہ نے بہزاد شاہ کو گلے لگایا اور باہر نکل گیا جبکہ بہزاد شاہ نے اس کی سکیورٹی مزید ٹائٹ کروائی تھی۔

وہ سامنے ہو تو موضوع گفتگو نہ ملے

وہ اٹھ کر جائے تو ہر بات اس سے ہے!

از قلم خود۔

"اب بولیں کیوں بلایا ہے؟" حائفہ نے غصے سے پوچھا۔

بہزاد شاہ نے سنجیدگی سے اسے دیکھا۔۔۔۔پھر نگاہ اس کے حجاب کے حالے میں مقید خوبصورت چہرے پر ڈالی تو اسے اپنا آپ نثار ہوتا محسوس ہوا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

میں یہاں آپ کو محض یہ بتانے کے لیے آیا یوں کہ جو بھی آپ فضول سوچیں سوچ رہی ہیں اس کو دماغ سے نکال دیں کیونکہ شادی تو آپ کی مجھ سے ہی ہو گی! وہ سنجیدگی سے بولا۔

URDU NOVEL BANK

مجھے نہیں کرنی میں نے بتایا تو ہے! حائفہ نے ناک چڑھاتے آنکھیں چھوٹی کیے بتایا۔

بہزاد نے اپنا ہاتھ آگے بڑھایا لیکن پھر پیچھے ہٹا لیا۔

حافی مجھے سختی پر مجبور نہ کریں!

کیا کریں گے پھر آپ؟ وہ دلچسپی سے پوچھنے لگی۔

مجھے آپ کے والد صاحب سے ہی بات کرنی چاہیے۔۔۔ کل کا ہوتا یہ نکاح آج ہو!

آپ ایسا کچھ نہیں کریں گے! حائفہ جلدی سے بولی تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

بہزاد نے سٹیرنگ پر ہاتھ مارا کہ مخالف کے ساتھ وہ کسی قسم کی سختی نہیں برت سکتا تھا۔

حائفہ نے اس کا غصہ دیکھتے حیرت سے اسے دیکھا۔

URDU NOVEL BANK

آپ کی وجہ سے آج ماما نے مجھ سے کچن کا اتنا کام کروایا ہے۔۔۔۔چاول بھی مجھ سے بنوائے ہیں اور کہہ رہی تھیں رائتہ بھی تم ہی بناؤ گی۔۔۔۔حائفہ غصے میں اسے سب بتانے لگی۔

تو ان سب میں میں کہاں سے آتا ہوں؟؟ وہ حیران ہوا۔

کیوں نہیں آتے آپ؟ آپ کو کس نے کہا تھا نکاح کا کہیں اور گھر آئیں۔۔۔وہ کہتی ہیں کہ اگلے گھر جا کر کیا کرو گی۔۔۔۔مجھے بتائیں آپ مجھے چاول بنانے اور رائتہ بنوانے کے لیے لے کر جا رہے ہیں، مجھ سے یہ کام بالکل نہیں ہوتے وہ اپنی ہی دھن میں بولتی جا رہی تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

جبکہ بہزاد شاہ مسکراتے اسے ہی دیکھ رہا تھا۔

میں نے آپ کو کیا سمجھایا تھا لڑکیوں پر ہنستے نہیں ہیں!

تو شادی سے انکار آپ نے اس لیے کیا ہے غالباً؟

وہ پوچھنے لگا کہ شاید کوئی اور بات ہو اتنی سی بات پر کون انکار کرے گا لیکن وہ جانتا نہیں تھا ابھی کہ سامنے حائفہ سکندر تھی۔

URDU NOVEL BANK

بالکل!

میں ہرگز ہرگز آپ سے شادی نہیں کروں گی! بلکہ کسی سے بھی نہیں کروں گی!

وہ کہہ کر اترنے لگی۔

بیٹھیں رہیں!

آپ نے سچ میں صرف اس وجہ سے منع کیا ہے؟ وہ اب بھی بے یقینی کی کیفیت میں تھا۔

آپ کا اور میرا مزاق ہے؟ حائفہ کہتی اس کی گاڑی میں پڑی چیزین دیکھنے لگی۔

بہزاد شاہ کا سارا غصہ اور فکر جیسے جاتی رہی تھی۔۔۔۔سامنے موجود لڑکی اس کی سوچ سے زیادہ معصوم اور بے وقوف تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

بہزاد کا فون بجنے لگا۔۔۔۔تو اس نے نظرانداز کیا لیکن حائفہ کی نگاہ تو کال بند ہونے کے بعد اس کے وال پیپر تھی۔

وہ اس کی تصویر تھی۔۔۔۔ہاں اسی کی تو تھی! حائفہ نے اس کا فون تھاما تو کال پھر سے آنے لگی۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

اٹھائیں!

کیا؟

کال اٹھائیں سفی کی کال ہے! بھائی ہے آپ کا بات کریں!

حائفہ نے سوچتے کال پِک کی۔۔۔وہ ویڈیو کال تھی۔

بھائی مجھے۔۔۔۔۔

لیکن سامنے حائفہ کو دیکھتے وہ رُک گیا۔۔۔حائفہ نے فوراً بہزاد کو فون تھمایا تھا۔

آپ اس وقت لڑاکا لڑکی کے ساتھ ہیں؟ سفیر شاہ نے جان بوجھ کر کہا تھا۔

میری بات سنیں آپ! یہ آپ نے لڑاکا کس کو کہا ہے؟ حائفہ نے فون کو اپنی طرف گھماتے استفسار کیا۔

سفی خبردار! حافی کو کچھ نہیں کہنا! بہزاد شاہ شرارت سے بولا تھا۔

میلوں دور بیٹھے سفیر شاہ نے زندگی میں پہلی بار، پہلی بار بہزاد شاہ کو شرارت کرتے دیکھا تھا، یا یوں اتنا خوش دیکھا تھا۔۔۔۔وہ اپنے بھائی کو ہی دیکھتا رہا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

جس نے ساری زندگی کاموں میں، اور اس کی پرورش میں ہی اکیلے گزار دی تھی، شاید حائفہ سکندر اس کی تمام زندگی کی محنت اور صبر کا پھل تھی۔

وہ بے حد خوش اور مطمئن ہوا۔

حافی کیا لیں گی شادی کا تحفہ؟ سفیر شاہ کی آواز گونجی۔

حائفہ! حائفہ نام کا شاہ میں دوبارہ نہیں بتاؤں گا! اس سے پہلے حائفہ کچھ کہتی بہزاد بول پڑا۔

حائفہ نے چونک کر اسے دیکھا۔۔۔۔وہ شخص کیا تھا۔۔۔۔کیا کوئی مرد اتنا پیارا بھی ہو سکتا ہے! اس کے دل میں نئے پھول کھلے تھے اور وہ فوراً گلابی ہوئی تھی۔

"حائفہ آپ بلش کر رہی ہیں ابھی تو بھائی نے کچھ۔۔۔"سفیر شاہ کی پھر سے آواز گونجی تو بہزاد نے فوراً کال کاٹ دی۔

بہزاد شاہ اس کے چہرے پر رنگ دیکھتے مبہوت رہ گیا۔

محبوب جب حد سے پیارا لگے تو کیا کیا جاتا ہے؟ اس نے خود سے پوچھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

صدقہ دیا جاتا ہے! اس کے دل سے آواز آئی تھی اور اسے واپسی پر اب حائفہ سکندر کا صدقہ دینا تھا۔

یہ میری تصویر ہے نا؟

اس نے بہزدا کے ہاتھ سے فون پکڑے کہا۔۔۔۔یہ اس دن والی اس کی بہزاد کے باغیچے میں لی جانے والی تصویر تھی۔

نہیں یہ کوئی اور ہے!

جی نہیں میں ہی ہوں! آپ نے کب لی یہ تصویر؟ وہ حیران تھی۔

افففففف! میں حسن کو دس منٹ کا کہہ کر آئی تھی بیس منٹ ہو گئے ہیں۔۔۔۔امی مجھے ماریں گی وہ روہانسی ہوئی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

چلیں! بہزاد شاہ اپنی جگہ سے اترا۔

کہاں؟

آپ کے گھر! کہہ دیجیے گا مجھے راستہ نہیں پتا چل رہا تھا بس آپ باہر تک لینے آئیں تھیں۔

URDU NOVEL BANK

وہ کہتا بنا اسے کچھ کہے آگے کی طرف بڑھ گیا تو وہ پیچھے ہوئی۔

آپ اس دن بھی تو آئے تھے یہ بہانہ بیکار ہے آپ جائیں!

اب آپ کیوں آ رہے ہیں؟ اسے پیچھے ہی آتے دیکھ وہ بولی۔

چاول کھانے آپ کے ہاتھوں کے! اسکے بعد تو آپ بنائیں گی نہیں!

کیوں نہیں بناؤں گی؟

خاموشی سے چلیں حافی!

وہ سنجیدگی سے بولا تو حائفہ نے دیکھا کچھ ایک دو لوگ جو گلی میں موجود تھے وہ انہیں کی طرف متوجہ تھے۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اپنی عزت کی یوں قدر ہوتے دیکھنا بہزاد شاہ کی قدر و قیمت کو بڑھا چکا تھا حائفہ سکندر کے دل میں۔

اس نے دروازہ کھٹکھٹایا۔

حائفہ تمہارے باپ کو آج آلینے دو۔۔۔۔ان کے سامنے جوتے سے مار لگاؤں گی تمہیں۔۔۔سائمہ بیگم بولتی چلی آرہی تھیں۔

افففففف! حائقہ خجل ہوئی جبکہ بہزاد مسلسل مسکرا رہا تھا۔

سائمہ بیگم نے دروازہ کھولا تو سامنے بہزاد کو دیکھتے وہ چونک گئی۔

اسلام علیکم!

وعلیکم السلام بیٹا! آؤ اندر آؤ بہت گرمی ہے باہر!

وہ فوراً سے بولی تو وہ اندر داخل ہوا اور پیچھے حائقہ۔

معافی چاہتا ہوں۔۔۔حائقہ کا بُلانا پڑا۔۔۔۔میری گاڑی کی پارکنگ کے لیے جگہ نہیں مل رہی تھی۔۔۔۔تو۔۔۔۔

کوئی بات نہیں آندر آئیں! سائمہ بیگم بولی تب ہی پھر سے گھنٹی بجی تو دروازہ کھوللنے پر سکندر صاحب اندر آئے۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

بہزاد شاہ کو وہ بھی خوش دلی سے ملے تھے۔

سب خیریت؟ وہ سب کو یوں کھڑے دیکھ پوچھنے لگے۔

آج حائقہ نے چاول بنائے ہیں؟ بہزاد شاہ نے استسفار کیا تو سب نے اسے چونک کر دیکھا۔

URDU NOVEL BANK

جی! سائمہ بیگم مسکرائی۔۔۔۔آپ ہاتھ دھو لیں۔۔۔میں چاول لاتی ہوں وہ برتن پہلے ہی لگا چکی تھیں۔

وہ ہاتھ دھوتا بیٹھ گیا تو سکندر صاحب بھی بیٹھ گئے جبکہ حسن تو ٹکٹکی باندھے بہزاد کا جائزہ لے رہا تھا۔

بہزاد نے پہلا ہی نوالہ منہ میں رکھتے ستائشی نگاہیں اس پر ڈالی جو مگن سی کھانا کھاتے ساتھ حسن سے کچھ کہہ رہی تھی۔

جبکہ سکندر صاحب اور سائمہ بیگم کی نگاہیں اسی پر تھیں جس کی نگاہیں حائفہ پر چپکی تھی۔۔۔۔جو محبت سے بھری تھیں۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

حائفہ آپ نے رائتہ نہیں بنایا؟ وہ شرارت سے پوچھ بیٹھا تو حائفہ نے سر اٹھایا پھر اسے گھورا۔

نہیں!

سائمہ بیگم نے اسے گھورا جس پر رتی برابر فرق نہ پڑا تھا۔

میں بنا لاتی ہوں۔۔۔۔سائمہ بیگم اٹھنے لگی۔

URDU NOVEL BANK

بہت شکریہ آنٹی۔۔۔ایسے ہی ٹھیک ہے! اگلی بار آؤں گا تو حائفہ بنا لیں گی، امید ہے!

وہ بولا تو حائفہ نے اسے پھر سے گھورنا چاہا لیکن ماں کو خود کو ہی دیکھتے پا کر سر جھکا گئی۔

کیسے ہو حسن؟

آپ کو میرا نام کیسے پتا؟

مجھے سب پتا ہے آپ کے بارے میں! کون سی کلاس میں ہو۔۔۔کون سے ہاسٹل رہتے ہو۔۔۔کتنے دوست ہیں سب۔۔۔بہزاد بولا تو وہ قائل ہوا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اب وہ حسن سے باتیں کر رہا تھا جبکہ سائمہ بیگم اور سکندر صاحب مسکراتے ان کی باتیں سُن رہے تھے۔

مجھے مدد چاہیے تمھاری! اس نے حسن کو کہا تو وہ فوراً کھڑا ہوا۔

جلدی بتائیں بھائی! وہ پُرجوش تھا اسے بہزاد شاہ اچھا لگا تھا۔

URDU NOVEL BANK

میری گاڑی میں آپ کی بہن کا جوڑا رکھا ہے اگر آپ لے آؤ! اس نے گاڑی کی چابی آگے کی تو حسن فوراً لیتا باہر نکل گیا۔

چائے پیو گے برخوردار؟ سکندر صاحب نے پوچھا۔

نہیں میں کافی لیتا ہوں! وہ بولا لیکن سب کو ایک دوسرے کو دیکھتے وہ جان گیا کہ شاید کافی وہاں کوئی نہیں پیتا تھا نا موجود تھی۔

لیکن وہ بھی رات کو ابھی نہیں! پرسکون رہیں مجھے کچھ چاہیے ہو گا تو میں خود مانگ لوں گا! وہ سکندر صاحب سے باتیں کرنے لگا۔

نکاح کی تاریخ بھی طے پائی تھی-----

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

حائفہ برتن سمیٹ رہی تھی---

میں حائفہ کے لیے نکاح کا جوڑا لایا ہوں!

بیٹا ہم خود----سائمہ بیگم نے کہنا چاہا۔

بالکل نہیں! نکاح کے بعد سے ہی حائفہ کا سارا خرچہ میں اٹھاؤں گا! ایک بھی چیز یہاں سے نہیں جائے گی میں جہیز کے سخت خلاف ہوں۔

URDU NOVEL BANK

وہ بولا تو سکندر صاحب مشکور نظر آئے۔۔۔آج کے مہنگائی کے دور میں یہ بھی غنیمت کی بات تھی۔

میں کچھ کہنا چاہوں گا! اس نے سائمہ بیگم کو دیکھتے کہا۔

بولیں بیٹا!

میں چاہتا ہوں حائفہ جیسے اپنی زندگی اس رشتے سے پہلے گزار رہی تھی ویسے ہی گزارے۔۔۔۔مطلب اس کے کرکٹ کھیلنے سے مجھے کوئی بھی مسئلہ نہیں ہے۔۔۔وہ بھرپور مسکرایا۔۔۔۔۔اور نہ مجھے اس سے کھانا بنوانا ہے۔۔۔۔اگر وہ ایسا نہیں چاہتی تو اسے فورس نہ کریں پلیز! وہ شائستگی سے بولا تو سکندر صاحب مسکرا دیے۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اس نے سہی بولا تھا کہ وہ حساس نکلے گا حائفہ کے معاملے میں!

لیکن کچھ تو آنا۔۔۔۔سائمہ بیگم نے بولنا چاہا۔

URDU NOVEL BANK

میں سچ کہہ رہا ہوں آنٹی! جس چیز میں وہ خوش نہیں ہے میں ہرگز نہیں چاہتا وہ وہ کرے! وہ آج مجھے فون کر کے کہہ چکی تھی کہ وہ مجھ سے شادی نہیں کرے گی۔

سکندر صاحب چونکے۔

صرف اسی لیے کہ اس کی پہلے کی زندگی وہ نہیں چھوڑنا چاہتی اور یقین کریں میں بھی ایسا نہیں چاہتا۔۔۔ جب وہ میرے پاس آجائیں گی میں اپنے طریقے سے خود ہی خود میں ڈھال لوں گا اسے!

سائمہ بیگم نے سر ہاں میں ہلایا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

سکندر صاحب نے رشک سے اسے دیکھا اور اس کے ہاتھوں پر دباؤ بڑھایا تو وہ مسکرا دیا۔

اگلی بار آپ کے ہاتھوں کا کچھ کھاؤں گا! وہ سائمہ بیگم سے بات کر رہا تھا۔۔۔شاید اس سے پہلے اس نے کسی گھر میں یوں کھان نہیں کھایا تھا نا یوں کسی عورت سے باتیں کی تھیں۔۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

حسن بیگ لے آیا تھا جو کافی بھاری تھا۔۔۔۔تب تک حائفہ بھی آ گئی تھی۔

یہ آپ کو جوڑا ہے حائفہ کھول کر دیکھ لیں!

حائفہ نے اسے دیکھا وہ سچ کہہ رہا تھا کہ وہ جوڑا خود لائے گا۔

حاہفہ نے کھولا تو وہ لائٹ لیک کلر کا بھاری جوڑا تھا۔۔۔

بیشک وہ بے حد خوبصورت تھا لیکن اس کی آنکھوں کی چمک نہ بڑھی تھی جو بہزاد شاہ کو بیچین کر گئی تھی۔

بہت اچھا ہے! وہ ہلکا سا مسکرا دی۔

باقی سب نے بھی تعریف کی تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

سکندر صاحب نے سب کی بیٹیوں کے اچھے نصیبوں کی دعا کی تھی۔

اپیا آپ تو کہہ رہی تھی کہ سفید جوڑا لوں گی لیکن دیکھو یہ تو اس سے بھی زیادہ پیارا ہے!

حسن بولا تو بہزاد نے تیزی سے نگاہیں اس کی طرف موڑی جو اب کی بار پھر ہلکا سا مسکرائی تھی۔

بہزاد شاہ نے ہونٹ بھینچے!

میں چلتا ہوں اب! وہ اٹھ کھڑا ہوا سب اسے دروازے تک چھوڑنے آئے تھے

لیکن وہ نہیں۔

اس نے واپسی پر صدقہ دیا تھا۔

اپنی ہونے والی بیوی کا، اپنی محبت کا، خود کی خوشیوں کا۔

ماہا نے آنکھیں کھولی تو واپس اسی کمرے کو دیکھ کر چونک کر اٹھ بیٹھی۔

میں یہاں کیسے آئی؟

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اسے رات کے تمام مناظر یاد آئے---

افففف! تو کیا سفیر شاہ لایا تھا اسے یہاں---ہاں یقیناً اس کے علاوہ کون ہاتھ لگا سکتا تھا اسے----وہ سوچتی سرخ پڑی۔

پھر الماتی کھولتے سفیر شاہ کے ہی کپڑے نکالے اور فریش ہونے چلی گئی۔

بال سکھاتے وہ باہر نکلی!

URDU NOVEL BANK

وہ جب سے یہاں آئی تھی اس نے یہ بات نوٹ کر لی تھی گھر کے اندر اب میل سرونٹس نہیں ہوتے تھے۔

میڈیم کچھ چاہیے؟ فیروزہ نے استسفار کیا۔

نہیں!

اوکے! فیروزہ جانے لگی۔

میری بات سنیں! وہ جھجکی!

جی میڈیم!

مجھے ماہا بلایا کریں پلیز! یہ میڈیم اچھا نہیں لگتا وہ جھجکتے بولی تو فیروزہ مسکرا دی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ٹھیک ہے ماہا جی!

ماہا جی بھی نہیں بس ماہا! وہ پھر سے بولی۔

اوکے ماہا بیٹا!

اب ٹھیک ہے! وہ مسکرائی۔

سب کہاں ہیں؟ وہ انگلیاں مڑوڑتی پوچھنے لگی کہ یہ اس کا پسندیدہ مشغلہ تھا۔

URDU NOVEL BANK

سفیر سر تو صبح کے جا چکے ہیں---بہزاد سر بھی گھر نہیں ہیں---انہوں نے کہا تھا آپ جب بھی اٹھیں آپ سے ناشتے کا پوچھا جائے اور---

اور----

سفیر شاہ نے یہ دیا ہے! اس نے ڈبہ نکالتے اسے پکڑایا وہ فون تھا نیا۔

انہوں نے اپنا نمبر ڈال دیا ہے اندر---لیکن انہوں نے سختی سے منع کیا ہے آپ کو کسی اور سے رابطے کرنے سے خاص طور پر آپ کے بھائی سے!

فیروزہ بولی تو ماہا نے سر ہلایا۔

اور انہوں نے کہا ہے آپ کو جو چاہیے وہ مجھے لکھ کر دے دیں میں----

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

نہیں کچھ نہیں چاہیے! وہ واپس اندر آ گئی اس کا دل اداس ہوا۔

تو کیا اب وہ اپنی تمام چیزیں سرونٹس سے منگوائے گی! اسے جھجک کے ساتھ شرم بھی محسوس ہوئی۔

فون کو کھولنے کی بجائے سائیڈ پر رکھ دیا اور وہیں ٹیرس پر نکل گئی۔

رات کے مناظر اس کے ذہن کے پردوں پر پھر سے لہرانے لگے --

URDU NOVEL BANK

اس نے اپنی گردن پر ہاتھ رکھا جہاں صبح وہ اپنا لمس چھوڑ کر گیا تھا۔۔۔۔تو کیا سب نارمل ہو سکتا تھا اب۔۔۔۔کیا وہ اس سے محبت کر لیتا؟

ماہا کا دل دھڑکا۔۔۔۔۔اس کے دل نے سفیر شاہ کے نام پر پہلی بیٹ مِس کی تھی۔

اس نے اپنے دھڑکتے دل پر ہاتھ رکھا جو اسے نوید سنا رہا تھا کہ وہ جلد محبت میں مبتلا ہونے والا ہے اس کے اپنے ہی محرم رشتے، اس کے شوہر سے محبت میں۔

وہ کمرے کو ٹھیک سے دیکھنے لگی۔

سفیر شاہ کی طرح اس کا کمرہ بھی ایک دن پرفیکٹ تھا۔۔۔۔کہیں کوئی دھول مٹی نہیں تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ماہا بیٹا صفائی کروائی ہے آپ کے روم کی! ملازمہ نے کہا۔

نہیں! صاف ہے یہ تو!

صاف ہے لیکن پھر بھی سفیر سر روز صفائی کرواتے ہیں انہیں گرد بالکل پسند نہیں۔۔۔اب کی بار فیروزہ ہلکی مسکراہٹ سے بتانے لگی۔

URDU NOVEL BANK

اب سے میں خود ہی کر لوں گی آپ فکر نہ کریں! ماہا بولی تو وہ مسکراتی چلی گئیں۔

تھوڑی دیر بعد اسے باہر سے آوازیں محسوس ہوئی تو باہر نکلی بہزاد شاہ کو دیکھتے وہ پاس گئی تو بہزاد شاہ نے اس کے سر پر پیار کیا۔

اب آپ کھل کر رہ سکتی ہیں ماہا آپ کا جلاد سا شوہر جا چکا ہے! اس کا موڈ آج بہت اچھا محسوس ہوا ماہا کو۔

وہ بس مسکرا دی!

کھانا کھائیں گے؟

نہیں! کھا کر آیا ہوں اپنی پرنسس کے گھر سے! بہزاد شاہ فون کو دیکھتا بولا تو وہ چونکی۔

کیا اس کی کوئی بہن تھی؟ یہ ممکن نہیں تھا۔۔۔وہ کس کو پرنسس کہہ رہا تھا؟

بہزاد شاہ نے اس سوچ میں گھرا دیکھا تو بیٹھ گیا۔

فیروزہ؟

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

جی سر؟

ماہا کے لیے کھانا لگوائیں! وہ چلی گئی۔

میں نکاح کر رہا ہوں ماہا۔۔۔۔اگلے جمعے سفی کے آتے ہی۔۔۔۔وہ مسکرایا۔

بہت مبارک ہو! ماہا نے مسکراتے کہا تو اس نے مبارکباد وصول کی۔

میری طرف سے ساری رسمیں آپ کریں گی! بہن بن کر۔ ماہا نے نم آنکھوں سے سر تیزی سے ہلایا۔

ماہا کھانا کھانے لگی۔

آپ پڑھائی شروع کریں!

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

بہزاد کہتا اٹھ گیا کیونکہ ماہا نے کھانا کھا لیا تھا وہ صرف اس کے لیے وہاں بیٹھا تھا۔

ماہا نے اسے دیکھا۔۔۔۔وہ واقع ایک بھرپور مرد تھا جو عزت لینا اور دینا جانتا تھا وہ لڑکی بہت خوش نصیب تھی جسے بہزاد شاہ نے چُنا تھا وہ سوچنے لگی۔

ایڈمیشن اور کتابیں۔۔۔۔

URDU NOVEL BANK

سب لکھ لیں سب ہو جائے گا۔۔۔۔

میرے ساتھ چلیں کل۔۔۔ویسے تو یہ کام سفی کے ہیں لیکن اسے کچھ دن لگیں گے اور آپ کا مزید حرج نہ ہو اسی لیے ہم کل چلیں گے۔

اوکے بھائی!

وہ بولی تو بہزاد مسکرایا۔۔۔اس کا بھائی کہنا بہزاد شاہ کو اس کی اپنی بہن کی یاد دلاتا تھا۔

فون مل گیا ہے آپ کو؟

جی!

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اوکے!

کیا آپ نے ان کو بولا تھا فون دینے کا؟ وہ سنجیدگی سے بولی۔

ہاں! اب آپ کو ضرورت پڑے گی نا!

بہزاد شاہ نے کال آتے فون کان سے لگایا اور باہر نکل گیا جبکہ وہ جو تب سے خوش تھی کہ سفیر شاہ نے اس کی زات پر دھیان دیا ہے۔

URDU NOVEL BANK

وہ تمام امید کے دیے پھر سے بجھ گئے اور وہ اپنے کمرے میں بند ہو گئی۔

کاش دنیا میں یا دلوں میں محبت جیسا کوئی جزبہ کبھی پروان نہ چڑھتا۔۔۔۔ہم کسی کے لیے کوئی جزبات نہ محسوس کر پاتے، ہم لوگوں کے ساتھ ویسے ہی ظالم بن سکتے جیسے وہ ہمارے لیے ہیں، کاش عورتوں کے دل ان کے محرم کے لیے تب تک نرم نہ پڑتے جب تک محبت کا اظہار مخالف سمت سے ہو نا جاتا، کاش دنیا میں خوشیاں ایک جیسی تقسیم کی جاتی اور لوگ ایک دوسرے کی درد کی کیفیت کو سمجھ پاتے۔

اس کے دل میں اپنے ہی شوہر کے لیے جزبات پیدا ہو گئے تھے جو اب کم ہونے کی بجائے بڑھنے ہی تھے اور اسے بدلے میں صرف درد ملنے تھے۔۔۔۔اس نے گہرا سانس بھرتے آنکھیں موند لیں۔

اُس ایک شخص نے میری روح کو اس حد تک قابو میں کر لیا ہے کہ وہ پل میں مجھے خوش کر سکتا ہے، اتنا خوش کہ مجھے لگے آسمان پر قوسِ قزح چھا گئی ہے، پھولوں کی خوشبو ہوا میں بکھری ہے، اور لہریں میرے ساتھ گنگنا رہی ہیں اور پل

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

میں وہ مجھ سے ایسی بے رخی برتتا ہے کہ مجھے لگتا ہے دنیا بے حد بے رحم ہے اور دنیا کا تمام درد میرے سینے میں آ سمایا ہے۔۔۔لیکن میں انتظار کروں گی۔۔۔انتظار کروں گی اس لمحے کا جب وہ شخص مجھ سے محبت کرے گا اور اسے اس نہج پر لازمی لاؤں گی میں!

اس نے خود سے عہد کیا۔

سفیر شاہ کو خود سے محبت کروانے کا عہد۔۔۔پھر چاہے بدلے میں وہ ٹوٹ جاتی یا روند دی جاتی!

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

مجھ سے مت پوچھو۔۔۔۔

اس شخص میں مجھے کیا دِکھتا ہے؟

مجھے کچھ نہیں دِکھتا۔۔۔

جہاں میں جب وہ دِکھتا ہے۔۔۔۔۔

از قلم خود۔

URDU NOVEL BANK

بہزاد شاہ سب کو الوداع کہتا نکل گیا اور واپسی پر وہ اپنے ہی سٹوڈیو آیا تھا۔

میٹنگ کرتے اس نے اپنی ٹیم کو اکٹھا کیا۔

مجھے ایک سفید جوڑا چاہیے دو دن میں---نکاح کے لیے!

"سب اپنے ڈیزائینز تیار کریں جس کا سب سے بہترین ہو گا اسے ماہانہ تنخواہ کے علاؤہ اس جوڑے کے لیے پے کیا جائے گا" وہ بولا تو وہ سارے ڈیزائنرز پرُجوش ہوئے۔

لیکن یاد رہے کل تک سب کے ڈیزائینز میز پر ہوں میرے! اور جوڑا صرف سفید ہو گا!

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ بولا تو سب نے تیزی سے سر ہلایا تو وہ باہر نکل گیا۔

کیا سر کا نکاح ہے؟

وہ کتنی خوش قسمت ہو گی!

کیا سر ادا جعفری سے شادی کر رہے ہیں؟

URDU NOVEL BANK

وہ ہے بھی تو بہت حسین!

وہی سر کے ساتھ جچے گی! لیکن بہت مغرور ہے وہ!

سب اپنے اپنے تبصرے کر رہے تھے حقیقت کسی کو بھی معلوم نہ تھی۔

وہ اندر واپس آیا تیزی سے تو خاموشی چھا گئی۔

"ایک اور ضروری بات جوڑے کے ساتھ حجاب بھی ہو گا!" وہ بولا تو سب نے ہونک بنے ایک دوسرے کو دیکھا۔

گوٹ اِٹ؟

جس سر! سب یک زبان ہوئے۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

لیکن اپنے بوس کی شادی کے ارمان ٹوٹ گئے تھے ان کے۔۔۔کہ یقیناً یہ بہزاد شاہ کی شادی نہیں تھی اور نہ یہ جوڑا ادا جعفری کے لیے تھا کیونکہ وہ لڑکی تو بے حد ماڈرن تھی حجاب تو دور وہ دوپٹہ بھی نہیں اوڑھتی تھی۔

سب نے کام تیزی سے کیا تھا اور اگلی صبح اس کی میز پر سارے ڈیزائنز موجود تھے جس میں سے اس نے ایک نکالا تھا وہ خوبصورت شرارا تھا۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

اس نے سب کی محنت پر ایکسٹرا پے کیا تھا کہ سب نے نا جانتے ہوئے بھی حائفہ سکندر کے لیے محنت کی تھی۔

اس نے وہ جوڑا اپنی نگرانی میں تیار کروایا تھا۔۔۔جیولری خود میچ کی تھی۔۔۔۔ان سب میں اس نے سو کر نہیں دیکھا تھا کہ اسے یہ جوڑا جلد از جلد حائفہ سکندر کو دینا تھا۔

سر؟

ہمم! اس نے سگریٹ سلگاتے کہا۔

"کیا آپ شادی کر رہے ہیں؟"

سب ڈیزائنرز کے کان کھڑے ہوئے جب ایک نے ہمت کرتے پوچھا۔

وہ اٹھ کھڑا ہوا۔

"نہیں!" سچ ہی تو کہا تھا اس نے ابھی تو صرف نکاح تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

سب کی آنکھوں کی چمک ماند پڑی لیکن بہزاد شاہ حائفہ سکندر کو رخصتی سے پہلے کسی کے سامنے نہیں لا سکتا تھا کہ وہ اپنی کمزوریاں لوگوں کو دکھانے کے حق میں نہیں تھا۔

اور سفیر شاہ کے بعد حائفہ سکندر اس کی دوسری کمزوری بن گئی تھی جو اپنے لیے لڑ تو ہرگز نہیں سکتی تھی سفیر شاہ کی طرح۔

اس نے ایک آخری تنقیدی نگاہ ڈالی اور سب کو چھٹی دے دی۔

آج اس کا آفس چار بجے ہی خالی ہو گیا تھا کہ ایک بھی شخص وہاں موجود نہیں تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ گاڑی لیتا حائفہ سکندر کے آفس جا پہنچا اور اسے کال کی۔

حافی؟

جی؟ حائفہ نے کال اٹھاتے تھکے انداز میں کہا۔

"تھک گئیں ہیں؟"

"آپ کو کیسے پتا؟"

URDU NOVEL BANK

"آپ کی آواز سے پہچانا! باہر آئیں میں نیچے موجود ہوں۔"

"ہرگز نہیں! میں کام کر رہی ہوں!"

"تو آپ چاہتی ہیں میں اوپر آؤں؟"

"یہ دھمکیاں دینا ضروری ہوتا ہے؟" وہ غصے سے بولی تو وہ مسکرا دیا۔

"اس کے بغیر آپ بات نہیں مانتی ہیں! چھٹی لے کر آ جائیں جلدی کریں!" وہ کہتا کال کاٹ گیا تو حائفہ نے اسے کوستے چھٹی لی اور باہر نکل آئی۔

کیوں آئے ہیں؟

چلیں!

کہاں؟

میرے آفس؟

کیوں؟

"سوال نہیں کریں جلدی کریں مجھے آپ کی وین جانے سے پہلے آپ کو یہاں واپس پہنچانا ہے!" وہ بولا تو حائفہ بیٹھ گئی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

بہزاد نے تیزی سے گاڑی چلائی تھی اور حائفہ کی نگاہیں اس کے ہاتھوں پر ہی ٹکی تھیں۔

خوبصورت !

اسے اپنے باپ کے ہاتھ بھی بہت پسند تھے۔

بہزاد نے گاڑی روکتے اتر کر اس کی طرف کا دروازہ کھولا تو وہ نیچے اتری اور اس کے پیچھے اندر داخل ہوئی۔

وہ یہاں آج تیسری بار آئی تھی۔

"ہم یہاں کیوں آئے ہیں؟"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"بتاتا ہوں ! انتظار کریں!"

"اممم سب لوگ کہاں ہیں؟"

"چھٹی دے دی سب کو! کہ آپ سب کے سامنے کمفرٹیبل نہیں ہوتی" وہ کہتا اسے لیے ایک کمرے میں لایا۔

URDU NOVEL BANK

لائٹس اون کی تو حائفہ کی نگاہ سامنے اس جوڑے پر پڑی جس کا صرف پچھلا حصہ دِکھ رہا تھا جو دوپٹہ تھا۔

یہ کتنا خوبصورت رنگ ہے! اس نے ستائشی نگاہ سے اسے دیکھا۔

"جائیں دیکھیں کیسا ہے!"

سچ میں؟ اس نے حیرت اور خوشی کے ملے جلے تاثر سے پوچھا تو بہزاد نے سر اثبات میں ہلایا۔

وہ تیزی سے اس جوڑے کے سامنے جا کھڑی ہوئی جسے لٹکایا گیا تھا۔

اس نے منہ پر ہاتھ رکھا۔۔۔۔کوئی جوڑا اتنا خوبصورت کیسے ہو سکتا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ دس منٹ ایسے ہی کھڑی رہی تھی۔

بہزاد اس کے ساتھ جا کھڑا ہوا۔

"بہزاد؟"

وہ اپنے ہی دھیان میں بولی تھی لیکن بہزاد شاہ کو اس کے منہ سے اپنا نام بے حد بھایا تھا۔

URDU NOVEL BANK

"بولیں!"

"اممم! یہ کس کا ہے؟ کیا یہ آپ نے بنوایا ہے؟ یہ بے حد خوبصورت ہے! میں نے اس سے زیادہ حسین جوڑا نہیں دیکھا۔۔۔۔اگر میں نے یہ کہیں دیکھا ہوتا تو اس کو خرید لیتی لیکن یہ بہت مہنگا ہو گا نا؟"

"آپ کو پسند آیا؟"

بہزاد شاہ کی نگاہیں اسی پر ٹکیں تھیں جس کی آنکھیں معمول سے زیادہ چمک سے بھری تھیں اور یہی تو وہ چاہتا تھا۔

"کون ہو گا جس کو یہ پسند نہ آئے؟"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"اففف چلیں یہاں سے! میرا دل آگیا ہے اس پر!"

چلیں بھی! حائفہ پیچھے ہو گئی لیکن بہزاد نہیں۔۔

"میری طرف سے دوسرا تحفہ قبول کریں حانی۔۔۔۔۔"۔ خوبصورت الفاظ، خالص لہجہ۔

حائفہ نے اسے دیکھا۔

URDU NOVEL BANK

"کون سا تحفہ؟؟؟"

حائفہ نے اس کے ہاتھ دیکھے جو خالی تھے وہ کس تحفے کی بات کر رہا تھا۔

آپ اپنے نکاح پر سفید جوڑا پہننا چاہتی تھیں نا۔۔۔تو بہزاد شاہ نے تیار کروا دیا

اس نے سامنے جوڑے کی طرف اشارہ کرتے کہا۔

حائفہ نے تھوک نگلا۔

"کیا۔۔۔۔۔کیا یہ میرا ہے؟"

"میری طرف سے تحفہ قبول کریں!"

حائفہ نے تیزی سے پاس جاتے اس کو نزدیک سے دیکھا اور دس بار اس کے گرد

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

چکر لگائے پھر یک دم چیختی اسکو ہاتھوں میں بھینچ لیا۔

اس کی کھلکھلاہٹیں پورے ہال میں گونج رہی تھیں۔

یہ بہزاد شاہ کی زندگی کا پہلا حسین دن تھا۔۔۔۔اس کے لب مسلسل مسکرا رہے

تھے، اس کا دل بلیوں اچھل رہا تھا۔

آج اس نے صحیح معنوں میں خوشی کو محسوس کیا تھا، ان کے معنی سمجھے تھے۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

"مجھے اس سے محبت ہو گئی ہے!" وہ تیزی سے بہزاد شاہ کے ساتھ آ کھڑی ہوئی۔

"محبت تحفے سے نہیں تحفہ دینے والے سے کریں!"

بہزاد شاہ کی بھاری گھمبیر آواز گونجی تو اس نے نم آنکھیں اٹھائیں۔

"لیکن میں یہ نہیں لے سکتی!"

"واٹ ربششش!" بہزاد شاہ کا خوشگوار موڈ پل میں غارت ہوا تھا۔

"میں اتنا مہنگا تحفہ کیسے لے سکتی ہوں؟'

"مجھے اس بار کوئی میلو ڈرامہ نہیں چاہیے حائفہ سکندر! میں نے دو دن جاگ کر اس پر کام کیا ہے اپنی نگرانی میں بنوایا ہے یہ! اگر آپ نے اسے ریجیکٹ کیا تو مجھ سے برُا کوئی نہیں ہو گا!"

پر بہزاد!

بہزاد نے پیچھے مڑتے ایک شاپنگ بیگ اٹھایا اور اسے تھمایا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

حائفہ نے کھولا تو اس میں اسے جوڑے کے ساتھ کا حجاب تھا۔۔۔۔اس کی آنکھوں سے آنسو موتیوں کی صورت بہنے لگے یہ خوشی کے آنسو تھے۔

"حافی!" بہزاد کی دھاڑ پر اس نے خوفزہ ہوتے اسے دیکھا۔

"آپ مجھے ڈرا رہے ہیں!"

"میں اس سے بھی بُرا پیش آؤں گا! آنسو صاف کرو فوراً!"

حائفہ نے اپنے دوپٹہ سے چہرہ صاف کیا جو سرخ ہو گیا تھا۔

حائفہ نے پھر سے اس جوڑے کو دیکھا جو بھاری تھا۔

چنٹ دار شرارے کے اوپر اِنر تھا سلک کا اور اس کے اوپر وہ بھاری گاؤن جو آگے سے کُھلا تھا صرف پیٹ تک بند تھا پورے سلیوز، پیچھے کے گلے پر ٹسلز لگے تھے۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ کسی بھی لڑکی کی پہلی پسند ہو سکتا تھا۔

"میں اس کے بدلے میں آپ کو کوئی تحفہ نہیں دے پاؤں گی بہزاد!" وہ صاف گوئی سے بولی۔

URDU NOVEL BANK

"آپ دے سکتی ہیں؟" بہزاد نے اس کے قریب جاتے اسے دیکھتے پھر رُکتے کہا۔

"کیا؟"

"اپنا دل! اپنے تمام تر جذبات اور احساسات مجھ سے منسلک کر دیں! میرے بارے میں سوچیں، مجھ سے عشق کریں!"

وہ درخواست کر رہا تھا یا حکم دے رہا تھا حائفہ کو سمجھ نہ آئی لیکن اس کے گالوں سے حرارت نکلی تھی۔

"سمجھ رہی ہیں حافی؟"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"نکاح کے بعد!"

وہ اسے خوبصورتی سے بتا گئی تھی کہ وہ اس کے بارے میں نکاح کے بعد سوچے گی، خود کو عشق کی راہوں پر نکاح کے بعد لائے گی۔

"خادم کو منظور ہے!" بہزاد شاہ نے سنجیدگی سے کہا تو وہ ہنس پڑی۔

پھر سے اسے جوڑے کو دیکھا۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

"لیکن میں یہ پہنچو گی کیسے؟" حائفہ نے منہ بسورتے کہا تو بہزاد شاہ نے اسے گھورا۔

"مجھے انتظار رہے گا جب میں یہ فاصلہ مٹاتے آپ کے قریب آتے آپ کی باتوں کا جواب اپنے طریقے سے دے پاؤں گا!" وہ دلفریبی سے بولا۔

"افففففف! مجھے جانا ہے!" حائفہ نے گالوں پر ہاتھ رکھتے اسے مزید کچھ کہنے سے روکا۔

اسے لگا تھا وہ دنیا کی خوش نصیب لڑکی ہے! جسے سب دے دیا گیا تھا۔

وہ بے حد خوش تھی یا شاید خوشی بھی چھوٹا لفظ تھا اسے صدقہ دینا تھا، ہاں اسے اپنی خوشیوں کا صدقہ دینا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"چلیں؟"

بہزاد نے فون کان سے لگایا اور کسی کو یہ ڈریس پیک کرتے گاڑی میں لے جانے کا حکم دیا تھا۔

"حافی باہر چلیں!"

URDU NOVEL BANK

"کیوں؟"

"میں آپ کو منظرِ عام پر نہیں لانا چاہتا۔"

"نکاح کے بعد بھی نہیں؟" حائفہ نے اس کے ساتھ باہر نکلتے عام سے انداز میں پوچھا۔

نہیں! یک لفظی جواب۔

"کیوں؟"

"بس یہ میرا فیصلہ ہے!" حائفہ خاموش ہو گئی کہ شاید اس میں کوئی مصلحت ہو۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اسے واپس آفس چھوڑتے اس نے وہ جوڑا اس کے گھر پہنچایا تھا۔

لیکن حائفہ اپنا صدقہ دینا بھول گئی تھی۔

گھر میں سب کو وہ جوڑا پسند آیا تھا جبکہ سکندر صاحب سمجھ گئے تھے کہ یہ جوڑا حائفہ کی سفید رنگ کی خواہش پر بنا ہے۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

اس دن انہوں نے بہزاد شاہ کے چہرے پر واضح بے چینی دیکھی تھی جب حسن نے کہا تھا کہ حائفہ کو سفید جوڑا پہننا ہے۔

حائفہ نے ساتھ کی جیولری اور سینڈل دیکھتے سب چیزوں کو سینے سے لگایا تھا وہ مسکرا رہی تھی مسلسل۔

اور سائمہ بیگم اور سکندر صاحب مسلسل اس کی نظر اتار رہے تھے۔

لیکن نصیب کہاں کسی چیز کے محتاج ہوتے ہیں!

وہ دونوں مسرور تھے، بے حد خوش! تین دن رہ گئے تھے ان کے نکاح کو! صرف تین دن!

بہزاد شاہ کے جزبات، اس کی محبت اس کی آنکھوں سے جھلکتی تھی لیکن حائفہ نے اپنے دل پر پہرے بٹھائے تھے کہ وہ اس کے محرم بننے پر ہی اسے اپنا آپ سونپتی۔

اپنے جذبات اور احساسات اس کے نام کرتی۔

----

visit for more novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

ماہا نے اگلے روز ہی بہزاد شاہ کے ساتھ جاتے دوبارہ داخلہ کروایا تھا یونیورسٹی میں۔

اسے اپنا آپ بہت خالی محسوس ہو رہا تھا، یہ سب اس کے شوہر کی زمہ داری تھی جو اسے دیکھنا بھی پسند نہیں کرتا تھا۔

اس نے اس فون کو ہاتھ بھی نہیں لگایا تھا۔

گھر آنے کے بعد کتابیں دیکھتے وہ سوچنے لگی تھی کہ اسے بہت سی چیزوں کی ضرورت تھی وہ کس کو کہتی۔

اس کی آنکھوں سے آنسو نکلنے لگے۔

اس نے فون اٹھایا اور وہاں موجود واحد نمبر دیکھا جو سفیر شاہ کا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اسے کل سے یونیورسٹی جانا تھا لیکن اس کے پاس تو کپڑے تک نہ تھے، نا چادر تھی اور نا پیسے۔

اس نے آنکھیں بند کی اور وہ نمبر ملایا جو دو بار بج کر بند ہو گیا تو اس نے آنکھیں موند لیں۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

پھر کچھ ہی لمحوں میں کال آنے پر اس نے آنسو صاف کیے اور فون کان سے لگایا۔

"بولو!"

"بہزاد بھائی نے میرا داخلہ کروا دیا ہے!"

ٹھیک ہے! مخالف شاید مصروف تھا۔۔۔۔اس کا حلق آنسوؤں سے بھر آیا۔

"مجھے کتابیں لے دی ہیں انھوں نے۔۔۔۔۔"

"ماہا یہ سب بتانے کے لیے فون کیا ہے تم نے مجھے؟"

وہ مصروف سا سنجیدگی سے بولا تو ماہا جو اسے اپنی ضروریات کا کہنے لگی تھی لب سی گئی اور کال کاٹ دی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

بستر پر اوندھے پڑتے وہ رونے لگی۔۔۔اس کے پاس اب کوئی راستہ نہیں تھا۔

وہ پڑھائی نہیں چھوڑ سکتی تھی۔۔۔۔پڑھائی اس کا واحد ذریعہ تھی۔۔۔وہ خود کے لیے کچھ کرنا چاہتی تھی۔

اس نے فون اٹھایا۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

ایک آخری شخص! بیشک وہ بھی نفرت کا دعوے دار تھا لیکن اسے سفیر شاہ سے بہتر لگا۔

اس نے یاد کیا نمبر ملایا اور فون کال سے لگایا۔

"بھائی-----"کال اٹھاتے ہی آنسو تیزی سے بہہ نکلے۔

ماہا؟؟ اشعر فیض کی حیران آواز گونجی تھی۔

کیسے ہیں؟ ماہا نے پوچھا۔

"میں ٹھیک ہوں! تم کہاں ہو؟ مجھے بتاؤ! میں آتا ہوں لینے---اس **** کو تو اچھا سبق سکھاؤں گا!" اسکا بھائی اپنی ہی دشمنی کو کے کر بیٹھا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"بھائی مجھے کچھ چیزوں کی ضرورت ہے!"

بولو!

"آپ ملازمہ سے بات کروا دیں میں اسے سب بتا دیتی-----بابا اگر کچھ بھی میرے لیے چھوڑ کر گئے ہیں تو اس میں سے دلوا دیں پلیز!"

"کیوں تمہار شوہر کہاں مرا ہے؟"

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

"بھائی پلیز!"

اچھا کرواتا ہوں بات! اشعر فیض تو اتنے میں ہی خوش تھا کہ اس نے رابطہ کیا تھا اس سے! نہیں تو وہ اس کو ڈھونڈ کر حلقان ہو گیا تھا۔۔۔اعوان پاشا نے اس کا الگ جینا حرام کیا ہوا تھا۔

ماہا نے سب ملازمہ کو بتایا تھا اور اسے ایڈریس بتاتے گھر بھیجنے کو کہا۔۔۔وہ پرسکون تھی اب۔

اس کے گھر سب چیزیں پہنچ گئیں تھی۔

"یہ سب کس کی چیزیں ہیں؟" بہزاد نے مصروف سے انداز میں ملازمہ سے پوچھا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"ماہا میم کی!"

بہزاد شاہ کو یہی لگا تھا کہ سفیر شاہ کے کہنے پر آئی ہیں یا ماہا نے ملازمہ سے منگوائی ہیں۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

ماہا نے دیکھا وہ تین جوڑے تھے، دو چادریں تھی اور اس کی ضرورت کی چند اشیا اور تھیں اس نے گہرا سانس بھرا۔

دل سفیر شاہ سے بدگمان ہوا تھا۔

اگلے دن سے وہ یونیورسٹی جانے لگی تھی۔۔۔۔یہ ماحول نیا تھا لیکن وہ وہاں صرف پڑھنے گئی تھی۔

اس نے ایک ہی لڑکی سے اب تک سلام دعا رکھی تھی کہ اس سے پچھلے نوٹس لینے تھے وہ کافی مدد کر رہی تھی ماہا کی۔

ماہا مشکور تھی اس کی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اس نے اپنے آپ کو پڑھائی میں الجھا دیا تھا۔

"کیا خبر ہے سفی؟" بہزاد شاہ نے لیپ ٹاپ پر جھکے اسے دیکھتے کہا جو ویڈیو کال پر تھا۔

"اعوان اپشا کے خلاف کچھ ثبوت تو ہاتھ لگے ہیں بھائی لیکن اتنے نہیں کہ اس پر ہاتھ ڈالا جا سکے۔'

URDU NOVEL BANK

ہمم!

"اور کتنے دن لگے گیں تمہیں؟"

"بس تین دن مزید! آپ کے نکاح سے پہلے سے پہلے وہاں موجود ہوں گا۔"

ٹھیک ہے!

اب بہزاد اسے نکاح کی تاریخ کا بتانے لگا تھا اور سفیر شاہ اسے چھیڑ رہا تھا۔

"ماہا کی بھی شاپنگ کرواؤ آ کر!"

سفیر شاہ محض سر ہلا گیا۔

"شکر ہے تمہیں خیال آیا اور اسے چیزیں دلوائیں تم نے" بہزاد شاہ نے کہا تو سفیر ٹھٹکا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"کون سی چیزیں؟"

"کپڑے وغیرہ۔۔۔۔پرسوں ہی ملازمہ نے دی ہیں سب چیزیں۔۔۔میں نے پوچھا تھا لیکن شاید وہ تمہارے انتظار۔۔۔"

"بھائی میں نے کچھ نہیں منگوا کر دیا اسے!"

URDU NOVEL BANK

مطلب؟ بہزاد شاہ فوراً سنجیدہ ہوا۔

"میری بات نہیں ہوئی اس سے!" سفیر شاہ نے آنکھیں چرُائیں۔

"تو وہ چیزیں اس نے ملازمہ سے منگوائی ہوں گی! تمہیں خیال کرنا ہے ان سب کا سفی میں بار بار نہیں دہراؤں گا!" بہزاد شاہ نے اسے وارن کیا لیکن سفیر شاہ الجھا ہوا تھا۔

مزید دو چار باتوں کے بعد اس نے کال کاٹ دی اور ماہا کا فون جو اس کے لیپ ٹاپ سے اٹیچڈ تھا وہاں سے چیک کیا اور ساری کال سنتے جو اس کے پاس ریکارڈ تھی اس نے ہونٹ بھینچے۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

فوراً ماہا کو کال کی جو اٹھائی نہیں گئی تھی۔

"پِک آپ دا ڈیم کال ماہا فیض!" وہ دھاڑا اور تب ہی کال اٹھا لی گئی۔

جی؟

URDU NOVEL BANK

"کس کو کال کی تھی تم نے؟ میں نے سمجھایا تھا تمہیں کہ اس فون سے کسی کو بھی میرے علاوہ کال نہیں کرنی، تم نے کس کی اجازت سے اشعر فیض سے بات کی؟" وہ دھاڑا تھا۔

"وہ بھائی ہے میرا!" ماہا نے سنجیدگی سے کہا۔

"میں نے منع کیا تھا یا نہیں؟"

"کس سے مانگوں پھر بتائیں؟ کیا چاہتے ہیں ملازموں سے بھیک مانگوں کہ کپڑے چاہیے مجھے میں نے پہننے ہیں یا یونیورسٹی بھی آپ کے کپڑوں میں چلی جاؤں۔۔۔میری سو ضروریات ہیں مجھے بتائیں میں

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کِس سے کہوں؟

جب سے آئی ہوں یہاں محتاج ہو گئی ہوں۔

اشعر بھائی جیسے بھی ہیں۔۔۔کبھی اس گھر میں مجھے یوں خالی ہاتھ نہیں رہنا پڑا۔۔۔اپنی بنیادی ضروریات کے لیے منہ اٹھا کر نہیں دیکھنا پڑا کسی کی طرف۔"

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

"آپ کے بھائی نے پہلی ہی بہت احسانات کر دیے ہیں مجھ پر کیا کھتی انہیں جا کر کہ میری نجی ضروریات کی کچھ اشیاء ہیں مجھے منگوا دیں!"

وہ اونچی آواز میں بولی تو دوسری طرف خاموشی چھا گئی۔

سفیر شاہ کو غصہ تھا کہ اس نے اشعر فیض سے کیوں بات کی تھی۔۔۔ماہا فیض کو دور رہنا تھا اس سے۔۔۔کیونکہ وہ اس کے ناپاک ارادے جانتا تھا۔

لیکن ماہا کی باتیں سنتے وہ از حد شرمندہ ہوا تھا۔۔۔۔یہ اس کی زمہ داری تھی کہ کم از کم وہ اسے چیزیں تو دلواتا۔

"وہ ساری چیزیں واپس بھجوا دو!" وہ بولا تو محض اتنا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"بالکل نہیں! آپ مصروف رہیں!"

وہ بولی تو سفیر شاہ نے ہونٹ بھینچے اسے یاد آیا جس دن اسنے کل کی تھی وہ بے حد مصروف تھا شاید وہ یہی کہنا چاہتی تھی۔

URDU NOVEL BANK

"مجھے آگے بھی ضرورت پڑی تو میں اشعر فیض سے مانگوں گی! کم از کم میرا باپ تو مرنے پر کچھ چھوڑ کر گیا ہے میرے لیے! نہیں تو میرے لیے اس دنیا میں کون ہے جو میرے ضروریات کا دھیان رکھے وہ پھٹ پڑی تھی۔"

"ماہا چیزیں واپس بھجواؤ! اور مجھے لسٹ بنا کر دو!"

"ضرورت نہیں ہے شکریہ!" ماہا نے کہتے کال کاٹ دی۔۔سفیر شاہ کا غصے سے بُرا حال تھا لیکن یہ غصہ اس کی زات سے زیادہ خود پر تھا۔

وہ اپنی بیوی کی ضروریات بھی پوری نہیں کر پایا تھا۔۔۔اس نے خود کو سو سلواتیں سنائیں اور سارا کام چھوڑتے اونلائن برینڈز کو وزٹ کیا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اور مختلف جگہوں سے بیس بائیس جوڑے اس کے ناپ کے آرزر کرتے دوسری چیزوں کا آرڈر دیا۔

اس نے پھر سے ماہا کو کال کی جو وہ نہیں اٹھا رہی تھی۔

وہ بھی ڈھیٹ بنا رہا اور تب تک کرتا رہا جب تک اٹھا نہیں لی گئی۔

وہ خاموش رہی۔

URDU NOVEL BANK

"ماہا ساری چیزیں واپس بھیجو! اور جو استعمال کر لی ہیں انہیں پھینکو یا کسی کو دے دو! میری الماری کھولو اندر والے دراز میں پیسے ہیں۔۔۔۔نکالو انہیں۔"

"سمجھ آ رہی ہے ماہا؟" وہ اب کہ سنجیدگی سے بولا تو بھی ماہا پر اثر نہ ہوا۔

"مجھے مجبور نہیں کرو ماہا!" وہ تھکے سے لہجے میں بولا۔

"مجھے ابھی سچ میں ضرورت نہیں ہے سفیر!" ماہا نے آہستگی سے کہا۔

"تمہارا علاج میں آ کر کرتا ہوں!" وہ کہتا کال کاٹ گیا۔

اس نے اگلے دن ہی اپنا تمام کام مکمل کیا تھا اور واپسی کے لیے روانہ ہوا۔

سفیر شاہ رات کے دو بجے گھر پہنچا تھا۔۔۔۔بہزاد نے سکیورٹی کے لیے گاڑیاں بھیجیں تھیں کہ سفیر شاہ کے نام پر وہ کسی چیز پر سمجھوتا نہیں کرتا تھا۔

"اسلام علیکم بھائی!"

وعلیکم السلام! بہزاد نے اسے گلے سے لگاتے اس کے بال بگاڑے۔

"کھانا کھاؤ گے؟"

"نہیں تھک گیا ہوں آرام کروں گا!"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

"ٹھیک ہے! کل بات ہو گی!" بہزاد شاہ نے اس کا کندھا تھپتھپایا تو وہ مسکراتا اپنے کمرے میں چلا گیا۔

کمرے میں داخل ہوتے ہی اس نے گہرا سانس بھرا کیونکہ لائٹ اون تھی اور دروازہ لاک بھی نہیں تھا۔

اسے ماہا کی غیر زمہ داری پر غصہ آیا لیکن سارا اس کے سامنے جا کر اس کے چہرے سے کمفرٹر ہٹاتے اس کا چہرہ دیکھتے اتر گیا۔

وہ فریش ہونے گیا اور واپس آتے لائٹ اوف کی اور اپنی جگہ پر پہنچا۔

ماہا اس کی جگہ پر لیٹی تھی۔۔۔۔اور وہ اس وقت اسے ڈسٹرب نہیں کرنا چاہتا تھا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ بے حد تھکا تھا۔

اس نے اپنی جگہ بنائی اور چت لیٹ گیا لیکن اپنے بازو پر اسے ماہا کی گرم سانسیں صاف محسوس ہو رہی تھیں۔

اسے پھر سے خود پر غصہ آیا اور کروٹ لیتے اسی کی طرف لیتے اسے دیکھنے لگا۔

URDU NOVEL BANK

گھنگرالے بال جو بکھرے تھے بری طرح، وہ سلیپنگ سوٹ کی بجائے اپنے کپڑوں میں سو رہی تھی شاید یہ وہی تھے جو اس نے اشعر فیض سے منگوائے تھے اس نے ہونٹ بھینچے۔

خوبصورت نقوش، بھرے گال اور گلابی ہونٹ۔۔۔اُسے دلکش اس کے بھرے گال اور گھنگرالے بال بناتے تھے۔

سفیر شاہ نے ہاتھ کی پشت اس کے گال پر پھیری۔

اسے اسوقت سکون چاہیے تھا وہ بنا کچھ سوچے آگے بڑھا اور ماہا کا سر اٹھا کر اپنے بازو پر ڈالتے اسے حصار میں لیا اور اپنا چہرہ اس کے بالوں میں چھپاتے آنکھیں موند لیں۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اور جو سکون اسے وہاں میلوں دور نصیب نہیں ہوا تھا اوہ لمحوں میں ہو گیا تھا۔ اس کے دل کی آگ پر جیسے کسی نے برف رکھی تھی وہ جلد ہی گہری نیند میں ڈوب گیا تھا۔

URDU NOVEL BANK

"اس محبت میں ماری جاؤ گی تم!"

وہ اس کے قریب جھکتا اس کے ماتھے پر پٹی کرتے بولا۔

"آپ مجھ سے محبت کیوں نہیں کرتے؟" وہ تڑپ اٹھی۔

"میری زندگی میں تمہاری کوئی جگہ نہیں ہے!" وہ سرد سے لہجے میں بولا۔

اس عام سے انسان کی اس پری جیسی دِکھنے والی چھوٹی سی لڑکی کی زندگی میں کیا اہمیت ہو سکتی تھی یہ جانتے ہوئے بھی کہ اسے واپس چلے جانا ہے کل۔

"ایسے نہیں کہیں!" وہ تڑپی تھی۔

مخالف نے نگاہ اٹھا کر اس کے چہرے پر ڈالی سفید رنگ، ہاں وہ دودھ جیسی تو تھی جسے ہاتھ لگانے سے بھی اس کے میلے ہونے کا خدشہ رہتا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اور وہ کہاں ایک عام شکل و صورت کا سانولا شخص۔

" میری زندگی میں تمہاری کوئی گنجائش نہیں نکلتی وہ چاہ کر بھی اس سے زیادہ سرد نہ ہو سکا۔"

URDU NOVEL BANK

اس کی جان کو خطرہ نہ ہوتا تو وہ تب کا اسے اس کے بھائیوں کے حوالے کر چکا ہوتا جس کی تلاش جاری تھی۔

ایس پی حازب مرزا تھا وہ، بے حد سخت طبیعت کا مالک۔

"مجھے ہاتھ بھی نہ لگائیں پھر!"

اس نے خود سے اس کا ہاتھ جھٹک دیا تو حازب مرزا لب بھینچ گیا۔

"مجھے سختی پر مجبور نہیں کریں فری!" وہ دھاڑا تھا۔

فری نے اس کے ہاتھ کو تھام لیا۔

"امممم! حازب مجھ سے شادی کر لیں!"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"دماغ خراب ہے تمہارا؟ یہ کس قسم کی بیہودہ باتیں کر رہی ہو؟ آٹھ سال چھوٹی ہو تم مجھ سے؟" حازب تو چکرا گیا تھا اس کا مطالبہ سُن کر۔

اس نے آج تک ایسی کوئی بات نہیں کی تھی۔

لیکن جب سے وہ کومہ سے باہر آئی تھی۔۔۔ حازب ہی اس کے پاس رہا تھا۔۔۔کہ اس کی امی کی طبیعت خراب رہتی تھی۔

لیکن کب اس تیماری کو اس لڑکی نے محبت سمجھ لیا وہ جان نہیں پایا تھا۔

وہ اس سے چھوٹی تھی۔۔۔۔وہ اسے بچوں کی طرح ٹریٹ کرتا تھا۔

"تو آپ مجھ سے شادی نہیں کریں گے؟"

حازب نے سنجیدگی سے اس دیکھا پھر اٹھ کھڑا ہوا۔

"میں مر جاؤں گی حازب!" دل کو چیر لینے والے الفاظ۔

"بکواس نہیں!" سفاکیت سے کہا گیا۔

وہ اتنا ظالم نہیں ہو سکتا تھا کہ اپنے سے آٹھ سال چھوٹی لڑکی سے شادی کر لے اور وہ تو امانت تھی اس کے پاس اسے جب معلوم ہو جاتا اس کے بھائیوں کا وہ ایک منٹ نا لگاتا اسے وہاں پہنچانے میں۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ سترہ سالہ لڑکی اب سسکیوں سے رو رہی تھی۔

"فری بیٹا میری بات سنو!"

"نہیں سننی مجھے آپ کی بات! جائیں یہاں سے!"

وہ چِلائی تھی اور حادب مرزا محض مٹھیاں بھینچ گیا۔

URDU NOVEL BANK

پھر انجیکشن نکالا اور اس کے پاس آیا۔

"دور رہیں!"

"حازب نہیں!"

"درد ہوتا ہے!"

وہ رو رہی تھی۔۔۔۔

حازب نے اسے پُرسکون کرنے کے لیے انجیکشن دیا اُس کی شکوہ بھری نگاہیں اسی پر ٹکیں تھی۔

حازب نے اس کی آنکھوں پر ہاتھ رکھا پھر کمفرٹر اوڑھتے باہر آ گیا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اپنی ماں کو دیکھتے اس نے گہرا سانس بھرا اور نگاہیں چراتے نکلنا چاہا۔

"کیا کہہ رہی ہے بچی؟"

"آپ نے سُن تو لیا ہے امی!"

"تو کر لو شادی! کیا مسئلہ ہے؟ آج نہیں تو کل تمہیں بھی شادی کرنی ہے

حازب!"

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

امی! وہ بے یقین ہوا۔

"وہ آٹھ سال چھوٹی ہے مجھ سے! اس کے گھر والوں کا کوئی اتا پتا نہیں ہے---وہ امانت ہے ہمارے پاس----"

"پر حازب----"

"امی میں جا رہا ہوں ڈیوٹی پر دھیان رکھیے گا اپنا بھی----وہ اٹھے تو اسے ناشتہ دینا ہے، دوا میں نے نکال کر رکھ دی ہے" وہ سب بتاتا باہر نکل گیا۔
جبکہ سفینہ بیگم اس کی پشت کو دیکھتی رہ گئیں۔

---

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کل اس کا نکاح تھا اور وہ گلی میں کرکٹ کھیل رہی تھی۔

سائمہ بیگم تو سر پکڑ کر بیٹھی تھیں جبکہ سکندر صاحب کام میں مصروف تھے۔

"حائفہ اندر آؤ جلدی!"

"کیوں امی! ابھی تو میری باری آئی ہے!" وہ وہیں سے ہانک لگا گئی۔

"آرہی ہو یا جوتا اتاروں؟ مہندی والی آئی ہے۔"

URDU NOVEL BANK

"مجھے نہیں لگانی مہندی ویندی!"

"بہزاد نے بھیجی ہے جلدی آؤ اب!"

امی!

لیکن ماں کے ہاتھ میں جوتی دیکھ وہ بلا پھینکتی اندر آئی تیزی سے اور پھر اسے زبردستی مہندی لگانی پڑی تھی۔

"یہ اتنی بھر کر نہیں لگائیں!" اس نے مہندی والی کو بتایا۔

"میم سر نے ہمیں ڈیزائین دکھائیں ہیں سارے ہم وہی لگا رہے ہیں!" وہ بولی تو حائفہ کے گال گلابی ہوئے۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

پھر پاؤں پر بھی لگانے لگی تو حائفہ نے منع کر دیا۔

وہ کافی اسرار کرتی رہیں کہ یہ ان کے سر کا حکم تھا لیکن وہ اپنی بات پر ڈٹی رہی تو انہیں ہار ماننی پڑی۔

مسجد میں تھا نکاح ان کا!

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

کھانا بہزاد شاہ نے اپنے گھر رکھوایا تھا کہ صرف چند ایک مہمان تھے اور کوئی نہیں وہ بھی سکندر صاحب کی طرف سے۔۔۔اس کی طرف سے کوئی بھی نہیں تھا۔

حائقہ کے بھی مہمان تھے جس میں شفیق صاحب کے ساتھ گلی کے تمام بچے تھے جن کے ساتھ وہ کرکٹ کھیلتی تھی۔

اور اُن بچوں کے خاص طور پر نام بھیجے گئے تھے بہزاد شاہ کو۔

آخر اس کی ہونے والی بیوی کے کرکٹ پارٹنرز تھے وہ۔۔۔بہزا تیزی سے کام کروا رہا تھا۔۔۔اس نے لان پورا سجایا کروایا تھا۔۔۔بیشک یہ چھوٹا سا فنکشن تھا لیکن اس کا نکاح تھا یہ۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

سفیر ابھی تک باہر نہیں آیا تھا نہ بہزاد نے اسے تنگ کیا تھا کہ وہ کافی تھکا ہوا تھا۔

ماہا کی آنکھ اپنے اوپر محسوس ہوتے وزن سے کُھلی تھی۔

URDU NOVEL BANK

اس نے آنکھیں کھولیں اور اٹھنا چاہا لیکن منہ سے سسکی نکلی کیونکہ اس کے بال اٹکے تھے بُری طرح سے! اس نے آنکھیں پوری وا کیں تو سیدھا سفیر شاہ سے جا ٹکرائیں۔

جو اس کے بے حد نزدیک سو رہا تھا اور ماہا کے سارے بال اس کے بازو کے نیچے تھے۔

ماہا واپس لیٹ گئی اور اسے دیکھنے لگی۔

پھر خود پر ہنس دی ----- پچھلی بار بھی اس کی تھوڑی سی کرم نوازی پر اس کا دل حمقنے لگا تھا اس کے حق میں اب کی بار وہ یہ غلطی نہیں کرنا چاہتی تھی کہ پھر ازیت اس کا مقدر ٹھہرتی تھی۔

وہ چھت کو گھورتی اس کے اٹھنے کا انتظار کرنے لگی وہ جانتی تھی وہ تھکا ہو گا ایسے نہیں اٹھا سکتی تھی لیکن اس کے بال بُرے طریقے سے سفیر شاہ کے بازو کے نیچے تھے۔

سفیر کی آنکھیں کُھلتے ہی سیدھا اس سے جا ٹکرائی تھی جو چھت کو گھور رہی تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

وہ ماہا کو دیکھے گیا۔۔۔ماہا نے خود پر اسکی نگاہوں کا حصار محسوس کرتے بھی اسے نہ دیکھا جو سفیر شاہ کو کسی طور ہضم نہیں ہوا تھا۔

سفیر شاہ نے کروٹ اسکی طرف لی تو ماہا کے بال جو اس کے نیچے تھے وہ کھینچے گئے جس سے ماہا کے منہ سے سسکی برآمد ہوئی۔

"آئم سوری!"

سفیر شاہ نے تیزی سے کہتے احتیاط سے اس کے بال اپنے بازو کے نیچے سے نکالے۔

ماہا جھٹکے سے اٹھ بیٹھی اس سے پہلے کہ وہ اپنی جگہ چھوڑتی سفیر شاہ نے اسے واپس کھینچتے اس کی جگہ پر لٹایا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"کیا مسئلہ ہے؟" اس کے کچھ نا بولنے پر وہ خود ہی استفسار کرنے لگا۔

ماہا نے اسے دیکھا لیکن کچھ بولی نہیں۔

"ناراض ہو؟" وہ نجانے کیوں پوچھ بیٹھا جیسے ان کے درمیان سب نارمل ہو۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

"کیا ہمارے درمیاں ایسا کوئی رشتہ ہے جس میں ہم روٹھنے اور منانے کا کام سر انجام دیتے ہوں؟؟"

ماہا نے طنز کیا تھا جو سفیر شاہ کو ناگوار گزرا۔

"یہی پوچھ رہا ہوں کہ مسئلہ کیا ہے؟"

سفیر شاہ نے اس کا رخ اپنی طرف موڑتے اس کی آنکھوں میں آنکھیں گاڑھی۔

"مجھے فریش ہونا ہے!"

"میری بات کا جواب دو!"

"کس بات کا جواب؟" ماہا نے نگاہیں پھیر لیں۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

سفیر شاہ یہ سب اس کے ساتھ کرتے آیا تھا لیکن آج جب وہ بے رُخی پر اتر آئی تھی تو اسے ہضم نہیں ہو رہا تھا۔

"یونیورسٹی سے لیٹ ہو جاؤں گی میں!" ماہا نے اسے ہوش دلایا لیکن وہ سن ہی کہاں رہا تھا۔

"سفیر پلیز!" آخر میں وہ نرم لہجے میں بولی۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

سفیر شاہ پیچھے ہوا تو فوراً اٹھ کھڑی ہوئی حالانکہ سفیر ابھی ایسا ہرگز نہیں چاہتا تھا۔

"میرا ناشتہ بناؤ!" وہ واش روم میں بند ہوتی کہ وہ بھی اٹھ کھڑا ہوا۔

ملازمہ بناتی تھی ناشتہ لیکن آج اس کے اس مطالبے پر وہ ٹھٹکی۔

"میں؟"

"بالکل! اب سے میرا ناشتہ، کھانا ڈنر سب تم بناؤں گی میں ملازمہ کے ہاتھ کا کھا کھا کر تھک گیا ہوں!" وہ کہتا اپنے کپڑے نکالنے لگا جب اس کے کپڑے بھی وہیں دِکھے جو دو جوڑے تھے۔

سفیر نے نکالتے اسے بیڈ پر پھینکا.

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"یہ ساری چیزیں واپس بھجوا دو! تمہاری آج آجائیں گی!" وہ سنجیدگی سے بولو تو ماہا خاموشی سے واش روم میں بند ہو گئی۔

وہ وہیں بیٹھا انتظار کرنے لگا اس کے باہر آتے ہی وہ فریش ہونے گیا۔۔

ماہا نے بال سکھائے جو ایک مشکل مرحلہ ہوتا تھا اور آج تو اور بھی مشکل تھا کیونکہ سفیر شاہ کے بازو نے رہی سہی کسر پوری کر دی تھی آج۔

URDU NOVEL BANK

وہ تنگ آتی اب تیزی سے برش کر رہی تھی جس سے اس کے کافی بال ٹوٹ رہے تھے۔

سفیر شاہ نے باہر نکلتے اس کی حرکت کو دیکھا پھر چلتا اس کے پاس آیا۔

"نظر نہیں آرہا ---یہ کیا کر رہی ہو؟"

ماہا نے حیرانگی سے اسے دیکھا تو سفیر شاہ نے برش کی طرف اشارہ کیا جو اس کے بالوں سے بھرا تھا۔

"میں لیٹ ہو جاؤں گی! سب آپ کی وجہ سے ہوا ہے!" وہ جلے دل سے بولی۔

"میں نے توڑے ہیں یہ اتنے بال؟"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"نہیں لیکن اپنے اتنے بڑے بازو کے نیچے تو لیے تھے نا!" وہ دوبدو بولی تو سفیر شاہ کے عنابی لبوں پر مسکراہٹ آئی جسے وہ چھپا گیا۔

"آرام سے کرو!"

اسے قطعاً اس کا اپنے بالوں کے ساتھ یہ سلوک پسند نہیں آیا تھا، آخر اس کی پسند بن گئے تھے وہ گھنگرالے بال--

URDU NOVEL BANK

وہ واپس الماری کی طرف گیا اور کچھ نکالتا واپس لایا!

"یہ لو!"

"یہ کیا ہے؟" ماہا نے اس کے ہاتھ میں کئی نوٹ دیکھتے پوچھا۔

"اس کو والٹ میں رکھو ضرورت پڑ سکتی ہے! جب بھی چاہیے ہوں الماری میں پڑے ہوتے ہیں وہاں سے نکالو گی تم سمجھ رہی ہو؟"

"مجھے اس کی ضرورت۔۔۔۔۔"

"ماہا سفیر شاہ! میرا دماغ مت خراب کرنا صبح صبح۔۔۔اپنا والٹ لاؤ یا بیگ کچھ بھی۔۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ماہا نے وہ پیسے نا پکڑے تو سفیر شاہ نے قدم بڑھائے اور اس کی قمر کو تھامتے گرفت سخت کی۔

"میری زمہ داری ہو نا تم؟ ابھی اس رات ہی تو تم نے مجھے احساس دلوایا ہے تو اب یہ سب ڈرامے کیوں؟ پکڑو انہیں! جو چیز چاہیے ہو وہ مجھے میسج کر دینا روز!"

ماہا نے پیسے پکڑ لیے کہ اس کے بغیر وہ شخص اسے رِہا نہیں کرنے والا تھا۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

لیکن وہ پھر بھی دور نہ ہوا تو ماہا کا دل تیزی سے دھڑکنے لگا۔

"یونیورسٹی کیسی جا رہی ہے؟" وہ یونہی تھامے اس سے پوچھ رہا تھا۔

کبھی کبھی ماہا کو اس کا یہ پُرسکون انداز ہضم نہیں ہوتا تھا۔

"ٹھیک!"

"دوست بنائے ہیں؟" سفیر شاہ نے اس کے بالوں میں ہاتھ الجھایا تو ماہا نے اسے دیکھا۔

"پھر سے خراب ہو جائیں گے!" وہ روہانسی ہوئی تو سفیر شاہ نے گھورا۔

"میں ٹھیک کردوں گا! لیکن اب تمہارے اتنے بال ٹوٹے تو مجھ سے بُرا کوئی نہیں ہو گا اور میری بات کا جواب دو!"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"ایک ہی دوست بنائی ہے!"

"کیا نام ہے اس کا؟" سفیر شاہ اس کے بالوں کو انگلی پر گھماتا پھر کھولتا اس سے پوچھ رہا تھا۔

"عائزہ!"

URDU NOVEL BANK

"اس کے باپ کا نام کیا ہے؟"

کیوں؟ ماہا نے حیرت سے پوچھا تو سفیر شاہ نے پھر سے گھورا۔

"عائزہ مسعود خان!"

ٹھیک ہے! سفیر شاہ نے اب اس لڑکی کا پتا لگوانا تھا کیونکہ وہ کسی قسم کا نقصان نہیں چاہتا تھا اپنے حق میں۔

"مجھے دیر-----"

سفیر شاہ پیچھے ہوا اور اپنے بیگ سے کچھ نکالنے لگا جو وہ کل واپسی پر لایا تھا اسے کھولا تو اس میں بیش بہا چیزیں تھیں۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

سفیر شاہ نے جو کل خریدیں تھی اس کے لیے---اس کال کے بعد اس کا دھیان ماہا سے ہٹا ہی نہیں تھا کہ کل اس نے پہلی بار عورتوں کی دکانوں میں قدم رکھتے خریداری کی تھی۔

اس نے ایک ڈبہ نکالا اور اس کے آگے کیا تو ماہا نے حیرت سے اسے دیکھا۔

"کھولو!"

URDU NOVEL BANK

ماہا نے تھامتے وہ ڈبہ کھولا تو اس میں خوبصورت پینڈنٹ اور اس کے ساتھ کے ائیرنس تھے وہ قیمتی پرلز کی بنی چھوٹی سے لائلیک رنگ کی تتلی تھی جو اسے بے حد پسند آئی تھی۔

ساتھ ائیرنگز پر بھی وہی موتی جڑے چھوٹی تتلیاں تھیں۔

اس کی آنکھوں کی ستائش پر سفیر شاہ نے گہرا سانس بھرا تھا۔

ماہ نے ڈبہ بند کیا اور واپس اسے تھما دیا۔

"کھول کر پہنو اسے! یہ باقی سب آ کر دیکھنا!"

وہ جیولری اپنی قیمت کا پتا خود دے رہی تھی لیکن سفیر شاہ نے اس کے لیے وہ کیوں خریدیں تھی جبکہ وہ ہر لمحے اس کی زات سے انکاری رہا تھا۔

"میں یہ نہیں لے سکتی!" وہ سر جھکائے بولی۔

سفیر شاہ کا برش تھاما ہاتھ تھما۔۔۔وہ بال بناتا واپس آیا اور اس کے ہاتھ سے ڈبہ لیتے اس میں سے چیزیں نکالنے لگا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

پھر اس کے کانوں میں وہ پہنائیں۔۔۔۔ماہا ساکت کھڑی تھیں اسے وہ سب خواب سا معلوم ہوا۔

"بیگ میں تمہارے بھائی کے نکاح کا بھی جوڑا ہے اسے بھی نکالو اور استری کرواؤ۔۔۔۔۔"

"آپ کو کیسے میرا سائز پتا؟"

اس نے حیرت سے پوچھا لیکن بدلے میں سفیر شاہ نے اسے اور اس کی قمر کو دیکھا تو وہ کان کی لوتک سُرخ پڑی۔

اس میں سے باقی چیزیں بھی نکال لو۔لیکن میرے جانے کے بعد کیونکہ اس پر تم نے اور بھی سُرخ پڑنا ہے وہ شرارت سے بولا تو ماہا نے سُرخ پڑتے حیرت سے اس کے شرارتی انداز کو دیکھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"اور کوئی چیز رہتی ہے تو مجھے میسج کر دینا۔"

سفیر شاہ نے اس کی طرف دیکھا جو اپنی انگلیاں مڑوڑ رہی تھی۔

"بال ہٹاؤ گردن سے!"

URDU NOVEL BANK

جی؟ وہ سر اٹھاتی ہونق بنی بولی تو سفیر شاہ اسے گھور کر رہ گیا پھر اس کے بال پیچھے سے ہٹاتے اس کی گردن میں وہ پینڈنٹ پہنایا۔

ماہا کی دھڑکنوں کی رفتار بڑھتی تھی جب اس کی انگلیوں کا لمس اسے اپنی گردن پر محسوس ہوا تھا۔

سفیر شاہ پیچھے ہوا اور اپنی تیاری مکمل کرنے لگا لیکن ماہا وہیں جمی کھڑی رہی۔

سفیر شاہ نے بیگ سے دوسرا ڈبہ نکالا اور کھول کر اس میں سے ایک گھڑی نکالی وہ دونوں ایک جیسی گھڑیاں تھی لیکن ایک فی میل تھی۔

اس نے خود پہنتے ایک ماہا کے ہاتھ میں پہنائی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"ہوش میں آؤ! لیٹ نہیں ہو رہی ہو اب؟"

ماہا سچ میں ہوش میں آئی اور گھڑی دیکھی جہاں وہ لیٹ ہو چکی تھی اس نے سفیر شاہ کو دیکھا۔۔

"میں چھوڑ دوں گا چلو!"

URDU NOVEL BANK

ماہا کو یہ سب مکمل ہوتے ہوئے بھی نامکمل سا لگ رہا تھا۔۔۔۔سفیر شاہ کیوں کر رہا تھا یہ سب! وہ ان سب کی عادی نہیں ہونا چاہتی تھی۔

حازب جا چکا تھا اور وہ سو گئی تھی۔

سکینہ کامران مرزا باہر بیٹھی اپنے بیٹے اور اندر موجود اس لڑکی کے بارے میں سوچتی رہی تھیں۔

پھر کھانا بناتے وہ فری کے کمرے سے آوازیں سنتے فوراً اندر گئیں۔

"یا خدا!" فری کو بستر سے نیچے جھکے ابکائی کرتے دیکھ ان کا دل ہولا گیا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

جلدی سے اسے پانی پلاتے اس کی پیٹھ سہلائی۔

فری کی آنکھوں سے آنسو متواتر بہہ رہے تھے۔

سکینہ بیگم نے اسے دوا دینی چاہی۔

"نہیں!" اس نے دوا بھی پھینک دی تھی۔

URDU NOVEL BANK

"مت کرو خود پر اتنا ظلم میری بچی!" وہ صفائی کرتی اس کا چہرہ صاف کرتی اس کا سر گود میں رکھ گئی۔

"دوا لے لو میری بچی!"

نہیں! وہ رو رہی تھی مسلسل! اس کا بی پی ہائی ہو گیا تھا۔۔

انہوں نے فوراً حازب کو فون کر کے بتایا تھا۔

"امی دوا دیں اسے!"

"نہیں لے رہی حازب جلدی آؤ!"

"میں آرہا ہوں!" وہ سب کام چھوڑتا باہر کی طرف دوڑا تھا گھر جانے کے لیے۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

امی؟ اس کا بی پی کچھ نارمل ہوا تو وہ انہیں مخاطب کر بیٹھی۔

جبکہ سکینہ بیگم تو اس کے امی بُلانے پر ہی واری صدقے گئیں تھی۔

"بولو میری جان، میری گڑیا!" انہیں وہ معصوم سی بچی بے حد پسند تھی۔

"آپ میری امی ہیں نا؟"

"ہاں میری جان! آپ میری بچی ہو!" وہ اس کا چہرہ دیکھ رہی تھیں۔

URDU NOVEL BANK

"تو آپ کیوں نہیں کہتی حازب کو؟"

"کیا کہوں؟"

"مجھ سے شادی کر لیں!"

"تمہیں تو ان رشتوں کی باریکیوں کا بھی نہیں پتا ہے میری بچی!" وہ اس کو ساتھ لگاتے بولیں۔

"امی وہ مجھے بے حد پسند ہیں، میرا دل ان کے علاؤہ کچھ نہیں سوچتا۔۔۔۔وہ میرے ہیں بس! انہیں میرا ہی ہونا ہے!"

وہ ان کے ساتھ لگی انہیں کہہ رہی تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

جبکہ حازب مرزا کے قدم آگے اٹھنے سے انکاری ہوئے تھے۔

اس کی دماغ کی شریانیں پھولی تھیں اور لب ایک دوسرے میں پیوست تھے۔

"محبت زبردستی تو نہیں کروائی جاتی میری گڑیا!" وہ اسے سمجھانے کی نیت سے بولی۔

"آپ مجھ سے پیار کرتی ہیں امی؟"

URDU NOVEL BANK

"بالکل میری جان!"

"تو آپ اپنا حازب مجھے دے دیں! میں تو محبت کرتی ہوں نا ان سے!"

وہ اب بھی وہیں اڑی تھی، وہ کوئی ضدی بچہ لگی انہیں جو اپنا کھلونا مانگتا ہے لیکن وہ تو جیتا جاگتا انسان مانگ رہی تھی۔

حازب اندر داخل ہوا تو سکینہ بیگم نے اسے دیکھتے آنکھوں سے آنسو صاف کیے۔

"امی آپ کہیں گی نا حازب کو؟" وہ پھر سے بولی تھی۔

حازب آگے بڑھا اور اس کے ماتھے پر ہاتھ رکھا بخار نہیں تھا۔

لیکن وہ لڑکی اس کے لمس کو اس کی خوشبو کو پہچانتی مکسر دی تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"حازب!"

"دوا کیوں نہیں لی تم نے؟" وہ سختی سے بولا۔

"تو آپ دے دیں نا!" وہ آنکھیں کھولتی بولی تو حازب مرزا کے غصے کا گراف بڑھا۔

"امی پانی لا دیں!" وہ بولا تو سکینہ بیگم اٹھ کر باہر چلی گئیں۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

"مجھے سختی پر مجبور نہیں کرو فری----میں تمہاری سوچ سے بُرا پیش آؤں گا تم سے!"

فری نے آنکھیں میچ لیں۔

"ایک دن آپ کو مجھ سے محبت ہو گی دیکھ لینا----آپ کا دل بھی میرے لیے تڑپے گا اور اس دن میں آپ کے پاس نہیں ہوں گی!"

وہ آنکھیں کھولتی ہلکی سی مسکراہٹ لیے بولی جسے سنتے اُس کے دوا نکالتے ہاتھ تھمے تھے لیکن پھر وہ مصروف ہو گیا۔

سکینہ مرزا نے پانی لاتے اسے تھمایا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

تو اس نے فری کو دوا دی جو اس نے آرام سے لے لی تھی۔

"امی اسے کچھ کھلایا نہیں؟"

"نہیں! میں بناتی ہوں کچھ----"

"امی مجھے وجیٹیبل ایگ کھانا ہے!" وہ حازب کو دیکھتی بولی تو اس نے لب بھینچے کہ وہ صرف اسے ہی بنانا آتا تھا۔

URDU NOVEL BANK

"حازب؟" سکینہ بیگم نے اسے دیکھا۔

"ہرگز نہیں امی! میری میٹنگ ہے کچھ دیر میں!" وہ کہتا باہر نکلنے لگا۔

"میں بس وہی کھاؤں گی!"

اس کی آواز سنتے بھی وہ باہر نکل گیا تو سکینہ بیگم نے غصے سے اس کی پشت کو دیکھا۔

"میری گڑیا میں بنا دیتی ہوں آپ کو کچھ!" انھوں نے اسے پچکارا۔

"نہیں امی! میں انتظار کروں گی! آپ میرے پاس ہی رہیں!" وہ کہتی ان کی گود میں سر چھپا گئی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اور اس نے پھر واقع کچھ نہیں کھایا تھا سکینہ بیگم کے ہزار درخواست پر بھی۔

وہ شام کے سات واپس آیا تھا اور بنا فریش ہوئے اس کے کمرے میں گیا۔

"امی بھوک لگی ہے کھانا گرم کریں، روٹی بنا دیں۔"

"اچھا میری جان! تم جاؤ فریش ہو جاؤ!"

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

فری نے اس کی آواز سنتے کروٹ بدل لی یہ اس کی ناراضگی جتانے کا ایک طریقہ تھا۔

وہ دونوں باہر نکل گئے۔

"کھانا کھا کر انڈا بناؤ اس کا حازب!" وہ سنجیدگی سے بولیں۔

"کیا مطلب؟ اس نے کچھ کھایا نہیں؟" وہ بے یقینی سے استفسار کر بیٹھا۔

"نہیں!"

وہ کہتی اسے بے یقین چھوڑے کچن میں چلی گئی تو وہ آندھی طوفان بنا اس کے کمرے میں گیا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"بچی ہو چھوٹی سی؟ یہ کیا تماشا لگا رکھا ہے تم نے؟ ہم نوکر ہیں تمہارے؟ امی سارا دن تمہارے پیچھے خوار ہوتی ہیں مجھے خوار کر رہی ہو تم؟ کس لیے؟ کیا لگتی ہو ہماری؟"

URDU NOVEL BANK

فری کی آنکھوں سے آنسو گر رہے تھے۔۔۔اس نے حازب کا ہاتھ اپنے بازو سے ہٹایا جہاں اس کی سخت گرفت کے نشان پر گئے تھے کہ اس کی شرٹ ہاف سلیوز تھی۔

"کھانا کھانا ہے تو امی سے بول دو مجھ سے ایسی کوئی امید مت رکھنا!" وہ کہتا باہر نکل گیا۔

جبکہ اپنے پیچھے اسے فری کی سسکیاں صاف سنائی دیں تھی۔۔۔اس نے دیوار پر ہاتھ مارتے اپنا غصہ نکالا تھا۔

پھر فریش ہو کر کھانا کھایا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"حازب؟"

"امی پلیز! آپ بھی جا کر سوجائیں!" وہ کہتا ان کے ماتھے پر بوسہ دیتا اپنے کمرے میں چلا گیا۔

URDU NOVEL BANK

سفیر شاہ نے اسے یونیورسٹی اتارا اور خود کمپنی چلا گیا کیونکہ اتنے دنوں سے بہزاد اکیلا کام کر رہا تھا اور آج وہ نہیں آیا تھا کیونکہ وہ گھر تیاری کر رہا تھا۔

اس نے تیزی سے کام ختم کیا کہ گھر جاتے اپنے بھائی کے نکاح کی تیاری بھی کرنی تھی۔

"مِس عائشہ سنبھال لیجیے گا!"

وہ کہتا باہر نکل گیا۔

آفس کے سب ورکرز حیران تھے لیکن وہاں کوئی کسی کی نجی زندگی پر بات نہیں کرتا تھا اور ایسا کرنے پر سختی سے بہزاد شاہ کی طرف سے پابندی عائد کی گئی تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"دلہا کیسے دیوانہ ہوا ہے!"

سفیر شاہ نے بہزاد کو دیکھتے کہا جو اپنی نگرانی میں وہاں کام کروا رہا تھا ہاتھ میں کافی کا مگ ہے۔

سفیر نے پاس آتے کافی کا مگ پکڑنا چاہا۔

URDU NOVEL BANK

"یہ میری ہے!" بہزاد نے ہاتھ پیچھے کر لیا۔

"ابھی تو بیوی آئی نہیں ہے آپ کی وہ لڑاکا سی اور آپ کے تیور ابھی سے بدل گئے ہیں کہ معصوم بھائی کو اب اپنی کافی کا مگ بھی نہیں دے رہے!" سفیر دہائی دیتا بولا۔

بہزاد شاہ نے گھور کر اس کی ڈرامے بازی دیکھی۔

"میرا کُرتا شلوار لے آئے ہو؟" بہزاد نے استفسار کیا۔

"کیا ہاں! شہزادے کے لیے خادم نے سب کر دیا ہے!"

وہ بولا تو بہزاد شاہ مسکرا دیا پھر اپنا کافی کا مگ اسے پکڑاتے اس کے بال پیار سے بگاڑے۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"اپنے بھی لے آؤ ہو کپڑے؟"

"جی؟ آخر اصل شہزادہ تو میں ہی ہوں۔" وہ شرارتاً بولا۔

"اور ماہا کے؟"

"اس کے لیے بھی لے آیا تھا!" وہ بولا۔

URDU NOVEL BANK

"اچھا چلو جاؤ فریش ہو جاؤ پھر کچھ دیر میں کھانا کھاتے ہیں!"

"نہیں آپ جائیں! آرام کریں میں کرواتا۔۔۔۔"

"ہرگز نہیں! میرا نکاح ہے میں سب خود کروں گا۔۔۔"

بہزاد نے کہا تو سفیر شاہ مسکراتے اندر بڑھ گیا کہ بہزاد نے اسے تھکاوٹ کی وجہ سے بھیجا تھا۔

ایسے تو نہیں وہ جان دیتا تھا اپنے بھائی پر۔

وہ اندر داخل ہوا تو ماہا اس کا لایا اپنے لیے ڈریس دیکھ رہی تھی جو انارکلی لمبا شفون کا پاؤں تک سرخ رنگ کا فراک تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ بے حد خوبصورت تھا۔

اسے وہ استری کے لیے دینا تھا۔

بہزاد شاہ کو دیکھتے اس نے دوسری چیزیں بھی بیگ سے نکالنی چاہیں لیکن اپنی نجی ضروریات کی چیزوں کو دیکھتے فوراً بیگ بند کیا۔

"کیا ہوا؟"

URDU NOVEL BANK

"کچھ۔۔۔نہی۔۔۔نہیں۔۔۔۔۔کافی پیئے گیں؟" وہ گھبراہٹ میں بولی۔

"ہاں لے اؤ!" وہ کہتا واش روم میں چلا گیا۔

ماہا نے کافی اسے تھمائی اور پھر اس بھرے بیگ کو دیکھا۔

"سفیر؟؟" دھیما لہجہ، مڑوڑتی انگلیاں۔

بولو! اور انگلیوں کو آزادی بخشو! سنجیدہ لہجہ۔

"میں یہ سب کیسے لوں گی؟"

"کیوں؟ جب چیزیں نہیں تھی تو تمہیں مسئلہ تھا اب دلوا دی ہیں تو یہ مسئلہ ہے کہ کیسے لو گی!" سفیر شاہ نے لیپ ٹاپ سے سر اٹھاتے کہا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"آپ سمجھ نہیں رہے!" وہ سنجیدہ تھی۔

"سمجھاؤ!" وہ بھی سنجیدگی سے بولا۔

"یہ سب وقتی ہے میں جانتی ہوں۔۔۔۔۔جیسے وہ سب وقتی تھا!!"

جو یہاں سے جانے سے پہلے ہوا تھا وہ اسے اُس رات کا حوالہ دے گئی تھی جب وہ اس کے قریب ہوا تھا کچھ۔۔۔

URDU NOVEL BANK

سفیر شاہ اپنی جگہ سے اُٹھ کھڑا ہوا اور اس کے پاس آیا۔

ماہا نے قدم پیچھے کی طرف بڑھائے کہ دیوار سے جا لگی۔

"بولو میں سُن رہا ہوں!"

"یہ سب قیمتی ہے! مجھے یہ سب نہیں چاہیے! مجھے صرف چند ایک ضرورت ہی چیزیں----"

سفیر شاہ اس پر جھکا تھا کہ وہ چہرہ موڑ گئی۔

"تم نرمی کیے جانے کے قابل نہیں ہو ماہا سفیر شاہ!"

سفیر شاہ نے اس کا چہرہ اپنی طرف موڑا اور کہتا اس کے لبوں پر جھک گیا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اس کی پکڑ میں از حد شدت تھی کہ ماہا لرز گئی اس سے پہلے کہ وہ گرتی سفیر شاہ نے اسے دیوار کے ساتھ لگاتے ایک ہاتھ اس کی قمر میں ڈالا اور دوسرا اس کے بالوں میں پھنسایا۔

وہ اس کی سانسوں کو پیتا اسے پاگل کرنے کے در پر تھا۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

ماہا نے اس کی شرٹ کو پکڑتے اسے جھٹکا دیا تو وہ پیچھا ہوا۔۔۔۔دونوں کا تنفس بُرے طریقے سے بگڑا تھا۔

ماہا نے نم نگاہوں سے اسے دیکھا۔

"خبردار! روئی تو! عادت ڈال لو ان سب کی!" سفیر شاہ نے کہتے اسے دیکھا۔

"میری بات سنو ماہا!"

"یہ سب میری زمہ داری ہے ! تم میری زمہ داری ہو! اور یہ چیزیں تمہارا حق ہے ! میں شوہر ہوں تمہارا اور میں بہت اچھے سے یہ واضح کر چکا ہوں کہ تم مجھ سے کبھی آزاد نہیں ہو گی۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"اپنے دماغ سے ہر طرح کے خناس کو نکال دو!" وہ کہتا دور ہوا۔

ماہا نے باہر نکلنا چاہا!

"دوپٹہ اتارنے کی اجازت صرف میرے سامنے ہے۔۔۔باہر مجھے دوپٹہ کے بغیر نظر نہ آنا کبھی!"

URDU NOVEL BANK

سفیر شاہ کی گھمبیر آواز گونجی تو ماہا کے قدم واپس مڑے اور واش روم میں بند ہو گئی۔

سفیر شاہ اپنی جگہ پر بیٹھ کر پھر سے کام کرنے لگا۔۔۔جبکہ ماہا نکلتے ہی بیڈ پر لیٹتی سو گئی تھی کہ کھانا وہ پہلے کھا چکی تھی۔

ملازمہ کو وہ کپڑے دے چکی تھی اپنے۔

اگلی صبح خوبصورت تھی ان کا پورا گھر خوبصورتی سے سجایا گیا تھا۔

ہر طرف چہل پہل تھی کہ ملازم بھی سب بہزاد شاہ کے نکاح کے لیے آج تیار گھوم رہے تھے کہ بہزاد شاہ کی طرف کے مہمان وہی تھے۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

لیکن انہیں سختی سے منع کیا گیا تھا کہ یہ بات اس گھر کی چار دیواری سے باہر نہیں جائے گی۔

ماہا کو سفیر نے اٹھایا اور خود کام دیکھنے کی نیت سے باہر نکل گیا۔

اس نے تیزی سے ناشتہ کیا اور تیار ہونے لگی جبکہ سفیر بہزاد کے کمرے میں گیا تھا۔

"بھائی؟"

بہزاد شاہ نے سر اٹھایا۔۔۔آنکھیں سرخ تھیں اسکی۔

بھائی۔۔؟؟؟ وہ تڑپ کر بہزاد کے پاس گھٹنوں کے بل بیٹھا۔

"آج امی، بابا اور فری ہوتے تو۔۔۔۔۔۔!"

وہ بول کر خاموشی ہو گیا تو سفیر نے اپنا سر اسکے گھٹنے پر رکھا۔

"ہم بھولے نہیں ہیں بھائی!!!"

"بدلہ ضرور لیں گے! امی سے کیے عہد نہیں توڑیں گے ہم!" سفیر شاہ بولا تو بہزاد نے اس کا ماتھا چوما کہ ایک دونوں کے علاوہ ان کے پاس کوئی نہیں تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"اچھا چلیں تیار ہو جائیں! پھر نا کہیے گا کہ آپ کے نکاح کے دن بھی میں ہی حسین لگ گیا!"

کئی لمحوں بعد سفیر شاہ ماحول کو خوشگوار کرنے کی نیت سے گویا ہوا۔

بہزاد مسکرا دیا۔

تیاری مکمل تھی انہیں نکلنا تھا بس۔

سفیر اپنے کمرے میں چلا گیا تھا جبکہ بہزاد تیار سا کھڑکی کے پاس کھڑا تھا۔
آنکھیں چمک رہی تھیں۔۔۔۔۔حصول کی چمک سے! دل شاد تھا۔۔۔۔دھڑکنیں معمول سے بڑھ کر تھیں کہ آج وہ اس صنفِ نازک کو خود پر حلال کر لیتا جس کے بغیر اب جینا ممکن نہ تھا۔

وہ گہری سانس بھرتا باہر نکلنے لگا کہ جیب میں موجود فون تھرتھرایا۔

اس نے کال یس کرتے کان سے فون لگایا لیکن مخالف سمت کی بات سنتے ہی وہ اندھا دھن بھاگا تھا باہر کی طرف۔

کسی کو بھی بتائے بغیر۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہاں اس کی بہن کی خبر تھی۔۔۔۔۔۔اسے اسٹیشن پر دیکھا گیا تھا۔۔۔۔۔بہزاد کے لوگ نہیں جانتے تھے کہ وہ اس کی بہن تھی بھی یا نہیں یا صرف مشابہت رکھتی تھی لیکن انہوں نے بتانا اپنا حق سمجھا تھا۔

حائفہ کا دل تیزی سے دھڑک رہا تھا۔

اس کے گھر میں شور تھا، ہر کوئی اپنی تیاری میں مگن تھا۔

URDU NOVEL BANK

سب بچے بھی آگئے تھے جبکہ ان لڑکیوں کے ہاتھ مہارت سے اس کے چہرے پر چل رہے تھے جنہیں بہزاد شاہ نے بھیجا تھا۔

"پلیز ہلکا ہلکا کریں!"

وہ روہانسی ہوتی بار بار انہیں کہہ رہی تھیں جو بیچاری پہلے ہی سب ڈر کر اس کے چہرے پر لگا رہی تھیں۔

"یہ حجاب آج بھی لیں گی آج؟" اس کی تیاری پر تنقیدی نگاہ ڈالتے ان میں سے ایک نے استفسار کیا۔

"جی!"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"آپ کی ساری لک خراب ہو جائے گی! آج کے دن رہنے دیں۔"

"جب ساری زندگی کرنا ہے تو اتنے خاص دن پر کیسے چھوڑ دوں؟" حائفہ بولی تو وہ خاموش ہو گئی۔

"آپ بہت پیاری لگ رہی ہیں!"

URDU NOVEL BANK

اس کی سرخ لسپٹک کو آخری بار لگاتے وہ پیچھے ہٹتی تنقیدی نگاہ اس پر ڈالتی بولیں تو وہ جھنپ گئی۔

"اب بہزاد سر سے ایکسڑا پیسے مانگنے تو بنتے ہیں!"

وہ شرارت سے بولی تو بہزاد کے نام پر حائفہ کی ہتھیلیاں نم ہوئیں۔۔

وہ دونوں جا چکی تھیں جبکہ حسن اس کے پاس آ بیٹھا۔

"اپیا!" وہ نم لہجے میں بولا تو حائفہ نے فوراً سے اس کا چہرہ تھاما۔

"حسن اپیا کی جان! کیا ہوا؟"

"اپیا آپ چلی جاؤ گی!" وہ بولا تو حائفہ کی آنکھیں بھی نم ہوئیں۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"ابھی تھوڑی جا رہی ہے ہماری بیٹی!"

سکندر صاحب نے اندر آتے اسے ساتھ لگاتے اس کا موتھا چوما وہ لگ ہی اتنی حسین رہی تھی۔

سائمہ بیگم نے بھی آتے اس کی نظر اُتاری تھی۔

URDU NOVEL BANK

"بابا آپ آج بہزاد کو بتا دینا کہ وہ یہاں آئیں گے، میں یہاں سے کہیں نہیں جاؤں گی۔۔۔۔"وہ نم لہجے میں بولی تو سکندر صاحب کا قہقہہ گونجا۔

بابا جان! وہ ناراض ہوئی۔

"اچھا اچھا! یہ فرمائش آپ خود ہی رکھ لینا اس کے سامنے!" وہ بولے تو حائفہ ان کے سینے پر سر رکھ گئی۔

"بیگم واپسی پر بھی حائفہ کی نظر اتار دیجئے گا!"

"ٹھیک ہے!" اب چلیں دیر ہو رہی ہے وہ سب مسجد کے لیے نکل گئے تھے۔

سفیر شاہ نے ماہا کو دیکھا جو اسی سرخ فراک میں بنا میک اپ کے پریشان سی کھڑی تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"کیا ہوا؟"

وہ تیار ہوتا اس کے ساتھ جا کر پرفیوم خود پر چھڑکتا اس پر بھی چھڑک گیا۔

"مجھے میک اپ نہیں کرنا آتا!"

وہ روہانسی ہوئی تو سفیر شاہ نے سنجیدگی سے اسے دیکھا۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

"بس لپسٹک لگا لو!" سفیر نے اپنی طرف سے حل بتایا۔

"وہ بھی نہیں ہے!" وہ بولی تو سفیر شاہ کو خود پر غصہ بھی آیا اور ترس بھی کیونکہ میک اپ کے بارے میں اسے کچھ بھی نہیں پتا تھا۔

"چلو!"

"کہاں؟" وہ پوچھتی رہی لیکن سفیر اس کا ہاتھ پکڑے اسے باہر لے گیا۔

محبتیں خود کی جاتیں تو ہر شخص اپنے لیے ایک بہترین اور ایماندار شخص چُنتا لیکن محبت ہو جاتی ہے اور کیسے ہو جاتی ہے کوئی نہیں جانتا۔۔۔۔

بس کوئی کسی لمحے اچھا لگ جاتا ہے، اس کی آنکھیں پسند آ جاتی ہیں یا اسے مسکراتا دیکھ لیا جائے تو وہ مسکراہٹ دل پر کسی ساز کی طرح تمام وقت بجتی رہتی ہے۔۔۔ محبت کی کوئی تھیوری نہیں ہوتی نا یہ کوئی سائنس ہے جسے حل کر لیا جائے یہ ایک کبھی نا حل ہونے والا معمہ ہے جسے صرف محبت کرنے والے حل کر سکتے ہیں۔۔۔ محبت تو بس ہو جاتی ہے خود بخود، کب کیسے کوئی نہیں جانتا نا تاریخ یاد رہتی ہے اور نا دن بس وہ لمحہ تاحیات ساتھ رہتا ہے جس میں اس

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

شخص سے نگاہیں ملنے پر آپ کے دل کی دنیا تہہ وبالا ہو جائے اور آپ کی دھڑکنوں نے آپ کو یہ عندیہ سنا دیا ہو کہ میں محبت جیسی خرافات پر یقین لے آیا ہوں اب اس سے بچنے کی تمام ترکیبیں عبث جائیں گی۔

اور پھر ہم کبھی پیمائش نہیں کر پاتے اس محبت کی، کوئی کتاب،کوئی ڈگری، کوئی تعلیم ہمیں محبت کی پیمائش کرنا نہیں سکھاتی کیونکہ دنیا میں اگر سب سے مشکل کچھ ہے تو وہ ہے محبت کو الفاظ دینا اور مخالف کو یقین دلا پانا کہ تمہارا دل، تمہاری روح اس کے لیے کتنی پاگل ہے۔

---

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"امی حازب کیوں نہیں آئے ہیں!"

اس نے رو رو کر برُا حال کر لیا تھا کہ حازب کل صبح سے گیا اب تک واپس نہ آیا تھا۔

"بیٹا یہ اس کی ڈیوٹی ہے!" سکینہ بیگم کو تو عادت تھی لیکن وہ اس لڑکی کو دیکھ کر پریشان تھیں جو روئے جا رہی تھی۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

اس سے ثابت ہوتا تھا کہ وہ حازب مرزا سے کبھی دستبردار نہیں ہو گی!

باہر گاڑی کے ٹائر کی چرچراہٹ سنتے وہ بنا دوپٹے اور جوتی کے باہر بھاگی تھی۔

حازب کو شاید ڈرائیور نے سہارا دیا تھا وہ وہیں دہلیز پر کھڑی رہی۔

حازب نے اس کے بنا دوپٹہ کے وجود کو دیکھتے سخت نگاہوں سے اسے دیکھا جسے ہوش ہی کہاں تھی۔

ڈرائیور اسے وہیں لاؤنج میں صوفے پر بٹھا گیا تو سکینہ بیگم تیزی سے اس کے پاس آئیں۔

جس کے بازو اور ٹانگ پر پٹی بندھی تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"یہ کیا ہوا حازب؟" وہ پریشانی سے پوچھنے لگیں۔

"امی بس کچھ بچوں کو بچاتے لگ گئی پریشان نہ ہوں! آخرت کی کامیابی کی تیاری کر رہا ہوں۔۔۔یہ تکالیف اتنا درد نہیں دیتیں اب!" وہ بولا تو وہ روتے ہوئے مسکراتی اس کا ماتھا چوم گئی۔

"میں ہلدی والا دودھ لاتی ہوں" وہ اٹھ گئیں تو حازب نے آنکھیں موند لیں۔

URDU NOVEL BANK

پھر جھٹکے سے کھولتے سامنے دیکھا جہاں وہ دروازے کے پاس کھڑی رو رہی تھی۔

"فری یہاں آؤ!"

اس نے وہیں سے سر نفی میں ہلایا تھا۔

"فری! مجھے اٹھنے میں مشکل ہو گی جلدی یہاں آؤ!" وہ بولا تو وہ چھوٹے چھوٹے قدم اٹھاتی اس تک ائی۔

گلابی شلوار قمیض میں بنا جوتے اور دوپٹے کے وہ چھوٹی سی لڑکی اس کے سامنے کھڑی تھی۔

وہ تقریباً اس سے دس سال چھوٹی تھی۔۔۔۔۔لیکن وہ جان دیتی تھی حازب مرزا پر اور حازب مرزا یہ بات بخوبی جانتا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ابھی بھی اس کی سوجی آنکھیں یہ گواہی دے رہیں تھیں کہ وہ اس کے لیے روتی رہی ہے۔

فری نے اس کے ساتھ بیٹھتے چہرہ ہاتھوں میں چھپایا اور اونچی آواز سے رونے لگی تو سکینہ بیگم بھی گھبرا کر باہر نکلی جبکہ وہ بھی سیدھا ہوا تھا۔

"فری میری بچی کیا ہوا؟ آ تو گیا ہے اب حازب!"

انہوں نے اس کے سر پر پیار کیا اور حازب کو دیکھا جو سنجیدہ سا اسے دیکھ رہا تھا۔

"امی حازب کو کتنی چوٹ آئی ہے!" وہ ہچکیوں کے درمیان بولی تو انہیں اس پر بے حد پیار آیا۔

"وہ ٹھیک ہو جائے گا! لیکن تم ایسے بیمار پر جاؤ گی! کل سے کھانا نہیں کھایا ہے چلو حازب آ گیا ہے اب دونوں کے لیے ناشتہ بناتی ہوں!" وہ کہتی چلی گئی۔

"کھانا کیوں نہیں کھایا؟"

حازب نے ناچاہتے بھی اسکے دونوں ہاتھ اس کے چہرے سے ہٹاتے اپنے ہاتھوں میں تھام لیے۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"آپ گھر نہیں تھے نا!"

"تو....؟"

"تو میں پریشان تھی۔"

"کیوں؟"

URDU NOVEL BANK

"میرا دل کہہ رہا تھا آپ تکلیف میں ہے!"

اور حازب مرزا لاجواب ہوا تھا۔۔۔۔کیا اس کے بعد بھی وہ اس چھوٹی سی لڑکی کی محبت کا انکاری ہو سکتا تھا؟

"تو جب میں گھر نہیں آؤں گا تم کھانا نہیں کھاؤ گی۔"

"نہیں!" وہ تیزی سے سر ہلاتی بولی۔

"کیوں نہیں کھاؤ گی؟ تمہیں جلد سے جلد ٹھیک ہونا ہے اپنی فیملی میں واپس جانا ہے۔"

فیملی کا سنتے فری کے چہرے پر سایہ سا لہرایا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"میں کہیں نہیں جاؤں گی حازب۔۔۔۔"

"آپ مجھ سے شادی کر لیں گے اور میں یہیں رہوں گی۔۔۔۔"اس کی عقل کے مطابق حازب مرزا تک رسائی کا واحد زریعہ ہی "شادی" تھا اور وہ صحیح تھی۔

"یہ ممکن نہیں ہے!"

"کیوں نہیں ہے؟" وہ تڑپتے بولی تھی۔

URDU NOVEL BANK

"کیونکہ میں تم سے شادی نہیں کر سکتا!" حازب نے بھاری دل کے ساتھ بولا اور ساتھ صوفے پر سے دوپٹہ اٹھاتے اس کے سر پر دیا۔

"میں اب سے دوپٹہ نہیں اتاروں گی! پھر بھی شادی نہیں کریں گے؟" وہ روتے پوچھ رہی تھی۔

"رونا بند کرو پہلے-----!"

حازب سختی سے اس کی سرخ ناک دیکھتا بولا تو اس نے اپنا ہاتھ اس کے ہاتھ سے نکالتے اپنا چہرہ ہاتھوں سے رگڑ ڈالا جیسے حازب مرزا کی بات کی خلاف ورزی کرنا جرم ہو۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"اب؟" وہ آنکھیں بڑی کیے پوچھتی حازب مرزا کے دل میں آگ ہی تو لگا گئی تھی۔

"تم مجھ سے بہت چھوٹی ہو فری!" وہ صوفے کی پشت سے سر ٹکاتا بولا ----کیسے سمجھاتا اسے۔

"کوئی بات نہیں"! وہ اس کی طرف دیکھتی بولی۔

URDU NOVEL BANK

"تمہیں تمہاری فیملی سے ملانا ہے۔"

"میرے بھائی کچھ نہیں کہیں گے!" وہ تیزی سے بولی تو حازب جھٹکے سے سر اٹھاتا سیدھا ہوا۔

"کون سے بھائی؟ تمہیں یاد ہیں اپنے بھائی؟" وہ سوال کر رہا تھا۔۔۔

جبکہ فری نے گڑبڑاتے یہاں وہاں دیکھا۔

"مجھے بھوک لگی ہے! میں منہ دھو کر آتی ہوں! دوا بھی لینی ہے آپ کی بھی دوا لاؤں گی!" وہ کہتی اٹھ کر بھاگ گئی۔

لیکن حازب مرزا کو بہت کچھ سوچنے پر مجبور کر گئی تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

یعنی اسے یاد تھا۔۔۔وہ کیوں نہیں بتا رہی تھی۔۔۔کیا صرف اس سے دور جانے کی خاطر وہ بتا نہیں رہی تھی؟

بہزاد نے حائفہ کو چھٹی بار کال کی تھی جو اٹھائی نہیں گئی تھی۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

حائفہ بہزاد شاہ میں جانتا ہوں فون آپ کے ہاتھوں میں ہے تو بہتر یہی ہے کہ آپ میری کال ریسیو کر لیں!

اس کا میسیج پڑھتے حائفہ نے گھبراتے یہاں وہاں دیکھا پھر گہرا سانس بھرتے اگلی کال پر فون کان سے لگایا لیکن کچھ بولی نہیں۔

دوا لی ہے آپ نے حافی؟

آپ کو فرق پڑتا ہے؟ وہ ناراضگی سے بولی۔

گیٹ پر کوئی آیا ہے جائیں دیکھیں جا کر! وہ بولا تو حائفہ نے فون کو عجیب نگاہوں سے دیکھا جیسے فون کی جگہ وہ ہو۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

آپ کو کیسے پتا کوئی آیا ہے؟ کہیں آپ تو نہیں آئے؟

بہزاد شاہ کے پاس اتنا بھی وقت نہیں کہ وہ دروازے کھٹکھٹاتا پھرے! وہ شرارت سے بولا تو وہ مزید ناراض ہوئی۔

جائیں جلدی سے! بہزاد نے سنجیدگی سے کہا تو وہ اٹھی او باہر نکل گئی۔

سائمہ بیگم دروازہ کھول چکیں تھیں۔

URDU NOVEL BANK

جی آپ کون؟

یہ حائفہ میڈیم کے لیے آیا ہے!

اس نے ڈبہ آگے بڑھاتے کہا تو سائمہ بیگم نے چونک کر حائفہ کو دیکھا جو بات سمجھ گئی تھی۔

جی میرا ہی ہے؟

حائفہ پاگل ہو گئی ہو؟ تمہیں کون بھیجے گا! ایسے ہی نہیں اٹھاؤ!

سائمہ بیگم نے اسے ڈانٹا تھا جو بہزاد نے سُنا تھا۔

اوففوو امی۔۔۔آپ بھول گئیں ہیں کہ میرے ایک عدد شوہر بھی ہیں اب وہ بھی مجھے تحفے نہیں بھیجیں گے تو میں تو انھیں ساری زندگی معاف نہیں کروں گی

بلکہ ان کو تو چاہیے ہر ہفتے مجھے تحفہ دیں ایسے پیار بڑھتا ہے نا۔

وہ اپنی ہی دھن میں بولی جا رہی تھی۔

سائمہ بیگم نے ماتھا پیٹا اور کورئیر والے کی طرف متوجہ ہوئیں۔

بیٹا کس کی طرف سے ہے یہ؟ انہوں نے تصدیق کرنا ضروری سمجھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

بہزاد شاہ کی طرف سے!

وہ بولا تو حائفہ نے ماں کو دیکھا جیسے کہہ رہی ہو مجھ پر تو آپ کو یقین ہی نہیں۔

لڑکے نے پھولوں کا بڑا سا بکے سامنے کیا تو حائفہ نے ہاتھ سے فون میز پر رکھ دیا۔

اففففف یہ بھی میرا ہے؟

لڑکے نے سر ہلایا اور چلا گیا جبکہ حائفہ اسے لے کر گھومی تھی۔۔۔۔۔وہ بکے سائز میں کافی بڑا تھا۔۔۔اس نے کمزوری کے باعث چکراتے سر پر ہاتھ رکھا۔

حائفہ آرام سے بیٹھ جاؤ! چکر آرہے ہیں؟ سائمہ بیگم اسے مسکراتے دیکھ رہی تھیں پھر فکر مندی سے بولیں۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہاں تھوڑے سے!

لیکن یہ کتنا خوبصورت ہے! اففف امییی! بہزاد اتنے پیارے کیوں ہیں؟

اگر ایسے بکے وہ مجھے ساری زندگی دیتے رہیں گے تو میں تو ان سے کبھی ناراض ہی نا ہوں! وہ پھولوں کی خوشبو سونگھتے بول رہی تھی۔

جبکہ بہزاد شاہ اس کی آواز میں مخفی خوشی کو محسوس کرتے سرشار ہوا۔

URDU NOVEL BANK

پھر کال کاٹ کر دوبارہ کی تو حائفہ نے فوراً کال اٹھائی اور ڈبہ اٹھاتے کمرے میں بھاگ گئی جبکہ سائمہ بیگم نے سکون کا سانس لیا تھا نہیں تو وہ پرسوں سے اداس تھی نجانے کیوں۔

افففف بہزاد آپ کتنے پیارے ہیں! کیا آپ یہ پھول مجھے ہمیشہ دے سکتے ہیں؟

وہ آس سے بولی۔

بس اپنی کمپنی بند کر کے ایک باغیچہ خرید لیتا ہوں گلابوں کا اپنی بیوی کے لیے!

وہ دلفریبی سے بولا۔

تو جواب میں حائفہ کھلکھلا دی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

یہ سب تھا کہ وہ ناراض تھی لیکن بہزاد شاہ کے معافی مانگنے کے انداز سے وہ متاثر ہوئی تھی۔

رشتوں میں رنگ بھرنے کے لیے مرد کا عورت کے لیے یہ چھوٹی چھوٹی چیزیں کرنا زندگی کو دلفریب بناتا ہے! رشتے کتنے سال پرانے کیوں نہ ہو جائیں ان سے مہک تازہ پھولوں کی آنی چاہیے۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

ڈبہ کھولیں!

آپ کو کیسے پتا ابھی میں نے نہیں کھولا؟ وہ حیران ہوئی۔

باتیں مت بنائیں حافی جلدی کھولیں! وہ بولا تو حائفہ نے جلدی سے وہ ڈبہ کھولا۔

اس میں بڑا سا ایک بھالو تھا۔۔۔۔اور ساتھ کئی نوٹس تھے۔۔۔۔۔جو خود لکھے گئے تھے۔۔۔۔

شاید آج کے دور میں جہاں ہر کوئی مہنگے تحائف دیتا ہے وہاں پر کسی کے لیے وقت نکال کر ہاتھوں سے اپنے جذبات کو قلم بند کرنا محبت دِکھانے کا ایک ذریعہ تھا جو بہزاد شاہ نے کیا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ایک چھوٹے ڈبے میں اس کی دوا بھی تھی۔

خوبصورت! اس نے نم لہجے میں کہا۔

خبردار روئیں تو!

حائفہ جلدی سے مسکرا دی۔۔۔۔

تو دور بیٹھا وہ شخص وہ دھوپ چھاؤں سا منظر دیکھتا دل تھام گیا تھا۔

بہزاد؟

بولیں!

میں آپ سے پھر بھی ناراض ہوں! آپ مجھ پر چِلائے تھے۔۔۔۔۔ایسے مجھے امی نے بھی کبھی نہیں ڈانٹا! وہ روتی بول رہی تھی اور بہزاد سُن رہا تھا۔

آپ کا اس وقت آنا خطرے سے خالی نہیں تھا! وہ بولا تو بس اتنا۔

میں چچا کے ساتھ۔۔۔۔

رات کے وقت میں آپ کے لیے کسی بھی غیر شخص پر بھروسہ نہیں کر سکتا اور یہ بات اب مجھے سمجھانی نہ پڑے کہ رات دس کے بعد آپ اپنے بابا اور حسن کے بغیر نہیں نکلیں گی! سمجھ رہی ہیں؟

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہمممم!

آپ مجھ پر دوبارہ نہیں چلائیں گے؟

ٹھیک ہے!

سوری بولیں!

URDU NOVEL BANK

کھانا کھائیں اور دوا لیں جلدی سے!

بہزاد؟

بولیں-----؟

سوری بولیں!

اس سے آپ خوش ہو جائیں گی؟

خوش تو آپ نے مجھے کر دیا ہے میں راضی ہو جاؤں گی!

تو ٹھیک ہے حائفہ بہزاد شاہ یہ کمتر اور ادنیٰ سا انسان آپ سے معافی مانگتا ہے،

بس مجھ سے راضی رہیں! لیکن اگلی بار غلطی پر سزا بہت بُری ہو گی!

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اوکے! وہ چہچہائی۔

امممم مجھے کپ کیکس کھانے ہیں!

وہ آنکھوں میں چمک لیے فرمائش کرنے لگی کہ جب مخالف اس کے ناز نخرے

اٹھانے کے لیے تیار تھا تو وہ کیوں اس سے فرمائش نہ کرتی۔

جبکہ بہزاد اس کے ماننے پر گہرا سانس بھر گیا۔

URDU NOVEL BANK

اسے اب ہرگز اس پر چِلانا نہیں تھا۔۔۔۔۔وہ بیوی تھی اس کی اور بیوی سے بڑھ کر محبت تھی وہ اس کی۔۔۔۔جو صرف اس کے چلانے پر بیمار پڑ گئی تھی۔

اسے مستقبل کی فکر لاحق تھی۔

پہنچ جائیں گے! وہ بولا۔

اممم!

اور کچھ؟

چاکیلٹ والے چاہیے اور زیادہ چاہیے۔۔۔۔کیونکہ حسن بھی کھائے گا نا! اگر زیادہ ہوں گے تو میں اسے ایک دو دے دوں گی!

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

جو حکم! وہ بولا۔

بہزاد؟

جی! وہ ہمہ تن گوش تھا۔

جو آپ نے ہمارے نکاح پر بچوں کو لفافے دیے تھے وہ میرا کہاں ہے؟

کیا مطلب؟ وہ سیدھا ہوا۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

کیا مطلب کا کیا مطلب؟ بھولے مت بنیں! میرا بھی لفافہ چاہیے تھا مجھے! میرا کیوں نہیں بنوایا اس میں اتنی اچھی چیزیں تھیں جو مجھے بھی چاہیے!

گیند، بلا، ٹوپیاں یہ سب کیا کریں گی آپ؟ بہزاد ہنسا تھا۔

ہنسیں نہیں! میں کرکٹ کی لیڈی شاہد آفریدی ہوں آپ ابھی جانتے نہیں ہیں مجھے-----

بالکل! میں بالکل نہیں جانتا!

وہ لب دانتوں میں دبائے بولا اور مینیجر کو ہاتھ کے اشارے سے بعد میں آنے کا کہا جو دروازہ ناک کرتا کھول چکا تھا۔

چلیں کھانا کھائیں اور دوالیں! کل سے کالج جاتی نظر آئیں آپ مجھے۔

اوکے! پھر اور باتیں کرتے بہزاد نے کال کاٹ دی اور اس کے کہ کیکس آرڈر کیے۔

جو زیادہ چاہیے تھے اسے! وہ مسکرا رہا تھا مسلسل!

visit for more novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

اور پھر تھوڑی دیر بعد کپ کیکس مل چکے تھے اسے۔۔۔۔جو اس نے دوا کے بعد کھائے تھے اور حسن اسے دیکھتا جان کے معصوم منہ بنا رہا تھا کہ وہ اس پر بھی کرم نوازی کرے۔

حائفہ نے ان اٹھارہ میں سے اسے بس تین دیے تھے اور وہ اتنا سا منہ لے کر رہ گیا تھا۔

سفیر نے ماہا کے لیے رومان سے بات کی تھی۔

جو ان کی کمپنی کے ساتھ کولیبریشن کیے وجاہت حسن کا بیٹا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اس نے حامی بھر لی تھی کہ اس نے ماہا والے مضامین ہی پڑھ رکھے تھے اور سفیر شاہ سے اچھی بنتی بھی تھی اس کی۔

کب آنا ہے!

روز شام سات!

اوکے!

URDU NOVEL BANK

چارجز۔۔۔۔سفیر شاہ نے کہنا چاہا۔۔۔۔

بس بھی کریں آپ میرے بڑے بھائی جیسے ہیں! اور یہ تو میں شوق میں آجایا کروں گا ویسے بھی فراغ دل ہوں۔۔۔وہ شوخ دلی سے بولا تو سفیر سر ہلا گیا۔

واپسی پر وہ سفیر کے ساتھ ہی آیا تھا۔

ماہا کو بلا دیں! اس نے ملازمہ سے کہا تو وہ ماہا کو بلانے چلی گئیں۔

اسلام علیکم! ماہا نے سفیر کے ساتھ اس لڑکے کو دیکھتے سلام کیا۔

جبکہ سفیر شاہ نے ہونٹ بھیچے اس کا ننگا سر دیکھا تھا کیونکہ اس نے صرف آگے دوپٹہ پھیلا رکھا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

یہ رومان ہے ماہا! آج سے یہی پڑھائے گا تمہیں۔۔۔۔اپنی کتابیں دکھا دو اِسے۔

اوکے! آپ بیٹھیں میں بیگ لے کر آتی ہوں! اس نے ملازمہ سے کہتے اس کے لیے چیزیں لانے کا کہا خود اوپر چلی گئی۔

وہ تیزی سے اپنی کتابیں اٹھا رہی تھی۔۔۔جو اس نے بستر پر پھیلا رکھی تھیں کیونکہ وہ سفیر کے آنے سے پہلے پڑھ ہی رہی تھی۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

سفیر شاہ نے اس کے سامنے رکتے اس کا راستہ روکا۔

ماہا نے حیرت سے اسے دیکھا!

کیا ہوا؟ وہ اب کچھ حد تک نارمل ہو گئی تھی سفیر شاہ کے ساتھ۔

دوپٹہ سر پر لینے کے لیے بنایا گیا ہے! یہ بات میں کتنی بار دہرواؤں گا؟

وہ مجھے لگا بس آپ ہی ہیں! اس نے تیزی سے بتایا۔

اب سے دھیان رکھنا!

اوکے!

شاہ؟

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

بولو؟

تھینک یو! اب میں اچھے نمبر لے پاؤں گی۔۔۔۔میں بہت فکرمند تھی میرا بہت سلیبس رہ گیا ہے اگلے مہینے امتحان ہیں اب میں اچھے سے تیاری کر لوں گی

تھینک یو سو مچ وہ کہتی خوشی سے باہر نکل گئی۔

جبکہ تیزی میں وہ سفیر شاہ کے کپڑے تک نکال کر نہ گئی تھی۔

URDU NOVEL BANK

وہ گہرا سانس بھرتا کپڑے نکالتا فریش ہونے چلا گیا۔

وہ فریش ہوتا نیچے چلا گیا جہاں وہ سر پر دوپٹہ جمائے پین دانتوں تلے دبائے پوری دلجمعی سے کچھ سمجھ رہی تھی رومان سے۔

وہ وہیں بیٹھ گیا تب بھی ماہا نے سر اٹھا کر اسے نہ دیکھا۔

سمجھ آ گئی؟ رومان نے استفسار کیا۔

جی! یہ مجھے کلاس میں تین بار سمجھنے پر بھی سوال سمجھ میں نہیں آیا تھا! وہ مسکراتی بولی تو رومان بھی مسکرا دیا۔

رومان چلا گیا تو ماہا بھی سفیر شاہ کی طرف متوجہ ہوئی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ پہلی بار خوش تھی کہ سب بہتر ہو رہا تھا، سفیر شاہ نے اس کی حیثیت قبول کر لی تھی، ان کے رشتے کو آگے بڑھایا تھا اور اسے پڑھنے میں مدد دی تھی۔

کھانا لگواؤں؟

اس نے نرمی سے پوچھا تو سفیر شاہ نے اس کے چہرے کو دیکھا جہاں اطمینان صاف جھلک رہا تھا۔

URDU NOVEL BANK

اس نے سر ہلایا تو وہ کتابیں وہیں سمیٹ کر رکھتی چلی گئی۔

کھانا کھانے کے بعد وہ کمرے میں آ گئی تھی۔

جبکہ سفیر نے بہزاد کے ساتھ آگے کی پلیننگ کی تھی اور پھر کمرے میں گیا

جہاں ماہا نہیں تھی۔

وہ شاید واش روم میں تھی۔

وہ اپنے کپڑے نکالنے لگا لیکن ماہا کی آواز سنتے واش روم پہنچا اور دروازہ کھولا۔

وہ جھکی ابکائی کر رہی تھی۔

ماہا؟

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ماہ؟ وہ اندر جاتے اس کی پشت کو سہلاتا بولا۔

کیا ہوا؟

پتا نہیں! وہ نڈھال سے باہر آئی تھی۔

زیادہ کھا کیا ہے تم نے! سفیر شاہ نے اسکی پشت کو سہلاتے کہا تو اس نے سر

ہاتھوں میں دیا۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

اس کے پیٹ میں شدید درد تھا۔

شا۔۔۔۔شاہ۔۔۔۔۔

ڈاکٹر کے پاس چلتے ہیں!

چلو اٹھو!

ڈاکٹر نے فوڈ پوائزنگ بتائی تھی اور ساتھ دوا دی تھی۔

واپس آتے وہ فوراً لحاف میں گھس گئی تھی۔

اب کیسا محسوس کر رہی ہو؟

سونا ہے!

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ کہتی اس کی طرف سے پشت کرتی آنکھیں موند گئی تو سفیر شاہ اس کے نخرے پر اسے گھور کر رہ گیا۔

پھر اس کی دوا دیتے وہ بھی چینج کرنے چلا گیا۔

واپس آیا تو وہ اس کی طرف کی جگہ پر سوئی تھی۔

وہ آکر بیٹھ گیا۔۔۔۔۔اسے اپنی جگہ کے سوا نیند نہیں آتی تھی۔

URDU NOVEL BANK

ماہ۔؟؟؟

اس نے نرمی سے اس کے بالوں میں ہاتھ پھیرتے اسے بلایا تھا لیکن شاید دوا کا اثر تھا کہ وہ سوگئی تھی۔

وہ گہری سانس بھرتے دوسری طرف لیٹ گیا۔

چھت کو دیکھتے نگاہوں کا رخ اسکی طرف کیا جو سکون سے سو رہی تھی۔

وہ اس کے بارے میں سوچنے لگا۔۔۔۔وہ کہاں اس سے نفرت کا دعوے دار تھا اور کہاں وہ اس رشتے کے تمام حقوق و فرائض ادا کر رہا تھا۔

وہ ہوش کی دنیا میں تب آیا جب ماہا نے مندی مندی آنکھیں کھولتے اسے سامنے خود کو تکتے پایا اور قریب ہوتے اس کے کندھے پر سر رکھ گئی۔

نجانے اتنی ہمت اس میں کیسے آئی تھی۔

سفیر شاہ ساکت لیٹا رہا۔۔۔۔پھر اپنے دل کے مقام پر اس کا ہاتھ محسوس کرتے اس کے بالوں میں انگلیاں چلانا شروع کیں۔

شاہ۔۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

ہمممم! ہنکارہ بھرا گیا۔۔۔

نجانے وہ نیند میں تھی یا نہیں!

سفیر شاہ نے اس کے ماتھے پر ہاتھ رکھا جہاں ہلکا سا بخار تھا۔۔۔اس نے ہونٹ بھینچے۔۔۔ابھی کچھ دیر پہلے تو وہ ٹھیک تھی اور شاید خوش بھی۔

تو کیا اسے اسی کی نظر لگی تھی۔

وہ غنودگی میں تھی اس وقت! کیونکہ اس کی آنکھیں بند تھیں اور وجود ڈھیلا تھا۔

آپ مجھ سے پیار کریں گے نا؟

وہ پوچھ رہی تھی اور شاید ماہا سفیر شاہ کی زندگی کی واحد خواہش ہی سفیر شاہ کی محبت پانا بن گیا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

سو جاؤ! سفیر شاہ نے اس کے بالوں کو سہلایا۔

ایک دن تو آپ بولیں گے ہی! وہ امید سے بولی تو اس کے عنابی لبوں پر مسکراہٹ چھا گئی۔

وہ پہلی بار کسی عورت سے یوں قریب ہوا تھا۔

URDU NOVEL BANK

ماہا نے ہاتھ اس کی گردن پر باندھ لیے تو سفیر کو اس کی جھلستی سانسیں اپنی گردن پر محسوس ہونے لگیں۔

اس نے ماہا کی قمر میں ہاتھ ڈالتے اسے خود میں بھینچا۔

سالوں بعد کسی عورت کے وجود سے واقف ہوا تھا وہ، وہ بھی وہ عورت جو اس سے محبت کرتی تھی، یہ احساس ہی سکوں بخش تھا۔

ہاں اس لڑکی سے محبت کی جا سکتی تھی! اس کا دل اقرار کر گیا تو وہ ماہا کو خود میں مزید بھینچ گیا۔

---

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کھانے اور دوا کے بعد وہ بمشکل اپنے کمرے میں گیا تھا۔

سکینہ بیگم اس کے پاس سے جا چکیں تھی اور وہ بھی لیٹ گیا اور جلد ہی نیند کی وادیوں میں گم ہو گیا۔

URDU NOVEL BANK

ہوش تو تب آیا جب اپنے پاس کسی وجود کا گمان ہوا۔۔۔وہ اس سے پہلے کوئی حرکت کرتا یا اپنے بیڈ کے ساتھ کے دراز سے پاٹل نکالتا اسے محسوس ہو گیا کہ وہ وجود کسی اور کا نہیں فری کا تھا۔

اس سے پہلے کہ وہ غصے سے پھٹتا کیونکہ اس کے کمرے میں فری کو آنا منع تھا کجا کہ اتنی رات گئے آنا۔

وہ اس کی سسکیوں پر خاموش رہ گیا۔

حازب ؟

آپ مجھے اتنے پیارے کیوں لگتے ہیں؟ آپ کو کتنی چوٹ آئی ہے! میں دعا کروں گی کہ جس کی وجہ سے آئی ہے اسے روزِ محشر سخت سزا ملے!

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

آپ جلدی سے ٹھیک ہو جائیں! وہ اس کے پاس سے اٹھنے لگی جب اپنی کلائی پر لمس محسوس کرتے مسکرا دی۔

حازب آپ جاگ رہے ہیں؟

حازب نے سائیڈ لیمپ اون کیا اور اٹھ کر بیٹھا۔

URDU NOVEL BANK

کیا کر رہی ہو یہاں اِس وقت؟

فری گڑبڑائی اور یہاں وہاں دیکھنے لگی۔۔۔۔ماتھے پر پسینہ بھی چمکا تھا کہ حازب مرزا کے غصے سے ڈر لگتا تھا اسے۔

میں آپ کو دیکھنے آئی تھی! وہ اپنا جرم مانتے بولی۔

حازب کا دل کیا اس کا دماغ سیٹ کرے لیکن پھر کچھ یاد آتے اس کے ہاتھوں پر دباؤ بڑھایا۔

فری؟

جی؟

آپ کو یاد ہے آپ کی فیملی کا؟ حازب نے نرمی سے پوچھا تو اس نے بھیگے نین کٹورے اٹھائے۔

میں بھائی کو مِس کرتی ہوں! وہ نم آنکھوں سے بولی۔

ان کے پاس نہیں جانا چاہتی؟ حازب نے پھر سے نرمی سے استسفار کیا۔

فری نے تیزی سے سر ہلایا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

تو کہاں ہے وہ؟

اگر میں ان کے پاس چلی گئی تو آپ سے دور ہو جاؤں گی! وہ بولی تو حازب لاجواب ہوا۔۔۔۔

حازب کو آج بھی وہ دن یاد تھا جب اس پری پیکر کو اس نے ہسپتال میں دیکھا تھا۔

وہ دو ورکرز نجانے صفائی کے بہانے کتنے چکر اس کے کمرے کے لگا چکے تھے۔

وہ لب بھینچ گیا کہ ان کی نیت کا اندازہ اچھے سے ہو گیا تھا اسے۔

اس نے نرس سے نجانے کیوں لیکن یونہی اس لڑکی کی معلومات لی تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

جس نے یہ بتایا تھا کہ اسے کوئی ایڈمٹ کروا کر واپس نہیں آیا تھا اور اس بات کو تین مہینے گزر گئے تھے۔

اس نے حیرت سے وہ باتیں سنیں تھی۔

کوئی کیسے کسی کو یوں لاوارث چھوڑ سکتا تھا یہ عجیب تھا۔

کیا ہوا تھا انہیں؟

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

یہ کومہ میں تھی۔۔۔۔۔کچھ روز پہلے ہی ہوش میں آئیں ہیں تب سے گھر جانے کی ضد کر رہی ہیں لیکن گھر کا بھی نہیں پتا انہیں اور ان کی طبیعت بھی نہیں سنبھلی ابھی۔

حازب سر ہلاتا اندر داخل ہوا جہاں وہ سوئی ہوئی تھی۔

وہ سترہ اٹھارہ سالہ اسے کوئی معصوم سی بچی لگی جو بے حد خوبصورت تھی یا شاید خوبصورت لفظ بھی چھوٹا تھا، اس کے احساسات عجیب سے ہوئے تو فوراً باہر نکل گیا۔

پھر وہ آتا جاتا رہا تھا۔۔کہ سکینہ بیگم کی طبیعت بھی خراب تھی ان دِنوں!

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ انتظار کرتا رہا تھا کہ شاید اس کے گھر سے کوئی آئے لیکن وہ سارا دن یونہی دروازے کو تکتی رہتی۔

اس دن تو اس کی آوازیں پورے بلاک میں گونج رہی تھی وہ بُرے طریقے سے رو رہی تھی۔۔

اور حازب مرزا کے دل میں نجانے کیوں لیکن درد جاگا تھا۔۔۔

URDU NOVEL BANK

حازب کے قدم لاشعوری طور پر اس کمرے میں پہنچے جہاں وہ رو رہی تھی۔

ڈاکٹر اسے قابو کرنا چاہ رہی تھی لیکن وہ روتی ان سے دور ہونے کی کوشش میں تھی۔

کیا ہو رہا ہے؟ وہ سرد آواز میں بولا۔

کیا ہو رہا ہے؟ وہ سرد آواز میں بولا۔

تو ڈاکٹر کے ساتھ ان دو ورکرز کا سانس بھی سوکھا۔

سر یہ ٹھیک ہو گئیں ہیں انہیں لینے آئے ہیں یہ جا نہیں رہی! اس کی وردی کو دیکھتے ڈاکٹر نے بتایا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کون لینے آیا ہے؟ وہ متجسس ہوا۔

میں!

اُنہیں ورکرز میں سے ایک بولا تو حازب نے سنجیدگی سے اسے دیکھا پھر وہ معاملہ سمجھ گیا تھا۔

URDU NOVEL BANK

اِن کی تفتیش جاری ہے تمہارا اس سے کتنا تعلق ہے یہ میں تھانے میں بتاؤں گا تمہیں! حازب نے کہا تو وہ ورکرز سٹپٹائے۔

کیا مطلب ہے اس بات کا آفیسر؟

اس فی میل ڈاکٹر نے سختی سے پوچھنا چاہا لیکن حازب کی سخت نگاہوں کو دیکھتی خاموش ہو گئی۔

پھر اس نے اس لڑکی کو دیکھا جو خاموشی سے ایک کونے میں کھڑی تھی۔

یہاں آؤ فیری؟

وہ نرمی سے بولا تو اسے لگا تھا کہ وہ نہیں آئے گی لیکن اس کی سوچ کے برعکس ہوا کہ وہ تیزی سے اس کے پاس آتی اس کا ہاتھ تھام گئی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

چلیں!

حازب حیران ہوا۔

مجھے میرے گھر کا پتا ہے آپ چلیں!

وہ بولی تو حازب باہر نکلا جبکہ ڈاکٹر نے کافی شور مچانے کی کوشش کی تھی۔

URDU NOVEL BANK

لیکن حازب نے نجانے کیوں لیکن پہلی بار اپنا نام استعمال کرتے اسے ہسپتال سے اسے نکال لیا تھا۔

کیوں؟ وہ نہیں جانتا تھا۔

سکینہ بیگم کی رپورٹ تو کہیں دور رہ گئی تھی وہ اسے لیے گاڑی میں بیٹھا تھا۔

تمہارا نام کیا ہے سپر ہیرو؟

وہ حازب کو دیکھتی بولی تو حازب نے پہلے حیرانی سے پھر اسے مسکراتے دیکھا۔

حازب!

لیکن وہ اپنی عمر سے بھی زیادہ معصوم تھی۔۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کہاں ہے گھر تمہارا؟

مجھے نہیں پتا! وہ کندھے اچکاتی بولی تو تب کا پہلا جھٹکا حازب کو لگا۔

آپ نے تو کہا تھا آپ کو گھر کا پتا ہے! حازب نے کہا۔

میں نے جھوٹ بولا تھا! نہیں تو وہ آدمی مجھے ساتھ لے جاتا! وہ سنجیدگی سے بولی تو حازب نے گہرا سانس بھرا

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

اب اسے کیا کرنا تھا اسے جلد سوچنا تھا۔

پھر اس نے دل کی مانتے گھر کی طرف گاڑی موڑی اور اسے گھر لے گیا۔

سکینہ بیگم کو اس نے سب بتا دیا تھا۔۔۔وہ باہر نکلتی اس پری پیکر کے ساتھ بیٹھ گئی تو وہ روتی اُن کے ساتھ لگ گئی۔

کیا تمہاری امی ہیں؟ انہوں نے حازب کے اشارے پر استفسار کیا۔

اس نے سر نفی میں ہلایا۔

بابا؟

اس نے پھر سے سر نفی میں ہلایا تو دونوں کا دل تڑپ گیا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

بھائی؟

وہ خاموش رہی اور پھر سے رونے لگی تو سکینہ بیگم کو اس پر ترس آیا۔

انہوں نے اسے ساتھ لگاتے پیار کیا تو وہ مسکرا دی۔

امی!

URDU NOVEL BANK

وہ کہتی ان کے گال چوم گئی۔۔۔۔۔حازب مرزا ساکت سا بیٹھا تھا۔۔۔ساکت تو وہ بھی ہوئیں تھیں یا شاید اس لڑکی کو محبت عرصے بعد ملی تھی۔

اس کے بعد سے سکینہ بیگم کے قریب تر ہوتی گئی تھی کہ وہ ان کی آغوش میں وہ اپنی ماں کی متلاشی تھی۔

سکینہ بیگم نے اسے سنبھال لیا تھا لیکن اس کا دھیان حازب پر بھی تھا۔

وہ جو بھی کہتی تھی وہ حازب مرزا پورا کر دیتا تھا۔

یہی وجہ تھی اس کی انسیت کی! جو وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ پروان چڑھنے لگی تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اسے یہاں آئے چھ مہینے ہو گئے تھے! اس کی دوائیں اسے باقاعدگی سے دی جاتی تھی۔۔۔۔کیونکہ حازب کے ڈاکٹر کے مطابق اسے اپنا ماضی یاد نہیں تھا۔۔

وہ ان دونوں کے قریب تر ہوتی چلی گئی۔

کہ اس کے سانس لینے کا بھی خیال وہاں رکھا جاتا تھا اور وہ جو سالوں سے محبت کی بھوکی تھی محبت پاتے ہی وہ سب بھولتی اُن میں گُھل مِل گئی تھی۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

حازب؟

وہ بولی تو حازب ماضی سے حال میں آیا۔

آپ مجھے بھول جائیں گے نا اگر میں چلی گئی تو؟

نہیں بھولوں گا!

وہ اس کی آنکھوں میں دیکھ کر بولا۔۔۔۔دل سے صدا آئی "تمہیں کیسے بھولا جا سکتا ہے؟" اور حازب مرزا بس گہرا سانس بھر گیا۔

کیا نام ہیں تمہارے بھائیوں کے؟ وہ نرمی سے بولا تو فری کے چہرے پر مسکراہٹ پھیل گئی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

بہزاد بھائی!

سفیر بھائی!

مجھے نہیں یاد کہ میں کہاں تھی، شاید مجھے ہوش نہیں تھا، مجھے اپنا بچپن نہیں یاد وہ بتانے لگی۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

شاید ایسا اس لیے کیونکہ اسے ڈرگز اور مختلف دوائیں دی جاتی تھی جس نے اس کا بچپن اور زندگی مسخ کر دی تھی۔

مجھے فیض انکل نے ہسپتال جمع کروایا تھا! کیونکہ ان کے بیٹے نے مجھے مارا تھا!

وہ بولی تو حازب جو بہزاد شاہ کے نام پر ساکت ہوا تھا چونکا۔

کیوں مارا تھا؟

وہ مجھ سے شادی کرنا چاہتے تھے جیسے میں آپ سے کرنا چاہتی ہوں؟ وہ معصومیت سے بولی۔

لیکن آپ سے تو میں محبت کرتی ہوں! اور وہ پتا نہیں کتنی لڑکیوں سے محبت کرتے تھے وہ مجھے بالکل پسند نہیں تھے اور نا ان کی دوستیں جو گھر آتی تھیں۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

میرے انکار پر انہوں نے مجھے دھکا دیا تھا سیڑھیوں سے اس کے بعد کا بھی مجھے کچھ یاد نہیں۔

پھر میں ہسپتال میں تھی اور پھر مجھے آپ اور امی مل گئے!

URDU NOVEL BANK

حازب خاموش تھا بالکل خاموش! یعنی اس کی سترہ اٹھارہ سالہ زندگی صرف یہی تھی، کچھ واقعات اور کچھ یادیں! بس!

اس کا دل درد سے بھر گیا۔

اس نے ہاتھ بڑھایا اور فری کے چہرے پر ہاتھ کی پشت پھیری نرمی سے کہ اب دل خود پر قابو نہیں کر پایا تھا۔

وہ مسکرا دی!

آپ اتنے پیارے کیوں ہیں حازب؟ ہر بار کا بولا جانے والا جملہ بولا گیا۔

کیونکہ آپ اتنی پیاری ہیں میری جان! وہ دل میں بولا۔۔۔۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

جاؤ سو جاؤ!

اوکے! وہ اسی میں خوش تھی کہ حازب خوش تھا۔۔۔اور شاید مطمئن بھی تھی کہ وہ اسے خود سے الگ نہیں کرے گا۔

URDU NOVEL BANK

اس کے بعد حازب جلد سے جلد بہزاد شاہ سے بات کرنا چاہتا تھا۔۔۔کیا یہ وہی بہزاد شاہ تھا۔۔۔۔اگر قسمت ساتھ دیتی تو اسے وہی بہزاد شاہ ہونا چاہیے تھا نہیں تو دنیا تو ہزاروں بہزاد شاہ سے بھری تھی۔

لیکن اسے موقع نہیں مل پایا تھا! وہ آپریشن پر جا چکا تھا!

چار مہینے بعد:

حائفہ ساکت سی اپنی جگہ پر بیٹھی تھی۔۔۔کتنا وقت بیت گیا تھا اس شخص سے کُھل کر بات کیے۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ بدل گیا تھا! اس کا دل آنسوؤں سے بھر گیا۔

"بہزاد آپ کیوں بدل گئے ہیں؟ مجھے وقت بھی نہیں دیتے! میرے لیے تحفے بھی نہیں بھیجتے، مجھے کالز نہیں کرتے، مجھ سے میرا حال نہیں پوچھتے! آپ بدل گئے ہیں۔۔۔میں رب العالمین سے آپ کی شکایت کروں گی۔"

وہ تکیے پر سر رکھے رو رہی تھی۔

URDU NOVEL BANK

کیونکہ تکیے بہترین ساتھی ہوتے ہیں دنیا میں آپ کے، نا آپ سے شکایت کرتے ہیں اور نا آپ پر ہنستے ہیں پھر بیشک آپ ان کو اپنے آنسوؤں سے جتنا تر ہی کیوں نہ کر دیں! بہترین سہارے بنتے ہیں بنا کوئی شکایت کیے۔

ان تحفوں کے بعد سے بہزاد شاہ کی کالز کم ہو گئیں تھیں۔

حائقہ جب بھی کال کرتی تھی کالز نہیں ملتی تھی وہ اس کی کمپنی بھی گئی تھی دو تین بار جہاں نہ بہزاد شاہ تھا اور نہ سفیر شاہ!

جب بھی بات ہوتی تھی بہزاد مختصر بات کرتا تھا صرف یہی جانتا تھا کہ وہ ٹھیک ہے!

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

لیکن کیا یہ کافی تھا؟

کسی کو محبت اور عادت لگوا کر غائب ہو جانا کیا یہ مناسب تھا!

اور سکندر صاحب بھی تو خاموش تھے! کیوں؟ وہ کیوں نہیں کہتے تھے کہ بہزاد غلط ہے اسے کیوں فون نہیں کرتے تھے کہ ان کی بیٹی کو غم دے رہا تھا وہ۔

"اپیا کیا آپ نے نیوز دیکھی ہے؟"

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

حسن رات کے ساڑھے گیارہ اس کے کمرے میں آیا تو اس نے جلدی سے آنسو صاف کیے۔

"کون سی خبر؟"

"آپ روئی ہیں؟"

"نہیں سردی کے موسم کا آغاز ہو گیا ہے نا مجھے فلو ہو جاتا ہے تم جانتے ہو۔۔۔۔ اچھا بتاؤ کون سی خبر؟"

"بہزاد بھائی کی خبر!" اس نے اپنا فون آگے کیا۔

"جی تو ناظرین مشہور ڈیزائنر بہزاد شاہ جلد ہی مشہور سیاست دان کی بیٹی ادا جعفری سے شادی کرنے والے ہیں۔۔۔۔کب؟ ابھی کچھ کہا نہیں گیا ان کی طرف سے!"

کچھ تصویریں دِکھائی جا رہی تھیں جن میں بہزاد شاہ کے ساتھ کوئی لڑکی تھی جو خوبصورت ہونے کے ساتھ بے حد ماڈرن تھی اور اس کے ساتھ کندھے سے کندھا ملائے کھڑی تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

حائفہ کی نگاہیں تو بہزاد کے ہاتھ پر تھیں جو اس لڑکی کی قمر پر تھا۔

اور اس کی برداشت بس یہی تک تھیں۔

"بابا؟"

باباااسسس؟

"بابا جان؟"

وہ روتی نیچے آئی تھی۔۔۔سکندر صاحب اور سائمہ بیگم تیزی سے باہر نکل آئے۔

"کیا ہوا ہے میری گڑیا؟"

سکندر صاحب نے اسے ساتھ لگاتے استسفار کیا جبکہ حسن نے بھی انہیں وہی

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

سب دکھایا تھا تو وہ خاموش ہو گئے۔

جبکہ سائمہ بیگم نے بیٹی کی حالت کو دیکھتے دل تھاما۔

"بابا آپ انہیں کال کریں!"

"یہ سب کیسے ہو سکتا ہے؟ میں بیوی ہوں نا ان کی؟" "مجھ سے نکاح ہوا ہے نا

بابا؟ وہ ایسا کیسے کر سکتے ہیں؟" وہ ہچکیوں سے رو دی۔

URDU NOVEL BANK

سکندر صاحب نے اسے ساتھ لگاتے صوفے پر بٹھایا اور اس کے بال سہلانے لگے۔

"یہ سب جھوٹ ہے!"

"ہے نا بابا؟"

وہ روتے ہی سو گئی تھی جبکہ سائمہ بیگم نے سکندر صاحب کو دیکھا جو خاموش تھے، بالکل خاموش۔

"کیا ہو گیا ہے سکندر؟ اس کی حالت دیکھیں کیوں نہیں پوچھتے آپ بہزاد کو؟"

"پوچھوں گا! ابھی دیر ہو گئی ہے۔۔سو جاتے ہیں!"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ اطمینان سے بولے تو سائمہ بیگم نے ہونک بنے انہیں دیکھا۔

جہاں وہ حائقہ کو سرد ہوا نہیں لگنے دیتے تھے اور کہاں آج وہ اس کی حالت پر خاموش تھے۔

"پر۔۔۔۔۔۔" انھوں نے کچھ کہنا چاہا۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

"کوئی بات نہیں ہو گی سائرہ! میں نے کہا ہے نا میں کل بات کروں گا اس سے!" وہ کہتے چلے گئے تو وہ بھی خاموش ہو گئیں۔

اگلے دن وہ بالکل خاموش تھی، صبح اٹھ کر آفس کے لیے تیار ہوئی تھی وہ۔

اس نے بہزاد کو کال کی جو نہیں اٹھائی گئی تھی۔

تلخ مسکراہٹ اس کے چہرے پر چھا گئی۔

اس نے ماہا کو کال کی، ان چار مہینوں میں وہ دونوں بہترین دوستین بن گئی تھیں کہ دونوں کے دکھ سانجھے ہو گئے تھے۔

"ماہی؟"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

بولو؟

"آپ کی کالج سے واپسی پر مل سکتے ہیں؟"

"بالکل!" ماہا نے کہا وہ بھی جان گئی تھی کہ حائفہ کیوں پریشان ہے۔

وہ دونوں اس وقت سامنے بیٹھیں تھیں۔۔۔۔جبکہ حائفہ مسلسل رو رہی تھی۔

"حافی پلیز کیا ہو گیا ہے؟ رونا تو بند کرو!"

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

اس نے کہا تو حائفہ کو بہزدا کا حافی کہنا یاد آیا اور وہ پھوٹ پھوٹ کر رونے لگی۔

"ماہی آپ نے دیکھی ہے نیوز؟"

"میں نے دیکھی ہے! میں حیران ہوں بہزاد بھائی ایسا کیسے کر سکتے ہیں؟"

وہ خود بھی حیران تھی لیکن ان دونوں بھائیوں کا کچھ نہیں کہا جا سکتا تھا کہ سفیر شاہ نے بھی پچھلے چار مہینوں سے اس سے رابطہ نہیں کیا تھا۔

"کیا آپ کی سفیر شاہ سے بات ہوئی؟" حائفہ نے سر اٹھاتے پوچھا۔

"نہیں!" وہ گہرا سانس بھرتی بولی!

"وہ چار مہینوں سے گھر گنی چنی بار آئے ہیں اور جب بھی آئیں ہیں کام کے لیے آئے ہیں! مجھ سے پوچھا ہی نہیں کہ مجھے کچھ چاہیے یا نہیں!"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"پورا گھر ملازموں کے سر پر ہے! دونوں بھائی آتے ہیں اپنا کام کرتے ہیں اور چلے جاتے ہیں!"

"انھوں نے ہمیں دھوکا دیا ہے!" حائفہ نے روتے کہا۔

"معلوم نہیں!" ماہا نے نم لہجے میں کہا۔

"وہ ہمیں نظرانداز کر رہے ہیں!" ماہا بولی۔

"کیا سفیر بھائی بھی کسی اور سے شادی کر لیں گے بہزاد کی طرح؟"

حائفہ بولی تو ماہا کا دل تڑپ اٹھا۔

لیکن اس کے پاس کوئی جواب نہیں تھا۔۔۔۔۔۔اس کے امتحانات بھی ہو گئے تھے اب تو اماں بھی نہیں آرہا تھا پڑھانے وہ سارا دن گھر میں بولائی بولائی پھرتی تھی۔

ماہا کا فون بجا تو اس نے بیگ سے نکالتے دیکھا دل تیزی سے دھڑکا سا سکرین پر نمبر دیکھتے۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

جہاں سفیر شاہ لکھا آرہا تھا۔

حائفہ بھی آنسو صاف کرتی سیدھی ہو کر بیٹھی تو ماہا نے کال اٹینڈ کرتے فون اسپیکر پر ڈالا۔

"کہاں ہو؟" سرد لہجہ۔

"ب۔۔۔باہر۔۔۔۔ائی۔۔۔۔آئی ہوں!"

URDU NOVEL BANK

"کس سے پوچھ کر؟" سفیر شاہ خرکت آواز میں بولا تو ماہا نے تھوک نگلا۔

"گھر پہنچو فوراً!"

اوکے! ماہا نے تیزی سے سامان سمیٹا اور نم آنکھوں سے اسے دیکھا۔

"حافی؟"

"آپ جائیں ماہی۔۔۔! میں بھی جا رہی ہوں واپس آفس! بریک لے کر آئی تھی!"

"ٹھیک ہے اپنا خیال رکھنا!" ماہا اس کا گال چومتی چلی گئی۔

جبکہ حائفہ وہیں بیٹھی رہی۔

"ہیلو میڈیم؟ اتنی اداس کیوں ہیں؟" رومان غازی نے اس کے سامنے بیٹھتے

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

استسفار کیا۔

اسے بہزاد شاہ نے حائفہ کے آفس میں اس کی حفاظت کے لیے لگوایا تھا

۔۔۔۔۔لیکن وہ نہیں جانتا تھا کہ ان کا نکاح ہوا ہے۔۔۔اسے بس وہ اچھی لگنے

لگی تھی ۔۔۔

حائفہ بھی اس کی اچھی دوست بن گئی تھی کہ آفس میں بھی وہ ساتھ رہتے تھے!

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

وہ رومان کو بڑا بھائی سمجھتی تھی!

حائفہ نے اسے دیکھا اور پھر اٹھ کھڑی ہوئی!

"مجھے واپس جانا ہے آفس!"

"کافی تو پی لو اداس روح!"

"نہیں چلتے ہیں!" حافی بولی تو رومان بھی کھڑا ہو گیا۔

"جو حکم!" وہ بھی اس کے ساتھ باہر نکل گیا۔

---

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

حائفہ نے خاموشی سادھ لی تھی۔۔۔۔ شاید وہ شخص واپس آ کر اسے کوئی وجہ دیتا۔ اور گر ایسا نہ ہوا تو وہ اس شخص کے گریبان کو تھام کر پوچھے گی کہ کیوں؟ کیا وجہ رہی اِن سب کے پیچھے۔۔۔۔۔۔وہ تو خوش تھی اپنی زندگی میں، یہ عمر تو نہ تھی اس کی محبت کا روگ پال لینے کی، ہجر کے درد کاٹنے کی، تو کیوں؟ کیوں

URDU NOVEL BANK

اس کی زندگی میں آتے لفظ "محافظ" کو سب بنا دیا خاص بے حد خاص اور۔۔۔۔کیوں اسے نکاح میں لیا۔۔۔۔کوئی اسے عادت لگوائی۔

لیکن وہ خاموش تھی۔

اسے انتظار کرنا تھا۔

لیکن اس کا یہ انتظار رائیگاں گیا تھا۔

جب اس نے بہزاد شاہ کے نکاح کی خبر سنی تھی۔

سائمہ بیگم نے خوب واویلا کیا تھا لیکن سکندر صاحب خاموش تھے! انہوں نے کہا تھا حائفہ ان کی جان ہے وہ سب سے بہتر جانتے ہیں اس کے بارے میں اور یہیں سائمہ بیگم خاموش ہو جاتی تھیں۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

حسن بہزاد شاہ کو ناپسند کرنے لگا تھا جس کی وجہ سے اس کی بہن کی آنکھیں نم رہتی تھیں۔

"برخودار؟ کیسے ہو؟"

"میں ٹھیک ہوں انکل! حائفہ کیسی ہے؟"

URDU NOVEL BANK

میں سنبھال لوں گا! وہ تھکے لہجے میں بولے۔

"وہ باہر نہیں جائے گی کہیں بھی انکل!"

ان دونوں بھائیوں کی کمزوریاں ان کی بیویاں تھیں جسے وہ کسی صورت منظرِ عام پر نہیں لانا چاہتے تھے۔۔۔کہ مخالف سب سے پہلے کمزوری کو ٹارگٹ کرتا ہے اور اپنی بیویوں پر وہ ایک آنکھ بھی برداشت کرنے کی سکت خود میں نہیں پاتے تھے۔

"ٹھیک ہے ہم دھیان رکھیں گے!"

خاموشی کا دورانیہ بڑھا۔

"وہ مجھے معاف کر دے گی نا انکل؟" وہ بھاری لہجے میں بولا تو سکندر صاحب خاموش ہو گئے۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"میری بیٹی ہو وہ، میری گڑیا! سب ٹھیک ہو گا!"

"میں فرض نبھا لوں انکل! مجھ پر میرے ملک کا قرض ہے! اس کے بعد میں اسے سنبھال لوں گا۔" وہ ان سے زیادہ خود کو یقین دلا رہا تھا کہ وہ اسے منا لے گا۔

"رب کی امان میں۔۔۔۔۔!"

"بھائی کیا یہ آپ کا آخری فیصلہ ہے؟"

"بالکل! میں پیچھے نہیں ہٹوں گا! مولوی صاحب کو سمجھا دیا ہے۔"

"جی بھائی!"

"ٹھیک ہے! ماہا کو تم سنبھالو گے! وہ یہاں بالکل نہیں آئے گی۔"

"جی بھائی۔"

"لیکن حائفہ!"

"شاہ! اس وقت اپنے کام پر فوکس کرتے ہیں!"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"نکاح کے وقت جعفری کو کیسے غائب کرنا ہے تم جانتے ہو! حازب بھی ساتھ ہو گا۔"

"ہم یہ کام نکاح کیے بغیر۔۔۔۔۔'

URDU NOVEL BANK

"اس شخص کی بیٹی پاگل ہے بہزاد شاہ کے لیے! تو یہ سودا سستا تو نہیں سفیر شاہ! نکاح کے بدلے پاشا کے خلاف ثبوت! اس کے لیے مجھے کچھ بھی کرنا پڑا میں کر گزروں گا۔"

"ہم کوشش۔۔۔۔'

"ہم نے سالوں لگائے ہیں شاہ! اعوان پاشا کے جعفری سے زیادہ قریب کوئی نہیں ہے؟ تیاریاں مکمل ہیں!

ماہا کو نکالو یہاں سے! اس کی حفاظت کی زمہ داری تم پر ہے!'

"ٹھیک ہے!" سفیر نکل گیا جبکہ بہزاد شاہ نے قدم مضبوطی سے فرش پر جمائے اور پھر پراسرار مسکراہٹ لیے باہر نکل گیا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

تو چلیں جعفری صاحب آپ کو آپ کی گیم میں ہی پھنساتے ہیں۔

سب سو گئے تھے! حائفہ نے تیار ہوتے آنکھوں کو رگڑ ڈالا۔

"مسکراؤ حائفہ بہزاد شاہ کہ اپنے شوہر کے نکاح کی تقریب میں جا رہی ہو!"

اس نے سرخ رنگ کی لپسٹک تھامی لیکن ہاتھ کپکپائے تو دور پھینک دی۔

URDU NOVEL BANK

رات کے دس بج رہے تھے! سب سو گئے تھے۔

اس نے چچا کو بلایا تھا! جنھوں نے بارہا منع کیا تھا لیکن اس کے آنسوؤں پر وہ مان گئے تھے۔

قبول ہے!

قبول ہے!

قبول ہے!

"بربادی مبارک حائفہ سکندر!"

"بربادی مبارک اے دل!"

"وہ کسی اور کا ہوا ---"

"وہ دھوکے باز نکلا!" وہ دوسرا گلاس بھی پی گئی۔

اس نے مسکراتے خود سے کہتے نگاہیں سامنے کے منظر پر ٹِکا دیں۔---وہ وہاں کھڑی تھی جہاں ابھی کسی کی نگاہ نہیں پڑی تھی۔

visit for more novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

دل نے کہا دیکھو یہ ہے وہ شخص جو تم سے محبت کا دعوے دار تھا دیکھو وہ کیسے آگے بڑھ گیا ہے جہاں بیٹھنے کے خواب تمہارے تھے وہاں وہ عام سی لڑکی بیٹھی تھی لیکن اب وہ عام کہاں رہی تھی۔

حائفہ سکندر تو اپنی نگاہیں سامنے موجود اس شخص سے نا ہٹا پائی۔

اسے اُس پل اس سے زیادہ خود سے نفرت ہوئی-----

"کیوں؟ کیوں کیا تم نے ایسا؟"

حائفہ سکندر تمہیں معاف نہیں کرے گی پھر وہ مسکرا دی کڑے ضبط کے ساتھ اور ساتھ موجود ٹرے سے تیسرا گلاس اٹھا کر پی لیا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ویٹر اسے بتانا چاہتا تھا کہ یہ اس کے لیے نہیں ہے یہ تو وہاں کی بگڑی عوام کے لیے تھا تھا ان کے لیے جن کے لیے بہزاد شاہ نے جال بچھایا تھا لیکن وہ کہاں اپنے ہوش و حواس میں تھی۔

اس نے پھولوں کا گلدستہ اٹھایا اور قدم قدم چلتی اس شخص کے قریب جانے لگی ایک آخری بار۔

URDU NOVEL BANK

بہزاد شاہ نے مٹھیاں بھینچی اُسے سامنے دیکھتے-----وہ وہاں کیسے آئی تھی وہ نہیں جانتا تھا لیکن اس کی دماغ کی شریانیں خطرناک حد تک پھول گئیں تھیں۔

وہ اس وقت گلابی لہنگے میں موجود بالوں کو کرل کیے ہلکا میک اپ کیے سج سج کر مسکراتی اسی کی طرف چلتی آ رہی تھی۔

بنا حجاب کے! ہاں حجاب نہیں تھا آج پہلی بار حائفہ سکندر کے سر پر-- یہی دیکھتے اس کی دماغ کی رگیں تنی۔

بہزاد شاہ کے ساتھ اس وقت جو لڑکی موجود تھی وہ اس وقت کے مشہور سیاست دان کی اکلوتی بیٹی تھی تو اس نے اپنی برابری کی لڑکی ڈھونڈ لی تھی خود کے لیے۔

حائفہ سکندر تو عام تھی، بے حد عام ایک عام سکول کے استاد کی بیٹی۔

"حافی کو گاڑی میں پہنچاؤ!"

بہزاد نے سفیر شاہ کو میسج کیا فوراً لیکن وہ اس کے قریب آگئی تھی۔

وہ اس کے پاس آئی آنکھوں میں سرخ ڈورے تھے اگر اس وقت کوئی حائفہ سکندر کو موقع دیتا تو وہ اتنا چیختی اور اتنے آنسو بہا دیتی کہ دنیا ترس کھاتی اس پر لیکن وہ

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

بہادر بنی رہی ۔۔۔ محبت کے دعوے کرنے والا وہ شخص نکاح میں کسی اور کو لے چکا تھا، مستقبل میں شاید سب ٹھیک ہو جاتا لیکن حائفہ سکندر کے دل میں ہمیشہ کسک رہ جاتی کہ بہزاد شاہ نے اس سے پہلے کسی اور کو وہ درجہ دے دیا تھا جس کا عہد اس کے ساتھ کیا گیا تھا۔

جب مسیحا دھوکا دیتے ہیں تو گھاؤ دل پر لگتے ہیں ایسے زخم جو صرف اسی شخص کی مسیحائی مٹا سکتی ہے۔

اس شخص نے جیسے توڑا تھا اسے وہ اس کا جواب اسے ویسے ہی توڑ کر دینا چاہتی تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"نکاح مبارک!"

اس نے پھول آگے کیے نگاہیں اس عام سی لڑکی پر تھی جس کی مسکراہٹ کم ہونے کا نام نہیں لے رہی تھی جس کی آنکھوں کی چمک چیخ چیخ کر بتا رہی تھی کہ اس نے اس سلطنت کے بادشاہ کو تسخیر کر لیا ہے۔

"یہ تمہاری دوست ہے بہزاد؟"

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

اس لڑکی نے ادا سے پوچھا جس نے سرخ لہنگا پہنا تھا جبکے پیٹ کی جگہ سے بلاؤذ کافی اونچا تھا شاید امیروں کے ہاں ایسے کرنا عزت کی بات سمجھا جاتا ہے۔

ساتھ کھڑے شخص کو دیکھ کر اسے یہ ہضم کرنا مشکل لگا لیکن اس نے نکاح کر کے اس دنیا کی ہر ناممکنات کو ممکن بنا دیا تھا۔

حائفہ کی نگاہیں اس شخص کی طرف اٹھی جو بھینچے ہونٹوں کے ساتھ اسے ہی دیکھ رہا تھا۔

جیسے ابھی تنہائی میسر آئے تو وہ اُسے سزا دے اس کے یہاں آنے کی۔

سفیر شاہ دور کھڑا اپنے بھائی کی بند مٹھیوں اور ماتھے پر انگنت بلوں کو دیکھتا اس لڑکی پر ترس کھا گیا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"دوست نہیں ہوں میں ان کی!"

" بلکہ میں ان کی کچھ نہیں لگتی ایک عام جرنلسٹ ہوں بس انہوں نے بلایا تو میں خود کو روک نہیں پائی آخر ہر چینل بہزاد شاہ کی شادی کی خبر کو سب سے پہلے لائیو اور چھاپنا چاہے گا!"

URDU NOVEL BANK

وہ ٹھنڈے لہجے میں مصنوئی چمک رکھتی بولی۔

"ویسے کافی اچھی لگ رہی ہو!"

"بہزاد شاہ کی چوائس کو ماننا پڑے گا اپنی ٹکر کے لوگ ڈھونڈتے ہیں یہ" وہ ایک اور وار اس پر کر گئی۔

بہزاد شاہ کو وہ خود سے زیادہ جانتی تھی۔۔۔جانتی تھی کہ وہ اس وقت اسے آنکھوں سے اس منظر سے ہٹنے کا کہہ رہا ہے، اسے ڈرا رہا ہے وارن کر رہا ہے کہ حائفہ بہزاد شاہ جاؤ!

لیکن اب اُسے کہاں فرق پڑتا تھا کہ بہزاد شاہ کیا چاہتا اور کیا کہتا ہے۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"مجھے پتا ہے خیر تعریف کا شکریہ!"

وہ لڑکی بولی تو حائفہ نے تمسخر اڑاتی نگاہوں سے اسے دیکھا۔

"وِش یو آ ہیپی لائف آہیڈ!"

وہ بولی اور ہاتھ آگے کیا تو لڑکی نے تھام لیا وہ بہزاد کو دیکھنے لگی۔

URDU NOVEL BANK

"شاہ صاحب بُرا مت منائیے گا ہم مڈل کلاس لوگ "غیر مردوں اور انجان لوگوں" سے ہاتھ نہیں ملایا کرتے۔"

وہ کہتی اس کے دھواں دھواں ہوتے چہرے کو نظرانداز کرتی مڑی اور اسٹیج سے نیچے اتر گئی۔

حائفہ سکندر ٹوٹ گئی تھی، بکھر گئی تھی۔۔۔۔کاش سائنس مزید ترقی کرتی اور لوگوں کے دل میں اٹھتے درد کی پیمائش کر سکتی۔۔۔۔۔دل میں اٹھتے درد کو کوئی محسوس نہیں کر سکتا کوئی اس کی پیمائش نہیں کر سکتا۔

سچ میں وہ مڈل کلاس سے تعلق رکھنے والی عام لڑکی تھی!

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ادا جعفری نے ہنکارا بھرا لیکن بہزاد شاہ نے سفیر شاہ کو سلگتی نگاہوں سے گھورا جو کندھے اچکا گیا۔

وہ آگے بڑھتی ایک اور گلاس اٹھا گئی تو بہزاد خود پر سے پھرے ہٹائے اسٹیج سے نیچے اتر آیا!

URDU NOVEL BANK

"سفی یہ مجھے نظر نہ آئے یہاں اسے گھر پہنچاؤ! اور اسے تم خود چھوڑ کر آؤ گے گھر سمجھ آرہی ہے؟"

وہ سفیر شاہ کے پاس آتا بولا۔

"بھائی وہ میرے ساتھ نہیں جائے گی!"

سفیر نے اسے رومان کے پاس کھڑے ہوتا دیکھ پوچھا۔

اس احمق لڑکی کو بخار تھا اور وہ تین ڈرنکس پی چکی ہے۔

"تو نہ کرتے نکاح!" سفیر شاہ جلے لہجے میں بولا۔

"سفیر شاہ اسوقت اگر نہیں چاہتے ہو کہ میں اس کے ساتھ تمہیں بھی جلا کر بھسم کر دوں تو وہ کرو جو میں کہہ رہا ہوں۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اس نے سامنے دیکھا جہاں رومان نے اس کے کندھے کو تھاما تھا اسے گرنے سے بچانے کے لیے۔

اور بہزاد شاہ کی برداشت بس یہیں تک تھی وہ آگے بڑھتا کہ سفیر شاہ نے اسے روکا۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

"میں دیکھتا ہوں آپ واپس جائیں اس وقت سارے کیمراز آپ پر ہیں۔

"میں مجبور نہ ہوتا تو اس لڑکی کو اپنے ہاتھوں سے ختم کر دیتا!"

وہ بولا اور واپس اسٹیج پر چلا گیا لیکن نگاہیں اب بھی اسی پر اٹکی تھی۔

اس نے سائیڈ پر ہوتے سامنے موجود رومان غازی کا نمبر ملایا جس نے حیرت سے اسے مڑ کر دیکھا اور پھر کال اٹھائی۔

"اس کے کندھے سے بازو اٹھا لو رومان غازی۔۔۔۔اسے ہاتھ لگایا یا تمہاری انگلیاں اس کے چہرے پر اس کے آنسو صاف کرنے کے لیے بڑھی تو جڑ سے اکھاڑ دوں گا بازو سالے!"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ اتنی وحشت سے دھاڑا کہ رومان نے فوراً اپنا بازو حائفہ سکندر سے دور کیا جیسے کرنٹ لگا ہو۔

بہزاد شاہ اس کی پشت کو دیکھتا رہا جب تک وہ چلی نہ گئی۔

"میں چھوڑ دوں گا اسے!" سفیر شاہ نے سنجیدگی سے رومان سے کہا۔

"میں اُسی طرف۔۔۔۔۔"

URDU NOVEL BANK

"نکلو فوراً!"

بہزاد شاہ سے منسلک چیزوں پر نظر رکھو گے تو مارے جاؤ گے! وہ سرد سے لہجے میں بولا تو رومان غازی پیچھے ہٹ گیا۔

سفیر شاہ نے بہزاد کی چادر حائفہ سکندر کے گرد اوڑھی اور اسے گاڑی میں بٹھاتے گھوم کر دوسری طرف آ کر بیٹھا۔

"آپ کی امانت میرے پاس ہے!" وہ میسج سینڈ کر کے پُرسکون ہو گیا۔

"اممم! گھر ہی چھوڑو گے نا! تم دونوں بھائی دھوکے باز ہو! کسی کو تم پر بھروسہ نہیں کرنا چاہیے!"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ چکراتے سر کے ساتھ بولی۔

نشہ زیادہ نہ تھا! وہ کچھ دیر میں ہوش و حواس میں ہوتی۔

"خاموش رہیں!۔۔"

"کیوں؟ کیوں خاموش رہوں میں! یہ رعب تم بھائی کہیں اور دِکھانا۔۔۔ویسے ایک بات بتاؤ؟"

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

سفیر شاہ نے اس لڑکی کو دیکھا کیا حال ہو گیا تھا اس لڑکی کا۔۔۔۔اس سے ثابت ہوتا تھا کہ بہزاد شاہ اس لڑکی کے لیے کیا معنی رکھتا ہے جو آج وہ سب برداشت نہ کر پائی تھی۔

سفیر شاہ نے دیکھا آج اس نے حجاب بھی نہیں کیا تھا اسے ترس آیا نجانے بھائی تمہارے ساتھ کیا کریں وہ سوچ کر رہ گیا۔

اپنے بھائی کے غصے اور خوف سے تو وہ خود خائف تھا۔

"کیا تم بھی کسی مڈل کلاس لڑکی سے محبت کا ڈھونگ کرتے شادی کسی امیر خاندان کی لڑکی سے کر لو گے؟"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ بولی تو سفیر شاہ کے زہن میں اس کا عکس گھوما وہ گہرا سانس بھر گیا۔

"بھائی کیا میں اسے ہاتھ لگا سکتا ہوں؟"

اس نے کال کرتے اسپیکر پر ڈالا مخالف سمت کھانا کھل چکا تھا اس لیے بہزاد اسٹیج سے اتر گیا تھا۔

"کیا بکواس ہے؟ ہوش میں ہو؟"

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

"مممم! تمہارا بھائی کبھی بھی خوش نہیں رہے گا اور اسے بتا دینا کہ حائفہ سکندر اس سے کتنی نفرت کرے گی اب سے اس سے اچھا تو رومان----"

"اجازت ہے تمہیں شاہ!"

بہزاد نے کہتے کال کاٹ دی وہ ضبط کے کن مراحل پر تھا سفیر شاہ جان گیا نہیں تو سامنے موجود لڑکی کو ہاتھ لگانا تو دور کوئی دیکھ بھی نہیں سکتا تھا۔

اس نے جھکتے اس لڑکی کی مخصوص رگ دبائی تو وہ بیہوش ہو گئی۔

اس نے گھر پہنچتے سکندر صاحب کو فون کیا تھا۔

جنہوں نے بنا کچھ کہے حائفہ کو تھام لیا تھا پھر اسے اندر لے گئے جبکہ سفیر واپس جا چکا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اردو ناول اور سٹوریز کی سب سے بڑی ویب سائٹ
www.urdunovelbank.com



Urdu Novel Bank website
جہاں ملے آپ کو نئے
اور اچھے معیاری ناول
تمام کیٹگری میں۔۔۔
گوگل پر ٹائپ کریں
Urdu Novel Bank
اور ویب سائٹ سے
ڈاؤنلوڈ کریں ہزاروں
مکمل ناول مفت میں

URDU NOVEL BANK

سفیر واپس آ گیا تھا اب اسے ماہا کو یہاں سے لے جانا تھا۔

"میرے گھر سے زیادہ کوئی سیو جگہ نہیں ہے سفیر!" حازب نے اس کے کندھے پر ہاتھ رکھا جو پریشانی سے یہاں وہاں چکر کاٹ رہا تھا۔

حازب نے سنا تھا کہ بہزاد نے سفیر شاہ کو اُس کی بیوی کو یہاں سے لے جانے کے لیے کہا تھا۔

"تمہارے گھر کیسے-----؟؟"

"کیوں نہیں؟ امی ہیں نا---اور میرے گھر کا پتہ کہیں بھی نہیں دیا گیا---ہر طرف کیمراز ہیں اور وہ سوسائٹی محفوظ ہے۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"ٹھیک ہے!"

سفیر شاہ مان گیا کیونکہ اسے نا صرف ماہا کو یہاں سے نکالنا تھا بلکہ اشعر فیض سے دور رکھنا تھا جو پاگلوں کی طرح اُس فون کال کے بعد اس کی لوکیشن ٹریس کرتا اس کے باہر نکلنے کے انتظار میں تھا۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

میں اڈریس بھیجتا ہوں! امی کو بھی بتا دیتا ہوں۔

"ٹھیک ہے! لیکن میرے گارڈز وہاں موجود رہے گیں۔"

"سفیر۔۔۔۔!!"حازب مرزا نے کچھ کہنا چاہا۔

"اپنی بیوی کے ساتھ میں تمہاری امی کی بھی حفاظت۔۔۔۔"

"وہ سیو ہیں، یقین کرو!"

"نو مور آرگیومنٹس حازب! اڈریس بھیج دو!" سفیر کہہ کر جا چکا تھا۔

حازب نے سب سکینہ بیگم کو بتا دیا تھا۔

"اپنا سامان سمیٹو ماہا!"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ تیزی سے کمرے میں آتا بولا۔

جو پہلے ہی بے حد پریشان تھی بہزاد کے نکاح کا سُن کر! حائفہ بھی فون نہیں اٹھا رہی تھی۔

اور سفیر شاہ نے اسے باہر نہیں نکلنے دیا تھا اور اب اچانک!

کیوں؟

URDU NOVEL BANK

"جلدی کرو! مہمان آنے سے پہلے تمہیں نکلنا ہے یہاں سے!"

"لیکن کیوں؟ میں نہیں جاؤں گی!" ماہا روتے بولی تھی اس کا دل تیزی سے دھڑک رہا رہا۔

سفیر شاہ نے اسے روتے دیکھ خود بیگ تیار کیا تھا اس کا۔

"کھانا کھایا تھا؟"

"مجھے نہیں جانا شاہ پلیز!"

"ماہا بحث نہیں کرو! مجھے بتاؤ کھانا کھایا تھا؟ بھوک لگی ہے؟" وہ اس کے پاس آتا بولا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ماہا نے اس کے سینے پر سر رکھتے ہچکیوں سے رونا شروع کیا۔

"شاہ آپ مجھے چھوڑ رہے ہیں نا؟"

"پاگل ہو گئی ہو؟" سفیر شاہ سمجھ سکتا تھا اُسے اس لیے نرمی سے اس کے بالوں پر لب رکھے۔

"چلو؟"

URDU NOVEL BANK

"وعدہ کریں آپ بہزاد بھائی کی طرح کسی اور سے------"

ہچکی بندھ گئی تو وہ اپنا جملہ مکمل نہ کر پائی۔

"ماہا سفیر شاہ یہ بات جان لو کہ سفیر شاہ نے جیسے بھی حالات میں تمہیں قبول کیا ہو تمہارے علاؤہ اب اس مقام پر کوئی نہیں پہنچ سکتا!"

سفیر شاہ نے کہتے اس کا ہاتھ اپنے دل کے مقام پر رکھا۔

تو وہ روتے ہوئے مسکرا دی۔

سفیر شاہ نے اس کا چہرہ ہاتھوں میں تھامتے اس کے گالوں پر بوسے دیے۔

"بہزاد بھائی-----حائفہ----"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"بھائی سنبھال لیں گے!"

"ہم کہاں جا رہے ہیں؟"

"ہم نہیں بس تم------! چلو!" سفیر شاہ اسے لیتا نکل گیا تھا حازب مرزا کے بتائے اڈریس پر۔

اس اڈریس کے سامنے گاڑی روکتے اس نے ماہا کو دیکھا جو اب بھی رو رہی تھی۔

URDU NOVEL BANK

"کیا میری جان کو خطرہ ہے؟؟" وہ خوفزدہ تھی۔

"میرے ہوتے ہوئے ایسا ہو سکتا ہے؟" سفیر شاہ نے اسے کھینچتے اپنی طرف جھکاتے استفسار کیا۔

اُسے یوں خوفزدہ نہیں چھوڑ سکتا تھا وہ۔

پہلے ہی چار مہینے اس سے دور۔۔۔اس نے بےچینی میں گزارے تھے! کہ دل اس لڑکی کی محبت پر ایمان لے آیا تھا۔

اور جو "سکون" ہوا کرتے ہیں ان کے بغیر تو دل کارآمد ہی نہیں رہتا۔

سفیر شاہ نے اس کے بال کان کے پیچھے اڑسے۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"یہاں سے باہر نہیں نکلنا! کسی صورت نہیں! یہاں میرے ساتھ آئی ہو اور میرے ساتھ ہی واپس جاؤ گی سمجھ رہی ہو؟"

ماہا نے تیزی سے سر ہلایا۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

"آپ جلدی آ جائیں گے نا سفیر! آپ کے بغیر میں نے چار مہینے بے حد مشکل سے گزارے ہیں۔۔۔آپ نے کہا تھا نا مجھے آپ سے محبت ہے اور میں نے آپ کی بات کی نفی کی تھی" وہ اسے دیکھتی بول رہی تھی۔

"میں نے آپ سے محبت کی ہے سفیر، میں نے اپنی زندگی میں واحد مرد سے محبت کی ہے اور خود سے زیادہ کی ہے، یہ سب میرے اختیار میں نہیں رہا اب کہ احساسات اب بڑھتے جا رہے ہیں۔'

وہ بولتی جا رہی تھی اور سفیر شاہ دم سادھے اسے سن رہا تھا۔

پھر مسکرا دیا!

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ لڑکی واقع لفظ "سکون" پر پورا اتری تھی۔

"تمہارا نام بدل کر سکون رکھ دوں؟" سفیر نے پیار سے اس کے چہرے کو دیکھتے کہا تو وہ سرخ پڑی۔

"کب آئیں گے؟"

"جلد ہی!"

URDU NOVEL BANK

سفیر نے اس کے ماتھے پر بوسہ دیا تو ماہا نے آنکھیں بند کرتے اس بوسے ہی ٹھنڈک کو دل میں اترتا محسوس کیا۔

پھر سفیر شاہ اسے سکینہ بیگم کے حوالے کر چکا تھا۔

"گارڈز موجود ہیں باہر آنٹی! یہ کہیں باہر نہیں جائے گی! کسی بھی صورت نہیں، کسی بھی۔"

وہ اپنی بات پر زور دیتا بولا تو وہ سر ہلا گئیں۔

پھر وہ جا چکا تھا۔

سکینہ بیگم اسے اندر لے گئیں۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

سفیر واپس آگیا اور باقی کے معملات سنبھالے۔

بہزاد نے سب وقت سے پہلے بند کروایا تھا۔

"بہزاد کاش تم رخصتی بھی ساتھ ہی کروا لیتے!"

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

وہ فیروز جعفری اور اس کے مہمانوں کو الوداع کرنے آیا تھا جب ادا جعفری اس کے ساتھ چپکتی بے شرمی سے بولی تو سب ہنس دیے۔

"جلد اس کا بھی انتظام کروں گا!"

وہ سنجیدگی سے بولا اور سب کو روانہ کرتا سب سمیٹتا گھر کے لیے نکلا۔

رات کے تین بج گئے تھے۔

"بھائی کیا آپ کو یقین ہے کہ یہ سب کام کرے گا؟"

"بالکل!"

ٹھیک ہے!

"آگے کیا کرنا ہے اب؟"

وہ جانتا تھا سفیر ناراض ہے لیکن وہ یہ بھی جانتا تھا کہ سفیر شاہ فکر کرنا ناراضگی میں بھی نہیں چھوڑتا تھا۔

پیو اسے! اس نے ماہا کو گلاس تھمایا جو وہ پی گئی تھی۔

پھر ملازمہ نے اسے باؤل تھمایا تو وہ آہستگی سے کھانے لگی۔

دوا نکال کر رکھی ہے وہی کھانی ہے۔۔۔۔یہ چند الفاظ بولتے سفیر شاہ جا چکا تھا۔

بہزاد شاہ بھی اسے خیال رکھتے کا کہتا باہر نکل گیا۔

اس وقت وہ دونوں آمنے سامنے بیٹھے اعوان پاشا کی بربادی دیکھ رہے تھے۔

اس کے خلاف سارے ثبوت منظرِ عام پر آگئے تھے۔۔۔۔۔لیکن یہ کافی نہیں تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

بھائی آپ وہاں نہیں جائیں گے! سفیر شاہ سنجیدگی سے بولا تھا۔

میرا جانا بے حد ضروری ہے! ایک آخری انسان اور انتقام پورا ہو جائے گا ہمارا۔

اگر آپ ایسا چاہتے ہیں تو ٹھیک ہے لیکن میری ایک شرط ہے۔

کوئی بات نہیں مانوں گا میں تمہاری شاہ!

URDU NOVEL BANK

اشعر فیض سے حازب نہیں میں خود نپٹنا چاہتا ہوں۔

ہرگز نہیں! اس کے تعاقب میں اب بھی اعوان پاشا ہے اور تمہیں صرف ماہا پر دھیان دینا ہے، میں واپسی پر رخصتی چاہتا ہوں حافی کی، اور فری کو بھی اپنے پاس چاہتا ہوں۔

آپ جو بھی کہہ لیں بھائی اشعر کو میں خود ڈیل کروں گا ---سفیر شاہ اپنی بات پر قائم رہا تو بہزاد نے اسے دیکھا۔

ٹھیک ہے! لیکن حازب ساتھ ہو گا۔

لیکن کیوں؟

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

شاہ جو کہہ دیا ہے اس پر عمل کرو!

فری کب آئے گی بھائی؟ کیا آپ اس سے ملے ہیں؟ سفیر شاہ نے دھیمی آواز میں پوچھا۔

نہیں! سب اختتام پذیر ہونے کے بعد مِلوں گا اپنی جان سے! اتنے سال گزارے ہیں اس کے بغیر، اب بھی دل صبر کیے بیٹھا ہے۔

URDU NOVEL BANK

وہ دونوں بھائی ایک دوسرے کے احساسات محسوس کر سکتے تھے۔

آپ اکیلے نہیں جائیں گے بھائی!

ٹیم کے لوگ جا رہے ہیں شاہ۔۔۔فکر نہ کرو!

ٹھیک ہے! میں چلتا ہوں! سفیر اٹھ گیا۔

سفی؟

جی بھائی!

ماہا کا چیک اپ کرواؤ اور نرمی سے پیش آؤ!

جی بھائی! میں سمجھ گیا!

visit for more novels: www.urdunovelbank.com

وہ باہر نکل گیا تو بہزاد نے کال کرتے آگے کے معملات ڈسکس کیے۔

حائفہ کی مسلسل کالز آرہی تھیں۔

کیا چاہتی ہیں اب آپ؟

آپ کہاں جا رہے ہیں؟

کام سے جا رہا ہوں! بہزاد نے چیزیں سمیٹتے کہا۔

URDU NOVEL BANK

نہیں آپ کسی کو مارنے جا رہے ہیں؟ میں نے بابا کو سنا ہے آپ سے بات کرتے۔

حائفہ ایسا کچھ نہیں ہے! تیاری کریں آپ جو چیز چاہیے ہے مجھے لسٹ بنا کر دیں!

بہزاد میری----

حائفہ اس بارے میں کوئی بات نہیں ہو گی---بہزاد سنجیدگی سے بولا تھا۔

جبکہ حائفہ کی سسکیوں کی مدھم آواز سنتے وہ گہرا سانس بھر گیا۔

آپ---مج---مجھ---سے---ناراض ہیں؟

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

تبھی دروازہ کھول کر کوئی اندر آیا تھا----

بہزاد ہمیں شادی کا وینیو ڈیسائیڈ کرنا ہے!

نسوانی آواز سنتے حائفہ کی سسکیاں بڑھیں تھیں۔

ادا ابھی مجھے کام سے جانا ہے!

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

اسے بتا کیوں نہیں رہے کہ آپ شادی نہیں کریں گے؟ حائفہ کی آواز گونجی تو بہزاد نے لب بھینچے۔

کون ہے یہ؟ ادا فوراً اس کے قریب آئی تھی۔

یہ تمہارا مسئلہ نہیں ہے؟ بہزاد نے فون کان کے ساتھ لگایا۔

بیوی آپ سے بات میں بات کرتا ہوں! وہ کہتا کال گیا۔

تم شادی شدہ ہو؟ ادا نے چیختے کہا۔

بالکل!

تم نے مجھے دھوکا دیا؟ ادا نے اس کا گریبان تھاما تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہرگز نہیں! جو تم دوسری لڑکیوں کے ساتھ کرتی ہو میں نے تمہارے ساتھ کیا، لڑکیوں کو اپنے آوارہ دوستوں کی محبت میں گمراہ کرتی ہو تم اور انہیں نشے پر لگاتے ہو تم سب اور تمہارے باپ سے بہت سے حسب نکلتے تھے۔

میں تمہیں چھوڑوں گی نہیں! اور نہ تمہاری اس بیوی کو! ادا پاگل ہونے کے در پر تھی۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

وہ دروازہ ہے باہر نکلو!

بہزاد دھاڑا جبکہ ادا تو اس کا گریبان تھامنا چاہ رہی تھی۔

بہزاد نے گارڈز کو بلایا تھا۔

یہ عورت اور اس کا باپ مجھے یہاں دوبارہ دِکھنے نہیں چاہیے!

جی سر!

اس کے بعد سوشل میڈیا پر ایک ہنگامہ برپا تھا۔۔۔اعوان پاشا پاکستان کا سب سے بڑا دشمن ثابت ہوا تھا، تمام مسلم ممالک اس کے خلاف اٹھ کھڑے ہوئے تھے، فیروز جعفری کو بھی اڑیسٹ کیا گیا تھا، اور بھی بہت سے سیاسی رہنماؤں کی سیٹیں لے لیں گئیں تھیں۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

بہزاد کی رات کی فلائیٹ تھی۔

اس نے حائفہ کا نمبر ملایا تھا۔

اسلام علیکم!

URDU NOVEL BANK

وعلیکم السلام! میری بات دھیان سے سنیں حائفہ جب تک میں واپس نہیں آتا آپ گھر سے نہیں نکلیں گی، آفس نہیں جائیں گیں میں نے شفیق صاحب سے بات کر لی ہے۔

ٹھیک ہے! وہ آہستگی سے بولی تھی۔

بہزاد نے کال کاٹ دی تو وہ دل مسوس کر کے رہ گئی۔

آگے کیا ہونا تھا اس سے سب بے خبر تھے۔

وہ یہاں سے جا چکا تھا وہاں دور بیٹھے اس نے تاروں سے بھرا آسمان دیکھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ایک آخری انسان اور وہ اپنے فرض کی طرف ایک آخری قدم بڑھا دیتا۔۔۔۔ کوئی نہیں جانتا تھا کہ بہزاد شاہ کون ہے، کہاں سے آیا ہے، کیا مقصد ہے؟ وہ یہاں صرف اپنی ماں کی وجہ سے تھا اور اس کے بعد پاکستان کو بچانا اس نے اپنا مقصد بنا لیا۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

اپنی ماں جیسی کئی عورتوں کو درندوں سے بچاتے وہ بہت آگے نکل گیا تھا اس کام میں۔

اس کا مقصد صرف پاکستان کی حفاظت میں اپنا کردار ادا کرنا تھا جو وہ بخوبی کر رہا تھا، اعوان پاشا وہ شخص تھا جو پاکستان سے باہر بیٹھے ہی پاکستان کی نوجوان نسل کو کمزور کر رہا تھا گمراہ کر رہا تھا اور ان سب میں ہاتھ پاکستان کے اپنے کہنے کو معزز لوگوں کا تھا۔

اس نے تیاری مکمل کی۔

اعوان پاشا کو اب تک خبر نہ ہوئی تھی کہ ان سب کے پیچھے کون ہے کہ بہزاد نے ہر کام ہی اتنا مخفی رہ کر کیا تھا۔

وہ اٹھ کھڑا ہوا۔

جائماز بچھائی اور نماز ادا کرتے کافی دیر دعا کے لیے ہاتھ اٹھائے رکھے، پھر چہرے پر پھیر کر اٹھ کھڑا ہوا، تیاری مکمل کی اور باہر نکل گیا۔

جبکہ دوسری طرف سفیر شاہ اب گھر میں داخل ہوا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

اس نے حازب کے ساتھ اشعر فیض کی حالت خراب کر دی تھی، وہ اسے اس قابل تو چھوڑ آیا تھا کہ وہ گھٹ گھٹ کر مرے۔

اس کی بیوی کو بیچنے کی ہمت کی گئی تھی، ماہا پہلی لڑکی نہیں تھی وہ نجانے یہ کام کب سے کر رہا تھا، ہر برائی کا انجام برا ہی ہوتا ہے جو ہو رہا تھا کہ ایک عرصہ برائی کی ملکیت رہی تھی، ہاں یہ جاری رہنی تھی قیامت تک، لیکن بہزاد شاہ، سفیر شاہ اور حازب مرزا جیسے لوگ اس کے خلاف محاز لڑتے رہیں گیں۔

وہ بے حد تھک گیا تھا۔

بہزاد نے کال نہیں اٹھائی تھی، وہ جانتا تھا کام مکمل ہونے کے بعد ہی وہ کال اٹھائے گا اس لیے کمرے کی طرف چل پڑا۔

ماہا کی پشت تھی دروازے کی طرف، وہ کپڑے نکالتا فریش ہونے چلا گیا، واپسی پر وہ آ کر اپنی جگہ پر لیٹا تھا۔

تھک گئے ہیں؟ ماہا کی آواز پر اس نے آنکھوں سے بازو اٹھایا۔

جاگ کیوں رہی ہو؟ درد ہے کہیں؟

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

ماہا نے اس کی طرف رُخ کرتے سر ہاں میں ہلایا۔

اس نے رات کو ہی ماہا کا چیک اپ دوبارہ سے کروایا تھا اور دوائیں تبدیل کروائی تھیں۔

کہاں درد ہے؟ چلو ہسپتال۔۔۔

ماہا نے اس کا ہاتھ تھامتے دل کے مقام پر رکھا تو سفیر شاہ خاموش ہو گیا۔

یہ درد تمہارا خود کا پالا ہے! وہ ہاتھ ہٹا گیا۔

میں نے بھی وہی درد برداشت۔۔۔۔۔

نہیں! آپ نے وہ درد برداشت نہیں کیا جو میں نے کیا ہے، آپ نے، آپ کی ضد نے، آپ کی خلاف ورزی نے مجھ سے میری پہلی اولاد چھین لی اس کا مطلب سمجھتی ہیں آپ؟ سفیر شاہ کی سرد آواز گونجی۔

وہ میری بھی اولاد تھی شاہ! ماہا تڑپ گئی۔

ہاں لیکن آپ نے حفاظت نہیں کی اس کی! سفیر شاہ بولا۔

مجھے نہیں پتا تھا! ماہا اٹھ کر بیٹھی اور بال کان کے پیچھے اڑسے۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

میری بات کے خلاف گئی آپ؟

وہ لڑکی!!!

اس شخص کو انجام تک پہنچا آیا ہوں میں! جواب پُرسکون انداز میں دیا تھا سفیر نے۔

مار دیا؟

موت کے قریب چھوڑ آیا ہوں، اتنی آسان موت نہیں ملنی چاہیے اشعر فیض جیسے لوگوں کو، جو لوگوں کو عرصے تک تڑپاتے رہے ہوں۔

سو جاؤ! سفیر شاہ بولا تو ماہا خاموش ہو گئی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اس کے لیٹنے پر سفیر نے اسے حصار میں لیا تو وہ اور تیز آواز میں رونے لگی۔

سفیر شاہ نے اسے رونے دیا تھا اور وہ کچھ دیر میں سو گئی تھی۔

حازب انہیں باہر لے کر جا رہا تھا آج۔۔۔کیونکہ وہ جانتا تھا وہ جلد واپس جا رہی ہے، ہمیشہ کے لیے نہیں لیکن پھر بھی وہ خاص بنانا چاہتا تھا سب۔

URDU NOVEL BANK

وہ سکینہ بیگم کے کمرے میں داخل ہوا۔

امی تیار ہیں؟

ہاں چلو! فری آ گئی!

وہ تو آج نجانے کن تیاریوں میں مصروف ہے! وہ ان کے پاس آ کر بیٹھ گیا۔

خوش ہو؟

اپنا فرض نبھا رہا ہوں مطمئن ہوں۔

ملائکہ سے کب ملوا رہے ہو؟ وہ شرارت سے بولیں۔

بہو کے گھر ہوتے ہوئے بھی آپ کیسے میری دوسری شادی کا ابھی سے سوچ سکتیں ہیں؟ وہ آنکھوں میں شرارت لیے سنجیدگی سے بولا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

سکینہ بیگم نے مسکرا کر اس کے کندھے پر ہاتھ جڑا۔

وہ ابھی چھوٹی ہے بہت حازب! وہ سنجیدہ ہوئی۔

تو؟

ہمیں کچھ سال انتظار۔۔۔۔۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

ہرگز نہیں امی! اگر اس کی محبت بدل گئی تو؟ اس نے کسی اور کو۔۔۔۔؟

کچی عمر کی محبتیں دل میں ثبت ہو جاتی ہیں موت تک، اور تم اس کی کچی عمر کی پکی محبت ہو، وہ جتنے عرصے سے یہاں ہے تمہاری موجودگی اور غیر موجودگی میں وہ تمہیں ڈسکس کرتی رہی ہے۔

اس نے تمہیں "خاص" بنایا ہے اپنے دل میں اور اس کے دل کے اس مقام پر کبھی کسی کی حکمرانی نہیں ہو سکتی اب قیامت تک۔

وہ مطمئن ہوا۔

پھر ملائکہ سے مل لیتے ہیں تب تک!

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ بولا تو سکینہ بیگم ہنس پڑی۔۔۔اس کا بھی قہقہہ بے ساختہ تھا۔

جبکہ فری جو اندر داخل ہونے لگی تھی ان کی بات سن کر وہیں رُک گئی۔۔۔۔
آنکھیں نم پانی سے بھر گئیں تھیں۔

وہ کسی اور سے شادی۔۔۔۔۔۔!

اب میں اپنے گھر چلی جاؤں گی۔۔ حازب کو مڑ کر کبھی نہیں دیکھوں گی!

URDU NOVEL BANK

وہ آنسو صاف کرتی اٹھ گئی۔

تب تک وہ دونوں باہر آگئے تھے۔

چلیں؟ حازب نے اسے پوچھا۔

آنکھوں کو کیا ہوا؟

فری نے اس کے فوراً پہچان لینے پر اسے شکوہ کرتی نگاہوں سے دیکھا۔

مسکارا چلا گیا تھا!

وہ بولتی اس سے پہلے باہر نکل گئی تو وہ گیٹ لاک کرتا گاڑی میں جا بیٹھا۔

فری آگے بیٹھ جاؤ میری جان! سکینہ بیگم نے کہا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

نہیں امی آپ بیٹھیں آگے! حازب نے ماں کے احترام میں کہا تو فری کے دل پر مزید وزن آ پڑا۔

وہ سارے راستے باہر دیکھتی آئی تھی۔

کیسا لگ رہا ہے؟ سکینہ بیگم نے اس کی خاموشی کو نوٹ کرتے استفسار کیا۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

اچھا لگ رہا ہے! میں کہاں روز آتی ہوں! جب چلی جاؤں گی تو بھائی مجھے روز باہر لے کر جائیں گے! وہ بولی تو گاڑی میں خاموشی چھا گئی

حازب مرزا کو خود پر بے حد غصہ آیا۔

بیک ویو مرر سے اسے دیکھا جو گلابی شلوار قمیض پہنے دوپٹہ اچھے سے آگے پھیلائے پونی کیے ہوئے تھی۔

آج فرق یہ تھا کہ گال پہلے سے زیادہ گلابی تھے اور لبوں پر بھی لپسٹک لگی تھی۔

اس نے سارا دھیان سامنے کی طرف لگایا اور ریسٹورنٹ پہنچتے باہر نکلا اور انہیں اندر لے گیا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ بے دلی سے کھانا کھا رہی تھی۔

مجھے گھر جانا ہے! اس نے سامنے میز پر موجود لڑکی کا دھیان حازب پر دیکھتے کہا۔

ابھی کھانا کھاؤ فری! حازب نے نرمی سے کہا۔

کیوں کھاؤں میں کھانا! مجھے اپنے گھر جانا ہے! اپنے بھائیوں کے پاس۔۔۔۔آپ نے مجھے قید کر دیا ہے اپنے گھر میں، میں تنگ آگئی ہوں وہاں سارا دن بند رہتے!

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

وہ اونچی آواز میں بولی تھی جبکہ کئی لوگ متوجہ ہوئے تھے۔

فرح شاہ شٹ اپ! حازب سختی سے بولا تھا۔

آپ میرے کچھ نہیں لگتے! مجھ سے اس لہجے میں بات نہ کریں مجھے میرے گھر چھوڑ کر آئیں۔

سفی بھائی سے بات کروائیں میری!

جب وہ چپ نہ ہوئی اور لوگ متوجہ ہونے لگے تو وہ اٹھ کھڑا ہوا۔

چلو! حازب نے اس کے بازو کو گرفت میں لیا اور بِل پے کرتا باہر نکل آیا۔

کیا بکواس کر رہی تھی اندر؟

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

یہی کہ مجھے میرے گھر جانا ہے!

جب تمہارے بھائی لینے آئیں گے تب چلی جانا ابھی خاموشی سے گاڑی میں بیٹھو! حازب چِلایا تھا۔

ہرگز نہیں!

میری سفی بھائی سے بات کروائیں!

URDU NOVEL BANK

مجھے سختی پر مجبور نہیں کرو فرح شاہ!

فری نے اس کی جیب سے فون اچک کر نکالا تھا اور اس کا پاسورڈ جو اس نے خود اپنے نام سے محفوظ کیا تھا کھولتے سفیر شاہ کا نمبر ڈائل کیا۔

رات کے گیارہ بجے تھے!

حازب نے اس سے فون لینا چاہا تو وہ پیچھے قدم اٹھانے لگی۔

گر جاؤ گی بیوقوف لڑکی!

حازب مرزا کا بس نہیں چل رہا تھا اس لڑکی کے ساتھ کیا کرتا۔

کال اٹھا لی گئی تھی شاید۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کیونکہ وہ ہچکیوں سے روتی سفیر کا نام بار بار لے رہی تھی۔

بھائی؟

سفیر شاہ کی آنکھ ابھی لگی تھی کہ حازب کی کال دیکھتے کال اٹھاتے اپنی جان سے پیاری بہن کی آواز سنتے وہ جھٹکے سے اٹھ گیا۔

ماہا بھی اٹھ گئی تھی۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

میری جان، میری گڑیا کیا ہوا؟ وہ تڑپ گیا تھا اس کے رونے پر۔

مجھے گھر آنا ہے! پلیززززز!

حازب اس کے ہاتھ سے فون لے چکا تھا۔

میں معذرت چاہتا ہوں سفیر! میں ہینڈل کر لوں گا! حازب تیزی سے بولا تھا۔

اگر مجھے یہاں سے ابھی لینے نہ آئے تو میں پھر کبھی گھر نہیں آؤں گی سفی! وہ وہیں سے چِلائی تھی۔

سفیر شاہ فوراً جگہ سے اٹھا تھا۔

کہاں پر ہو حازب؟

سفیر تم ---

اڈریس بھیجو میں آتا ہوں! وہ تیزی سے اٹھتا جوتا پہنتا گاڑی کی چابیاں تھام گیا تھا۔

میں بھی آؤں؟

نہیں! آرام کرو! میں آتا ہوں! سفیر کہتا تیزی سے باہر نکل گیا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

تب تک فری نے حازب کی ایک بات نہ مانی تھی وہ وہیں گاڑی کے باہر کھڑی رہی تھی۔

حازب اس کے ساتھ کھڑا رہا تھا۔

کیا یہ تمہیں تنگ کر رہا ہے؟

لڑکوں کی ٹولی پاس سے گزری تو انھوں نے فری کے ساتھ کھڑے حازب کو دیکھتے کہا۔

بکواس بند کرو اور نکلو! حازب دھاڑا تھا۔

سکینہ بیگم گاڑی میں ہی بیٹھی تھیں۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

تُو چپ کرا ہمیں لڑکی سے پوچھ لینے دے!

دوسرا لڑکا بولا تو فری تیزی سے گاڑی میں بیٹھی تھی جبکہ حازب نے گاڑی سے پسٹل نکالا تھا جسے دیکھتے ہی وہ بھاگ گئے تھے۔

پندرہ منٹ میں وہ وہاں پہنچ چکا تھا۔

فری؟

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

اس نے حازب کی گاڑی دیکھتے ہی باہر نکلتے اسے پکارا تھا جو اپنے بھائی کی آواز سنتے تیزی سے گاڑی سے اتری تھی۔

بھائی؟ اور اس کے سینے سے جا لگی تھی۔

اب وہ زوروں سے رو رہی تھی۔

کیا کہا ہے تم نے اسے حازب؟ سفیر شاہ نے سختی سے استفسار کیا تھا۔

تم مجھ پر شک کر رہے ہو شاہ؟

جو پوچھا ہے وہ بتاؤ؟ سفیر پھر سے غصے سے بولا تھا۔

اپنی بہن سے ہی پوچھ لو کہ ایسا اسے میں نے کیا کہہ دیا کہ اس نے اندر میرا تماشا بنا دیا! حازب سرد سے لہجے میں بولا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

سکینہ بیگم نے باہر نکلتے ان دونوں کو غصے میں دیکھا تو گویا ہوئی۔

فری امی سے مل کر نہیں جاؤ گی؟

وہ بولی تو فری سفیر سے الگ ہوتی تیزی سے ان کے وجود کا حصہ بن گئی۔

ان کا چہرہ ہاتھ میں تھامتی گال چومنے لگی۔

URDU NOVEL BANK

آئی لو یو امی! آپ دنیا کی بیسٹ امی ہیں!

وہ شِدت سے ان کے گال چومتی بولی تو سکینہ بیگم مسکرا دیں۔

جبکہ سفیر شاہ سمجھ گیا تھا کہ بہزاد شاہ نے ان کی بہن کو اس گھر کیوں ٹھہرایا تھا۔

اچھا چلو جاؤ اب!

سکینہ بیگم مزید بدمزگی نہیں چاہتیں تھیں ان کے درمیان اسی لیے بولیں۔

وہ سفیر شاہ کے ساتھ جا کر واپس کھڑی ہوئی۔

اب میں کبھی آپ کے قید کھانے میں نہیں آؤں گی!

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ حازب کو دیکھتی بولی جو اسے ہی سرد نگاہوں سے گھور رہا تھا۔

فری نے خشک ہونٹوں پر زبان پھیرتے رخ موڑ لیا۔

سفیر نے حازب کو دیکھا جس کا سارا دھیان فری پر تھا۔

پھر سکینہ بیگم کو خدا حافظ بولتا فری کو حصار میں لیے گاڑی میں آ بیٹھا۔

حازب بھی گاڑی میں بیٹھ گیا تھا اور وہ دونوں مخالف سمت چل پڑے تھے۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

یہ ہمارا گھر ہے؟ وہ اشتیاق سے اس گھر کو دیکھتی بولی۔

بالکل! یہ میری گڑیا کا گھر ہے! سفیر شاہ اسے ساتھ لگائے اس کے بالوں کو چومتا بولا تھا۔

ماہی بھی ہیں اندر؟

ہمم! لیکن اس کی طبیعت ٹھیک نہیں ہے اسی لیے ہم اسے نہیں اٹھائیں گے۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ٹھیک ہے! فری نے لبوں پر انگلی رکھتے اسے چلنے کا اشارہ کیا تو وہ اندر داخل ہوا۔

واؤ! وہ ہر چیز کو ستائش سے دیکھ رہی تھی جبکہ سفیر شاہ کی نگاہیں تو اس سے ہٹ ہی نہیں رہیں تھیں۔

کتنے سال گزارے تھے انہوں نے اس کی یاد میں، اسکی تڑپ میں،وہ بار بار اس کا ماتھا چوم رہا تھا۔

URDU NOVEL BANK

بھائی کہاں ہیں؟ اس نے جھٹکے سے سر اٹھاتے پوچھا تھا۔

بس کل اپنی گڑیا کے پاس ہوں گے وہ!

میں ان سے بات نہیں کروں گی! وہ بولی تو سفیر شاہ تڑپ گیا۔

کیوں؟

کیونکہ انھوں نے مجھے نہیں ڈھونڈا! وہ بولی تو سفیر مسکرا دیا۔

یہ سب بہزاد اسے سمجھاتا تو بہتر تھا۔

آؤ میں اپنی گڑیا کو اس کا کمرہ دِکھاؤں!

میرا کمرہ بھی ہے؟ وہ پُرجوشی سے بولی تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

بالکل! سب سے خاص کمرہ!

وہ اسے بہزاد کے ساتھ والے کمرے میں لے آیا جسے کچھ دیر پہلے ہی بہزاد نے سیٹ کروایا تھا۔

یہ کس نے کیا؟ اس نے کمرے کو دیکھتے استفسار کیا۔

"جن سے ابھی آپ ناراضگی کی بات کر رہیں تھیں۔"

URDU NOVEL BANK

"پر میں ابھی بھی ان سے ناراض ہوں!"

وہ کہتی بیڈ پر بیٹھ گئی تو سفیر نے اے سی چلاتے کمرے کا دروازہ بند کیا اور وہیں اس کے ساتھ بیڈ پر نیم دراز ہوا۔

وہ اسے نجانے کون کون سے باتیں بتا رہی تھی اور وہ خاموشی سے اسے سن رہا تھا۔

دروازہ کُھلا اور کوئی اندر داخل ہوا۔

ماہی؟؟؟ فری تیزی سے اُٹھی تھی۔

آرام سے فری!

سفیر نے ماہا کی طبیعت کے زیرِ اثر کہا جبکہ ماہا نے اسے ساتھ لگایا تھا جبکہ فری نے اس کے گال چومے تھے۔

آپ ٹھیک ہیں نا ماہی؟

ہمم! ماہا نے سفیر سے نظریں چرائیں تھیں۔

کھڑی مت رہیں! سفیر شاہ نے سنجیدگی سے ماہا کو کہا تو وہ سر ہلا گئی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

آپ آرام کرو ماہی! ہم صبح ملیں گے! فری نے اسے کہا.

ٹھیک ہے! ماہا نے کہتے سفیر کو دیکھا اور پھر اپنے کمرے میں چلی گئی۔

جبکہ سفیر شاہ آج فری کے ساتھ ہی رہا تھا، وہ باتیں کرتے سو گئی تھی، اس نے بہزاد کو میسج کر دیا تھا۔

وہ تین بجے اپنی جگہ سے اٹھا اور اپنے کمرے میں آیا تھا ماہا کو دیکھنے۔

اسے دیکھتے لب بھینچے جس نے اے سی کی اسپیڈ فل کیے کمفرٹر تک نہ لیا تھا اوپر۔

اس نے اے سی بند کرتے پنکھا چلایا اور اس پر کمفرٹر دیا، اس کے بال چہرے سے ہٹائے تو گہرا سانس بھرا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

پھر جھک کر اس کے ماتھے پر بوسہ دیتے واپس فری کے کمرے میں چلا گیا۔

اردو ناول اور سٹوریز کی سب سے بڑی ویب سائٹ

www.urdunovelbank.com



Urdu Novel Bank website

جہاں ملے آپ کو نئے اور اچھے معیاری ناول تمام کیٹگری میں۔۔۔

گوگل پر ٹائپ کریں

Urdu Novel Bank

اور ویب سائٹ سے ڈاؤنلوڈ کریں ہزاروں مکمل ناول مفت میں

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

حائفہ بس خاموش ہو گئی تھی۔

اسے کچھ سمجھ نہیں آرہا تھا۔۔۔اسے باہر نکلنے سے بھی بہزاد نے منع کیا تھا۔

وہ آفس نہیں جارہی تھی۔

اپیا آپ کے لیے کچھ آیا ہے!

حسن اسے وہ لفافہ تھما کر خود یونیورسٹی کے لیے نکل گیا تھا۔

حافی نے وہ لفافہ کھولا جس میں سے کاغذ نکلا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ جیسے جیسے پڑھتی جارہی تھی اس کے چہرے پر پسینے کی بوندیں نمودار ہو رہی تھیں۔

وہ خط ادا جعفری کی طرف سے تھا جس میں صاف اسے مارنے کی دھمکی دی گئی تھی۔

وہ ڈر سے یہاں سے وہاں چکر کاٹنے لگی تھی۔

URDU NOVEL BANK

اس میں لکھا تھا کہ وہ حائفہ سکندر کی زندگی مشکل کر دے گی، اسے اتنا بدنام کر دے گی کہ بہزاد شاہ اسے دیکھے گا بھی نہیں۔

وہ یہاں وہاں چکر کاٹ رہی تھی۔

اس نے بہزاد کو کالز کیں جو اٹھائی نہیں گئیں تھیں۔

وہ چکراتے سر کو سنبھالنے کی کوشش کرتے زمین پر گری تھی اور جوش و خرد سے بیگانہ ہو گئی تھی۔

"بہزاد شاہ اگر تمہیں لگتا ہے کہ مجھے معلوم نہیں کہ میری تباہی کے پیچھے کس کا ہاتھ تو تم غلطی پر ہو!" وہ اسوقت اعوان پاشا کے سامنے موجود تھا۔

"تمہیں معلوم ہے کیونکہ میں چاہتا تھا تمہیں معلوم ہو جائے! نہیں تو سالوں پہلے تم جان جاتے!"

بہزاد تمسخر اڑاتی نگاہوں سے اسے دیکھتا بولا۔

اعوان پاشا بھڑک اٹھا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

"موت سے اتنا ڈر؟"

"ہاہاہا! میری موت بیشک آگئی ہو لیکن یہ سب کبھی ختم نہیں ہو گا! میرا مقصد پاکستان کی تباہی----"

اس سے پہلے ہی بہزاد نے اس کے سینے پر بوٹ مارا تھا کہ کرسی الٹ گئی تھی جس سے وہ بندھا تھا۔

"نام بھی نہیں میرے ملک کا! نہیں تو زبان کے اتنے ٹکڑے کروں گا کہ تُو گنتی بھول جائے گا!"

"میں نے سنا ہے تیری منکوحہ پر تُو جان دیتا ہے!" اعوان پاشا اب بھی باز نہ آیا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"بالکل!"

"میری جان بستی ہے اس میں! اور اگر تجھے لگتا ہے تیرے جیسے کتے بلے اس کا کچھ بگاڑ سکتے ہیں تو کوشش کر کے دیکھ لے!"

URDU NOVEL BANK

"جب تک بہزاد شاہ زندہ ہے تب تک میری منکوحہ تو دور میرے کسی قریبی کے نزدیک بھٹک کر بھی دِکھا دے کوئی!" وہ پُر عزم تھا۔

پھر اس نے بلیڈ نکالا اور اس کے پاس آ کر نیچے بیٹھا۔

اعوان پاشا کی آنکھوں میں اس وقت بھی صرف طاقت کا نشہ تھا، وہ اپنی موت پر بھی خوفزدہ نہیں تھا۔

"کلمہ نہیں پڑھو گے فیروز اعوان؟" بہزاد شاہ بولا تو اعوان پاشا نے حیرت سے اسے دیکھا۔

"تمہارے بارے میں سب جانتا ہوں، اتنا سب جانتا ہوں کہ وہ باتیں تم بھی نہیں جانتے ہو گے۔"

"سنا ہے تمہاری بیٹی کینیڈا میں ہے اس وقت! کتنے سال ہو گئے اس سے ملے؟"

"میری کوئی بیٹی نہیں ہے!" وہ چِلایا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

"ہاہاہا! دوسروں کی ماؤں بہنوں پر نظر رکھنے والا اپنی ہی اولاد کو مخفی رکھنا چاہتا ہے۔"

"اسے کچھ نہیں۔۔۔۔"

بہزاد نے بلیڈ اس کے بازو پر پھیرا تھا لیکن اعوان پاشا کے منہ سے سسکی تک نہ نکلی۔

"تمہارا کیا بگاڑا میں نے۔۔۔۔؟"

اعوان پاشا کو جب سے معلوم ہوا تھا کہ بہزاد شاہ نامی وہ شخص اس کے پیچھے ہے تب سے وہ یہ جاننا چاہتا تھا کہ آخر اس نے اس نامعلوم شخص کا کیا بگاڑا ہے۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"فیض شاہ یاد ہے؟ تمہارا دوست؟ اس کی ہوس اور لالچ دونوں کے پیچھے تمہارا ہاتھ تھا۔۔۔۔تمہیں لگتا ہے میں یہ بات نہیں جانوں گا کبھی؟ میں اس دن سے جانتا ہوں تمہیں جب میرے باپ کو قتل کیا گیا، تمہارا دسواں قتل تھا وہ، تمہارا چہرہ

URDU NOVEL BANK

میری آنکھوں نے حفظ کر لیا تھا، میری ماں نے مجھ سے وعدہ لیا تھا کہ بہزاد شاہ تمہیں بدلہ لینا ہے اور دیکھو آج تم کس حالت میں میرے سامنے موجود ہو۔"

بہزاد نے اس کے دوسرے بازو پر بھی یوں ہی کٹ لگایا۔

اعوان پاشا کی آنکھیں اس کے بازو سے نکلتے خون کی طرح سرخ تھیں۔

"ہاں کیونکہ تیری ماں نے اتنی دولت کے بعد بھی مجھے منع کیا۔"

"تو کیا عورت کی "نہ" اتنی بھاری ہے تم جیسے مردوں پر؟ وہ شادی شدہ تھی۔"

"تمہارے باپ کے مرنے کے بعد------"اعوان پاشا نے اپنی صفائی میں بولنا چاہا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"تمہاری نگاہ تو ان پر نجانے کب سے تھی!" بہزاد نے اب بلیڈ اس کے چہرے پر چلایا۔

"تمہیں معلوم ہے تمہیں کیسی موت دوں گا میں؟"

اعوان پاشا وہیں پڑا اسے دیکھتا رہا۔

URDU NOVEL BANK

"کوئی میرا انتقام بھی لے لے گا تم سے!" اعوان پاشا درد کی شدت سے لب بھینچتا بولا۔

"ہاہاہاہا! کوشش کر کے دیکھ لے! یہاں آج تیرے اس محل میں ایک بھی پرندہ تک نہیں ہے، سارے کیمراز ہیک ہیں، کیا اکھاڑ لیا تیرے اتنی دولت نے؟ تو بھول گیا تھا کہ اس دولت اور طاقت سے بڑی رب العزت کی زات ہے۔"

بہزاد نے ہاتھ سے اشارا کیا تو اس کی ٹیم کے پانچ لوگ اندر داخل ہوئے۔

وہ تیزی سے پٹرول پھینک رہے تھے ہر طرف۔

"زیادہ نہیں پھینکنا! میں چاہتا ہوں اس کی موت آسان نہ ہو! جسم کا ہر غضو جلے تو اسے یاد آئے اس نے عورتوں کے ساتھ کیا کیا ہے، اس نے جوان لڑکے، لڑکیوں کو کس راہ پر لگایا ہے! اس نے میری ماں پر کیسے نظر رکھ لی اور میری بہن کو کیسے مرا ہوا ثابت کر دیا!"

وہ پہلے دھاڑا اور پھر آہستگی سے بولا۔

پھر آگ لگاتے ہی اس کے سامنے کھڑا ہو گیا۔

visit for more novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

"ڈر لگ رہا ہے پاشا؟"

اعوان پاشا خاموش تھا! وہ کسی کو دِکھانا نہیں چاہتا تھا کہ وہ ڈر گیا ہے موت سے!

"تمہاری نسلیں برباد ہو جائیں گی بہزاد شاہ!" وہ بولا تو بس اتنا۔

"تم جیسے گیدڑوں سے ڈرنا ہوتا تو آج یوں تمہارے سامنے تمہاری موت بن کر نہ کھڑا ہوتا پاشا! رب العزت نے مجھے چنا۔۔۔آگے بھی کئی بہزاد شاہ آئیں گے!"

وہ کہتے اس کے پاس آگ پہنچتے دیکھ باہر نکل گیا۔

دروازے کی دہلیز پر کھڑا ہو کر اسے آگ میں دیکھتے وہ پلٹ گیا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"کئی بہزاد شاہ آئیں گے پاکستان کی قسمت میں!" وہ مسکرا دیا اور باہر نکل گیا۔

اعوان پاشا کی موت ہو گئی تھی لیکن اس کے چھوٹے کارندوں کی نہیں۔۔۔۔جو وقت کے ساتھ ساتھ ممکن ہونا تھا، بہزاد شاہ نے جڑ کاٹ دی تھی باقی سب خود ہی کھوکھلا ہو جاتا اور اس کے جیسے کئی لوگ تھے اپنے ملک کی حفاظت کے لیے۔

"میں نے اپنا عہد پورا کر دیا امی! میں نے آپ کا اور بابا کا بدلہ لے لیا۔"

URDU NOVEL BANK

"میں نے ہر کسی کا بدلہ لے لیا! میں نے اپنا فرض نبھا دیا!" وہ سجدے سے سر اٹھاتا مطمئن تھا۔

اس نے یہاں اعوان پاشا کے بنائے اڈوں کی جانچ پڑتال کرنی تھی اور پھر واپس جانا تھا۔

سفیر شاہ کا میسج مل گیا تھا اسے کہ فری کو وہ گھر لے آیا ہے۔

سکندر صاحب از حد پریشان تھے اس کے لیے۔

انہوں نے بہزاد کو کال کی تھی جو فوراً اٹھا لی گئی تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"اسلام علیکم انکل!"

"وعلیکم السلام!"

"خیریت؟" جب انہوں نے آج اس کا حال دریافت نہ کیا تو وہ خود ہی بول پڑا۔

"حائفہ کو ہم ہسپتال لائیں ہیں!" وہ سنجیدگی سے بولے۔

"کیا ہوا انہیں؟" آواز میں بے چینی صاف محسوس کی جا سکتی تھی۔

URDU NOVEL BANK

"یہ آپ کو بہتر معلوم ہونا چاہیے برخودار! ہم نے ہر قدم پر آپ کا ساتھ دیا ہے لیکن ان سب میں ہم اپنی بیٹی کی زندگی پر کوئی سمجھوتا نہیں کر سکتے!"

وہ کہتے کال کاٹ گئے باپ تھے کیسے اپنی اولاد کو دکھ میں دیکھتے، اس کے رونے پر تو انہیں صبر آ گیا تھا لیکن اسے یوں ہسپتال میں دیکھ کر نہیں۔

بہزاد وہاں پریشان ہو گیا تھا، اسے یہاں سے نکلنا تھا فوراً!

"باقی سب سنبھال لینا تم سب!"

اس نے اپنی ٹیم کے لوگوں کو کہا جنہوں نے تیزی سے سر ہلایا تھا۔

وہ وہاں سے فوراً نکل آیا تھا کہ فرض کے بعد اب اس کے اپنے لوگ تھے۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

صبح کے پانچ وہ گھر میں داخل ہوا تھا۔

وہ اپنے کمرے میں گیا تھا فریش ہونے کے بعد وہ تھکا ہوا تھا بے حد۔

سفیر شاہ کو کمرے کے دروازے پر کھڑا دیکھ وہ مسکرا دیا۔

سفیر شاہ خاموشی سے آ کر اس کے سینے سے لگ گیا تو بہزاد نے اس کے بال بگاڑے۔

URDU NOVEL BANK

"ہم نے اپنا فرض بھی نبھا لیا اور عہد بھی پورا کر لیا!" بہزاد نے اسے خوشخبری سنائی تو وہ مسکرا دیا۔

"کیسے ہیں سب؟"

"اپنی حافی کا پوچھ رہے ہیں؟" سفیر شاہ شرارت سے بولا تو بہزاد نے اسے گھورا۔

"ماہا اور گڑیا کا پوچھ رہا ہوں میں!"

"ماہا ٹھیک ہے اب۔۔۔۔فری کو آپ خود دیکھ لیں! یقیناً یہ اس کی زندگی کی بہترین صبح ہونے والی ہے۔"

وہ کتنی ہی دیر باتیں کرتے رہے پھر آٹھ بجے اٹھ کھڑے ہوئے۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

دونوں کے چہروں پر معدوم سی مسکراہٹ تھی۔

بہزاد نے دروازے کا نوب گھمایا اور اندر داخل ہوتے اس کے بیڈ پر جا بیٹھا۔

پھر آہستگی سے اس کے بال سہلانے۔

"سفی؟؟؟"

URDU NOVEL BANK

وہ آنکھیں دھیرے سے کھولتی بولی تو بہزاد سفیر شاہ کو دیکھتا مسکرا دیا جس نے بہزاد کی طرح ہی اسے سفی پکارا تھا۔

"میری جان؟"

بہزاد نے جھک کر اس کے ماتھے پر لب رکھے تو اس نے آنکھیں کھولتے بہزاد کو دیکھا۔

پھر کئی لمحے دیکھتی رہی اور پھر اس کے گلے لگتے رو دی------اور روتی رہی جب تک سالوں کا غبار آنسوؤں میں نہ بہہ گیا۔

ششش!

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"خاموش رہیں میری جان! بھائی کے پاس آگئی ہیں آپ۔"

"آپ نے---مجھ---مجھے---کی---کیوں---نہی---نہیں ڈھونڈا؟"

"آپ کو کیوں لگتا ہے بھائی نے اپنی جان کو نہیں ڈھونڈا؟"

"کیونکہ اشعر نے مجھے مارا---"

"بس اب بھائی کے پاس ہو نا!"

URDU NOVEL BANK

بہزاد اس کے ساتھ بیٹھتا اسے حصار میں لے گیا تو وہ کبھی بہزاد کے گال چومتی کبھی اس کے ہاتھ تھام لیتی، دونوں بھائی صرف مسکرا رہے تھے اور یہ مسکراہٹ دل سے تھی۔

"حازب سے کیوں بدتمیزی کی آپ نے؟" بہزاد نے کچھ دیر بعد استفسار کیا۔

"وہ میں۔۔۔۔آپ سے اور سفی سے ملنا چاہتی تھی نا!"

"تو اس کے لیے آپ نے اسے ہرٹ کر گیا جس نے آپ کا سب سے زیادہ خیال رکھا؟" بہزاد نے سنجیدگی سے کہا۔

بھائی ۔۔۔ سفیر نے کچھ کہنا چاہا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"شاہ بعد میں! جاؤ ماہا کو دیکھو! ساتھ ناشتہ کریں گے سب۔"

ٹھیک ہے! وہ اٹھ کھڑا ہوا۔

اب بتائیں؟ بہزاد نے اسے سامنے بٹھاتے کہا۔

"آئم سوری!"

"یہ سوری آپ کو مرزا سے کرنی چاہیے!"

"میں اب ان سے کبھی نہیں ملوں گی!"

وہ ناک چڑھاتے بولی تو بہزاد نے مسکراتے اس کا ناک کھینچا۔

"چلیں فریش ہو کر آئیں آپ کے کپڑے اور سارا سامان موجود ہے یہاں۔"

"آپ کو کیسے پتا؟"

"مجھے میری گڑیا کے بارے میں سب پتا ہے!" بہزاد اس کے بال بگاڑتا باہر نکل گیا۔

ماہا جاگ گئی تھی۔

"طبیعت کیسی ہے اب؟" سفیر شاہ نے اندر داخل ہوتے استفسار کیا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"ٹھیک ہوں!"

ماہا نے اٹھتے کہا اور پھر فریش ہونے چلی گئی جبکہ سفیر شاہ وہیں فون پر مصروف ہو گیا تھا۔

ماہا نے فریش ہوتے کپڑے دیکھے اور وہ نیا جوڑا اٹھایا جو واحد بچا تھا اب تک جو اس نے نہیں پہنا تھا۔

URDU NOVEL BANK

لائم کلر کا وہ جوڑا اپنی مثال آپ تھا! بی قمیض کے ساتھ ٹراؤزر اور ساتھ شفون کا دوپٹہ پھیلاتے اس نے باہر اکر بال بنائے۔

شاہ؟

وہ سفیر شاہ کے متوجہ نہ ہونے پر اس کے پاس جا کھڑی ہوئی۔

"یہ باندھ دیں!"

اس نے اپنے بازو آگے کیے جس کے آگے ڈوریاں بندھی تھی اور ایسی ہی ڈوری سامنے گلے پر بندھی تھی۔

سفیر شاہ نے بھرپور نگاہ اس پر ڈالی! جو کافی دِنوں بعد آج بہتر لگ رہی تھی! وہ اپنی جگہ سے اٹھ کھڑا ہوا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اس کے بازو کی ڈوریاں باندھتے اس کے گلے کی طرف ہاتھ بڑھایا تو ماہا نے سر جھکایا۔

سفیر شاہ نے اس کے گلے کی ڈوری باندھی تو اس نے جانا چاہا جبکہ سفیر شاہ نے بیٹھتے اسے بھی خود پر گرایا تھا۔

درد ہے کہیں؟

اس کے بازو اپنی گردن پر باندھتے وہ نرمی سے استسفار کر رہا تھا۔

ماہا نے سر نفی میں ہلایا اور اسے دیکھا جو اسے ہی دیکھ رہا تھا، نگاہوں کے تصادم پر دل کی دھڑکنیں منتشر ہوئی تو اس نے اٹھنا چاہا۔

جبکہ ایسا سفیر شاہ نے ہونے نہیں دیا تھا۔

"کِس می!" وہ پرسکون انداز میں بولا تھا۔

ماہا نے منہ کھولے اسے دیکھا۔

"ایسا میں نے کچھ نہیں کہہ دیا بیوی جو آپ کو سمجھ نہ آئے!"

"آپ تو مجھ سے غصہ تھے؟"

"تو ساری زندگی مجھے یوں ہی ناراض رکھنا ہے آپ نے؟"

سفیر شاہ کے کہنے کی دیر تھی کہ وہ قریب ہوتی اس کے لبوں پر اپنے لب رکھ چکی تھی اور پھر فوراً سے دور ہوئی تھی۔

سفیر شاہ نے اسے خود پر واپس جھکایا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

وہ جانتا تھا اس نے کتنی مشکل کا سامنہ کیا ہے، اس کا سارا غصہ، ساری ناراضگی ختم ہو گئی تھی اسے درد میں دیکھ کر۔

ان دونوں نے اپنی اولاد کھوئی تھی لیکن ماہا سفیر شاہ نے وہ درد اپنے وجود میں برداشت بھی کیا تھا جس کی سفیر شاہ کبھی بھی پیمائش نہیں کر سکتا تھا۔

وہ ماہا کی گردن سے گیلے بال ہٹاتا اب وہاں لب رکھ رہا تھا۔

شاہ۔۔!

"ناشت۔۔ناشتہ!"

وہ بکھرتے سانسوں کے درمیاں بولی تھی جبکہ سفیر شاہ نے اس کے بالوں کو جھٹکا دیتے اسے خاموش رہنے کا کہا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

پھر پیچھے ہٹتے اس نے ماہا کو دیکھا اور اس کی گردن پر دوپٹہ اچھے سے دیتے اسے کھڑا کیا۔

وہ اب بھی اپنی سانسوں کو معمول پر لانے میں کوشاں تھی۔

سفیر شاہ مسکرا دیا۔

URDU NOVEL BANK

"چلیں؟"

"میں نہیں جاؤں گی!"

وہ اپنی حالت کے پیشِ نظر گھبراتے بولی تھی جبکہ سفیر شاہ اس کا ہاتھ تھامتا باہر لے گیا تھا جہاں میز پر پہلے ہی بہزاد شاہ کے ساتھ فری بیٹھی تھی۔

فری کے قہقہے پورے گھر میں گونج رہے تھے۔

"ماہی؟"

فری اسے دیکھتے ہی اٹھ کر اس کے گال چوم گئی تھی جبکہ ماہا تو ان بہن بھائی کے پیار پر ہی سٹپٹا گئی تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"بس بس فری! آپ کی بھابھی پلس دوست ابھی آپ کا پیار برداشت نہیں کر پائیں گیں!"

سفیر شاہ کے معنی خیزی سے کہنے پر ماہا نے یہاں وہاں دیکھا۔

"اسلام علیکم بھائی؟"

"وعلیکم السلام! کیسی ہیں اب ماہا؟"

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

ٹھیک ہوں! وہ سفیر شاہ کے ساتھ بیٹھ گئی۔

"شکایت لگا سکتی ہو مجھے شاہ کی!" بہزاد شاہ مسکراتے بولا تو سب مسکرا دیے۔

"وقت آنے پر آپ کو بتاؤں گی!" وہ بھی شرارت سے بولی تو سفیر شاہ نے اسے گھورا۔

پھر اس کی پلیٹ بناتے اس کے سامنے رکھی اور نگاہیں فری پر گئیں جو انہیں شرارتی نگاہوں سے دیکھ رہی تھی۔

"کیا ہوا؟"

"سفی آپ تو۔۔۔۔"

"سفی بھائی!"

بہزاد شاہ نے تصحیح کی تو فری نے سفیر شاہ کو گھورا جو اسے دیکھتا اب آئبرو اچکاتا مسکرا رہا تھا۔

"پھر یہ بھی مجھے آپی کہیں!" وہ فوراً سے بولی تھی۔

"تم چھوٹی ہو مجھ سے!"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

سفیر شاہ فوراً بولا تھا! ایسے ہی نوک جھونک میں ناشتہ کیا گیا تو بہزاد کا دل تشکر کے احساس سے بھر گیا۔

ان مناظر کے خواب نجانے اس نے کب سے دیکھے تھے.جو یوں پورے ہوں گے اس نے سوچا نہیں تھا۔

یہ اس کے توکل کا پھل تھا۔

سفی فری اور ماہا جو آج کمپنی لے جانا۔۔۔کپڑے دلوانے کے لیے ! اور فری اپنا سٹوڈیو بھی دیکھ لے گی! آخر وہی تو بچپن میں کہا کرتی تھی کہ وہ بڑے ہو کر افیشن ڈیزائیئر بنے گی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ٹھیک ہے؟

"ہم کب لائیں گے حائفہ کو؟" میں اسے بہت مِس کر رہی ہوں؟" ماہا تیزی سے بولی۔

کل!

"اتنی جلدی سب کیسے ہو گا؟" وہ پریشانی سے بولی تھی۔

URDU NOVEL BANK

"سب ہو جائے گا فکر نہیں کریں، آپ سب اپنی اور فری کی تیاری کریں، سب سادگی سے ہو گا!" بہزاد اٹھ کھڑا ہوا جانے کے لیے۔

"ماہی یہ حائفہ وہی ہے نا آپ کی دوست؟"

جی!

گڑیا یہاں آؤ! بہزاد کی آواز پر وہ اس کے پیچھے بھاگ گئی۔

"چلیں گی میرے ساتھ؟"

کہاں؟

"آپ کی بھابھی اور نئی دوست سے ملنے؟"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"کیا سچ میں؟ وہ آپ کی۔۔۔۔۔افففف!"

وہ خوشی سے اپنی جگہ سے اچھلی تھی جبکہ بہزاد شاہ نے اس کے لیے مسکراتے گاڑی کا دروازہ کھولا تھا۔

"آپ اب اپنی پڑھائی شروع کریں گی گڑیا۔"

"مجھے نہیں پسند پڑھنا ورھنا!"

URDU NOVEL BANK

"پڑھنا تو پڑے گا!"

بہزاد نے سنجیدگی سے کہا تو وہ خاموش ہو گئی اسے پتا تھا اب اسے پڑھنا ہی پڑے گا۔

وہ ان کے گھر آئے تھے وہ اندر داخل ہوئی تو بہزاد نے اس کا تعارف سب سے کروایا۔

وہ سکندر صاحب کو پہلے ہی اپنے آنے کا اور فری کا بتا چکا تھا اور باقی سب کو بتانے کا بھی کہا تھا۔

"کہاں ہیں حافی؟"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

فری نے بے تابی سے پوچھا تو سکندر صاحب مسکرا دیے اور کمرے کی طرف اشارہ کیا تو وہ دونوں بہن بھائی کے قدم اس طرف بڑھے۔

"ہیلو نئی دوست!"

بہزاد کے دروازہ کھٹکھٹانے سے پہلے ہی فری تیزی سے دروازہ کھولتی اندر داخل ہوئی تھی جبکہ حائفہ ابھی تک بستر میں موجود تھی۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

"اوووو یہ تو سوئی ہیں!" فری نے کہا تھا جبکہ حائفہ شور سے اٹھ کر بیٹھی تھی۔

سکندر صاحب نے اسے بتایا تھا بہزاد کی بہن کا کہ وہ انہیں سالوں بعد ملی تھی

اور باقی کی باتیں انہوں نے کہا تھا کہ رخصتی پر بہزاد خود بتائے گا۔

لیکن وہ بہزاد سے ناراض تھی، فری تیزی سے اس کے گلے لگی تو وہ بھی اچھے

سے ملی۔

"تم تو بہت پیاری ہو!"

فری نے اچانک سے کہا تو بہزاد نے فری کو تم کہنے پر ٹوکا لیکن حائفہ کے خود کو

نا دیکھنے پر اسے سخت نگاہوں سے گھورا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"فری جائیں حسن سے مل کر آئیں!"

تھوڑی دیر بعد وہ بولا تو وہ جو باتوں میں مصروف تھی سر ہلاتے اٹھ کھڑی ہوئی۔

وہ دروازہ بند کرتا حائفہ کے پاس آیا۔

"کیسی ہیں؟"

جواب ندارد!

URDU NOVEL BANK

"آپ چاہتی ہیں کہ میں اپنے طریقے سے پوچھوں آپ سے؟"

وہ سختی سے بولا تو حائفہ نے شکوہ کرتی نگاہوں سے اس دیکھا پھر سائیڈ والے دراز سے اسے وہ پرچی نکال کر تھمائی۔

جیسے جیسے بہزاد پڑھ رہا تھا ماتھے پر سلوٹوں کا اضافہ ہو رہا تھا۔

"اس کا انتظام کر چکا ہوں میں!"

کیا؟

"وہ یہ ملک چھوڑ کر جا چکی ہے!"

کیسے؟

"وہ جاننا آپ کے لیے ضروری نہیں!"

وہ بولا تو حائفہ نے پھر سے اسے دیکھا جبکہ بہزاد نے اس کی آنکھوں پر لب رکھے تھے۔

"باقی تفصیل سے ملاقات کل ہو گی آپ سے!" وہ کہتا اٹھ کھڑا ہوا۔

"ابھی میری طبیعت نہیں ٹھیک اور۔۔۔۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"کل میرے کمرے میں ملاقات ہو گی آپ سے حائفہ بہزاد شاہ!" وہ مڑتا اسے گہری نگاہوں کے حصار میں رکھتا بولا تو وہ سر جھکا گئی۔

پھر وہ دن بھی آ گیا تھا جس کا ان دو لوگوں نے بے صبری سے انتظار کیا تھا۔

وہ دونوں ساتھ بیٹھے تھے، دونوں کے چہرے پر نا ختم ہونے والی مسکراہٹ تھی۔

حائفہ اپنے باپ کے گلے لگتے خوب روئی تھی، حسن اسے جانے نہیں دے رہا تھا۔

بہزاد نے وعدہ کیا تھا کہ وہ روز آیا کرے گی اس سے ملنے!

گھر آتے اِن سب نے کھانا کھایا تھا، سب ایک دوسرے کے ساتھ خوش تھے۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

سفیر شاہ نے بہزاد کی طرف دیکھا جو مسلسل مسکرا رہا تھا، سفیر شاہ مطمئن ہوا۔۔۔ایک عرصے بعد اسے خوشیاں نصیب ہوئیں تھیں۔

"چلیں حافی!"

اس نے حائفہ کو دیکھتے جھکتے اس کے کان میں کہا۔

"نہیں میں ابھی یہیں بیٹھوں گی!"

URDU NOVEL BANK

"کس خوشی میں؟ تھوڑی دیر پہلے تو آپ کو یہ جوڑا بہت بھاری لگ رہا تھا، آپ فریش ہونا چاہتی تھیں اب کیا ہوا؟"

"ہاں لیکن اب نہیں------" حائفہ نے کہنا چاہا۔

"چلیں خدا حافظ!" بہزاد نے حائفہ کو اپنے ساتھ کھڑے کرتے کہا تو سب متوجہ ہوئے۔

"گڑیا آپ بھی جائیں کمرے میں اور سفی تم بھی۔"

اوکے بھائی! سب اٹھ گئے تھے۔

حائفہ نے آتے ہی چینج کیا اب وہ بہزاد کے انتظار میں بیٹھی تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

بہزاد نے اسے یوں خود کے انتظار میں بیٹھے دیکھ مسکراتے دیکھا۔

پھر اس کے ساتھ آ بیٹھا۔

"اب ٹھیک ہے آپ کا کمرہ؟ یا کچھ اور تبدیلیاں چاہتی ہیں آپ؟"

پچھلی بار کی حائفہ کی بتائی ساری چیزوں کو اس نے اس کے مطابق کر دیا تھا۔

ٹھیک ہے! وہ ہاتھ آپس میں رگڑتے بولی۔

URDU NOVEL BANK

"اور کمرے کا مالک؟"

"وہ تو میں ہوں اب! اور میں تو پرفیکٹ ہوں!"

"بالکل! آپ پرفیکٹ ہیں" بہزاد نے اسے خود پر جھکاتے کہا تھا۔

بہزاد۔۔۔۔!

بہزاد اسے ساتھ لگاتا سب بتاتا چلا گیا اور وہ خاموشی سے سنتی رہی پھر اس کے گلے میں وہ خوبصورت چین پہنائی تو وہ مسکرا دی۔

"آپ نے جتنی غلطیاں کی ہیں ان کی سزا کا وقت آگیا ہے جاناں!" وہ بھاری گھمبیر آواز میں بولا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"میں ناراض ہوں آپ سے!"

"آپ کی ناراضگی کا بھی کچھ کریں گے جاناں!" وہ کہتا اس کی سانسوں میں خود کی سانسیں الجھا چکا تھا۔

ایک سال بعد:

"آپ یہاں کر رہے ہیں؟"

حائفہ دو دن پہلے سکندر صاحب کے اصرار پر رہنے آئی تھی اور اس وقت بہزاد اس کے کمرے میں موجود تھا۔

"کیوں بیوی کے پاس شوہر کیا کرنے آتا ہے؟" بہزاد نے اس کے ساتھ جگہ بناتے لیٹتے کہا۔

"جائیں پلیز، سب کیا سمجھیں گیں۔۔۔۔"

"جب تک میں یہاں ہوں یہ الفاظ دوبارہ نہ سنوں!" بہزاد نے اس کی قمر میں ہاتھ ڈالتے اسے اپنی اور کھینچا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"کیا مسئلہ ہے؟ کیوں نہیں جاب چھوڑ رہیں اپنی؟" سکندر صاحب چاہتے تھے کہ حائفہ اب آفس نہ جائے اور بہزاد بھی چاہتا تھا کیونکہ وہ دو بار کام کے دباؤ کی وجہ سے بیہوش ہو چکی تھی۔

"میں کیوں چھوڑو؟ آپ کے کہنے پر؟"

"کیا یہ کافی نہیں کہ آپ کا شوہر ایسا کہہ رہا ہے!"

URDU NOVEL BANK

بہزاد نے اس کے نچلے لب پر انگلی پھیرتے کہا۔

"آپ کو بخار تھا؟" حائفہ نے تیزی سے کہا۔

"جی اور میری بیوی تیمارداری کے لیے بھی نہیں آئی!" وہ مصنوئی افسوس سے بولا۔

"اب کیسے ہیں؟"

"کیسا لگ رہا ہوں؟" وہ بوجھل لہجے میں بولا۔

"بالکل ٹھیک لگ رہے ہیں اب تو!"

"یہ آپ کی زرا سی قربت کا اثر ہے حائفی ورنہ بندہ بشر صبح سے دکھتے سر کے ساتھ کام کر رہا ہے۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"تو چھٹی کر لیتے؟ اب کیسا ہے درد؟"

"دبا دیں اچھا ہو جاؤں گا؟"

"چائے پیئے گیں؟"

"نہیں اس وقت آپ چاہیے بس مجھے!"

بہزاد نے کہتے سر اس کی گود میں رکھا جو اٹھ کر بیٹھ گئی تھی۔

URDU NOVEL BANK

حائفہ نے اس کا سر دبانا شروع کیا اور ساتھ کچھ پڑھ کر پھونکنا بھی۔

"چین کہاں ہے آپ کی؟" وہ برہمی سے بولا۔

"اتار کر رکھی ہے!" وہ چین بہزاد نے اسے تحفے میں دی تھی۔

"کیوں؟"

"گم ہو جائے گی!"

"حفاظت کرنا آپ کی زمہ داری ہے اور دوبارہ میں اترا نہ دیکھوں اسے!" بہزاد نے اس کی گردن پر لکیریں کھینچتے کہا۔

"کیا جادو کر رہی ہیں مجھ پر؟"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"توبہ کریں شاہ!"

"ویسے آپ کو کرنے کی بھی ضرورت نہیں یہ غلام پہلے ہی آپ کا ہے!" بہزاد نے اس کے ہاتھ چومتے کہا۔

"خاموش رہیں!"

URDU NOVEL BANK

وہ ڈبڈبتی بولی اور ساتھ پڑھ کر اس پر پھونکنے لگی کہ تھوڑی ہی دیر بعد وہ گہری نیند میں جا چکا تھا۔

صبح اٹھتے وہ ناشتہ کرتے گھر چلے گئے تھے۔

حائقہ نے جاب چھوڑ دی تھی، اب وہ بہزاد کے ساتھ ہی کمپنی جایا کرتی تھی لیکن کبھی کبھی۔

وہ اپنی زندگی سے بے حد خوش تھی۔

کیونکہ بہزاد شاہ نے اسے باہر کی سرد ہوا تک نہ لگنے دی تھی۔

---

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"بھائی ہمارے گھر میں کب بچے آئیں گے؟"

سفیر شاہ نے سامنے موجود حائقہ کو دیکھ کر استفسار کیا۔

"یہ تم اپنی بیوی سے پوچھو!"

"آپ سے پہلے نہیں بھائی!" وہ شرارت پر آمادہ تھا۔

"حافی بچی ہے ابھی! کمپنی کے لوگوں کا جینا حرام کیا ہوا ہے اس نے؟"

URDU NOVEL BANK

"ہاہاہاہا۔۔۔۔۔۔آپ بھی تو بس اسے کے سامنے دبتے ہیں۔"

"بکواس نہیں!!" بہزاد بولا تو سفیر شاہ نے دانت دکھائے۔

"بھائی شاہ مجھے شاپنگ پر نہیں لے کر جا رہے!"

ماہا نے آکر بہزاد کو بتایا تو حائفہ نے ماہا کو آنکھ ماری کیونکہ اسی نے اسے سفیر شاہ کی شکایت بہزاد کو لگانے کا کہا تھا۔

سفی؟

"بھائی یہ آپ کی بیوی کے کارنامے ہیں! میری بیوی کو خلاف کر رہیں ہیں میرے!"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

سفیر نے حائفہ کو گھورا تھا جو ناخن پر پھونک مار رہی تھی۔

حافی؟

"میں نے کیا کیا؟" حائفہ انجان بن گئی۔

"سفی شام کو لے کر جاؤ ماہا کو!"

URDU NOVEL BANK

"بھائی میں نے شام کا ہی کہا تھا! ابھی دھوپ ہے لیکن آپ کی بیوی کو ہضم نہیں ہوا۔۔۔۔۔"

گھر میں سب سے زیادہ نوک جھونک سفیر اور حائفہ کی چلتی تھی۔

"میری دوست کو الزام نہیں دیں بار بار!" ماہا نے حائفہ کی سائیڈ لی تھی جبکہ حائفہ مسکرا دی تھی۔

"گڑیا کو بلا لیں کچھ دن کے لیے!" سفی نے کہا۔

"نہیں! اس کے امتحان ہیں! حازب پہلے ہی اس کی وجہ سے کافی پریشان ہے!"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"مجھے تو یقین ہی نہیں ہوتا آپ نے اسے حازب کو سونپ دیا ہے!" سفیر شاہ نے مصنوئی ناراضگی سے کہا۔

"سفی! تمہاری گڑیا کو حازب مرزا کے علاؤہ کوئی ہینڈل نہیں کر سکتا اور بھولو مت فری کی رضا مندی پر ہوا ہے سب۔"

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

سفیر شاہ سر ہلا گیا کیونکہ حازب مرزا کے لیے فرح شاہ کی پسند سے وہ اچھے سے واقف تھا۔

"چلیں شاہ؟"

ماہا نے آنکھوں میں شرارت لیے سفیر شاہ کو کچھ دیر بعد پوچھا تو وہ اسے گھورتا اٹھ کھڑا ہوا۔

وہ کمرے میں آیا تو ماہا تیار کھڑی تھی۔

"بھائی کو کیوں بتایا آپ نے؟"

سفیر شاہ نے اس کے پیچھے کھڑے ہوتے آئینے میں اسے دیکھتے پوچھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"آپ نے کیوں مجھے منع کیا تھا؟" وہ گڑبڑاتے بولی تھی۔

"منع نہیں کیا تھا بیوی شام میں جانے کا بولا تھا!" سفیر شاہ نے تھوڑی اس کے کندھے پر رکھتے کہا۔

"بھائی کا ابھی کوئی پلین نہیں ہے۔"

کس چیز کا؟

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

"بے بی کا!"

تو----؟

"تو یہ کہ میرا پورا پلین ہے!"

شاہ!

"میں سنجیدہ ہوں ماہا!" سفیر شاہ بولا تو ماہا سر جھکا گئی۔

سفیر شاہ نے اس کا رُخ خوف کی طرف موڑتے اس کے ماتھے پر بوسہ دیا۔

"ڈر رہی ہیں؟"

"تھوڑا سا!"

"کچھ نہیں ہو گا! چلیں واپس آکر ہمیں بھی بے بی لانے کی تیاری بھی کرنی ہے!"

وہ بولا تو ماہا اسے گھورتی باہر نکل گئی جبکہ سفیر شاہ مسکرا دیا۔

وہ کمرے میں بیٹھی رو رہی تھی جب وہ اندر داخل ہوا۔

visit for more novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

فری؟

فری؟

لیکن اس نے جواب نہ دیا تھا۔۔۔حازب اس کے آگے پھیلی کتابوں کو دیکھتے معاملہ کچھ حد تک سمجھ گیا تھا۔

"کیا مسئلہ ہے؟" حازب نے اس کے سامنے بیٹھتے پوچھا جو زوروں شوروں سے رونے کو تیار تھی۔

"مجھے یہ سمجھ نہیں آرہی! میں نے آپ سے کہا تھا مجھے نہیں پڑھنا!"

وہ ناک چڑھاتی بولی تو حازب نے اپنی مسکراہٹ کا گلہ گھونٹا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"جائیں کھانا گرم کریں! اس کے بعد میں پڑھاتا ہوں آپ کو!"

"نہیں آپ پھر پڑھاتے نہیں ہیں اور۔۔۔۔۔"

حازب نے اس کے لبوں کو چوما اور اٹھ کھڑا ہوا۔

"فوراً جائیں!" وہ بولا تو فری فورا سے اُٹھتی بھاگ گئی۔

پھر کھانے کے بعد حازب نے اسے ساتھ بٹھاتے سارے سوال سمجھائے تھے۔

URDU NOVEL BANK

وہ اپنا سارا وزن حازب پر چھوڑے سوال کی بجائے حازب کو دیکھ رہی تھی۔

حازب نے اسے دیکھتے گھورا تھا لیکن اسے فرق نہ پڑا تھا۔

"آپ مجھے اتنے پیارے کیوں لگتے ہیں حازب؟"

کئی بار بولے جانے والا جملہ دہرایا گیا تو حازب مسکرا دیا۔

"تیاری پوری نہیں ہوئی ابھی آپ کی!"

حازب نے گہری سانس بھرتے اس کی کتابیں سمیٹیں کیونکہ اب وہ ہرگز پڑھنے والی نہ تھی۔

"آپ مجھے رشوت دے کر پاس کروا دینا!"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ شرارت سے بولی تو حازب اسے گھورتا لیٹ گیا وہ حازب کے سینے پر ہاتھ رکھتی اس پر اپنا چہرہ ٹکاتی مسلسل اسے دیکھ رہی تھی۔

"امی کب آئیں گی حازب؟ مجھے وہ یاد آرہی ہیں!" سکینہ بیگم کسی رشتے دار کے ہاں شادی پر گئیں تھیں۔

"پرسوں آجائیں گیں!" حازب نے کہتے اس کی قمر کے گرد ہاتھ باندھے۔

URDU NOVEL BANK

"اففف میرا پیپر!" وہ حازب کی خمار آلود آنکھوں کو دیکھتی فوراً سے بولی تھی۔

جبکہ حازب نے اس پر حصار مزید تنگ کیا تھا۔

"ابھی مجھے آپ سے شادی نہیں کرنی چاہیے تھی!"

وہ بولی تھی لیکن اگلے ہی لمحے اس کا لمس گردن پر محسوس کرتے کھلکھلائی تھی۔

"حازب مجھے گدگدی ہوتی ہے!"

حازب نے اس کا سر تکیے پر رکھتے اس کی آنکھوں میں دیکھا تو وہ آنکھیں جھکا گئی۔

"آپ ہمیشہ کہتی ہیں کہ میں آپ کو پیارا لگتا ہوں! آج میں آپ کو بتاتا ہوں کہ آپ مجھے کیسی لگتی ہیں لیکن الفاظ سے نہیں عمل کر کے!"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

حازب نے اس کے چہرے پر لب رکھنا شروع کیے اور پھر اس کے ہاتھ تھام گیا۔

کمرے میں معنی خیزی خاموشی کا راج تھا لیکن وہ حازب مرزا کو پا کر بے حد خوش تھی۔

جس کا اقرار وہ وقتاً فوقتاً کرتی رہتی تھی جبکہ حازب محض مسکرا دیتا تھا۔

URDU NOVEL BANK

دعا کے لیے ہاتھ اٹھاتے ہی تمہارا نام لبوں سے ادا ہو جائے

یہی ہے عشق، عشقِ جاناں!

کوئی نام تمہارے بعد میرے لبوں پر نہ ٹھہرے

یہی ہے عشق، عشقِ جاناں!

دل کی منجمند خاموشی پر صرف تمہارے نام کی دستک ہو

عشق یہی ہے عشقِ جاناں!

رقصِ محفل میں بھی دھیان بھٹک کر تمہاری سوچوں میں الجھ جائے

یہی ہے عشق، عشقِ جاناں!

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

دل پر لگائے ہزار پہرے تمہاری پکار پر ٹوٹ جائیں

عشق یہی ہے عشقِ جاناں!

تمہیں بھولنے کی میری ہر سعی عبث جائے

عشق یہی ہے عشقِ جاناں!

شعر و شاعری سے شغف نہ ہوتے بھی تم پر غزلیں لکھ دی جائیں

URDU NOVEL BANK

عشق یہی ہے، عشقِ جاناں!

سرہانے پر سر رکھتے انگنت خیالات میں تم ہو

عشق یہی ہے عشقِ جاناں!

رات کے آخری پہر لبوں پر رب کے سامنے بس تیرا نام ہو

عشق یہی ہے، عشقِ جاناں!

از قلم سُنیہا رؤف

ختم شد!

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

جوائن ناول بینک فیس بک گروپ
www.facebook.com/groups/NovelBank

انسٹاگرام پر ناول بینک کو فالو کریں
www.instagram.com/pdfnovelbank

Visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

بہترین اور اچھی اچھی اردو سٹوریز پڑھنے کے لئے یہ یوٹیوب چینل سبسکرائب کریں۔
https://youtube.com/c/OnlineUrduNovel